


ناشر

عمر میڈیا

تحریک طالبان پاکستان

فہرست

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
۱	پیش لفظ	۵
۲	پاکستانی جیلوں میں محسود نوجوانوں کی شہادتیں	۶
۳	نقیب اللہ محسود کا خون پشتون قوم کے تحفظ کا ضامن بنا	۶
۴	دیگر کئی نوجوانوں کا ماورائے عدالت قتل	۷
۵	پختون تحفظ مومنٹ (تبصرہ)	۷
۶	بیت اللہ محسود اور حکیم اللہ محسود کو کس نے بنایا؟ کس نے بیچا؟	۹
۷	پیغامِ پاکستان اور تحریکِ طالبان پاکستان حلقہ محسود کی طرف سے اس کا تحقیقی جائزہ (جواب)	۱۱
۸	تحریک طالبان پاکستان کی طرف سے "پیغام پاکستان" کا تحقیقی جائزہ	۹۳
۹	اسلامی ضابطۂ حیات	۹۳
۱۰	اسلامی جمہوریہ پاکستان کا تجزیہ	۹۵
۱۱	حضرت مولانا حسین احمد مدنیؒ کا موقف	۹۶
۱۲	مولانا شبیر احمد عثمانی اور مولانا مفتی محمد شفیع عثمانیؒ کا موقف	۹۶
۱۳	قیام پاکستان کا تجزیہ	۹۸
۱۴	قیام پاکستان کا مطلب تین حصوں میں تقسیم ہوا:	۹۸
۱۵	اسٹیبلشمنٹ کے لائحہ عمل کے چند نکات کا جائزہ	۹۹
۱۶	اسلامی جمہوریہ پاکستان کی کامیابی کا تجزیہ	۹۹
۱۷	ریاست پاکستان اور پاکستانی معاشرے کو درپیش مسائل کا تجزیہ	۱۰۰
۱۸	اسلامی ریاست کے خلاف جنگ	۱۰۰
۱۹	ریاستی اداروں اور عوام الناس کے خلاف دہشت گردی	۱۰۲
۲۰	فرقہ پرستی اور تکفیریت کا رجحان	۱۰۲
۲۱	جہاد کی غلط تشریح کا تجزیہ	۱۰۲
۲۲	ذیل میں وانہ فتویٰ ملاحظہ ہو	۱۰۴
۲۳	امر بالمعروف کے عنوان سے قانون اپنے ہاتھ میں لینے کا رجحان	۱۱۲
۲۴	قومی میثاق کو نظر انداز کرنے کا رجحان	۱۱۲

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
۲۵	متفقہ اعلامیہ	۱۱۵
۲۶	۱-۵۔۔ استفتاء	۱۱۸
۲۷	حکومت یا افواج کے ارتداد کا مسئلہ	۱۱۸
۲۸	فدائی یا استشہادی حملہ	۱۱۹
۲۹	استفتاء	۱۱۸
۳۰	پیغام پاکستان کی چشم پوشی	۱۱۹
۳۱	اب ہم علماء کرام سے چند سوالات پوچھتے ہیں	۱۲۲
۳۲	امیر محترم خالد محسود کی طرف سے علمائے کرام کے نام آڈیو پیغام	۱۲۳
۳۳	علماء اکرام سے راہنمائی کی درخواست (خط)	۱۲۵
۳۴	مفتی نور ولی المعروف ابو منصور عاصم اور اراکین شوریٰ کا پاکستانی علماء کے نام خط	۱۲۶
۳۵	مذہبی جماعتوں میں موجود خلیج کے ہوتے ہوئے نفاذ شریعت ممکن نہیں	۱۳۰
۳۶	نظام الٰہی کی خصوصیات	۱۳۲
۳۷	خلاصہ کلام	۱۳۷
۳۸	دوران ہجرت افغانستان میں محسود مجاہدین پر امریکی چھاپوں کی روداد	۱۳۸
۳۹	رخہ میں افغان آرمی کا چھاپہ اور بمبار	۱۳۹
۴۰	لمن میں امریکی چھاپہ	۱۳۹
۴۱	مرغہ میں امریکی چھاپہ	۱۳۹
۴۲	محسود مجاہدین پر ڈرون حملے	۱۳۹
۴۳	پاکستانی اور امریکی انتظامیہ	
۴۴	انسانی حقوق	۱۴۰
۴۵	نواز شریف	۱۴۱
۴۶	پشاور ہائی کورٹ	۱۴۱
۴۷	اوبامہ انتظامیہ کا رد	۱۴۱
۴۸	زرقاوی، خالد اور صدام محسود کی شہادت	۱۴۱
۴۹	بمقام گرویک خان سعید عرف سجنا المعروف خالد محسود پر ڈرون حملہ	۱۴۲
۵۰	کمانڈر انور شاہ پر ڈرون حملہ	۱۴۳

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
۵۱	برمل مرغہ افغانستان میں کمانڈر مولانا ضیاء اللہ عرف ریحان و کمانڈر سلمان پر ڈرون حملہ	۱۴۳
۵۲	۲۰۱۹ میں پکتیکا برمل میں محسود مجاہدین پر امریکی چھاپوں روداد	۱۴۳
۵۳	مولانا شیر عالم کی شہادت	۱۴۴
۵۴	لمن اور لموستائی میں ڈرون حملے	۱۴۴
۵۵	یتیموں اور بیواؤں کے نام پیغام	۱۴۴
۵۶	وزیرستان میں دشمن کا ساتھ دینے والوں کا انجام	۱۴۴
۵۷	قبائلی پٹی کی خیبر پختون خواہ میں شمولیت اور قبائل میں آپریشن سے مقاصد	۱۴۸
۵۸	قبائل کے اعتبار سے ہمارے اغراض و مقاصد	۱۵۱
۵۹	۲۰۱۸ء میں واقع ہونے والے واقعات اور حادثات	۱۴۵
۶۰	امیر تحریک طالبان پاکستان مولانا فضل اللہ صاحب کی شہادت	۱۵۲
۶۱	تحریک طالبان اور چوتھی قیادت کا انتخاب	۱۵۳
۶۲	پاکستانی قوم سے مفتی ابو منصور عاصم کا خطاب	۱۵۳
۶۳	مولانا فضل اللہ خراسانی کی شہادت پر امت مسلمہ کی جانب سے تعزیت کرنے والوں کو امیر تحریک طالبان پاکستان (مفتی ابو منصور عاصم) کی طرف سے کلمات تشکر	۱۵۷
۶۴	تحریک طالبان کا ایک اور نقصان	۱۶۰
۶۵	۲۰۱۸ء میں واقع ہونے والے واقعات اور حادثات	۱۶۰
۶۶	قمر دین ایف سی قلعہ پر حملہ	۱۶۰
۶۷	سپینہ میلہ طالبان مرکز پر فوج کا حملہ	۱۶۰
۶۸	یکے بعد دیگرے جنوبی وزیرستان میں دھماکے	۱۶۱
۶۹	پٹونڑی ژور کلئی، عمر (ایما) رغزائی اور لدھا میں بم دھماکے	۱۶۱
۷۰	خیسورہ میں طالبان پر چھاپہ	۱۶۱
۷۱	مشتہ میں بم دھماکہ	۱۶۱
۷۲	لدھا میں یکے بعد دیگرے حملے	۱۶۱
۷۳	لدھا میں ریموٹ بم دھماکہ	۱۶۱
۷۴	وچہ خوڑہ لنگر خیل کلئی میں ملیشیا اہلکار قتل	۱۶۱

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
۷۵	بونڈری لائن پر حملہ	۱۶۲
۷۶	لدھاپمنہ میں فوج کی گشتی پارٹی پر حملہ	۱۶۲
۷۷	پاکستان میں محسود فدائین کی حیرت انگیز کارروائیاں	۱۶۳
۷۸	کوئٹہ میں فدائی حملہ	۱۶۳
۷۹	ڈی آئی خان کولاچی میں اکرام اللہ گنڈاپور ہلاک	۱۶۴
۸۰	بلوچستان لورالائی فوجی چھاونی پر فدائی بمباروں کا حملہ	۱۶۴
۸۱	آپریشنوں پر آپریشنز کا سلسلہ ۲۰۱۹ء میں داخل ہوا	۱۶۶
۸۲	نقیب محسود کا سالگرہ	۱۶۹
۸۳	مسلمانان پاکستان کے نام امیر تحریک طالبان پاکستان کا پیغام	۱۷۰
۸۴	قبائل کی آزاد حیثیت سے کیا مراد؟	۱۷۱
۸۵	برطانوی وفد اور قبائلی جرگے کے درمیان پشاور میں ہونے والی صلح کے چند شرائط!	۱۷۲
۸۶	برطانیہ کے خلاف لڑنے والے مجاہد اعظم "ملاپیوندہ صاحب" کے مطالبات	۱۷۳
۸۷	مجاہد کبیر فقیر ایپیؒ (حاجی مرزا علی خان) کے فرنگی کے ساتھ صلح کی شرائط	۱۷۴
۸۸	پاکستانی حکومت اور فوج روس اور فرنگی کی نقش قدم پر	۱۷۷
۸۹	اب کچھ مغربی تعلیم کے بارے میں انہی کے قلم سے اور اکابر علماء دیوبند کی قلم سے پڑھئے	۱۷۸
۹۰	مغربی تعلیم کے مقاصد اور تباہ کاریاں	۱۷۸
۹۱	مغربی نظامِ تعلیم کے متعلق ہمارا نقطہِ نظر	۱۸۵
۹۲	مطلقاً عصری علوم یا دنیاوی ترقی کے متعلق علماء کرام کی نظر	۱۸۶
۹۳	موجودہ مغربی تعلیم کی مخالفت کی وجہ	۱۸۷
۹۴	سکول، کالج اور یونیورسٹی کے طلبا کے نام پیغام	۱۹۱
۹۵	کالج اور یونیورسٹی کے طلبہ کے نام پیغام	۱۹۲
۹۶	شمالی وزیرستان تحصیل میر علی علاقہ خیسورہ میں ایک دل خراش واقعہ	۱۹۳
۹۷	قبائلو! خیسورہ واقعے سے عبرت حاصل کرو!	۱۹۴
۹۸	پاکستان میں داعش کی موجودگی کے متعلق پاکستان کے اعلان پر تحریک کی طرف سے خدشے کا اظہار	۱۹۶
۹۹	﴿مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ﴾ (مولوی خاطر صاحب کی شہادت)	۱۹۸

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم

پیش لفظ

ایامِ دہر بیت رہے ہیں اور ساتھ ہی روزانہ نت نئے حالات رونما ہو رہے ہیں، جو زمانے پر گہرا اثر چھوڑے جا رہے ہیں۔ ان حالات میں سب سے زیادہ قابل توجہ بات پوری دنیا میں جاری جنگ ہے۔ حق اور باطل کے درمیان یہ عظیم معرکہ تسلسل کیساتھ اپنی منزل کی طرف بڑھ رہا ہے اور پیچھے اپنا نقش تاریخ کی شکل میں چھوڑ رہا ہے جو آیندہ نسل کیلئے مشعلِ راہ ثابت ہو گا، تو اس کھٹن سفر کے راہی کچھ راستے میں قافلے سے بچھڑ جاتے ہیں، کچھ وفا کے مرتبے پر فائز ہو جاتے ہیں، کچھ منزل کی جستجو میں سفر کی صعوبتیں برداشت کر کے اپنا سفر جاری رکھے ہوئے ہوتے ہیں، تو حالات کے اس بہاؤ کیساتھ انقلابِ محسود بھی اپنا سفر جاری رکھے ہوئے ہیں، آج سے پہلے کے حالات جلد، ایک، دو، میں ذکر کئے گئے ہیں، اور اب نئے حالات جلد سوم میں ذکر کرنے کی کوشش کرتے ہیں، جو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے جھوٹ سے مبرّا اور حقیقت پر مبنی ہو ں گے، امید ہے کہ قارئین حضرات اس حقیقت پر مبنی کتاب کا خلوصِ دل سے مطالعہ کریں گے۔ اس جلد میں دشمن کے خلاف کاروائیوں کا ذکر بھی ہے، شہداء کی قربانیوں کا تذکرہ بھی ہے، مگر اس جلد میں سب سے زیادہ قابلِ توجہ بات مختلف موضوعات کے متعلق ہمارے موقف کا اظہار ہے، اور پھر اس میں بھی خاص الخاص پیغامِ پاکستان اور اس کا جواب ہے۔

پاکستانی جیلوں میں محسود نوجوانوں کی شہادتیں

نقیب اللہ محسود کا خون پشتون قوم کے تحفظ کا ضامن بنا:

۳جنوری ۲۰۱۸ء کو کراچی سہراب گوٹھ ملک آغا ہوٹل سے نقیب اللہ محسود کو دیگر کئی جوانوں کے ہمراہ سی آئی ڈی پولیس اہلکاروں نے اٹھایا، چند دن بعد ۱۳ جنوری کو دیگر جوانوں سمیت اسے جعلی مقابلہ میں شہید کیا گیا، شوشل میڈیا پر آپ کے دوستوں اور رشتہ داروں نے اس مسئلہ کو اٹھایا، چونکہ اس سے قبل پشتون تحفظ مومنٹ کے نام سے محسود قوم کے جوانوں کی ایک تنظیم کام کر رہی تھی، لیکن پاکستانی خفیہ اداروں کی تشدد کی وجہ سے وہ بھی مرعوب تھی، کئی بار اسکے رہنماؤں اور کارکنوں کو گرفتار بھی کیا گیا، لیکن اس بار سوشل میڈیا کی مدد سے نقیب محسود کا خون رنگ لایا، اور پشتون تحفظ مومنٹ کے سربراہ منظور محسود (جو بعد میں منظور پشتون سے مشہور ہوا) کی سربراہی میں احتجاجی کیمپ جگہ جگہ پاکستان میں قائم کئے گئے اور انہوں نے حکومتِ پاکستان سے کئی مطالبات کئے اور ان مطالبات کے حل ہونے تک احتجاج جاری رکھنے کا اعلان کیا۔

مطالبات

(۱)نقیب محسود کا قاتل پولیس آفیسر راؤانور اور اسکی پارٹی گرفتار کی جائے اور اس پر مقدمہ چلایا جائے۔

(۲) لاپتہ افراد میں سے بے گناہ افراد رہا کئے جائیں اور دیگر کو عدالت میں پیش کر کے اسکا تصفیہ کیا جائے۔

(۳)قبائل میں چیک پوسٹوں پر بے جا سختی بند کی جائے۔

(۴)دھماکے کے بعد عام اولس (عوام) پر تشدد بند کی جائے۔

(۵)علاقے میں بم ڈسپوزل ٹیمیں بھیجی جائیں جو مائنز صاف کریں۔

حکومت سے مطالبات منوانے کیلئے اسلام آباد میں جاری دھرنا کئی روز تک جاری رہا، بالآخر مذاکرات کے نتیجے میں حکومت نے مطالبات کی یقین دہانی کرائی۔ پشتون تحفظ مومنٹ کی جانب سے نامعلوم مدت تک احتجاجی دھرنا ملتوی کرنے کا اعلان کیا گیا اور ساتھ یہ دھمکی دی گئی کہ اگر حکومت نے مطالبات میں ٹال مٹول سے کام لیا تو ہم دوبارہ اپنا احتجاج شروع کرینگے۔ احتجاجی دھرنا ختم ہونے کے بعد پشتون تحفظ مومنٹ کے سربراہ منظور پشتون نے مطالبات نہ ماننے کی صورت میں آئندہ احتجاجی دھرنا کامیاب بنانے کیلئے پورے پاکستان میں پشتون اقوام کو بیدار کرنے کیلئے جلسے جلوسوں کا سلسلہ جاری رکھا، اس سلسلہ میں بیرونی دنیا میں مقیم پشتونوں نے بھی پشتون تحفظ مومنٹ کی حمایت جاری رکھی اور بالخصوص افغانستان کے صدر اشرف غنی نے اپنی ٹویٹ میں اسکی تائید کی اور عالمی اداروں نے بھی پشتون قوم کو مظلوم قرار دیا، اور ساتھ ہی دھیے الفاظ میں پاکستان کو دھمکی دی کہ اگر پشتون تحفظ مومنٹ کے سربراہان کو کوئی نقصان پہنچا تو یہ پاکستان کے حق میں نقصان دہ ثابت ہو سکتا ہے۔

اس سلسلہ میں پاکستان کے مختلف شہروں میں بڑے بڑے جلسے ہوئے، جن میں پشاور کا جلسہ قابل ذکر ہے۔ میڈیا کے مختلف اندازوں کے مطابق تین لاکھ افراد شریک ہوئے۔ دوسری طرف پاکستانی ادارے اور بالخصوص فوج اس تحریک کو بدنام کرنے کیلئے اس پر الزام لگا رہے ہیں کہ اس کے پیچھے انڈیا، اسرائیل، اور افغانستان کے خفیہ اداروں کا ہاتھ ہے۔

(مگر حقیقت یہ ہے کہ پاکستان نے تاریخی طور پر پختون قوم کا خون ہی تحفظِ پاکستان کیلئے ڈھال بنا رکھا ہے، پختون میں بدامنی ہی ان کے نزدیک پاکستان کی تحفظ کا ضامن ہے، لہٰذا پاکستان پختون قوم کو یکجا ہونے کبھی بھی نہیں دیگا، پاکستان کے پاس الزامات کی ایک فہرست ہے جو وقتاً فوقتاً حقوق مانگنے والوں پر چسپاں کرتا رہتا ہے، یہی الزام تحریکِ طالبان پاکستان اور دیگر مجاہدین کے اوپر بھی لگایا، حالانکہ مجاہدین حضرات پاکستانی علماء ہی کے فتوے پر امریکہ، روس انڈیا وغیرہ کے خلاف اُٹھے تھے اور یہ سارا منظر پاکستان خود بھی دیکھ رہا تھا)

دیگر کئی نوجوانوں کا ماورائے عدالت قتل:

یکم اپریل ۲۰۱۸ کے بعد ہمیں موصول رپورٹ کے مطابق نورے مچی خیل عباس خیل ساکن حلقہ بروند حال ساکن گاؤں گومل ضلع ٹانک سے گرفتاری کے بعد شہید کیا گیا، اسی طرح عامر قریشی حلقہ تنگئ بھی گرفتاری کے بعد لاہور جیل میں شہید کیا گیا۔ اس طرح خالد محسود کو تین بھائیوں سمیت بعد از گرفتاری شہید کیا گیا۔ نہ جانے اور کتنے ہونگے جن کا اب تک ہمیں کوئی علم نہیں؟!

اس موضوع کے متعلق مفتی ابوہشام مسعود کے دو مضامین کا اضافہ کرنا مفید سمجھتا ہوں، جن میں سے ایک میں پی، ٹی، ایم کا جائزہ لیا گیا ہے، اور دوسرے میں ایسے حالات میں اُٹھنے والے نوجوانوں پر الزام کا جواب ہے۔

پختون تحفظ مومنٹ

(جائزہ)

اس تحریک کا جائزہ لینے سے پہلے میں چند اصولی باتیں عرض کرنا چاہتا ہوں، تاکہ اس کی روشنی میں اس تحریک کا جائزہ لینا آسان ہو جائے۔

مؤرخین حضرات فرماتے ہیں کہ انقلاب سے پہلے اس کی علامات اور آثار کا ظہور شروع ہو جاتا ہے۔ وہ علامات یہ ہیں کہ لوگوں میں بے چینی پائی جانے لگتی ہے، مروجہ عقائد و افکار، معاشرت اور نظامِ حیات سے اُکتا جاتے ہیں۔ لوگوں کے دِل و دماغ میں یہ باتیں آنا شروع ہو جاتی ہیں کہ تبدیلی آنی چاہئے اور برائی، فساد کا خاتمہ ہونا چاہئے۔ یہ تصور لوگوں میں پختہ ہونے کے بعد اس کے متعلق مباحث و مکالمے شروع ہو جاتے ہیں۔ ہر آدمی ایک لیڈر اور ایک راہنما کا انتظار کرنے لگ جاتا ہے۔ جونہی کوئی ہستی نمودار ہو جاتی ہے فوراً سلیم الطبع لوگ اس کے گرد جمع ہو جاتے ہیں۔

ہمارے تاریخی، سیرتی مطالعے اور انقلاب کے چشم دید مشاہدے کی روشنی میں اس قائد اور لیڈر کو کامیابی حاصل کرنے کیلئے دو کام کرنے ہونگے، پہلا یہ کہ اپنے تمام متبعین کو نظریاتی طور پر ایک ایجنڈے، ایک ہدف کے اوپر مطمئن کر کے جمع کرنا ہو گا۔ دوسرا یہ کہ اس ایجنڈے کو عملی جامہ پہنانے کیلئے دفاعی قوّت مہیّا کرنا ہو گا، تاکہ رکاوٹ کی صورت میں دفاع ممکن ہو سکے۔ ورنہ تاریخی طور پر یہ ثابت شدہ ہے کہ جس نظریے کے پیچھے قوّت نہ ہو وہ شرمندہِ تعبیر نہیں ہو سکا ہے۔

علامہ ابنِ کثیرؒ ﴿وَاجْعَلْ لِّيْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِيْرًا﴾ کے تحت فرماتے ہیں:

نبی کریم ﷺ جانتے تھے کہ انہیں اس امر (اشاعتِ دین، غلبہ دین) کی سلطان کے بغیر طاقت نہیں ہے، چنانچہ آپ ﷺ نے کتابُ اللہ، اس کے حدود و فرائض اور کتاب اللہ (کے احکام) کے قیام کیلئے سلطان کی درخواست کی، اس لیے کہ سلطان اللہ تعالیٰ کی جانب سے ایسی شان و شوکت ہے جسے اللہ نے اپنے بندوں کے سامنے قائم کر دی ہے، اگر یہ نہ ہوتی تو لوگ ایک دوسرے کے خلاف غارت گری کرتے اور طاقتور کمزور کو کھا جاتے۔

تاریخی طور پر ہم دیکھتے ہیں کہ ترکی میں خلافت کے سکوت کے بعد مصطفیٰ کمال نے مذہبی تعلیم پر پابندی لگا کر سیکولر نظریات کو عام کیا، ترکی کو سیکولر سٹیٹ میں تبدیل کر کے ترکی فوج کو ترکی کے سیکولر تشخص کا محافظ قرار دیدیا۔ اسلامی نظریات کو بر قرار رکھنے کیلئے محض سیاسی طور پر پروفیسر نجم الدین اربکان نے ملی پارٹی اور پھر اسکے ناکامی کے بعد رفاعی پارٹی بنا کر پہلے اسلام پسند وزیر اعظم منتخب ہوئے، آخر کار ۱۸ جون ۱۹۹۷ء کو اسے مستعفی ہونا پڑا اور پھر خلافِ قانون قرار دیکر سیاست میں حصہ لینے سے روک دیا گیا، یہ اس لئے ہوا کہ مخالفت میں ایک مضبوط قوّت فوج کی صورت میں موجود تھی، اسی طرح سوڈان، انڈونیشیا، الجزائر اغیرہ میں ہوا۔ اور یہی حال ہمارے پاکستان کا ہے کہ اسلام کے نام پر آزاد ہوا مگر قبضہ برطانیہ کی تربیت یافتہ فوج کا ہے جو اسلام نافذ نہیں ہونے دیتی ہے۔

خلاصہ کلام یہ کہ باطل نے تمام اسلامی ممالک پر اپنی تربیت یافتہ فوج کو مسلط کر رکھا ہے جو ہر قسم کی تحریک اور پارٹی کو کچل کر ہدف تک پہنچنے نہیں دیتی ہے۔

کہنے کا مقصد یہ ہے کہ جس سیاست کے پیچھے عسکری قوّت نہ ہو وہ سیاست ناکام ہے، اور جس عسکریت کے پیچھے سیاسی قوت نہ وہ عسکریت نا کام اور بے فائدہ ہے۔ تمہید اگرچہ کچھ لمبی ہوگئی مگر میرے نزدیک اس کے بغیر مدعا سمجھانا ممکن نہیں تھا۔

اب اس تمہید کی روشنی میں ہم "پختون تحفظ مومنٹ" کا جائزہ لیتے ہیں، تو "منظور پشتون" کا ایجنڈا بالکل درست ہے کہ آج پختون قوم کے اوپر جو مظالم ڈھائے جارہے ہیں یقیناً نا قابلِ برداشت ہیں اور انقلاب کیلئے فضاء بھی خوب ساز گار ہے۔ مگر اس حقیقت سے بھی صرفِ نظر نہیں کیا جاسکتا ہے کہ آج تک کتنے "نقیب مسعود" گولی سے چلنی ہوئے؟ کتنے گھروں کے چراغ بجھ گئے؟ یہی درد مند اور خیر خواہ حضرات موجود تھے، مگر ہر کھلنے والے منہ میں مٹی بھر دی جاتی تھی، آج بھی وہی ظالم ہاتھ موجود ہے جس نے آج تک مظلوم کی آواز دبائے رکھا تھا۔ آج بھی آفتاب مسعود اور باجوڑ کے ساتھی کا قتل اس طرف اشارہ ہے کہ "دیکھو منظور پاشتین بھائی" اپنے قول و فعل کو قابو میں رکھو ورنہ،،،،،۔ اب اگر آفتاب کی انتقام کی قوت اس تحریک میں ہوتی، تو پھر کامیابی کی کرن ممکن ہوتی، مگر ہم دیکھتے ہیں کہ جس فوج نے تمام اقوام اور سیاسی پارٹیوں کو دبا کے رکھا ہے وہی فوج، پختون تحفظ مومنٹ کو بھی فوجی مفاد کے خلاف دیکھ کر خلافِ قانون اور دہشت گرد قرار دیکر کچل دیگی، کہ فوج کو اپنے مفاد کی خاطر کسی کے حقوق کے تحفظ کی کوئی پرواہ نہیں ہوتی۔

"پختون تحفظ مومنٹ" کے ساتھ ہماری ہمدردی اور خیر خواہی ہے، مگر تحریک کے مخلص کارکنان حضرات کو یہ بات یاد رکھنی چاہیے کہ اگر انہوں نے اپنے لیے قوت کو تلاش نہیں کیا تو جہاں بھی برطانیہ کی تربیت یافتہ فوج کو اس تحریک سے خطرہ محسوس ہوا وہاں پر اہلیانِ تحریک کا حشر آفتاب مسعود کا ہوگا، اور یہ ہو نہیں سکتا کہ کسی موڑ پر آپ حضرات کے حقوق اور فوج کے مفادات میں ٹکراؤ نہ آئے۔

پختون کے تحفظ کا نمونہ "ملا پاوندہ اور حاجی مرزا علی خان" کی صورت میں ہمارے سامنے موجود ہے کہ انہوں نے تمام قبائل کو ایک ایجنڈے پر جمع کر کے ایک مضبوط عسکری قوت بنا کر برطانیہ کو قبائل سے چلتا کر دیا، ورنہ آج تک جتنی تحریکیں اٹھی ہیں یا تو محض سیاسی ہیں یا محض عسکری، کوئی بھی تحریک پوری طرح کامیاب نہیں ہوئی، جزوی بات حکومت سے منوانے کو تحریک یا پارٹی کی کامیابی سے تعبیر کرنا حماقت کے علاوہ کچھ نہیں، واللہ اعلم۔

مفتی طارق محمود (ابوہشام مسعود)

۹ مارچ ۲۰۱۸ء

بیت اللہ اور حکیم اللہ مسعود کو کس نے بنایا؟ کس نے بیچا؟ (تجزیہ)

کچھ عرصے سے میڈیا پر یہ بات چلتی آرہی ہے بالخصوص سید عالم مسعود اور شاہی سید صاحبان اور ان جیسے کچھ اور سُرمائیں یہ بات کہتی رہتی ہیں کہ بیت اللہ اور حکیم اللہ مسعود کو کس نے بنایا اور کس نے بیچا؟ ان کی سادہ گوئی کے نتیجے میں، میں پوری یقین کیساتھ کہتا ہوں کہ یہ حضرات تاریخ کے مطالعے سے ناآشنا ہیں، انقلابات کے پیداوار سے یہ لوگ نابلد ہیں، ان کی سمجھ اپنے مفادات تک محدود ہے، اس قسم کی بہکی بہکی باتیں کرنے والے لوگ موجودہ انقلابات، اور حالات کی تہہ سے ناواقف ہیں۔ یہ لوگ موجودہ جنگ کا تجزیہ اپنے مشاہدات کے تناظر میں کرتے ہیں، معاشرے کے ایک عام فرد کی حیثیت سے حالات کو دیکھتے ہیں۔ ایک مسلمان ہونے کی حیثیت سے ان لوگوں نے کبھی بھی حالات کا جائزہ نہیں لیا ہے۔ موجودہ (نیو ورلڈ آرڈر) کی جنگ کا تاریخی پسِ منظر سے یہ لوگ بالکل ناآشنا ہیں۔ پھر قرآن اور حدیث کی روشنی میں موجودہ جنگ کے متعلق معلومات کا ان بیچاروں کو ہوا تک نہیں لگی ہے، بس سیکولر نظامِ تعلیم سے فارغ ہو کر سیکولر معاشرے میں پھلے پھولے اور پھر نام پیدا کرنے کی شوق نے بے سروپا سیاست پر ابھارا، آخر کار اس لاعلمی کے نتیجے میں لوگوں پر الزامات لگانا شروع کئے۔

ان بیچاروں کو یہ علم نہیں کہ حالات مردوں کو جنتے رہتے ہیں، اور خاص کر اسلام کا یہ طرہ امتیاز ہے کہ اپنے تحفظ کی خاطر ہر زمانے میں جیالوں کو جنم دیتا ہے، جو لوگوں کی پرواہ کئے بغیر سر کی بازی لگا کر دشمن کو ناکوچنے چبوا دیتے ہیں۔

بیت اللہ اور حکیم اللہ مسعود بھی ان لوگوں میں سے تھے، یہ حضرات اسلام کی پیداوار تھی، دشمن نے اسلام اور مسلمانوں کے اوپر جو حملہ کیا اس کی دعوت بیت اللہ اور حکیم اللہ مسعود نے نہیں دی تھی، بلکہ دشمن ایک مکمل منصوبے کے تحت اسلام اور مسلمانوں پر حملہ آور ہوا ہے، جس کی حقیقت ان دین بے زار لوگوں کو (نیو ورلڈ آرڈر) کے تحقیقی مطالعے کے بعد معلوم ہو سکتی ہے۔ اور ایک مسلمان ہونے کی حیثیت سے موجودہ جنگ کو سمجھنے کے بعد یہ سادہ لوگ بیت اللہ اور حکیم اللہ مسعود کا مقام پہچان سکتے ہیں۔

میرے مسلمان بھائیو! حالات کے پیشِ نظر اسلام نے ان جانباز سپوتوں کو جنا اور پھر ان حضرات نے اسلام کی خاطر اللہ تعالیٰ پر بیچی ہوئی جانوں کو بخوشی اللہ تعالیٰ کے سپرد کیا۔

ان سادہ لوگوں کا یہ کہنا کہ بیت اللہ اور حکیم اللہ مسعود کو حکومت نے بنایا پھر ان سے اپنا کام لیا اور پھر بیچا، یہ ان لوگوں کی خام خیالی اور حالات سے ناواقفیت ہے، ورنہ سیاسی میدان کے ادنیٰ فرد پر بھی یہ بات مخفی نہیں ہے کہ آج پاکستان کو افغانستان میں امریکہ کے خلاف کام کرنے والوں کی اشد ضرورت ہے۔ پاکستان کو اپنی پیداوار کی حفاظت فی الحال اپنی جان سے بھی پیاری ہے۔

بات دراصل یہ ہے کہ بیت اللہ اور حکیم اللہ مسعود نے جب پاکستان کے ارادوں کا مطالعہ کیا کہ یہ اسلام، مسلمان اور قبائل کو پنجاب کے سر صدقہ کرنا چاہتا ہے، اور مطلقاً پختون کی نسل کشی کرنا چاہتا ہے تو بیت اللہ اور حکیم اللہ مسعود نے بندوق کا رخ پاکستان کی طرف پھر دیا اور جتنا انتقام ان لوگوں نے اس غدار حکومت سے لیا تاریخ میں کوئی منتقم ایسا نہیں ملے گا جس نے اپنے دشمن سے ایسا انتقام لیا ہو۔ حکومت نے جب یہ دیکھا کہ یہ لوگ سید عالم مسعود اور شاہی سید کی طرح بیوہ عورت کی طرح سر پیٹنے والے نہیں ہیں، بلکہ انتقام کے داؤ پیچ سے اچھی طرح واقف ہیں، یہ دشمن کے سامنے رونے دھونے والے نہیں ہیں، بلکہ شاہین کی طرح دشمن کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر لڑنے والے ہیں، تو ان بے ضمیر حکمرانوں اور جرنیلوں نے اللہ کے دشمن کی منت سماجت کرکے ان سرفروشوں کو شہید کروایا۔ ﴿اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ﴾

امت مسلمہ! یہ بات یاد رکھئے کہ ان تمام مجاہدین حضرات نے پوری امتِ مسلمہ کے مطالبے پر اسلام اور مسلمانوں کے دشمنوں کے

خلاف جہاد شروع کیا، پھر مشکل گھڑی میں ان ضمیر فروش اور بزدل مسلمانوں نے ان کا ساتھ چھوڑ دیا۔ اور صرف یہ نہیں بلکہ ان سربازوں کو بھی اصل ہدف سے پھرنے کی دعوت دی، بلکہ ضمیر فروشی پر مجبور کرنے کی کوشش کی، جس کے نتیجے میں یہ ساری قتل و غارت کی صورت سا منے پیش آئی، پاکستان نے پختون قوم کا قتل عام کرنا ہی تھا، بس اتنا ہوا کہ بیت اللہ اور حکیم اللہ مسعود اور دیگر راہنماؤں نے ان معصوم عوام کا خوب انتقام لیا، اور جرنیلوں و حکمرانوں کو بھاری قیمت چکا دیا، جس کا انکار کوئی بھی نہیں کر سکتا، باقی عوام دشمن کا منہ تکتے رہے۔

شاہی سیّد اپنے مرنے کا رونا رو رہا ہے، مگر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ سید صاحب کو خود اپنے گلے پر خنجر پھرنے کا احساس آج تک نہیں ہوا ہے، چلئے ہم تھوڑا سا یاد دلاتے ہیں۔ سن سید ساحب! ایک وقت تھا کہ آپ کے پارٹی صدر اسفندیار ولی خان نے کہا کہ اگر ہم انڈیا کیساتھ ایک میز پر بیٹھ سکتے ہیں، بات کر سکتے ہیں، تو بیت اللہ مسعود کیساتھ ایسا کیوں نہیں ہو سکتا؟ یہ ہمارے بھائی ہیں، یہ ہے وہ ہے وغیرہ۔ مگر افسوس کہ یہ ساری باتیں دجل، فریب، دھوکہ بازی پر مبنی تھیں، پھر بھی اس خیال سے کہ یہ پختون قوم کے حامی لوگ ہیں شاید ان کے بر سرِ اقتدار آنے سے سرحد میں جاری جنگ کا رخ بدل جائے، تو اس خاطر مجاہدین نے انتخابات میں رکاوٹ نہیں ڈالی، جس کے نتیجے میں یہ پارٹی انتخابات میں کا میاب ہوئی، مگر اقتدار میں آنے کے بعد انہوں نے خیبر پختونخواہ کو جس طرح آگ میں جھونک دیا اس سے پہلے ایسا کبھی نہیں ہوا ہو گا۔ پورے پاکستان میں جہاں پٹاخہ پھٹا سید صاحبان نے اس کا تانا بانا خیبر پختون خواہ سے ملایا، کہ آؤ سارے دہشت گرد یہاں ہیں۔ شہباز شریف وغیرہ نے واقعی دہشت گردی کی آگ کو بھی چراغانِ بارات ثابت کر کے جرنیلوں کا رخ دوسری طرف پھر دیا، ان بے دینوں نے ریاست کی ساری قوّت کو اپنے صوبے کی طرف متوجہ کی، اور پھر ظلم کا ایسا بازار گرم کیا کہ تاریخ مثال لانے سے عاجز ہے، سیّد صاحب نے مکاری کی دوستی کو حد درجے دشمنی میں تبدیل کی، جس کے نتیجے میں ہم نے ان غداری، غلط بیانی اور دھوکہ بازی کا ایسا مزہ چکایا کہ زندگی بھر یاد رکھے گا۔ ان شاء اللہ و تعالیٰ۔

سید صاحب نے زبردستی ہمارا ہاتھ پکڑ کر بندوق کی گولی اپنے سینے میں پیوست کی۔ ہم اس نتیجے پر پہنچے کہ یہ پارٹی صرف اسلام کی نہیں بلکہ پورے پختون قوم کی بھی غدار ہے، لہذا سب سے پہلے ہم نے سید صاحب کا دماغ ٹھیک کرنا وقت کا اہم تقاضا سمجھا، اور اگلے انتخابات میں ان کی بداعمالیوں اور غداری کا نتیجہ ان کے سامنے آیا، اور اب بھی توبہ تائب ہونے تک ان کے ساتھ ہماری دشمنی رہے گی۔

سید عالم مسعود صاحب سیاست کے میدان کا نیا شاہسوار ہے، اس بیچارے کو اس میدان کے اتار چڑھاؤ سے ابھی تک واسطہ نہیں پڑا ہے، فی الحال مسعود صاحب نے اس میدان کے سرسبز و شاداب حصے میں پراؤ ڈال رکھا ہے، جہاں ہر چیز کی فراوانی ہے، مگر مسعود کو یہ معلوم ہونا چاہئے کہ ان کے حقوق انتہائی خاردار راستوں، مشکل ترین گھاٹیوں، سنگلاخ چٹانوں کے بیچ میں پڑے ہیں۔ جس کے راستے میں مختلف قوتوں کے مفادات کی رکاوٹیں موجود ہیں، جہاں سے گذر کر حقوق تک پہنچنا ہو گا۔ مسعود صاحب کو ان جھاڑیوں، کانٹوں اور نشیب و فراز سے گزرتے وقت بیت اللہ اور حکیم اللہ مسعود اور دیگر راہنماؤں کا مقام و مرتبہ بھی معلوم ہو جائے گا۔ اور اپنی لمبائی، چوڑائی سے بھی واقف ہو جائے گا۔

مسعود صاحب کو یہ بھی معلوم ہو جائے گا کہ حقوق کے حصول کی راہ میں خریدنے اور بیچنے کی منڈی بھی ادھر ہی لگی ہوئی ہوتی ہے، یہاں آ کر معلوم ہو جائے گا کہ کس کو کس نے خریدا ہے؟ اور کس نے بیچا ہے؟ اور کس نے خود کو بیچنے پر موت کو ترجیح دی ہے؟

یہاں پہنچ کر مسعود صاحب اپنے ایمان اور عزم کا بیت اللہ اور حکیم اللہ کے ایمان اور عزم کے ساتھ تقابل کر کے فیصلہ کیجئے کہ یہ حضرات زمانے کے ہیرو تھے یا ایمان فروش اور بکنے والے!

از قلم مفتی طارق محمود (ابوہشام مسعود) ۱۰ مارچ ۲۰۱۸

پیغامِ پاکستان

اور

تحریکِ طالبان حلقہ محسود کی طرف سے اس کا تحقیقی جائزہ (جواب)

جنوری ۲۰۱۸ء میں پاکستان کے تمام مکاتب فکر کے ۱۸۰۰ علماء نے متفقہ فتوی جاری کیا کہ پاکستان میں خود کش حملے کرنا ناجائز اور حرام ہیں، جس پر پاکستانی صدر ممنون حسین اور وزیر خارجہ خواجہ آصف نے خوشی کا اظہار کیا اور اس کو پاکستانی قوم کیلئے ایک خوشخبری قرار دی، اس فتوے کی اصل اور تحریکِ طالبان حلقہ محسود کی طرف سے اس کا جواب بعنوان (پیغامِ پاکستان کا تحقیقی جائزہ) ملاحظہ ہو۔

پیغامِ پاکستان



اسلامی جمہوریۂ پاکستان

ادارہ تحقیقات اسلامی
بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی
فیصل مسجد کیمپس، اسلام آباد

جملہ حقوقِ طباعت محفوظ ہیں

نام دستاویز	:	پیغامِ پاکستان
ISBN	:	978-969-408-364-3
تالیف و تدوین	:	محققین ادارہ تحقیقات اسلامی
نظر ثانی	:	تمام مکاتبِ فکر کے جید علمائے کرام، مفتیان عظام اور قومی جامعات کے اساتذۂ کرام
اہتمامِ اشاعت	:	اسلامی جمہوریۂ پاکستان
ناشر	:	پروفیسر ڈاکٹر محمد ضیاء الحق ڈائریکٹر جنرل، ادارہ تحقیقات اسلامی بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

﴿یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقۡنٰكُمۡ مِّنۡ ذَكَرٍ وَّاُنۡثٰى وَجَعَلۡنٰكُمۡ شُعُوۡبًا وَّقَبَآىِٕلَ لِتَعَارَفُوۡا ؕ اِنَّ اَكۡرَمَكُمۡ عِنۡدَ اللّٰهِ اَتۡقٰىكُمۡ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِیۡمٌ خَبِیۡرٌ﴾

(سورۃ الحجرات: ۱۳)

(لوگو! ہم نے تم کو ایک مرد اور ایک عورت سے پیدا کیا اور تمہاری قومیں اور قبیلے بنائے تاکہ ایک دوسرے کو شناخت کرو اور خدا کے نزدیک تم میں زیادہ عزت والا وہ ہے جو زیادہ پرہیز گار ہے بے شک خدا سب کچھ جاننے والا (اور) سب سے خبر دار ہے)

فہرست

صفحہ نمبر

❖	صدر اسلامی جمہوریہ پاکستان کا پیغام	vii
❖	پیش لفظ	ix
۱-	اسلامی ضابطۂ حیات	۱
۲-	اسلامی جمہوریہ پاکستان	۱۳
۲.۱-	قیام پاکستان کا پس منظر	۱۳
۲.۲-	قیام پاکستان	۱۴
۲.۳-	اسلامی جمہوریہ پاکستان کی کامیابیاں	۱۵
۳-	ریاست پاکستان اور پاکستانی معاشرے کو درپیش مسائل	۱۷
۳.۱	ریاست کے خلاف جنگ	۱۷
۳.۲	ریاستی اداروں اور عوام الناس کے خلاف دہشت گردی	۲۰
۳.۳	فرقہ پرستی اور تکفیریت کا رجحان	۲۱
۳.۴	جہاد کی غلط تشریح	۲۴
۳.۵	امر بالمعروف کے عنوان سے قانون اپنے ہاتھ میں لینے کا رجحان	۲۵
۳.۶-	قومی میثاق کو نظر انداز کرنے کا رجحان	۲۶
۴-	متفقہ اعلامیہ	۲۸

۵–	متفقہ فتویٰ	۳۵
۵.۱	استفتاء	۳۶
۵.۲	متفقہ فتویٰ (جوابِ استفتاء)	۳۸
۵.۳	متفقہ فتویٰ (اہم نکات)	۴۶
۶–	پیغامِ پاکستان، متفقہ اعلامیہ اور فتویٰ کی تیاری میں شریک محققین، مختلف دینی مدارس کے وفاقوں کے ناظمین، علمائے کرام، مفتیان عظام اور قومی جامعات کے اساتذۂ کرام کے اسمائے گرامی	۴۹
۷–	متفقہ فتویٰ (جواب استفتاء) جاری اور اس کی توثیق کرنے والے علمائے کرام کے دستخطوں کا عکس	۵۲
۸–	۲۶ر مئی ۲۰۱۷ء کے متفقہ فتویٰ (اہم نکات) کی تیاری میں شریک مختلف دینی مدارس کے وفاقوں کے ناظمین، علمائے کرام، مفتیان عظام اور قومی جامعات کے اساتذہ کرام کے دستخطوں کا عکس	۵۶
۹–	۲۶ر مئی ۲۰۱۷ء کے متفقہ اعلامیہ کی تیاری میں شریک مختلف دینی مدارس کے وفاقوں کے ناظمین، علمائے کرام، مفتیان عظام اور قومی جامعات کے اساتذہ کرام کے دستخطوں کا عکس	۵۷
۱۰–	متفقہ فتویٰ اور اعلامیہ کی توثیق کرنے والے علمائے کرام، مفتیان عظام اور اساتذۂ کرام کے اسمائے گرامی	۵۹

صدر اسلامی جمہوریۂ پاکستان
عزت مآب جناب ممنون حسین کا پیغام

متحرک معاشروں میں جامعات، علمائے کرام اور دانشوروں کی حیثیت ایک ایسے اجتماعی ادارے اور تھنک ٹینک کی طرح ہوتی ہے جو ملک و قوم کو درپیش چیلنجوں پر غور کر کے اُن کی حل کی راہیں تلاش کرتے ہیں۔ بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی کے زیر اہتمام "پیغام پاکستان" کانفرنس بھی ایسی ہی ایک صحت مند سرگرمی تھی جس میں تمام مکتبہ ہائے فکر سے تعلق رکھنے والے علمائے کرام نے شدت پسندی کے نتیجے میں پیدا ہونے والے مسائل پر غور و فکر کر کے ایک متفقہ فتویٰ دیا۔ میں نے کانفرنس میں ہونے والے بحث و مباحثے اور فتوے کی تفصیلات کا گہرائی سے مطالعہ کیا ہے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ انتہا پسندی کے خاتمے اور اسلام کے زرّیں اصولوں کی روشنی میں ایک معتدل اسلامی معاشرے کے استحکام کے لیے یہ فتویٰ ایک مثبت بنیاد فراہم کرتا ہے اور قومی بیانیے کی تشکیل میں اس سے رہنمائی بھی حاصل کی جاسکتی ہے۔ اس جرأت مندانہ علمی کاوش پر میں بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اور اس کے ذمہ داران کو دلی مبارک باد پیش کرتا ہوں۔

ممنون حسین

صدر اسلامی جمہوریۂ پاکستان

پیشِ لفظ

پیغامِ پاکستان کے نام سے تیار کردہ یہ متفقہ دستاویز قرآن و سنت اور اسلامی جمہوریۂ پاکستان کے دستور کی روشنی میں ریاست پاکستان کی اجتماعی سوچ کی عکاسی کرتی ہے۔ یہ پیغام ریاستِ پاکستان کو درپیش مسائل کا تجزیہ کرتے ہوئے ایسے لائحہ عمل کی بنیاد تجویز کرتا ہے جس کی بنا پر قراردادِ مقاصد میں دیے گئے اہداف حاصل کیے جاسکتے ہیں، نیز اس کے ذریعے پاکستان کو قوموں کی برادری میں ایک مضبوط، متحد، مہذب اور ترقی یافتہ ملک کے طور پر پیش کیا جاسکتا ہے۔ یہ متفقہ دستاویز مملکت خداداد اسلامی جمہوریۂ پاکستان میں اسلامی تہذیب و تمدّن کی برداشت، روحانیت، عدل و انصاف، برابری، حقوق و فرائض میں توازن جیسی خوبیوں سے مزّین معاشرے کی تشکیل جدید میں ممد ومعاون ہوسکتی ہے۔

یہ دستاویز اسلامی جمہوریۂ پاکستان کے ریاستی اداروں اور دینی مدارس کے مندرجہ ذیل وفاقوں کی کاوشوں سے تکمیل پائی:

أ. وفاق المدارس العربیۃ
ب. تنظیم المدارس اہلسنت
ج. وفاق المدارس السلفیہ
د. وفاق المدارس الشیعیہ
ہ. رابطہ المدارس پاکستان

مزید برآں اس دستاویز کی تیاری میں اہم پاکستانی جامعات اور پاکستان کے بڑے دینی مدارس جیسے دارالعلوم کراچی، دار العلوم محمدیہ غوثیہ بھیرہ شریف، جامعہ بنوریہ کراچی، جامعۃ المنتظر لاہور، جامعہ اشرفیہ لاہور، جامعہ حقانیہ اکوڑہ خٹک، جامعہ محمدیہ اسلام آباد اور جامعہ فریدیہ اسلام آباد سے تعلق رکھنے والے اساتذہ، جید علماء اور مفتیانِ کرام کا تعاون بھی شامل ہے۔

پیغامِ پاکستان کا ابتدائی مسوّدہ ادارہ تحقیقات اسلامی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد کے محققین نے تیار کیا اور ۲۶ر مئی ۲۰۱۷ء کو ادارہ تحقیقات اسلامی میں صدر اسلامی جمہوریۂ پاکستان عزت مآب جناب ممنون حسین صاحب کی صدارت میں منعقد ہونے والے قومی سیمینار بعنوان "میثاقِ مدینہ کی روشنی میں پاکستانی معاشرے کی تشکیلِ نو" کے موقع پر پیش کیا گیا۔ اس سیمینار میں تمام مکاتب فکر کے جید علمائے کرام اور مفتیان عظام نے متفقہ اعلامیہ اور متفقہ فتویٰ بھی جاری کیا۔ متفقہ اعلامیہ کو سیمینار میں پروفیسر ڈاکٹر معصوم یٰسین زئی، ریکٹر بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد نے پیش کیا جبکہ متفقہ فتویٰ مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی، مہتمم دارالعلوم کراچی نے سیمینار کے اختتام پر پیش کیا۔ اس دستاویز کو دینی مدارس کے تمام وفاق اور مختلف قومی جامعات کے اساتذہ کی مشاورت سے مزید بہتر بنایا گیا۔ نیز متفقہ اعلامیہ اور فتویٰ کو بھی اس کا حصہ بنا دیا گیا ہے۔ پیغامِ پاکستان قرآن وسنت میں موجود بنیادی اسلامی تعلیمات اور ۱۹۷۳ء کے متفقہ دستور کی روشنی میں تیار کیا گیا ہے۔ اب یہ دستاویز ریاستِ پاکستان کی منظوری سے ایک بنیادی قومی لائحہ عمل کے طور پر عمل درآمد کے لیے شائع کی جاتی ہے۔

پروفیسر ڈاکٹر محمد ضیاء الحق
ڈائریکٹر جنرل
ادارہ تحقیقات اسلامی
بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی
اسلام آباد۔

۱- اسلامی ضابطۂ حیات

آدم و حوا کی اولاد ہونے کے باوجود نسل انسانی قدیم زمانے میں معاشی ضرورتوں کے لیے منتشر ہوتی رہی، یہ منتشر گروہ الگ الگ بستیوں، شہروں اور ملکوں میں رہنے لگے۔ اسی لیے ناگزیر طور پر نبی اور مصلح بھی قومی ہوتے نہ کہ عالم گیر اور بین الاقوامی؛ اور ان کی تعلیمات بھی اپنی اپنی قوموں تک ہی محدود ہوتی تھیں۔ قرآن پاک میں ارشاد ہوتا ہے:

﴿وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ رُسُلًا اِلٰى قَوْمِهِمْ﴾ (الروم: ۴۷)

(اور ہم نے آپ ﷺ سے پہلے انبیاء کو صرف ان کی قوموں کی طرف ہی مبعوث کیا۔)

لیکن حضور اکرم ﷺ کی بعثت کے بعد صورت حال بدل گئی۔ اب ضروری تھا کہ انسانی ذہن کے ارتقا میں حائل تمام رکاوٹوں کو دور کر دیا جائے اور انسان کو یہ درس دیا جائے کہ وہ اپنے دماغ، غور و فکر، شعور اور علم و ادراک سے کام لے۔ اس دور کے بین الاقوامی حالات کا تقاضا تھا کہ پوری دنیا کو اب جھنجوڑ کر یاد دلایا جائے کہ وہ سب آدم و حوا کی اولاد ہیں اور انہیں تنگ نظری، نسل پرستی اور ایسے ہی دیگر تعصبات سے نجات دلائی جائے اور تمام انسانی دنیا کے لیے ایسا کامل دین پیش کیا جائے جو زمان و مکان کے فرق سے بالا اور ذاتوں، گروہوں، نسلوں اور طبقوں کے امتیاز سے بری ہو اور بنی نوع انسان کو انفرادی و اجتماعی حقوق اور ذمہ داریاں عطا کر کے نوع بشری کی تخلیق کی اصلی غرض و غایت کو پورا کرنے کا انتظام کرے۔

انہی ضرورتوں کو پورا کرنے کے لیے اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ ﷺ کو ایک کامل اور جامع پیغام کے ساتھ مبعوث فرمایا۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے اپنے برگزیدہ بندے اور رسول محمد ابن عبد اللہ ﷺ سے مخاطب ہو کر فرمایا:

﴿وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا كَآفَّةً لِّلنَّاسِ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا﴾ (سبا: ۲۸)

(اے رسول ہم نے آپ کو تمام انسانوں کی طرف خوشخبری سنانے والا اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے۔)

اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ ﷺ کی اس عالمی حیثیت کی وضاحت کے ساتھ ساتھ آپ ﷺ کو پیغام الٰہی ساری دنیا تک پہنچانے کی ذمہ داری بھی سونپی، چنانچہ ارشاد ہوا:

﴿قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ جَمِيْعًا﴾

(الاعراف: ۱۵۸)

(آپ لوگوں سے کہہ دیں کہ اے لوگو! میں تم سب کی طرف اللہ کا رسول ہوں۔)

گویا کہ آپ ﷺ سارے جہان کے لیے اللہ کے آخری رسول اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے جامع پیغام اسلام کی صورت میں لے کر مبعوث ہوئے۔

اسلام کا مطلب امن اور سلامتی ہے اور اس میں داخل ہو کر ایک انسان اپنے آپ کو اللہ تعالیٰ کی مکمل فرماں برداری میں دے دیتا ہے اور قرآن و سنت کے احکام کے مطابق زندگی گزارنے کا عہد کرتا ہے۔

اسلام وہ مکمل ضابطہ حیات ہے جس کے احکام رسول اللہ ﷺ پر ۴۰ سال کی عمر میں ۶۱۰ء میں مکہ میں نازل ہونے شروع ہوئے۔ یہ وہ دین مبین ہے جس کا آغاز حضرت آدم علیہ السلام سے ہوا۔ تقریباً ہر قوم اور ہر علاقے میں اللہ کے پیغمبر اور رسول مبعوث ہوئے اور انھوں نے انسانیت کی فلاح کے لیے وحی پر مبنی پیغام الٰہی انسانوں تک پہنچایا اور سب نے ہی رسول اللہ ﷺ کی بعثت کی دعا کی تھی، جیسا کہ قرآن پاک میں ارشاد ہوتا ہے:

﴿رَبَّنَا وَابْعَثْ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِكَ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَيُزَكِّيْهِمْ ۭ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ﴾ (البقرہ: ۱۲۹)

(اے پروردگار ان (لوگوں) میں انہیں سے ایک پیغمبر مبعوث کر دیجیے جو ان کو تیری آیتیں پڑھ پڑھ کر سنایا کرے اور کتاب اور دانائی سکھایا کرے اور ان (کے دلوں) کو پاک صاف کیا کرے بیشک تو غالب اور صاحبِ حکمت ہے۔)

رسول اللہ ﷺ کا مشن سابقہ انبیاء کی طرح انسانوں کو سیدھے راستے کی طرف ایک جامع دعوت دینا تھا۔ یہ وہی راستہ تھا جس پر ملت ابراہیمی قائم تھی، جیسا کہ قرآن پاک میں ہے:

﴿قُلْ اِنَّنِیْ هَدٰىنِیْ رَبِّیْۤ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ۚ دِیْنًا قِیَمًا مِّلَّةَ اِبْرٰهِیْمَ حَنِیْفًا ۚ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ﴾ (الانعام: ۱۶۱)

(کہہ دو کہ مجھے میرے پروردگار نے سیدھا راستہ دکھا دیا ہے۔ (یعنی دین صحیح) مذہب ابراہیم کا، جو ایک (خدا) ہی کی طرف کے تھے اور مشرکوں میں سے نہ تھے۔)

جب دنیا علاقائیت سے عالمیت کے دور میں داخل ہونے والی تھی تو اس موقع پر اللہ تعالیٰ نے انبیاء کے ذریعے بھیجے جانے والی عمومی ہدایات کو ایک جامع، کامل اوکمل ضابطہ ٔ حیات کے طور پر اپنے آخری رسول محمد ابن عبد اللہ ﷺ کے ذریعے پوری دنیا کے لیے بطور رحمت اور مکمل نعمت کے طور پر پیش فرمایا، جیسا کہ فرمان الٰہی ہے:

﴿وَمَاۤ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِیْنَ﴾ (الانبیا: ۱۰۷)

(اور (اے محمد ﷺ) ہم نے آپ کو تمام جہاں کے لئے رحمت بنا کر بھیجا ہے)

نیز ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿فَبِمَا رَحْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ لِنْتَ لَهُمْ ۚ وَلَوْ كُنْتَ فَظًّا غَلِیْظَ الْقَلْبِ لَانْفَضُّوْا مِنْ حَوْلِكَ ۪ فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمْ وَشَاوِرْهُمْ فِی الْاَمْرِ ۚ فَاِذَا عَزَمْتَ فَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ یُحِبُّ الْمُتَوَكِّلِیْنَ﴾

(اٰل عمران: ۱۵۹)

([اے محمد (ﷺ)] خدا کی مہربانی سے آپ ان لوگوں کے لئے نرم خُو واقع ہوئے ہیں اور اگر آپ سخت دل ہوتے تو یہ آپ کے پاس سے بھاگ

کھڑے ہوتے۔ تو ان کو معاف کر دیں اور ان کے لئے (خدا سے) مغفرت مانگیں اور اپنے کاموں میں ان سے مشاورت کیا کریں اور جب (کسی کام کا) عزم مصمم کرلیں تو اللہ پر بھروسہ رکھیں بیشک اللہ تعالیٰ بھروسا رکھنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔)

رسول اللہ ﷺ کے اخلاق کو آپ کی دعوت کی کامیابی میں بنیادی حیثیت حاصل تھی۔ آپ ﷺ لوگوں کے ساتھ نیکی کرتے اور ان سے نرم دلی سے پیش آتے۔ آپ ﷺ دلکش اور جرأت مندانہ انداز سے لوگوں کو اسلام لانے کی دعوت دیتے۔ عدل کو پسند کرتے، حق دار کو اس کا حق دیتے، ضعیف و کمزور اور مسکین کی طرف مودت و محبت اور الفت کی نظر سے توجہ فرماتے۔ آپ ﷺ کے انہی اخلاق سے متاثر ہو کر لوگ اسلام میں داخل ہونا شروع ہو گئے۔

اللہ سبحانہ و تعالیٰ نے رسول اللہ ﷺ کو تمام جہانوں کے لیے رحمت بنا کر بھیجا۔ آپ ﷺ نے عبادات، روحانیت، اخلاق اور معاملات کا ایک ایسا نظام پیش کیا جس کے ذریعے سے انسانیت کی حدود سے پست یا آگے بڑھ جانے والے انسانوں کو حقوق و فرائض کے نظام کے تحت انسانی حدود میں لا کر عزت و احترام اور وقار دیا گیا۔ اسلام کی انسانیت تمام تعصبات سے بالاتر ہے اور یہ تمام انسانوں کے لیے احترام پر مبنی ہے، جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِيٓ اٰدَمَ وَحَمَلْنٰهُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَرَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ وَفَضَّلْنٰهُمْ عَلٰى كَثِيْرٍ مِّمَّنْ خَلَقْنَا تَفْضِيْلًا﴾ (الاسراء: ۷۰)

(اور ہم نے بنی آدم کو عزت بخشی اور ان کو جنگل اور دریا میں سواری دی اور پاکیزہ روزی عطا کی اور اپنی بہت سی مخلوقات پر فضیلت دی۔)

رسول اللہ ﷺ نے عبادات کا ایک ایسا جامع نظام دیا جس سے نہ صرف انسانیت کی روحانی تسکین ہوئی بلکہ تخلیق انسان کے مقصد کو حاصل کرنے میں مدد بھی ملی۔ نمازوں اور روزوں کے ذریعے ہر مسلمان کا نہ صرف اللہ تعالیٰ سے براہ راست تعلق مضبوط ہوا، بلکہ ان عبادتوں کے ذریعے ہر مسلمان کو انفرادی طور پر اپنے جسم، روح اور سوچ کو مضبوط، مربوط اور منضبط بنانے میں

بھی مدد ملی۔ زکوٰۃ اور حج کے ذریعے مسلمان اللہ کی خوشنودی حاصل کرتے ہیں، یہ عبادتیں باہمی انسانی تعلقات کو نہ صرف مضبوط اور مستحکم بناتی ہیں، بلکہ ایک انسان کو دوسرے انسان کے لیے قربانی کا درس بھی دیتی ہیں۔ یہ عبادتیں امت مسلمہ کو ایک جسم کی مانند متحد کرنے اور ایک دوسرے کے دکھ درد میں شریک ہونے کا موقع بھی فراہم کرتی ہیں، جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿اِنَّ هٰذِهٖۤ اُمَّتُكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً ۖ وَّاَنَا رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْنِ﴾

(الانبیاء:۹۲)

(یہ تمہاری جماعت ایک ہی جماعت ہے اور میں تمہارا پروردگار ہوں تو میری ہی عبادت کیا کرو)

عبادات کے اسلامی نظام کا ہدف انسانوں میں اللہ تعالیٰ کی بندگی کے جذبے کو جلا بخشنے کے بنیادی مقصد کے علاوہ ایسی اعلیٰ اقدار کی آب یاری ہے جو انسانی بھلائی اور نسلِ انسانی کی یکجہتی کو یقینی بنانے کے لیے حقوق و فرائض کے عادلانہ نظام، امن و سکون، معاشرتی ہم آہنگی، وعدوں کی پاسداری، کمزوروں کے حقوق کا تحفظ اور تمام انسانوں کی عزت و آبرو کے تحفظ کی ضامن ہوں۔ نہ صرف یہ بلکہ اسلام نے تو معاشرے میں برائی کا جواب برائی سے دینے کی روش کی بجائے بھلائی کے ذریعے برائی کے انسداد کے طریقے کو اپنانے کا حکم دیا ہے جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿وَلَا تَسْتَوِي الْحَسَنَةُ وَلَا السَّيِّئَةُ ۚ اِدْفَعْ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ فَاِذَا الَّذِيْ بَيْنَكَ وَبَيْنَهٗ عَدَاوَةٌ كَاَنَّهٗ وَلِيٌّ حَمِيْمٌ﴾ (فصلت: ۳۴)

(اور بھلائی اور برائی برابر نہیں ہو سکتی تو (سخت کلامی کا) ایسے طریق سے جواب دو جو بہت اچھا ہو (ایسا کرنے سے تم دیکھو گے) کہ جس میں اور تم میں دشمنی تھی گویا وہ تمہارا گرم جوش دوست ہے۔)

رسول اللہ ﷺ نے وحی پر مبنی اسلام کے عادلانہ نظام کو مدینہ کے پہلے معاشرے میں ۶۲۲ء میں میثاقِ مدینہ کے ذریعے نافذ کرنا شروع کیا۔ چنانچہ نبی کریم ﷺ نے ہجرت کے پہلے سال یثرب میں امن و سلامتی کو یقینی بنانے اور وہاں کے باشندوں کے معاملات کو منظم کرنے کے

لیے اہم ترین اقدامات فرمائے۔ ان اقدامات کے نتیجے میں اوس و خزرج، مہاجرین اور غیر مسلم قبائل عرب رسول اللہ ﷺ کی سیاسی قیادت کے تحت متحد ہوگئے۔ اس صورت حال میں یہودِ مدینہ وہ واحد گروہ تھا جو اس اجتماعی نظام سے باہر تھا۔ آپ ﷺ نے انہیں بھی اس اجتماعی نظام میں شمولیت کی دعوت دی تو ان کے لیے اپنی بقاء اور سلامتی کی خاطر اس سے انکار کرنا ممکن نہ رہا۔ اس طرح انصار (اوس و خزرج)، مہاجرین (بنو امیہ و بنو ہاشم)، عرب قبائل اور یہود (بنو نضیر، بنو قریظہ اور بنو قینقاع) سمیت مدنی معاشرہ کی مختلف اکائیاں میثاق مدینہ پر متفق ہوگئے اور یہ میثاق نئی قائم شدہ ریاست کا دستور بن گیا۔

اس دستور کی رو سے ریاست کے باشندوں کو سماجی سطح پر برابری کے حقوق دیے گئے، دفاعی سلامتی کو یقینی بنایا گیا اور مذہبی آزادی اور شخصی معاملات کو اپنے اپنے عقائد کے مطابق طے کرنے کی نہ صرف اجازت دی گئی بلکہ اس کے لیے مناسب ماحول بھی فراہم کر دیا گیا۔ میثاق مدینہ تاریخ دساتیر کی وہ پہلی دستاویز ہے جو تحریر کی گئی۔ اس دستور کی ۵۲ دفعات ہیں اور یہ قانونی زبان کی اعلیٰ ترین مثال ہے۔ یہ دستور نہ صرف مسلمانوں کے تحفظ کا باعث بنا بلکہ اس سے غیر مسلموں کو بھی برابر کے حقوق ملے؛ مثلاً یہودیوں میں بنو قینقاع، جو کہ سنار تھے، سب سے معزز سمجھے جاتے تھے، جب کہ بنو قریظہ چونکہ پیشے کے اعتبار سے چمار تھے، کم تر اور حقیر سمجھے جاتے تھے اور ان کی دیت بنو قینقاع اور بنو نضیر کے یہود کی نسبت آدھی تھی۔ رسول اللہ ﷺ نے اس ناانصافی کو منسوخ فرمایا اور بنو قریظہ کی دیت کو دوسرے یہودیوں کی دیت کے برابر قرار دیا۔

آپ ﷺ نے ایسے جامع دین پر ایمان لانے کی دعوت دی جس میں پہلے انبیاء اور ان کی کتابوں پر ایمان کو اللہ اور اس کے رسول پر ایمان کی طرح لازمی قرار دیا گیا۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ۭ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰۗىِٕكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ ۣ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ ۣ وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ۡ غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ﴾ (البقرہ: ۲۸۵)

(رسولِ (خدا) اس کتاب پر جو ان کے پروردگار کی طرف سے ان پر نازل ہوئی، ایمان رکھتے ہیں اور مؤمن بھی سب خدا پر اور اس کے فرشتوں پر اور اس کی کتابوں پر اور اس کے پیغمبروں پر ایمان رکھتے ہیں (اور کہتے ہیں کہ) ہم اس کے پیغمبروں میں سے کسی میں کچھ فرق نہیں کرتے اور وہ (خدا سے) عرض کرتے ہیں کہ ہم نے (تیرا حکم) سنا اور قبول کیا۔ اے پروردگار ہم تیری بخشش مانگتے ہیں اور تیری ہی طرف لوٹ کر جانا ہے۔)

آپ ﷺ نے مدینہ منورہ میں ایک ایسے سماج کی تشکیل کی جس میں مسلمان، یہودی اور غیر مسلم عربوں کے درمیان عدل و انصاف، برابری اور حقوق و فرائض کی یکساں ادائیگی پر مشتمل تعلقات قائم ہوئے کیونکہ آپ ﷺ پوری انسانیت کے لیے خوشخبری دینے والے اور خبردار کرنے والے بنا کر بھیجے گئے، جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ بِالْحَقِّ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا ۭ وَاِنْ مِّنْ اُمَّةٍ اِلَّا خَلَا فِيْهَا نَذِيْرٌ﴾

(فاطر: ۲۴)

(ہم نے آپ ﷺ کو حق کے ساتھ خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا اور اللہ تعالیٰ نے ہر امت میں ڈرانے والا بھیجا۔)

قرآن حکیم نے مسلمانوں سمیت تمام مذہبی گروہوں کو مشترک اصول اپنانے کی تعلیم دی۔ قرآن پاک میں ارشاد ہے:

﴿اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِيْنَ هَادُوْا وَالنَّصٰرٰى وَالصَّابِـِٕيْنَ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ﴾ (البقرہ: ۶۲)

(مسلمان ہوں، یہودی ہوں، نصاریٰ ہوں یا صابی ہوں، جو کوئی بھی اللہ تعالیٰ پر اور قیامت کے دن پر ایمان لائے اور نیک عمل کرے، ان کے اجر ان کے رب کے پاس ہیں اور ان پر نہ تو کوئی خوف ہے اور نہ اداسی۔)

آپ ﷺ کی تعلیم و تبلیغ تو یہ ہے کہ اسلام سابقہ مذاہب کی تکمیل و تجدید ہی ہے اور ان سے متضاد کوئی نئی چیز نہیں۔ جس طرح کی دینی تعلیم رسول اللہ ﷺ نے دی اس سے انسان کو گروہی اور فرقہ وارانہ تعصب کی مصیبت سے نجات مل جاتی ہے اور "لا إكراه في الدين" وہ سنہری اصول ہے جو کہ اسلام ہی نے متعارف کرایا۔ ان آفاقی اصولوں سے فائدہ اٹھاتے ہوئے پاکستانی سماج کی تشکیل جدید کے لیے ان تعلیمات کو عام کرنے کی ضرورت ہے تاکہ یہاں کے باسی نہ دوسرے مذاہب کی تحقیر کریں اور نہ ان کے بانیوں کی بے حرمتی کے مرتکب ہوں۔ مسلمانوں کے لیے اپنے عقیدے پر عمل کرتے ہوئے استدلال کے ذریعے دوسروں کو قائل کرنے کی کوشش کرنا ہی ان کی ذمہ داری قرار پاتی ہے، جیسا کہ قرآن فرماتا ہے:

﴿اُدْعُ اِلٰى سَبِيْلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ وَجَادِلْهُمْ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ ؕ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ۝﴾ (النحل: ۱۲۵)

([اے پیغمبر ﷺ] لوگوں کو دانش اور نیک نصیحت سے اپنے پروردگار کے راستے کی طرف بلاؤ اور بہت ہی اچھے طریقے سے ان سے بحث و تمحیص کرو۔ جو اس کے راستے سے بھٹک گیا تمہارا پروردگار اسے بھی خوب جانتا ہے اور جو راستے پر چلنے والے ہیں ان سے بھی خوب واقف ہے۔)

دوسروں کے مذاہب کی تحقیر کسی صورت میں نہیں ہونی چاہیے، جیسا کہ قرآن حکیم میں ارشاد ہے:

﴿وَلَا تَسُبُّوا الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَيَسُبُّوا اللّٰهَ عَدْوًۢا بِغَيْرِ عِلْمٍ ؕ كَذٰلِكَ زَيَّنَّا لِكُلِّ اُمَّةٍ عَمَلَهُمْ ۪ ثُمَّ اِلٰى رَبِّهِمْ مَّرْجِعُهُمْ فَيُنَبِّئُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ﴾ (الانعام:۱۰۸)

(اور گالی مت دو ان کو، جن کی یہ لوگ اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر عبادت کرتے ہیں کیونکہ پھر وہ جہالت کی بنا پر حد سے گزر کر اللہ تعالیٰ کی شان میں گستاخی

کریں گے۔ ہم نے اس طرح ہر طریقہ والوں کو ان کا عمل مرغوب بنا رکھا ہے۔ پھر اپنے رب ہی کے پاس ان کو جانا ہے سو وہ ان کو بتلا دے گا جو کچھ بھی وہ کیا کرتے تھے۔)

رسول اللہ ﷺ نے عدل و انصاف کا ایسا نظام قائم کیا جس میں کمزور اور ناتواں کو طاقت ور اور جابر کے مقابلے میں تحفظ حاصل تھا۔ یہ عدل و انصاف اپنوں کے لیے بھی تھا اور غیروں کے لیے بھی۔ کسی سے دشمنی یا عداوت بھی انصاف کی فراہمی میں رکاوٹ نہیں بن سکتی، جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِيْنَ لِلّٰهِ شُهَدَآءَ بِالْقِسْطِ ۡ وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ عَلٰٓى اَلَّا تَعْدِلُوْا ؕ اِعْدِلُوْا ۟ هُوَ اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى ۡ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ﴾ (المائدہ: ۸)

(اے ایمان والو! خدا کے لیے انصاف کی گواہی دینے کے لیے کھڑے ہو جایا کرو اور لوگوں کی دشمنی تم کو اس بات پر آمادہ نہ کرے کہ انصاف چھوڑ دو۔ انصاف کیا کرو کہ یہی پرہیز گاری کی بات ہے۔ اور خدا سے ڈرتے رہو۔ کچھ شک نہیں کہ خدا تمہارے سب اعمال سے خبردار ہے۔)

دوسرے مقام پر ارشاد فرمایا:

﴿اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ اَنْ تُؤَدُّوا الْاَمٰنٰتِ اِلٰٓى اَهْلِهَا ۙ وَاِذَا حَكَمْتُمْ بَيْنَ النَّاسِ اَنْ تَحْكُمُوْا بِالْعَدْلِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ نِعِمَّا يَعِظُكُمْ بِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ سَمِيْعًۢا بَصِيْرًا﴾ (النساء: ۵۸)

(خدا تم کو حکم دیتا ہے کہ امانت والوں کی امانتیں ان کے حوالے کر دیا کرو اور جب لوگوں میں فیصلہ کرنے لگو تو انصاف سے فیصلہ کیا کرو، خدا تمہیں بہت خوب نصیحت کرتا ہے بیشک خدا سنتا (اور) دیکھتا ہے۔)

عدل وانصاف کے اس نظام میں غیر مسلموں، عورتوں اور بچوں کے حقوق کا خاص طور پر تحفظ کیا گیا۔ ظلم وستم اور تکبر، سختی اور عدم برداشت جیسے افعال کو قبیح قرار دے کر حرام قرار دیا گیا اور عاجزی وانکساری، بردباری، تحمل اور برداشت جیسی عادات واخلاق کو عین اسلامی آداب قرار دے دیا گیا۔ انسانوں کو ہدایت کی گئی کہ زمین پر عاجزی سے چلیں اور لوگوں کو دعوت دین کے لیے حکمت اور عقلمندی سے بلائیں۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿وَلَا تَمْشِ فِي الْأَرْضِ مَرَحًا﴾ (الاسراء: ۳۷)

(اور زمین پر اکڑ کر (اور تن کر) مت چل۔)

اسلام کی تعلیم تو یہ ہے کہ بدلہ لینے کا حق ہو بھی تو احسان کرنا اور معاف کرنا لائق ترجیح ہے، جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿وَجَزَاءُ سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ مِثْلُهَا فَمَنْ عَفَا وَأَصْلَحَ فَأَجْرُهُ عَلَى اللَّهِ إِنَّهُ لَا يُحِبُّ الظَّالِمِينَ﴾ (الشوریٰ: ۴۰)

(اور برائی کا بدلہ تو اسی طرح کی برائی ہے مگر جو درگزر کرے اور (معاملے کو) درست کر دے تو اس کا بدلہ خدا کے ذمے ہے، اس میں شک نہیں کہ وہ ظلم کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔)

دینی تعلیمات کی رو سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ دین اسلام کا بنیادی درس انسانی عزت و وقار کی پاس داری اور انسانی جان کا تحفظ ہے اور فرمایا گیا کہ جو ایک انسان کو قتل کرے گا گویا کہ اس نے پوری انسانیت کا قتل کیا اور انسان کے قتل کو گناہ عظیم قرار دیا گیا، جیسا کہ ارشادِ خداوندی ہے:

﴿مِنْ أَجْلِ ذَٰلِكَ كَتَبْنَا عَلَىٰ بَنِي إِسْرَائِيلَ أَنَّهُ مَنْ قَتَلَ نَفْسًا بِغَيْرِ نَفْسٍ أَوْ فَسَادٍ فِي الْأَرْضِ فَكَأَنَّمَا قَتَلَ النَّاسَ جَمِيعًا وَمَنْ أَحْيَاهَا فَكَأَنَّمَا أَحْيَا النَّاسَ جَمِيعًا وَلَقَدْ جَاءَتْهُمْ رُسُلُنَا بِالْبَيِّنَاتِ ثُمَّ إِنَّ كَثِيرًا مِنْهُمْ بَعْدَ ذَٰلِكَ فِي الْأَرْضِ لَمُسْرِفُونَ﴾ (المائدہ: ۳۲)

(اس (قتل) کی وجہ سے ہم نے بنی اسرائیل پر یہ حکم نازل کیا کہ جو شخص کسی کو (ناحق) قتل کرے گا (یعنی) بغیر اس کے کہ جان کا بدلہ لیا جائے یا ملک میں خرابی پیدا کرنے کی سزا دی جائے، اس نے گویا تمام لوگوں کو قتل کیا اور جو اس کی زندگانی کا موجب ہوا تو گویا تمام لوگوں کی زندگانی کا موجب ہوا۔ اور لوگوں کے پاس ہمارے پیغمبر روشن دلیلیں لا چکے ہیں۔ پھر اس کے بعد بھی ان میں بہت سے لوگ زمین میں حد اعتدال سے نکل جاتے ہیں۔)

اسلام نے رسول اللہ ﷺ کے ذریعے ایک ایسا معاشرہ تشکیل دیا جس میں احترام، توازن اور میانہ روی کی خصوصیات نمایاں تھیں، ارشاد ربانی ہے:

﴿ وَكَذٰلِكَ جَعَلْنٰكُمْ اُمَّةً وَّسَطًا لِّتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ وَيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ عَلَيْكُمْ شَهِيْدًا ﴾ (البقرہ: ۱۴۳)

(اور اسی طرح ہم نے تم کو امتِ معتدل بنایا ہے تاکہ تم لوگوں پر گواہ بنو اور پیغمبر (آخر الزماں ﷺ) تم پر گواہ بنیں۔)

نیز ارشاد خداوندی ہے:

﴿وَجَاهِدُوْا فِي اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهٖ ۭ هُوَ اجْتَبٰىكُمْ وَمَا جَعَلَ عَلَيْكُمْ فِي الدِّيْنِ مِنْ حَرَجٍ ۭ مِلَّةَ اَبِيْكُمْ اِبْرٰهِيْمَ ۭ هُوَ سَمّٰىكُمُ الْمُسْلِمِيْنَ ۙ مِنْ قَبْلُ وَفِيْ هٰذَا لِيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ شَهِيْدًا عَلَيْكُمْ وَتَكُوْنُوْا شُهَدَاۗءَ عَلَى النَّاسِ ۚ فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاعْتَصِمُوْا بِاللّٰهِ ۭ هُوَ مَوْلٰىكُمْ ۚ فَنِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ﴾ (الحج: ۷۸)

(اور اللہ کی راہ میں ویسا ہی جہاد کرو جیسے جہاد کا حق ہے۔ اس نے تمہیں برگزیدہ بنایا ہے اور تم پر دین کے بارے میں کوئی تنگی نہیں ڈالی۔ دین اپنے باپ ابراہیم (علیہ السلام) کا قائم رکھو، اسی اللہ نے تمہارا نام مسلمان رکھا ہے۔ اس قرآن سے پہلے اور اس میں بھی تاکہ پیغمبر تم پر گواہ ہو جائے اور تمام

لوگوں کے گواہ بن جاؤ۔ پس تمہیں چاہیے کہ نمازیں قائم رکھو اور زکوٰۃ ادا
کرتے رہو اور اللہ کو مضبوط تھام لو، وہی تمہارا ولی اور مالک ہے۔ پس کیا ہی
اچھا مالک ہے اور کتنا ہی بہتر مدد گار ہے۔)

الغرض اسلام کے عقائد، عبادات، روحانیت، معاشرت اور معاملات کے متعلق احکام قرآن وسنت، میثاق مدینہ اور خطبہ حجۃ الوداع جیسے مصادر میں بکثرت ملتے ہیں۔

اسلام کے اسی ضابطہ ٔ حیات کی بنا پر عظیم الشان اسلامی تہذیب کی بنیاد پڑی۔ اس تہذیب کی بنیاد طاقت کے استعمال کے بجائے امن، محبت، رواداری اور باہمی برداشت کے رویے کے ذریعے ڈالی گئی۔ اسلامی تہذیب و تمدن نے دینی اور دنیاوی زندگی کے درمیان توازن اور میانہ روی کے ذریعے صدیوں تک کروڑوں انسانوں کی زندگی کو راہنمائی فراہم کی ہے۔ نبی کریم ﷺ نے اپنی روزمرہ کی تعلیمات وخطبات کے علاوہ حکم الٰہی کے تحت خطبۂ جمعہ کے ذریعے دین اسلام کی باقاعدہ تعلیم و تربیت کو جاری کیا۔ جس سے اس سنت کا آغاز ہوا کہ اسلامی ریاست کا حکمران ایک یکساں پیغام مسلم معاشرے کو خطبۂ جمعہ کے ذریعے مستقل دیتا رہے اور امت کے اتحاد کو یقینی بنائے رکھے تاکہ تفرقہ کی بنیاد نہ پڑے۔ بدقسمتی سے اب یہ روایت کمزور پڑ گئی ہے اور موجودہ حالات کے تناظر میں اسلامی ریاست کی راہنمائی میں خطبۂ جمعہ کی سنت کے احیاء کی ضرورت ہے، تاکہ ریاست پاکستان کی نظریاتی حدود کے تحفظ کو یقینی بنایا جاسکے۔

اسلام کی عظیم الشان تہذیب جس کا آغاز ۶۲۲ء میں ہوا، ۱۲۷۱ء تک (یعنی تقریباً ایک صدی کے اندر اندر) دنیا کے دور دراز علاقوں تک پہنچ گئی۔ اس عظیم الشان تہذیب نے اخذ وعطا اور تازہ کاری کے اصولوں کی بنا پر نہ صرف ترقی یافتہ قدیم تہذیبوں سے استفادہ کیا بلکہ تازہ کاری کے ذریعے علوم وفنون کی نشوونما میں اپنا حصہ بھی ڈالا۔ اسلامی روایات سے انحراف کے نتیجے میں اسلامی تہذیب عالمی تہذیبوں میں اپنی برتری برقرار نہ رکھ سکی اور یہ عظیم الشان تہذیب زوال اور انحطاط کا شکار ہوگئی۔ مسلمان معاشروں کا اتحاد ختم ہو گیا اور پندرہویں اور سولہویں صدی سے شروع ہونے والا زوال انیسویں صدی میں اپنی انتہا کو پہنچ گیا حتیٰ کہ ۱۹۳۰ء کی دہائی تک ترکی اور افغانستان کے سوا کوئی مسلمان ملک اپنی آزادی برقرار نہ رکھ سکا۔

۲- اسلامی جمہوریہ پاکستان

۲.۱- قیام پاکستان کا پس منظر

برصغیر میں مسلمانوں نے صدیوں تک حکومت کی لیکن انہوں نے یہاں کی آبادی کو زبردستی مسلمان بنانے کی کبھی کوشش نہیں کی۔ برصغیر میں مسلمانوں کی حکومت قائم ہونے سے پہلے، قائم ہونے کے بعد اور حکومت ختم ہونے پر بھی غیر مسلموں کی ہی اکثریت رہی۔ برطانوی استعمار نے برصغیر کا اقتدار مسلمانوں سے چھینا تھا، اس لیے وہ قدرتی طور پر مسلمانوں کو اپنا حریف سمجھتے تھے۔ ۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی کی ناکامی کے بعد برصغیر میں مسلمانوں کی حکومت کا مکمل خاتمہ ہو گیا اور برصغیر پاک و ہند مکمل طور پر برطانوی نو آبادی بن گیا۔ برطانوی حکومت نے مسلمانوں کے تمام اہم سیاسی، دفاعی اور معاشرتی ادارے یا تو ختم کر دیے یا پھر ان کو غیر مؤثر کر دیا جس کے نتیجے میں حاکم نہ صرف محکوم بن گئے بلکہ بے اثر بھی ہو گئے اور ان کی تحقیر بھی ہوئی۔ اس ساری صورت حال نے برصغیر پاک و ہند میں اسلامی تہذیب و تمدن پر منفی اثر ڈالا اور مسلمان پس ماندگی کا شکار ہو گئے۔ بیسویں صدی کی تیسری دہائی میں جب برطانوی استعمار نے برطانوی جمہوریت کے ماڈل کو برصغیر میں نافذ کرتے ہوئے برصغیر کو چھوڑنے کے ارادے کا اظہار کیا تو اس موقع پر برصغیر پاک و ہند کے مسلمانوں نے ہندو اکثریت کی ہمیشہ کے لیے حکمرانی سے بچنے اور برصغیر پاک و ہند میں اسلامی تہذیب و تمدن کے احیا کے لیے مسلمانوں کی علیحدہ ریاست قائم کرنے کی جدوجہد شروع کر دی۔ اس ریاست کا تصور علاّمہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ نے دیا اور اس تصور کو عملی جامہ پہنانے کے لیے انہی کی تجویز پر قائداعظم محمد علی جناح رحمۃ اللہ علیہ نے آل انڈیا مسلم لیگ کے پلیٹ فارم سے جدوجہد شروع کر دی۔ اس جدوجہد کے نتیجے میں ۱۴ر اگست ۱۹۴۷ء کو پاکستان ایک اسلامی مملکت کے طور پر معرضِ وجود میں آ گیا۔ ریاستِ مدینہ کے بعد یہ واحد مثال تھی جس میں اسلامی تہذیب و تمدن کے احیاء کے لیے ایک نئی منفرد مسلمان ریاست معرضِ وجود میں آئی۔

۲.۲- قیام پاکستان

برصغیر پاک وہند کے مسلمانوں نے پاکستان اس لیے قائم کیا تھا تاکہ ایک ایسے جدید، ترقی یافتہ اور متمدن اسلامی معاشرے کی بنیاد رکھی جاسکے جو کہ دور جدید میں اسلام کی آفاقی تعلیمات کا عکس ہو۔ پاکستانی معاشرے نے یہ ثابت کرنا تھا کہ آج بھی انسانیت کو اسلام کی ضرورت ہے اور اسلام کی آفاقی اقدار پر مشتمل ایک جدید، ترقی یافتہ اور مہذب معاشرہ قائم کیا جاسکتا ہے۔ اسی خواہش کو علاّمہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ نے فکر اسلامی کی تشکیل جدید کے پیرائے میں بیان کیا تھا۔ قیام پاکستان کے فوراً بعد قائداعظم رحمۃ اللہ علیہ اور ان کے رفقاء نے ایک ایسے پاکستان کے لیے جدوجہد شروع کر دی جو جمہوری، اسلامی اور ترقی یافتہ ہو۔ ان کا خیال تھا کہ اس پاکستان میں Positivism اور Common Law پر مبنی قانونی نظام قرآن و سنت کے ماتحت ہو اور اس طرح ایک جدید ریاست میں اجتہاد کے ذریعے ایسا ترقی یافتہ قانونی نظام قائم کیا جائے جو جدید اسلامی قانون کا پرتو ہو اور اس کی مدد سے مملکت خداداد میں ایک ایسا معاشرہ قائم ہو جس میں امن، سکون، سلامتی، اقتصادی ترقی اور معاشرتی ہم آہنگی کے اسلامی اصولوں کا رواج ہو، جبکہ غیر مسلموں اور معاشرے کے کمزور طبقوں کے حقوق کا مکمل تحفظ ہو۔ مزید یہ کہ علاقائی ثقافتوں اور زبانوں کو اسلامی اصولوں کی روشنی میں ایک مرکزی پاکستانی اسلامی تہذیب کا حصہ بنایا جائے۔ قیام پاکستان کے ابتدائی سالوں میں اگرچہ پاکستان کو کئی چیلنجز درپیش ہوئے، تقسیم پُر امن ہونے کے بجائے خون ریز ہوگئی، پاکستان کے کئی علاقے ہندوستان کے حوالے کر دیے گئے، کشمیر پر ہندوستان نے قبضہ کر لیا، پاکستان کو اس کے اقتصادی اور مالیاتی حقوق سے محروم کر دیا گیا، لیکن بانیانِ پاکستان کی مسلسل جدوجہد اور تحریک پاکستان کے کارکنوں کی لازوال قربانیوں کے نتیجے میں پاکستان نے اپنے مسائل حل کرنا شروع کر دیے اور وہ دن بدن مستحکم ہوتا چلا گیا۔

پاکستان کے پہلے وزیر اعظم نواب زادہ لیاقت علی خان نے ۱۲/ مارچ ۱۹۴۹ء کو پاکستان کی پہلی دستور ساز اسمبلی میں قرار دادِ مقاصد پیش کی۔ یہ قرارداد مقاصد اب دستور پاکستان کا

باقاعدہ حصہ ہے اور اس میں طے کر دیا گیا کہ پاکستان میں اقتدار اعلیٰ اللہ تعالیٰ کا ہے اور ریاست پاکستان اللہ تعالیٰ کی طرف سے تفویض کردہ اس اختیار کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے طے کردہ حدود کے اندر استعمال کرنے کی پابند ہو گی۔ قرارداد مقاصد میں دستور پاکستان کے لیے ایک فریم ورک بھی فراہم کر دیا گیا اور طے کر دیا گیا کہ جمہوریت، آزادی رائے، مساوات، برداشت اور سماجی انصاف جیسے وہ اصول، جو اسلام نے دیے ہیں وہ اس دستور کی بنیاد ہوں گے تاکہ پاکستان کے مسلمان قرآن و سنت کے اصولوں کے مطابق انفرادی اور اجتماعی زندگی بسر کر سکیں۔ قرارداد مقاصد میں مسلمانوں اور غیر مسلموں کے بنیادی حقوق کے تحفظ کی ضمانت دی گئی اور طے کر دیا گیا کہ پاکستان کے تمام شہریوں کا رتبہ برابر ہو گا اور سب کے لیے آگے بڑھنے کے یکساں مواقع ہوں گے۔ معاشرتی، معاشی اور سیاسی جدوجہد کے یکساں مواقع ہوں گے اور قانون کی نظر میں سب برابر ہوں گے، جبکہ اظہار رائے کی آزادی، ایمان، عقیدے اور عبادات پر کسی قسم کی کوئی قدغن نہیں ہو گی، بشرطیکہ یہ سب کچھ قانونی دائرے کے اندر اور عمومی اخلاقی قواعد کے مطابق ہو۔ قرارداد مقاصد میں طے کر دیا کہ ریاست پاکستان اور اس کے باشندوں نے ایسی جدوجہد کرنی ہے جس کے نتیجے میں پاکستان نہ صرف ترقی کرے بلکہ قوموں کی برادری میں ایک قابل احترام ملک کی حیثیت کا جائز مقام حاصل کرے تاکہ بین الاقوامی امن و ترقی اور انسانی خوشیوں کے حصول میں یہ اسلامی ریاست اپنا حصہ ڈال سکے۔

۲.۳- اسلامی جمہوریہ پاکستان کی کامیابیاں

موجودہ دنیا میں پاکستان وہ ملک ہے جہاں اسلامی اصولوں کے مطابق سب سے زیادہ قانون سازی ہوئی ہے۔ اس کی ایک مثال پاکستان کا ۱۹۷۳ء کا آئین ہے جس کا ابتدائیہ قرارداد مقاصد پر مشتمل ہے۔ اس کے علاوہ اس آئین میں اسلامی شقوں کو باقاعدہ دستور کا حصہ بنایا گیا ہے۔ اس بات پر خصوصی توجہ دی گئی ہے کہ پاکستان کا کوئی قانون غیر اسلامی نہیں ہو گا اور موجودہ قوانین کو بھی اسلامی اصولوں کے تابع کیا جائے گا۔ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے وفاقی شرعی

عدالت، اسلامی نظریاتی کونسل اور ادارہ تحقیقات اسلامی کے قیام پر خصوصی توجہ دی گئی۔ پاکستان کی کامیابی اور شاندار مستقبل کا ضامن اس کا یہی متفقہ دستور ہے۔ یہ دستور اسلامی بھی ہے اور جدید بھی اور پاکستان کے تمام طبقات کی نمائندگی بھی کرتا ہے۔ ۱۹۷۳ء کا دستور اسلامی جمہوریہ پاکستان کے مستقبل کا لائحۂ عمل ہے۔

پاکستان کے بعض دشمن عناصر معصوم نوجوانوں کو اس نعرے سے گمراہ کرتے ہیں کہ پاکستان میں طاغوتی نظام رائج ہے اور حکومت کا ڈھانچہ اسلامی قانون کے مطابق نہیں ہے۔ یہ گمراہ کن فکر حقائق سے مطابقت نہیں رکھتی۔ قرارداد مقاصد کا ذکر ہو چکا ہے جو کہ پاکستان کی اسلامی اور جمہوری شناخت کی بنیاد ہے۔ صرف یہی نہیں بلکہ پاکستان کے ۱۹۵۶ء، ۱۹۶۲ء اور ۱۹۷۳ء کے دساتیر میں اسے اسلامی جمہوریہ قرار دیا گیا اور طے کر دیا گیا کہ پاکستان میں قرآن و سنت سے متصادم کوئی قانون نہیں بنے گا۔ پاکستانی قوانین کی قرآن و سنت سے مطابقت کو یقینی بنانے کے لیے اسلامی نظریاتی کونسل ۱۹۶۲ء کے دستور کی رو سے قائم کی گئی۔ ۱۹۹۷ء میں اسلامی نظریاتی کونسل نے حکومت پاکستان کو اپنی فائنل رپورٹ جمع کروائی تھی۔ اس رپورٹ کے مطابق پاکستان کے ۹۵ فیصد قوانین میں قرآن و سنت سے متصادم کوئی چیز نہیں ہے جبکہ باقی قوانین کو قرآن و سنت کے مطابق ڈھالنے کے لیے کونسل نے متعدد سفارشات دی ہیں۔ کونسل کی رپورٹ کے مطابق قوانین کا ۹۵ فیصد اسلامی تعلیمات کے مطابق ہے۔ اس لیے اس بنا پر پاکستانی قوانین کو غیر اسلامی قرار دینا نہ صرف صریح گمراہی ہے بلکہ یہ پاکستان کے دستور سے لاعلمی کی دلیل بھی ہے۔

پاکستان کی بہت ساری کامیابیوں کے باوجود پاکستان کو ابھی وہ ہدف حاصل کرنا ہے جس کا تعین قرارداد مقاصد میں کیا گیا تھا۔ اس ہدف کو حاصل کرنے میں اس وقت بعض چیلنجز درپیش ہیں جن کا ذکر حسب ذیل ہے۔

۳- ریاست پاکستان اور پاکستانی معاشرے کو درپیش مسائل

۳.۱- اسلامی ریاست کے خلاف جنگ

قرآن وسنت کی تعلیمات اور خلفائے راشدین کا تعامل یہ بتاتا ہے کہ جو کوئی فرد یا گروہ اسلامی ریاست کے خلاف فتنہ انگیزی کرے، اسلحہ اٹھائے، مسلح جدوجہد کرے یا ریاستی اقتدار اعلیٰ کو تسلیم کرنے سے انکار کرے تو وہ باغی ہے، وہ حرابہ کے جرم کا ارتکاب کر رہا ہے اور محارب تصور ہو گا۔ ایسی جنگ نہ صرف اسلامی ریاست کے خلاف ہے بلکہ یہ جنگ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے خلاف بھی ہے۔

ریاست مخالف قوتوں نے رسول اللہ ﷺ کی وفات کے فوراً بعد اسلامی ریاست کے خلاف بغاوت کی تھی، جس کو خلیفۂ اوّل حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت میں کامیابی سے ختم کیا گیا، خلیفۂ چہارم حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے دور خلافت میں بعض انتہاپسند مذہبی عناصر نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی سیاسی حکمت عملی کو کفر اور اس حکمت عملی کو قبول کرنے والوں کو کافر قرار دے کر واجب القتل قرار دیا، اس قسم کے باغیوں کے لیے خوارج کی اصطلاح وضع کی گئی تھی۔ خوارج معصوم مسلمانوں کو کافر قرار دے کر قتل کرتے تھے حتیٰ کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ انہی عناصر کے ہاتھوں شہید ہوئے۔ خوارج اسلامی حکومتوں کے خلاف جدوجہد کرتے تھے اور ان کے نزدیک جو کوئی مسلمان معمولی غلطی کا ارتکاب کرے یا گناہ کا کام کرے وہ کافر ہو جاتا ہے اور واجب القتل ہو جاتا ہے۔ بدقسمتی سے یہی وہ فکر ہے جو آج کل کے انتہاپسند گروہوں میں موجود ہے۔ وہ مسلمان اکثریت کو کافر قرار دے کر مباح الدم قرار دے دیتے ہیں۔ ایسے ہی لوگ اسلامی جمہوریہ پاکستان اور اس کے اداروں کے خلاف جنگ کر رہے ہیں۔ دینی احکام کی رو سے یہ سب باغی ہیں اور حرابہ کے جرم کے مرتکب ہیں اور ان کی سزا واضح طور پر قرآن پاک میں موجود ہے۔

﴿اِنَّمَا جَزٰٓؤُا الَّذِیْنَ یُحَارِبُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَیَسْعَوْنَ فِی الْاَرْضِ فَسَادًا اَنْ یُّقَتَّلُوْٓا اَوْ یُصَلَّبُوْٓا اَوْ تُقَطَّعَ اَیْدِیْهِمْ وَاَرْجُلُهُمْ مِّنْ خِلَافٍ اَوْ یُنْفَوْا مِنَ الْاَرْضِ ؕ ذٰلِكَ لَهُمْ خِزْیٌ فِی الدُّنْیَا وَلَهُمْ فِی الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِیْمٌ﴾ (المائدہ: ۳۳)

(جو لوگ خدا اور اس کے رسول سے لڑائی کریں اور ملک میں فساد کی کوشش کریں ان کی یہی سزا ہے کہ قتل کر دیے جائیں یا سولی چڑھا دیے جائیں یا ان کے ایک ایک طرف کے ہاتھ اور ایک ایک طرف کے پاؤں کاٹ دیے جائیں یا ملک سے نکال دیے جائیں یہ تو دنیا میں ان کی رسوائی ہے اور آخرت میں ان کے لیے بڑا (بھاری) عذاب (تیار) ہے۔)

اس لیے تمام مسلمانوں پر بالعموم اور ریاست پاکستان کے باشندوں پر بالخصوص یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ ریاست پاکستان کے خلاف اسلحہ اٹھانے والوں کے خلاف دامے، درمے، سخنے جدوجہد کریں۔ مسلمان فقہاء کا کہنا ہے کہ حرابہ سے متعلق آیات جن سنگین جرائم پر لاگو ہوتی ہیں ان میں پر امن اور غیر مسلم لوگوں کے خلاف دہشت گردی بھی شامل ہے۔ ان کی رائے میں اگر کوئی طاقت ور گروہ کسی علاقے میں اپنی عمل داری قائم کر کے حکومتی قوانین اور رٹ کو ماننے سے انکار کر دے تو یہ بھی بغاوت ہے اور اس طرح اگر کوئی گروہ قانونی حکومت کو ماننے سے انکار کر دے تو یہ بھی بغاوت ہے۔

اسلامی مصادر میں ریاست کے خلاف مذہب کے نام پر اسلحہ اٹھانے والوں کے افعال کو واضح طور پر غیر شرعی قرار دیا گیا ہے اور اس کا سدباب کرنے کے لیے تمام ضروری اقدامات کرنے کی تاکید بھی کی گئی ہے۔ مسلم حکمرانوں کی اطاعت کا حکم خود قرآن پاک میں شامل ہے اور یہ کہ اگر ان سے کوئی تنازع ہو جائے تو اس کو قرآن وسنت کی روشنی میں حل کرنے کی کاوش کی جائے۔ اس ضمن میں ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اَطِیْعُوا اللّٰهَ وَ اَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ وَ اُولِی الْاَمْرِ مِنْكُمْۚ فَاِنْ تَنَازَعْتُمْ فِیْ شَیْءٍ فَرُدُّوْهُ اِلَى اللّٰهِ وَ الرَّسُوْلِ اِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَ الْیَوْمِ الْاٰخِرِؕ ذٰلِكَ خَیْرٌ وَّ اَحْسَنُ تَاْوِیْلًا﴾ (النساء: ۵۹)

(مومنو! خدا اور اس کے رسول کی فرمانبرداری کرو اور جو تم میں سے صاحب حکومت ہے ان کی بھی اور اگر کسی بات میں تم میں اختلاف واقع ہو تو اگر خدا اور روز آخرت پر ایمان رکھتے ہو تو اس میں خدا اور اس کے رسول کے حکم کی طرف رجوع کرو اور یہ بہت اچھی بات ہے اور اس کا انجام بھی اچھا ہے۔)

مسلمان علماء متفق ہیں کہ اگر کوئی حکمران شریعت کو نافذ کرنے میں تساہل بھی کرے تو اس کے خلاف مسلح بغاوت نہیں کی جاسکتی۔ اسلامی روایت میں بغی کی اصطلاح ریاست کے خلاف مسلح بغاوت کرنے والوں کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ یہ اصطلاح میثاق مدینہ میں بھی استعمال ہوئی ہے(من بغی منهم)۔

اس ضمن میں ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿وَ اِنْ طَآىِٕفَتٰنِ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ اقْتَتَلُوْا فَاَصْلِحُوْا بَیْنَهُمَاۚ فَاِنْۢ بَغَتْ اِحْدٰىهُمَا عَلَى الْاُخْرٰى فَقَاتِلُوا الَّتِیْ تَبْغِیْ حَتّٰى تَفِیْٓءَ اِلٰۤى اَمْرِ اللّٰهِۚ فَاِنْ فَآءَتْ فَاَصْلِحُوْا بَیْنَهُمَا بِالْعَدْلِ وَ اَقْسِطُوْاؕ اِنَّ اللّٰهَ یُحِبُّ الْمُقْسِطِیْنَ۝ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَةٌ فَاَصْلِحُوْا بَیْنَ اَخَوَیْكُمْ وَ اتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ۝﴾ (الحجرات: ۹-۱۰)

(اور اگر مومنوں میں سے کوئی دو فریق آپس میں لڑ پڑیں تو ان میں صلح کرا دو اور اگر ایک فریق دوسرے پر زیادتی کرے تو زیادتی کرنے والے سے لڑو یہاں تک کہ وہ خدا کے حکم کی طرف رجوع کرلے پس جب وہ رجوع

کرلے تو فریقین میں مساوات کے ساتھ صلح کرادو اور انصاف سے کام لو کہ خدا انصاف کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔ مومن تو آپس میں بھائی بھائی ہیں تو اپنے دو بھائیوں میں صلح کرا دیا کرو اور خدا سے ڈرتے رہو تا کہ تم پر رحمت کی جائے۔)

الغرض طاقت کے ذریعے حکومتی احکام کی مخالفت کرنا یا حکومتی احکام کو ماننے سے انکار کرنا بھی بغاوت ہے اور ایسے باغیوں کو بغاوت کی سزا ملنی چاہیے۔

۳.۲- ریاستی اداروں اور عوام الناس کے خلاف دہشت گردی

مسلمان علماء اس بات پر متفق ہیں کہ معصوم اور نہتے شہریوں کو دہشت گردی کا شکار بنانا اسلامی تعلیمات کی صریحاً خلاف ورزی ہے۔ جید علماء کی رائے میں اسلامی ریاست کی اجازت سے اس میں آنے والے غیر ملکی اور غیر مسلم سب معصوم شمار ہوں گے اور ایسے لوگوں کو تو دوران جنگ بھی قتل نہیں کیا جاسکتا، پر امن حالات میں ان کو دہشت گردی کے ذریعے قتل کرنا بدرجۂ اولی ممنوع ہے۔

رسول اللہ ﷺ نے ایک جنگ میں ایک مقتول عورت کو دیکھا تو آپ ﷺ نے فرمایا اس کو قتل نہیں کیا جانا چاہیے تھا اس کے بعد آپ ﷺ نے ایک آدمی کو بلایا اور ان سے کہا کہ خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کو کہو کوئی عورت اور کوئی غیر محارب قتل نہیں کیا جائے گا۔

حضور ﷺ کی وفات کے بعد حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ خلیفہ بنے تو آپ رضی اللہ عنہ نے مسلم افواج کو شام روانہ کرتے ہوئے ہدایات دیں کہ تمہیں ایسے لوگ ملیں گے جو دنیا سے کنارہ کشی اختیار کر چکے ہوں گے، جو یہ یقین رکھتے ہوں گے کہ وہ اللہ کے لیے ہیں ان کو ان کے حال پر چھوڑ دینا۔ کسی عورت، بچے اور بوڑھے شخص کو نہ مارنا، کسی پھل دار درخت کو نہ کاٹنا، کسی آباد علاقے کو تباہ نہ کرنا، کسی جانور یا اونٹ کو اس وقت تک زخمی نہ کرنا جب تک کہ آپ کو خوراک کے

لیے اس کی ضرورت نہ ہو۔ کھجور کے درختوں کو نہ جلانا، زیادتی نہ کرنا اور کسی صورت میں ظلم کا ارتکاب نہ کرنا۔

موجودہ دور میں اپنے مخالف افراد بلکہ معصوم افراد تک کو قتل کرنے کے لیے خودکش حملوں کے واقعات ہو رہے ہیں۔ اسلام کی رو سے ایسے واقعات دوہرے سنگین جرائم پر مبنی ہیں:

۱- خودکشی ۲-معصوم لوگوں کا قتل

خودکشی اسلام میں حرام ہے، ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿ وَلَا تُلْقُوْا بِاَيْدِيْكُمْ اِلَى التَّهْلُكَةِ ۛ وَاَحْسِنُوْا ۛ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ﴾ (البقرہ: ۱۹۵)

(اور اپنے آپ کو ہلاکت میں نہ ڈالو اور نیکی کرو بیشک اللہ تعالیٰ نیکی کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔)

دہشت گردی اور خودکش حملوں کا اسلامی تاریخ میں کوئی وجود نہیں ہے۔ اس طرح کے ظالمانہ اور غیر انسانی حملوں کا آغاز ۱۷۹۸ء میں انقلابِ فرانس کے مواقع پر ہوا، لیکن ۱۹۷۳ء میں بین الاقوامی قانون کی رو سے انہیں جرم قرار دے دیا گیا۔ علماء کی رائے میں دہشت گردی سے متعلقہ جرائم حرابہ ہیں اور ان جرائم کا ارتکاب کرنے والوں پر حرابہ کی سزا لاگو ہوگی۔

۳.۳- فرقہ پرستی اور تکفیریت کا رجحان

اسلامی جمہوریۂ پاکستان کے لیے بڑھتی ہوئی فرقہ پرستی بھی ایک بہت بڑا چیلنج ہے۔ اگرچہ دستورِ پاکستان میں مختلف فقہی مکاتب کی شخصی معاملات میں منفرد تشریحات کو ماننے کی گنجائش موجود ہے لیکن یہ گنجائش فرقہ پرستی میں اضافہ کے لیے ہرگز استعمال نہیں ہونی چاہیے۔ فقہی مکاتب فکر فقہی آراء کا تنوع ہیں لیکن جب یہ عقائد کی صورت اختیار کر لیتے ہیں

تو اس سے گہری تقسیم پیدا ہو جاتی ہے اور پھر ہر فرقہ اپنے آپ کو درست اور دوسرے کو غلط یا کافر قرار دینے لگ جاتا ہے۔ یہ رویہ نفرت انگیزی اور شر پسندی کی طرف لے جاتا ہے۔ اس قسم کے رویے کی روک تھام کے لیے ضروری ہے کہ ریاست اپنا حق استعمال کرتے ہوئے ہر اس شخص، گروہ یا ادارے کو قانون کی گرفت میں لائے جو اسلامی اصولوں کی خلاف ورزی کرتے ہوئے نفرت انگیزی کا سبب بنتا ہے اور معاشرے کی وحدت کو نقصان پہنچاتا ہے۔ اسی طرح مخالف مسلک کے خلاف نفرت انگیزی اور مسلکی عقائد کی ترویج و تشہیر کی خاطر خطبۂ جمعہ کو استعمال کرنے کا رجحان بھی اسلامی معاشرے میں مسلکی تقسیم اور تفریق در تفریق کا سبب ہے، جس کا سدباب وقت کی اہم ترین ضرورت ہے۔ ایسا انتظام کرنے کی ضرورت ہے کہ خطباتِ جمعہ فرقہ پرستی کے بجائے اصلاحِ معاشرہ اور انسانی اقدار کی ترویج کا باعث بنیں اور ان میں قومی وحدت، معاشرتی ہم آہنگی اور حب الوطنی جیسے موضوعات بھی شامل کیے جائیں، نیز ایسے موضوعات بھی خطبۂ جمعہ کا حصہ ہوں جن سے معاشرے میں نفرت اور شدت پسندی ختم ہو، لوگ ایک دوسرے کے قریب آئیں اور خاندان کا ادارہ مضبوط ہو، نیز اسلامی اخوت اور بھائی چارے کی فضا پیدا ہو جس کے ذریعے پاکستان کے باشندے نیکی اور تقویٰ کے کاموں پر تعاون جیسی خصوصیات سے مزین ہو سکیں۔ مزید برآں مسلکی بنیاد پر علومِ دینیہ کی تدریس اور مسلک کی بنیاد پر مساجد کی تقسیم سے بھی معاشرے میں انتشار پیدا ہو رہا ہے، مسالک اور گروہ بندی کی بنیاد پر سرکاری تعلیمی اداروں پر غلبہ حاصل کرنے کی کوششیں بھی کی جارہی ہیں اور اس مقصد کو حاصل کرنے کے لیے پرتشدد کارروائیاں بھی کی جاتی ہیں اور اس کی کئی مثالیں ہماری درسگاہوں میں پائی جاتی ہیں۔ یہ سب کچھ پاکستانی اسلامی معاشرے میں انتشار کا سبب ہے؛ اس لیے اس بڑھتی ہوئی فرقہ پرستی کو علمائے کرام کی مدد سے روکنے کی اشد ضرورت ہے، نیز علمائے کرام کو ایسا ماحول بنانے میں اپنا کردار ادا کرنا چاہیے جس میں لوگ فرقہ اور مسلک کی گروہ بندیوں سے آزاد ہو کر کسی بھی مسجد اور مدرسے میں دینی واجبات کی ادائیگی کر سکیں اور دینی تعلیم حاصل کر سکیں۔

قرآن پاک میں واضح طور پر ارشاد ہے:

﴿إِنَّ الَّذِينَ فَرَّقُوا دِينَهُمْ وَكَانُوا شِيَعًا لَّسْتَ مِنْهُمْ فِي شَيْءٍ﴾

(الانعام: ۱۵۹)

(جن لوگوں نے اپنے دین میں پھوٹ ڈالی اور گروہ بن گئے آپ ﷺ کا ان سے کوئی تعلق نہیں۔)

اسی طرح مسلمانوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ فرقہ پرستی مشرکوں کی روایت ہے، یہ مسلمانوں میں نہیں ہونی چاہیے، اس ضمن میں ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿مُنِيبِينَ إِلَيْهِ وَاتَّقُوهُ وَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَلَا تَكُونُوا مِنَ الْمُشْرِكِينَ ۝ مِنَ الَّذِينَ فَرَّقُوا دِينَهُمْ وَكَانُوا شِيَعًا ۖ كُلُّ حِزْبٍ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُونَ ۝﴾

(الروم: ۳۱- ۳۲)

(مومنو! اسی (خدا) کی طرف رجوع کیے رہو اور اس سے ڈرتے رہو اور نماز پڑھتے رہو اور مشرکوں میں نہ ہونا۔ (اور نہ) ان لوگوں میں (ہونا) جنہوں نے اپنے دین کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا اور خود فرقے فرقے ہو گئے سب فرقے اس سے خوش ہیں جو ان کے پاس ہے۔)

اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک اور سیرت رسول ﷺ کی صورت میں مسلمانوں پر اپنی رہنمائی مکمل کر دی ہے، اب ان کے درمیان فرقہ پرستی اور اختلاف کی کوئی گنجائش نہیں، جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿وَلَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ تَفَرَّقُوا وَاخْتَلَفُوا مِنْ بَعْدِ مَا جَاءَهُمُ الْبَيِّنَاتُ ۚ وَأُولَٰئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ﴾ (آل عمران: ۱۰۵)

(اور ان لوگوں کی طرح نہ ہونا جو متفرق ہو گئے اور واضح احکام کے آنے کے بعد ایک دوسرے سے اختلاف کرنے لگے۔ یہ وہ لوگ ہیں جن کو (قیامت کے دن) بڑا عذاب ہو گا۔)

۳.۴۔جہاد کی غلط تشریح

دہشت گرد جہاد اور روایتی جنگوں میں فرق نہیں کرتے۔ جہاد کا مفہوم اپنے اندر بہت وسعت رکھتا ہے اور ایک مسلمان کی شخصی زندگی سے لے کر سماجی زندگی کے تمام دائرے اس میں شامل ہیں اور معاشرے میں یہ عمل ہر مرحلہ پر رواں دواں رہتا ہے، جس کی ایک شکل قتال ہے، جو مخصوص حالات میں مسلمانوں کے نظام، یعنی ریاست کی ذمہ داری ہوتی ہے، جب کہ قرآن پاک نے روایتی جنگوں کے لیے حرب کی اصطلاح استعمال کی ہے۔ رسول اللہ ﷺ کی سیرت طیبہ سے یہ سبق ملتا ہے کہ قتال ایک استثنائی صورت حال ہے، جبکہ عمومی صورت امن و صلح کی ہے۔ فقہاء کی رائے میں قتال عام حالات میں فرض عین نہیں بلکہ فرض کفایہ ہے۔ اس وجہ سے ضروری ہے کہ قتال کی کمان حکومت کے ہاتھ میں ہو۔ میثاق مدینہ کی رو سے بھی جنگ کا اختیار رسول اللہ ﷺ کے ہاتھ میں ہی تھا۔

مسلمان فقہاء کے نزدیک کوئی جنگی کارروائی مسلمانوں کے حاکم یا اس کے مقرر کردہ فوجوں کے کمانڈر کی اجازت کے بغیر نہیں کی جاسکتی۔ مسلمانوں کے لشکر میں کوئی سپاہی مشرکین کے لشکر پر انفرادی حملہ یا مبارزہ بھی کمانڈر کی اجازت کے بغیر نہیں کر سکتا۔

فقہاء کے خیال میں کوئی بھی جنگ حکمران کی اجازت کے بغیر شروع نہیں کی جاسکتی، نیز صرف غلبہ حاصل کرنے کی غرض سے جنگ نہیں کی جاسکتی۔ اسلام میں قتال اور جنگ کی اجازت دینے کی مجاز صرف حکومت وقت ہے اور وہ بھی صرف اس صورت میں کہ جب ملک کے تحفظ کے لیے اس کے سوا کوئی چارہ نہ ہو اور دشمن جب بھی آمادۂ صلح ہو تو اس سے صلح کر لی جائے۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿وَاِنْ جَنَحُوْا لِلسَّلْمِ فَاجْنَحْ لَهَا وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ﴾ (الانفال: ٦١)

(اور اگر یہ لوگ صلح کی طرف مائل ہوں تو تم بھی اس کی طرف مائل ہو جاؤ اور
خدا پر بھروسہ رکھو۔ کچھ شک نہیں کہ وہ سب کچھ سنتا (اور) جانتا ہے۔)

اسی بناء پر مسلمان فقہاء نے ہر قسم کی جنگ کو جائز قرار نہیں دیا اور اسلامی قانون کی رو سے طاقت حاصل کرنے کی جنگ، جیسا کہ آج کل دہشت گرد گروپ کر رہے ہیں، کسی بھی صورت میں درست نہیں ہے، چاہے اس کے لیے دینی دلائل کا خود ساختہ سہارا ہی کیوں نہ لیا جائے۔

۳.۵- امر بالمعروف کے عنوان سے قانون اپنے ہاتھ میں لینے کا رجحان

بعض شدت پسند گروپ امر بالمعروف و نہی عن المنکر کے نام پر معاشرے میں اپنی سیاسی اغراض کے ذریعے طاقت حاصل کرتے ہیں۔ اس موقع پر **وَتَعَاوَنُوْا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوٰى** کے اسلامی حکم کو نظر انداز کر دیا جاتا ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ اسلامی معاشرتی تعلیم میں اہلِ حل وعقد کے ذریعے نہی عن المنکر لازمی ہے، لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ کچھ گروپ امر بالمعروف و نہی عن المنکر کے نام پر قانون کو ہاتھ میں لے کر دوسروں کو کافر قرار دیتے ہوئے ان کا عرصۂ حیات تنگ کر دیں۔ اسی طرح کسی گروہ کو یہ حق حاصل نہیں کہ وہ معصوم مسلمانوں کے خلاف کفر کا فتویٰ دے کر انہیں واجب القتل قرار دے دے اور عام لوگوں کو اشتعال دلا کر ان سے معصوم لوگوں کا قتل کرائے اور مرضی کے خود ساختہ فیصلے لاگو کرے۔ اس قسم کے رویے ریاست میں فتنہ وفساد کا باعث بنتے ہیں۔ اسلام نے امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا منہج طے کر دیا ہے کہ برائی کو تبدیل کرنے کے لیے قانون کے مطابق قوت کا استعمال صرف بااختیار ریاستی اداروں کا حق ہے اور کسی شخص کو اس ضمن میں قانون اپنے ہاتھ میں لینے کی اجازت نہیں ہے۔

اسلامی معاشرے میں نیکی اور بھلائی کے کاموں میں تعاون کے لیے رسول اللہ ﷺ کے دور میں قائم کیے جانے والے مواخات و معاملات جیسے اداروں کے احیاء اور تشکیل نو کی ضرورت

ہے۔ الغرض اس ضمن میں اسلامی تعلیمات واضح ہیں کہ طاقت کے نظریے کی بنیاد پر سیاسی مقاصد حاصل کرنے کے لیے مذہبی نعروں کا استعمال درست نہیں ہے۔

۳.۶۔ قومی میثاق کو نظر انداز کرنے کا رجحان

بعض حلقوں میں اسلام کے نام سے قومی معاہدات اور وطنی میثاق کی مخالفت کی جاتی ہے بعض گروہ اس سلسلہ میں جغرافیائی حد بندی کے بھی قائل نہیں چنانچہ وہ کسی دوسرے ملک میں لشکر کشی کا حصہ بن جاتے ہیں۔ یہ رویہ اسلامی تعلیمات کی رو سے عہد شکنی میں آتا ہے۔

اسلامی تعلیمات میں میثاق اور عہد کو نہایت بنیادی اہمیت حاصل ہے جس کی پاسداری کا حکم قرآن وسنت میں بڑے اہتمام کے ساتھ دیا گیا ہے۔

﴿يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَوْفُوا بِالْعُقُودِ﴾ (المائدہ: ۱)

(اے مومنو! اپنے عہد کو پورا کیا کرو۔)

﴿وَأَوْفُوا بِعَهْدِ اللَّهِ إِذَا عَاهَدْتُمْ وَلَا تَنْقُضُوا الْأَيْمَانَ بَعْدَ تَوْكِيدِهَا﴾

(النحل: ۹۱)

(اور جب تم اللہ سے عہد کرو تو اس کو پورا کرو اور جب پکی قسمیں کھاؤ تو ان کو مت توڑو۔)

احادیث میں عہد شکنی کو غدر سے تعبیر کیا گیا ہے، جس کو اردو کی مروّجہ زبان میں غداری بھی کہا جاتا ہے۔ ایک حدیث میں ذکر ہے کہ قیامت کے روز ہر عہد شکن کی عہد شکنی کی سنگینی کے مطابق اس کے پیچھے ایک جھنڈا نصب کیا جائے گا تاکہ اس کے جرم کی سنگینی مشتہر ہو۔

قرآن حکیم نے میثاق وعہد کی اہمیت کو جس حد تک اجاگر کیا ہے، اس سے اسلام کے انسانیت اور اعلیٰ اخلاقی اقدار کے نقیب دین ہونے کی نقاب کشائی ہوتی ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿وَاِنِ اسْتَنْصَرُوْكُمْ فِي الدِّيْنِ فَعَلَيْكُمُ النَّصْرُ اِلَّا عَلٰى قَوْمٍ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ مِّيْثَاقٌ﴾ (الانفال: ۷۲)

(اور اگر وہ تم سے دین میں مدد چاہیں تو تم پر ان کی مدد کرنا لازمی ہے سوائے اس قوم کے جس کے ساتھ تمہارا کوئی معاہدہ ہو۔)

گویا اگر ہم سے تمہارے دینی بھائی مدد طلب کریں تو ہم پر ان کی مدد لازم ہے، لیکن اگر وہ اس قوم کے مقابلہ پر مدد مانگیں جن کے ساتھ ہمارا میثاق و معاہدہ ہے تو اس کی اجازت نہیں۔ لہٰذا ان آیات کی رو سے اسلامی جمہوریۂ پاکستان کے عمرانی میثاق کا تقاضا ہے کہ اس کے شہری بہر صورت اس میثاق کو ترجیح دیں کیونکہ وہ کسی بھی بیرون ملک گروہ کی مدد کے نام پر اس میثاق کی خلاف ورزی نہیں کرسکتے۔

یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ اسلامی احکام کے مطابق جنگ اور صلح کے معاملات میں اسلامی ریاست پر بین الاقوامی معاہدات کی پاسداری لازمی ہے۔ آج کے دور میں پاکستان نے کئی بین الاقوامی معاہدے کیے ہوئے ہیں جن کا مقصد بنیادی انسانی حقوق کا تحفظ ہے، نیز شریعت اسلامی کے پانچ بنیادی مقاصد بھی ان حقوق کی پاسداری کی ضمانت دیتے ہیں۔ ان میں جان، مال، دین، عزت آبرو اور نسل کی حفاظت شامل ہیں۔ اسی بنا پر بین الاقوامی معاہدات اور احکام شریعت کی خلاف ورزی کرتے ہوئے معصوم لوگوں کے جان و مال پر حملہ شریعت اور قانون کی رو سے جرم ہے۔

۴۔ متفقہ اعلامیہ

قرآن وسنت کی تعلیمات اور اسلامی جمہوریۂ پاکستان کے متفقہ دستور کے تقاضوں کے عین مطابق پیغامِ پاکستان کے ذریعے درج ذیل اقدامات کا اعلامیہ پیش کیا جاتا ہے:

۱. پاکستان کا ۱۹۷۳ء کا دستور اسلامی اور جمہوری ہے اور یہ پاکستان کی تمام اکائیوں کے درمیان سماجی اور عمرانی معاہدہ ہے جس کی توثیق تمام سیاسی جماعتوں کے علاوہ تمام مکاتب فکر کے علماء ومشائخ نے متفقہ طور پر کی ہوئی ہے، اس لیے اس دستور کی بالادستی کو ہر صورت میں یقینی بنایا جائے، نیز ہر پاکستانی، ریاستِ پاکستان کے ساتھ ہر صورت میں اپنی وفاداری کا وعدہ وفا کرے۔

۲. اسلامی جمہوریۂ پاکستان کے دستور کی رو سے تمام شہریوں کو بنیادی حقوق کی ضمانت حاصل ہے ان حقوق میں قانون و اخلاق عامہ کے تحت مساوات حیثیت و مواقع، قانون کی نظر میں برابری، سماجی، اقتصادی اور سیاسی عدل، اظہار خیال، عقیدہ، عبادت اور اجتماع کی آزادی شامل ہے۔

۳. اسلامی جمہوریۂ پاکستان ایک اسلامی ریاست ہے، جس کے دستور کا آغاز اس قومی وملی میثاق سے ہوتا ہے: اللہ تبارک وتعالیٰ ہی کل کائنات کا بلاشرکت غیرے حاکم ہے اور پاکستان کے جمہور کو جو اختیار واقتدار اس کی مقرر کردہ حدود کے اندر استعمال کرنے کا حق ہے، وہ ایک مقدس امانت ہے۔ نیز دستور میں اس بات کا اقرار بھی موجود ہے کہ اس ملک میں قرآن و سنت کے خلاف کوئی قانون نہیں بنایا جائے گا اور موجودہ قوانین کو قرآن وسنت کے مطابق ڈھالا جائے گا۔

۴. پاکستان کے آئین و قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے قرآن وسنت کے احکام کے نفاذ کی پرامن جدوجہد کرنا ہر مسلمان کا دینی حق ہے۔ یہ حق، دستور پاکستان کے تحت اسے حاصل

ہے اور اس کی ملک میں کوئی ممانعت نہیں ہے، جب کہ بہت سے ملی اور قومی مسائل کا سبب اللہ تعالیٰ سے کیے ہوئے عہد سے روگردانی ہے۔ اس حوالے سے پیش رفت کرتے ہوئے ادارہ تحقیقات اسلامی، اسلامی نظریاتی کونسل، وفاقی شرعی عدالت اور سپریم کورٹ کے شریعت اپیلنٹ بینچ کو مزید فعال بنایا جائے۔

۵. دستور کے کسی حصہ پر عمل کرنے میں کسی کوتاہی کی بنا پر ملک کی اسلامی حیثیت اور اسلامی اساس کا انکار کسی صورت درست نہیں۔ لہٰذا اس کی بنا پر ملک یا اس کی حکومت، فوج یا دوسری سیکیورٹی ایجنسیوں کے اہلکاروں کو غیر مسلم قرار دینے اور ان کے خلاف مسلح کارروائی کا کوئی شرعی جواز نہیں ہے اور ایسا عمل اسلامی تعلیمات کی رو سے بغاوت کا سنگین جرم قرار پاتا ہے۔ نفاذ شریعت کے نام پر طاقت کا استعمال، ریاست کے خلاف مسلح محاذ آرائی، تخریب و فساد اور دہشت گردی کی تمام صورتیں، جن کا ہمارے ملک کو سامنا ہے، قطعی حرام ہیں، شریعت کی رو سے ممنوع ہیں اور بغاوت کے زمرے میں آتی ہیں۔ یہ ریاست، ملک و قوم اور وطن کو کمزور کرنے کا سبب بن رہی ہیں اور ان کا تمام تر فائدہ اسلام دشمن اور ملک دشمن قوتوں کو پہنچ رہا ہے۔ لہٰذا ریاست نے ان کو کچلنے کے لیے "ضرب عضب" اور "رد الفساد" کے نام سے جو آپریشن شروع کر رکھے ہیں اور قومی اتفاق رائے سے جو لائحۂ عمل تشکیل دیا ہے، ان کی مکمل حمایت کی جاتی ہے۔

۶. دہشت گردی کے خلاف جنگ میں علماء اور مشائخ سمیت زندگی کے تمام شعبوں کے طبقات ریاست اور مسلح افواج کے ساتھ کھڑے ہیں اور پوری قوم قومی بقاء کی اس جنگ میں افواج پاکستان اور پاکستان کے دیگر سیکیورٹی اداروں کے ساتھ مکمل اور غیر مشروط تعاون کا اعلان کرتی ہے۔

۷. تمام دینی مسالک کے نمائندہ علماء نے شرعی دلائل کی روشنی میں قتل ناحق کے عنوان سے خودکش حملوں کے حرام قطعی ہونے کا جو فتویٰ جاری کیا تھا اس کی مکمل حمایت کی جاتی ہے، نیز لسانی، علاقائی، مذہبی اور مسلکی شناختوں کے نام پر جو مسلح گروہ ریاست کے خلاف

مصروف عمل ہیں، یہ سب شریعت کے احکام کے منافی اور قومی وحدت کو پارہ پارہ کرنے کا سبب ہیں، لہٰذا ریاستی اداروں کو ان تمام گروہوں کے خلاف بھرپور کارروائی کرنے کی تجویز دیتے ہیں۔

۸. فرقہ وارانہ منافرت، مسلح فرقہ وارانہ تصادم اور طاقت کے بل پر اپنے نظریات کو دوسروں پر مسلط کرنے کی روش شریعت کے احکام کی مخالفت اور فساد فی الارض ہے، نیز اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور و قانون کی رو سے ایک قومی اور ملی جرم ہے۔

۹. وطن عزیز میں قائم تمام درسگاہوں کا بنیادی مقصد تعلیم و تربیت ہے۔ ملک کی تمام سرکاری و نجی درسگاہوں کا کسی نوعیت کی عسکریت (militancy)، نفرت انگیزی (hatred)، انتہا پسندی (extremism)، اور تشدد پسندی (violence) پر مبنی تعلیم یا تربیت سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ اگر کوئی فرد یا ادارہ اس میں ملوث ہے تو اس کے خلاف ثبوت و شواہد کے ساتھ کارروائی کرنا حکومت اور ریاستی اداروں کی ذمے داری ہے۔

۱۰. انتہا پسندانہ سوچ اور شدت پسندی کے خلاف فکری جہاد اور انتظامی اقدامات ناگزیر ہیں۔ گزشتہ عشرے سے قومی اور بین الاقوامی سطح پر ایسے شواہد سامنے آئے ہیں کہ یہ منفی رجحان مختلف قسم کے تعلیمی اداروں میں پایا جاتا ہے۔ اس لیے یہ رجحان فکر (mindset) جہاں کہیں بھی ہو ہمارا دشمن ہے۔ ایسے لوگ خواہ کسی بھی درسگاہ سے منسلک ہوں، کسی رعایت کے مستحق نہیں۔

۱۱. ہر مکتبِ فکر اور مسلک کو مثبت اور معقول انداز میں اپنے عقائد اور فقہی نظریات کی دعوت و تبلیغ کی شریعت اور قانون کی رو سے اجازت ہے، لیکن اسلامی تعلیمات اور ملکی قانون کے مطابق کسی بھی شخص، مسلک یا ادارے کے خلاف اہانت، نفرت انگیزی اور اتہام بازی پر مبنی تحریر و تقریر کی اجازت نہیں۔

۱۲. صراحت، کنایہ اور اشارہ کی ذریعے کسی بھی صورت میں انبیائے کرام و رُسل عُظام علیہم السلام، اہل بیت اطہار رضی اللہ عنہم، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم، شعائر اسلام اور ہر مسلک کے مسلمہ اکابر

کی اہانت کے حوالے سے ضابطہ فوجداری کے آرٹیکل ۲۹۵–۲۹۸ کی تمام دفعات کو ریاستی اداروں کے ذریعہ لفظاً اور معناً نافذ کیا جائے اور اگر ان قوانین کا کہیں غلط استعمال ہوا ہے تو اس کے ازالے کی احسن تدبیر ضروری ہے، مگر قانون کو کسی صورت میں کوئی فرد یا گروہ اپنے ہاتھ میں لینے اور متوازی عدالتی نظام قائم کرنے کا مجاز نہیں۔

۱۳. عالم دین اور مفتی کا منصبی فریضہ ہے کہ صحیح اور غلط نظریات کے بارے میں دینی آگہی مہیا کرے اور مسائل کا درست شرعی حل بتائے، البتہ کسی کے بارے میں یہ فیصلہ صادر کرنا کہ آیا اس نے کفر کا ارتکاب کیا ہے یا کلمہ کفر کہا ہے، یہ ریاست و حکومت اور عدالت کا دائرۂ اختیار ہے۔

۱۴. سرزمین پاک اللہ تعالیٰ کی مقدس امانت ہے۔ اس کا ایک ایک چپہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ریاست پاکستان کو ودیعت کردہ اقتدار اعلیٰ کا امین ہے۔ اس لیے اسلامی جمہوریہ پاکستان کی سرزمین کسی بھی قسم کے دہشت گردی کے فروغ، دہشت گردوں کے گروہوں کی فکری و عملی تیاری، کسی بھی مقام پر دہشت گردی کے لیے لوگوں کی بھرتی، مسلّح مداخلت اور اس جیسے دوسرے ناپاک عزائم کی تکمیل کے لیے ہرگز استعمال نہیں ہونے دی جائے گی۔

۱۵. مسلمانوں میں مسالک و مکاتب فکر قرونِ اُولیٰ سے چلے آرہے ہیں اور آج بھی موجود ہیں۔ ان میں دلیل و استدلال کی بنیاد پر فقہی اور نظریاتی ابحاث ہمارے دینی اور اسلامی علمی سرمائے کا حصہ ہیں اور رہیں گے، لیکن یہ تعلیم و تحقیق کے موضوعات ہیں اور ان کا اصل مقام درس گاہیں ہیں۔ اختلاف رائے کے اسلامی آداب (آداب مراعاۃ الخلاف) (ethics of disagreement) کو تمام سرکاری و نجی درسگاہوں کے نصاب میں شامل کیا جانا چاہیے۔

۱۶. اسلامی تعلیمات اور دستور پاکستان ۱۹۷۳ء کے مطابق حکومت اور عوام کے حقوق و فرائض ہیں۔ جس طرح عوام کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے فرائض درست اسلامی تعلیمات اور دستور پاکستان کے تقاضوں کے مطابق انجام دیں، اسی طرح ریاستی ادارے اور ان کے عہدے دار بھی اپنے فرائض حقیقی اسلامی تعلیمات اور دستور پاکستان کے تقاضوں کے مطابق ادا کرنے کے پابند ہیں۔

۱۷. پُر امن بقائے باہمی اور باہمی برداشت کا فروغ پر امن اسلامی معاشرے کے قیام کے لیے ضروری ہے، اس لیے اسلام کے اصولوں کے مطابق جمہوریت ، حریت، مساوات، برداشت، رواداری، باہمی احترام اور عدل و انصاف پر مبنی پاکستانی معاشرے کی تشکیل جدید ضروری ہے۔ اس مقصد کے لیے ملک کے اہل علم و دانش اور اہل اختیار و اقتدار کو مطلوبہ کاوشوں کو مربوط طریقہ سے ہم آہنگ کرنے پر توجہ دینا ہو گی۔

۱۸. اسلام احترام انسانیت اور اکرام مسلم، نیز بزرگوں، بچوں، خواجہ سراؤں، معذوروں اور دوسرے محروم طبقوں کے تحفظ کے لیے جو تعلیمات دیتا ہے ان کی سرکاری اور غیر سرکاری سطح پر ترویج ضروری ہے، نیز پاکستانی معاشرے میں انسانی و اسلامی بھائی چارے اور مواخات جیسے اسلامی اداروں کے احیاء کے ذریعے صحیح اسلامی معاشرے کے قیام کے اقدامات کو یقینی بنایا جانا ضروری ہے۔

۱۹. پاکستان میں رہنے والے پابند آئین و قانون تمام غیر مسلم شہریوں کو جان و مال اور عزت و آبرو کے تحفظ اور ملکی سہولتوں سے فائدہ اٹھانے کے وہی تمام شہری حقوق حاصل ہیں جو پابند آئین و قانون مسلمانوں کو حاصل ہیں، نیز یہ کہ پاکستان کے غیر مسلم شہریوں کو اپنی عبادت گاہوں میں اور اپنے تہواروں کے موقع پر اپنے اپنے مذاہب کے مطابق عبادت کرنے اور اپنے مذہب پر عمل کرنے کا پورا پورا حق حاصل ہے۔

۲۰. اسلام خواتین کو احترام عطا کرتا ہے اور ان کے حقوق کی پاس داری کرتا ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے خطبۂ حجۃ الوداع میں بھی عورتوں کے حقوق کی پاس داری کی تاکید فرمائی ہے، نیز رسول اللہ ﷺ کے دور سے اسلامی ریاست میں خواتین کی تعلیم وتربیت کی ذمہ داری رہی ہے۔ اسلامی تعلیمات کے مطابق خواتین کو حق رائے دہی، حصول تعلیم کا حق اور ملازمت کا اختیار حاصل ہے، لہٰذا خواتین کے تعلیمی اداروں کو تباہ کرنا اور خواتین اساتذہ اور طالبات پر حملے کرنا شریعتِ اسلامیہ اور قانون کے منافی ہے۔ نیز اسلامی تعلیمات کی رو سے غیرت کے نام پر قتل اور خواتین کے دیگر حقوق کی پامالی احکام شریعت میں سختی سے ممنوع ہے اور ان کی سخت سزا ہے۔ ریاست پاکستان کو اس قسم کی سرگرمیوں کا ارتکاب کرنے والوں کے خلاف کارروائی کا مکمل حق حاصل ہے۔

۲۱. لاؤڈ سپیکر کے ہر طرح کے غیر قانونی استعمال کی ہر صورت میں حوصلہ شکنی کی جائے اور متعلقہ قانون پر من وعن عمل کیا جائے اور منبر و محراب سے جاری ہونے والے نفرت انگیز خطابات کو ریکارڈ کر کے ان کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے، نیز ٹیلیویژن چینلوں پر مذہبی موضوعات پر مناظرہ بازی کو قانوناً ممنوع اور قابلِ دست اندازیِ پولیس قرار دیا جائے۔

۲۲. الیکٹرانک میڈیا کے حقِ آزادیٔ اظہار کو قانون کے دائرے میں لایا جائے اور اس کی حدود کا تعین کیا جائے۔

خلاصۂ کلام

۱. دستور پاکستان ۱۹۷۳ء اسلامی اور جمہوری ہے اور یہ پاکستان کی تمام اکائیوں کے درمیان ایسا عمرانی معاہدہ ہے جس کو تمام مکاتب فکر کے علماء و مشائخ کی حمایت حاصل ہے، اس لیے اسلامی جمہوریۂ پاکستان کے دستور کے تقاضوں کے مطابق پاکستان میں کوئی قانون

قرآن وسنت کے منافی نہیں ہونا چاہیے اور نہ ہی اس دستور کی موجودگی میں کسی فرد یا گروہ کو ریاستِ پاکستان اور اس کے اداروں کے خلاف کسی قسم کی مسلح جدوجہد کا کوئی حق حاصل ہے۔

۲. نفاذ شریعت کے نام پر طاقت کا استعمال، ریاست کے خلاف مسلح محاذ آرائی نیز لسانی، علاقائی، مذہبی، مسلکی اختلافات اور قومیت کے نام پر تخریب و فساد اور دہشت گردی کی تمام صورتیں احکام شریعت کے خلاف ہیں اور پاکستان کے دستور و قانون سے بغاوت اور طاقت کے زور پر اپنے نظریات کو دوسروں پر مسلط کرنے کی روش شریعت کے احکام کی مخالفت اور فساد فی الارض ہے۔ اس کے علاوہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور و قانون کی رو سے ایک قومی اور ملی جرم بھی ہے۔ دفاع پاکستان اور استحکام پاکستان کے لیے ایسی تمام تخریبی کارروائیوں کا خاتمہ ضروری ہے، اس لیے ان کے تدارک کے لیے بھرپور انتظامی، تعلیمی، فکری اور دفاعی اقدامات کیے جائیں گے۔

۳. دستور پاکستان کے تقاضوں کے مطابق پاکستانی معاشرے کی ایسی تشکیل جدید ضروری ہے جس کے ذریعے سے معاشرے میں منافرت، تنگ نظری، عدم برداشت اور بہتان تراشی جیسے بڑھتے ہوئے رجحانات کا خاتمہ کیا جاسکے اور ایسا معاشرہ قائم ہو جس میں برداشت و رواداری، باہمی احترام اور عدل وانصاف پر مبنی حقوق و فرائض کا نظام قائم ہو۔

۵۰۱۔ استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلے میں کہ ہمارے ملک پاکستان میں عرصۂ دراز سے بعض حلقوں کی جانب سے حکومت پاکستان اور پاکستان کی مسلح افواج کے خلاف مسلسل خونریز کارروائیاں جاری ہیں، یہ حلقے نفاذِ شریعت کے نام پر پاکستان کی حکومت اور اس کی افواج کو اس بنا پر کافر و مرتد قرار دیتے ہیں کہ انہوں نے ابھی تک ملک میں شریعت کو مکمل طور پر نافذ نہیں کیا، اس کی بنا پر ان کے خلاف مسلح کارروائیوں کو جہاد کا نام دے کر نوجوانوں کو ان کارروائیوں میں شریک ہونے کی دعوت دیتے ہیں۔ نیز ان کارروائیوں کے دوران خودکش حملے کر کے بے گناہ شہریوں اور فوجیوں کو نشانہ بناتے اور اسے کارِ ثواب قرار دیتے ہیں۔ اس صورتِ حال میں مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات مطلوب ہیں:

۱. کیا پاکستان اسلامی ریاست ہے یا غیر اسلامی؟ نیز کیا شریعت کو مکمل طور پر نافذ نہ کر سکنے کی بنا پر ملک کو غیر اسلامی ملک، اور اس کی حکومت یا افواج کو غیر مسلم قرار دیا جا سکتا ہے؟

۲. کیا موجودہ حالات میں نفاذِ شریعت کی جدوجہد کے نام پر حکومت یا افواج کے خلاف مسلح بغاوت جائز ہے؟

۳. پاکستان میں نفاذِ شریعت اور جہاد کے نام پر جو خودکش حملے کیے جا رہے ہیں، قرآن و سنت کی روشنی میں ان کا کوئی جواز ہے؟

۴. اگر مذکورہ تین سوالات کا جواب نفی میں ہے، تو کیا حکومتِ پاکستان اور افواجِ پاکستان کی طرف سے اس بغاوت کو فرو کرنے کے لیے جو مسلح کارروائیاں کی جا رہی ہیں وہ شریعت کی رُو سے جائز ہیں؟ اور کیا مسلمانوں کو ان کی حمایت اور مدد کرنی چاہیے؟

۵. ہمارے ملک میں مسلح فرقہ وارانہ تصادم کے بھی بہت سے واقعات ہو رہے ہیں، جن میں طاقت کے بل پر اپنے نظریات دوسروں پر مسلّط کرنے کی کوشش کی جاتی ہے، کیا اس قسم کی کارروائیاں شرعاً جائز ہیں؟

۵۰۲۔ متفقہ فتویٰ (جوابِ استفتاء)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجواب حامداً ومصلّیاً---

سوالات کے جوابات مندرجہ ذیل ہیں:

۱۔ اسلامی جمہوریہ پاکستان یقیناً اپنے دستور وآئین کے لحاظ سے ایک اسلامی ریاست ہے، جس کے دستور کا آغاز ہی قرار دادِ مقاصد کے اس جملے سے ہوتا ہے کہ:

"اللہ تعالیٰ ہی کل کائنات کا بلا شرکت غیرے حاکم مطلق ہے اور پاکستان کے جمہور کو جو اختیار واقتدار اس کی مقرر کردہ حدود کے اندر استعمال کرنے کا حق ہو گا، وہ ایک مقدس امانت ہے"۔

یہ قرار دادِ مقاصد ملک کی تمام دینی اور سیاسی جماعتوں کے اتفاق سے دستور کا حصہ بنائی گئی اور ۱۹۵۶ء سے لے کر ۱۹۷۳ء تک ہر دستور میں موجود رہی اور آج بھی موجود ہے۔ اس کے علاوہ دستور کی دفعہ ۳۱ میں مسلمانوں کو اسلامی طرز زندگی اپنانے کے لیے مختلف پالیسی کے اصول وضاحت کے ساتھ درج ہیں، نیز دفعہ ۲۲۷ میں اقرار کیا گیا ہے کہ تمام موجودہ قوانین کو قرآن و سنت کے تحت اسلامی احکام کے مطابق بنایا جائے گا اور کوئی ایسا قانون نہیں بنایا جائے گا جو اسلامی احکام کے خلاف ہو اس اصول پر عمل کروانے کے لیے دستور کے تحت وفاقی شرعی عدالت اور سپریم کورٹ کی شریعت بینچ کا راستہ کھلا ہوا ہے، جس کے تحت ہر شہری کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ قرآن وسنت کے خلاف قوانین کو عدالت میں چیلنج کر کے انہیں تبدیل کروائے۔

ان امور کے پیشِ نظر پاکستان کسی شک وشبہ کے بغیر ایک اسلامی ریاست ہے، اور کسی قسم کی عملی خامیوں کی بنا پر اسے، اس کی حکومت یا افواج کو غیر مسلم قرار دینا ہر گز جائز نہیں، بلکہ گناہ ہے۔

۲۔ چونکہ پاکستان ایک اسلامی ریاست ہے اور پاکستان کی حکومت اور افواج دستورِ پاکستان کے پابند اور اس کے مطابق حلف اٹھاتے ہیں اس لیے پاکستان کی حکومت یا افواج کے خلاف مسلح کارروائیاں یقیناً بغاوت کے زمرے میں آتی ہیں، جو شرعاً بالکل حرام ہیں۔ دستور پاکستان کی اسلامی دفعات کو مکمل طور پر نافذ کرنا بلاشبہ حکومت کی اوّلین ذمہ داری ہے اور اس ذمہ داری کو ادا کرنے کے لیے پُر امن اور آئینی جدوجہد بیشک مسلمانوں کا اہم فریضہ ہے، لیکن اس مقصد کے لیے ہتھیار اٹھانا فساد فی الارض ہے اور رسول کریم ﷺ کی واضح احادیث میں اس کی سختی سے ممانعت کی گئی ہے اور جو لوگ اس مسلح بغاوت میں شریک یا اس کی کسی بھی طرح مدد یا حمایت کرتے ہیں، وہ آنحضرت ﷺ کے ارشادات کی کھلی نافرمانی کر رہے ہیں۔ سرکارِ دوعالم ﷺ کا ارشاد ہے:

"أَلا مَنْ وَلِيَ عَلَيْهِ وَالٍ، فَرَآهُ يَأْتِي شَيْئًا مِنْ مَعْصِيَةِ اللهِ، فَلْيَكْرَهْ مَا يَأْتِي مِنْ مَعْصِيَةِ اللهِ، وَلا يَنْزِعَنْ يَدًا مِنْ طَاعَةٍ."

(خوب سن لو کہ جس شخص پر کوئی حاکم بن جائے، اور وہ اسے گناہ کرتے دیکھے تو جو اللہ تعالیٰ کی نافرمانی وہ کر رہا ہے، اسے برا سمجھے، لیکن اطاعت سے ہرگز ہاتھ نہ کھینچے۔)

(صحیح مسلم، کتاب الامارۃ، حدیث نمبر ۴۷۶۸)

تقریباً متواتر احادیث میں یہ مضمون وارد ہوا ہے کہ کسی مسلمان حکومت کے خلاف مسلح کارروائی اور خونریزی بدترین گناہ ہے۔

۳۔ اسلام میں خودکشی بدترین گناہ ہے۔ قرآن کریم کا ارشاد ہے:

﴿لَا تَقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ﴾ (سورۃ نساء: آیت نمبر ۲۹)

(تم اپنے آپ کو قتل نہ کرو۔)

اور بہت سی احادیث میں خودکُشی کو بدترین عذاب کا موجب قرار دیا گیا ہے۔ ایک حدیث میں ارشاد ہے:

"مَنْ قَتَلَ نَفْسَهُ بِحَدِيدَةٍ فَحَدِيدَتُهُ فِي يَدِهِ يَتَوَجَّأُ بِهَا فِي بَطْنِهِ فِي نَارِ جَهَنَّمَ خَالِدًا فِيهَا أَبَدًا"

(جو شخص کسی لوہے کے ہتھیار سے خودکُشی کرے، تو جہنم کی آگ میں اس کا ہتھیار اس کے ہاتھ میں ہو گا جس سے وہ اپنے پیٹ میں ضرب لگا رہا ہو گا، اور اس آگ میں ہمیشہ ہمیشہ رہے گا۔)

(جامع الاصول بحوالہ بخاری و مسلم)

نیز جن لوگوں کے بارے میں آنحضرت ﷺ کو بتایا گیا کہ انہوں نے خودکُشی کی ہے، ان کے بارے میں آپ ﷺ نے سخت وعید ارشاد فرمائی، اور ایک ایسے شخص کی آپ نے نماز جنازہ بھی نہیں پڑھی۔ (ابوداؤد، حدیث:۱۳۹۵)

یہ تو عام خودکُشی کا حکم ہے، اور اگر یہ خودکُشی کسی دوسرے مسلمان کو مارنے کے لیے کی جائے تو یہ دوہرے گناہ کا سبب ہے؛ ایک خودکُشی کا گناہ، اور دوسرے کسی مسلمان کی جان لینا، جس کے بارے میں قرآن کریم کا ارشاد ہے:

﴿وَمَنْ يَّقْتُلْ مُؤْمِنًا مُّتَعَمِّدًا فَجَزَآؤُهٗ جَهَنَّمُ خٰلِدًا فِيْهَا وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَلَعَنَهٗ وَاَعَدَّ لَهٗ عَذَابًا عَظِيْمًا﴾ (سورۃ النساء:۹۳)

(جو شخص کسی مسلمان کو جان بوجھ کر قتل کرے اس کی سزا جہنم ہے، جس میں وہ ہمیشہ رہے گا اور اس پر اللہ کا غضب ہو گا اور وہ اس پر لعنت کرے گا اور اس کے لیے اللہ نے زبردست عذاب تیار کر رکھا ہے۔)

نیز جو غیر مسلم اسلامی ریاست میں امن کے ساتھ رہتے ہیں، انہیں قتل کرنے کے بارے میں نبی کریم ﷺ نے یہ سخت وعید بیان فرمائی ہے:

"مَنْ قَتَلَ نَفْسًا مُعَاهِدًا لَهُ ذِمَّةُ اللهِ وَذِمَّةُ رَسُولِهِ فَقَدْ أَخْفَرَ بِذِمَّةِ اللهِ فَلَا يُرَحْ رَائِحَةَ الْجَنَّةِ."

(جامع ترمذی، حدیث: ۱۴۰۳)

(جو شخص کسی غیر مسلم کو جس کے ساتھ (اسلامی حکومت کا) معاہدہ ہے، اس کی جان کے تحفظ کا ذمہ اللہ اور اس کے رسول نے لیا ہے۔ اب جو شخص اللہ کے ذمہ کی بے حرمتی کرے، وہ جنت کی خوشبو بھی نہیں سونگھے گا۔)

پاکستان میں جو خود کُش حملے کیے جارہے ہیں وہ تین طرح کے شدید گناہوں کا مجموعہ ہیں؛ ایک خود کُشی، دوسرا کسی بے گناہ کو قتل کرنا، تیسرا مسلمان حکومت کے خلاف بغاوت۔ لہٰذا یہ خود کُش حملے کسی بھی تاویل سے جائز نہیں ہوسکتے اور ان کی حمایت کرنا گناہوں کے مجموعے کی حمایت کرنا ہے۔

۴۔ پچھلے تین نکات سے یہ واضح ہے کہ جو لوگ شریعت کے نام پر یا قومیت کے نام پر حکومت کے خلاف مسلح کارروائیاں کر رہے ہیں، وہ شرعاً مسلمان ریاست کے خلاف کھلی بغاوت ہے اور ایسی صورت میں قرآن کریم کا واضح حکم ہے کہ:

﴿فَقَاتِلُوا الَّتِي تَبْغِي حَتَّىٰ تَفِيءَ إِلَىٰ أَمْرِ اللَّهِ﴾ (الحجرات:۹)

(جو گروہ بغاوت کر رہا ہے اس سے اس وقت تک لڑو جب تک وہ اللہ کے حکم کی طرف واپس نہ آجائے۔)

لہٰذا حکومتِ پاکستان یا افواجِ پاکستان کا شرعی حدود میں رہتے ہوئے ان باغیوں کے خلاف لڑنا جائز ہی نہیں بلکہ قرآنی حکم کے تحت واجب ہے اور اس سلسلے میں ریاستی کوششوں کے تحت جو آپریشن کیے جارہے ہیں اس میں افواجِ پاکستان کی حمایت اور بقدرِ استطاعت مدد کرنا تمام مسلمانوں پر واجب ہے۔

۵۔ مختلف مسلکوں کا نظریاتی اختلاف ایک حقیقت ہے جس کا انکار نہیں کیا جاسکتا، لیکن اس اختلاف کو علمی اور نظریاتی حدود میں رکھنا واجب ہے۔ اس سلسلے میں انبیاء کرام علیہم السلام، صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین، ازواج مطہرات رضی اللہ عنھن اور اہل بیت کے تقدس کو ملحوظ رکھنا ایک فریضہ ہے اور آپس میں ایک دوسرے کے خلاف سبّ وشتم، اشتعال انگیزی اور نفرت پھیلانے کا کوئی جواز نہیں اور اس اختلاف کی بنا پر قتل وغارت گری، اپنے نظریات کو دوسروں پر جبر کے ذریعے مسلط کرنا یا ایک دوسرے کی جان کے درپے ہونا بالکل حرام ہے۔ واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم۔

توثیق متفقہ فتویٰ مع اضافی نوٹ

(جامعہ نعیمیہ، کراچی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حَامِداً وَّمُصَلِّیاً وَّمُسَلِّماً

جو شخص جملہ اوامر ونواہی کے بارے میں اللہ تعالیٰ کے نازل کردہ اور اس کے رسول مکرم ﷺ کے بیان کردہ احکام کا علی الاطلاق انکار کرے اور انہیں رد کرے، وہ یقیناً اجماعاً کافر ہے اور دائرہ اسلام سے خارج ہے لیکن جو شخص توحید ورسالت اور آخرت پر ایمان رکھتا ہو اور قرآن کریم میں بیان کردہ بنیادی عقائد و ایمانیات اور جملہ ضروریات دین کا اقرار کرتا ہو، لیکن بشری کمزوری، غفلت یا بے عملی کے سبب اس کے خلاف عمل کرے تو اسے کافر نہیں قرار دیا جاسکتا۔ پاکستان کے مسلم حکمران اور مسلح افواج کی قیادت یقیناً توحید ورسالت اور قرآنی احکامات اور ضروریات دین کو تسلیم کرتے ہیں، اس لیے اَلْعِیَاذُ بِاللہ! انہیں کافر قرار دے کر ان کے خلاف مسلّح جدوجہد جہاد نہیں بلکہ فساد فی الارض اور بغاوت ہے۔ ایسے گروہ جو توحید ورسالت پر ایمان رکھنے والے مسلم حکمرانوں یا افواج کی کسی بشری کوتاہی کی بنا پر انہیں کافر قرار دینا شروع کر دیتے ہیں ان کا حکم قرآن وحدیث اور فقہ اسلامی میں موجود ہے، ایسے گروہوں کو خارجی کہا گیا ہے۔ اب ائمہ حرمین طیبین کے ائمہ کرام اور وہاں کے سرکردہ علماء بھی ایسے افراد اور گروہوں کو تکفیری اور خارجی قرار دے رہے ہیں۔

خوارج کی گمراہی اور زمین میں فساد وخون ریزی امیر المؤمنین حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم کے عہدِ خلافت کی تاریخ کے حوالے سے کتابوں میں ثبت ہے۔ سوال میں ذکر کردہ دہشت گردوں کی دلیل بعینہٖ وہی ہے جو خوارج پیش کرتے تھے۔ لہٰذا اُن کا حکم بھی وہی ہے جو

حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم نے اپنے عہد کے خوارج کی بابت دیا تھا اور ان کے خلاف جہاد کر کے ان کی سرکوبی کی تھی۔ پس ریاست اور عامّۃ المسلمین کے خلاف دور حاضر کی دہشت گردی قرآن کی رو سے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول مکرم ﷺ کے خلاف اعلان جنگ اور فساد فی الارض ہے، اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

﴿اِنَّمَا جَزٰٓؤُا الَّذِیْنَ یُحَارِبُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَیَسْعَوْنَ فِی الْاَرْضِ فَسَادًا اَنْ یُّقَتَّلُوْٓا اَوْ یُصَلَّبُوْٓا اَوْ تُقَطَّعَ اَیْدِیْهِمْ وَاَرْجُلُهُمْ مِّنْ خِلَافٍ اَوْ یُنْفَوْا مِنَ الْاَرْضِ ؕ ذٰلِكَ لَهُمْ خِزْیٌ فِی الدُّنْیَا وَلَهُمْ فِی الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِیْمٌ ۙ اِلَّا الَّذِیْنَ تَابُوْا مِنْ قَبْلِ اَنْ تَقْدِرُوْا عَلَیْهِمْ ۚ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ﴾

(المائدہ:۳۳-۳۴)

(جو لوگ اللہ اور اس کے رسول کے خلاف جنگ کرتے ہیں اور زمین میں دہشت گردی کرتے ہیں، ان کی سزا یہی ہے کہ ان کو چُن چُن کر قتل کیا جائے یا ان کو سولی پر چڑھایا جائے یا ان کے ہاتھ اور پیر مخالف سَمت سے کاٹ دیئے جائیں یا ان کو سرزمینِ وطن سے نکال دیا جائے، یہ ان کی دنیا میں رسوائی ہے اور آخرت میں ان کے لیے بڑا عذاب ہے، سوائے اس کے کہ جو (دورانِ جنگ) مسلمانوں کے اُن پر قابو پانے سے پہلے توبہ کرلیں (تو وہ اس سزا سے مستثنیٰ ہوں گے)، جان لو! بے شک اللہ بہت بخشنے والا، نہایت مہربان ہے۔)

اسی حکم کو سورہ حجرات:۹ میں بیان کیا گیا ہے: "پس باغی گروہ سے لڑو تاوقتیکہ وہ اللہ کے حکم کی طرف لوٹ آئیں۔" زمین سے نکالنے کی ایک صورت آج کل جیل میں ڈالنا ہے۔

ہر پاکستانی کی شرعی ذمے داری ہے کہ وہ اپنی حیثیت کے مطابق دہشت گردوں کے خاتمے کے لیے حکومت اور مسلّح افواج کا ساتھ دے۔ مزید یہ کہ نظامِ مصطفی ﷺ یعنی نفاذِ شریعت

کے لیے آئین و قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے پر امن جدوجہد کرنا مسلمانوں کی ذمے داری ہے اور اس پر کسی کو اعتراض نہیں ہونا چاہیے۔ فقط: وَاللّٰہُ تَعَالٰی اَعْلَمُ بِالصَّوَاب.

نوٹ: ہم مندرجہ بالا تفصیلات کے ساتھ اس فتویٰ کی تصدیق و تصویب کرتے ہیں اور دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ پاکستان کو ہر قسم کی دہشت گردی اور فتنہ و فساد سے محفوظ فرمائے اور سیاسی حکمرانوں کو اپنی آئینی ذمے داری یعنی اسلامی احکامات مکمل طور پر پاکستان میں نافذ کرنے کی توفیق عطا فرمائے، آمین۔

۵۰۳۔ متفقہ فتویٰ (اہم نکات)

یہ تحریر اس دہشت گردی اور خودکش حملوں سے متعلق ہے جن سے پاکستان اور اہلِ پاکستان سخت بے چین اور لہولہان ہو رہے ہیں اور جن سے ہمارے دشمن فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ آیات قرآنی اور احادیث مبارکہ کی روشنی میں ہم متفقہ طور پر تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے علماء اور مفتیان حضرات یہ فتویٰ دیتے ہیں کہ:

۱. اسلامی جمہوریہ پاکستان آئینی و دستوری لحاظ سے ایک اسلامی ریاست ہے، جس کے دستور کا آغاز اس قومی و ملی میثاق قراردادِ مقاصد سے ہوتا ہے: اللہ تبارک و تعالیٰ ہی کل کائنات کا بلاشرکت غیرے حاکم ہے اور پاکستان کے جمہور کو جو اختیار و اقتدار اس کی مقرر کردہ حدود کے اندر استعمال کرنے کا حق ہے، وہ ایک مقدس امانت ہے۔ نیز دستور میں اس بات کا اقرار بھی موجود ہے کہ اس ملک میں قرآن و سنت کے خلاف کوئی قانون نہیں بنایا جائے گا اور موجودہ قوانین کو قرآن و سنت کے مطابق ڈھالا جائے گا۔

۲. ہم متفقہ طور پر اسلام اور برداشت کے نام پر انتہاپسندانہ سوچ اور شدت پسندی کو مسترد کرتے ہیں۔ یہ فکری سوچ جس جگہ بھی ہو، ہماری دشمن ہے اور اس کے خلاف فکری و انتظامی جدوجہد دینی تقاضا ہے۔

۳. ہم یہ سمجھتے ہیں کہ فرقہ وارانہ منافرت، مسلح فرقہ وارانہ تصادم اور طاقت کے بل پر اپنے نظریات کو دوسروں پر مسلط کرنے کی روش شریعت کے احکام کے منافی اور فساد فی الارض ہے، نیز اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور و قانون کی روح سے ایک قومی و ملی جرم ہے۔ اس لیے ہم مطالبہ کرتے ہیں کہ حکومت کے ادارے ایسی (منفی) سرگرمیوں کے سدِباب کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کریں۔

۴. پاکستان میں نفاذِ شریعت کے نام پر طاقت کا استعمال، ریاست کے خلاف مسلح محاذ آرائی، تخریب و فساد اور دہشت گردی کی تمام صورتیں جن کا ہمارے ملک کو سامنا ہے اسلامی شریعت کی رو سے ممنوع اور قطعی حرام ہیں اور بغاوت کے زمرے میں آتی ہیں اور ان کا تمام تر فائدہ اسلام اور ملک دشمن عناصر کو پہنچ رہا ہے۔

۵. ہم پاکستان کے تمام مسلکوں اور مکاتبِ فکر کے نمائندہ علماء شرعی دلائل کی روشنی میں اتفاق رائے سے خودکش حملوں کو حرام قرار دیتے ہیں اور ہماری رائے میں خودکش حملے کرنے والے، کروانے والے اور ان حملوں کی ترغیب دینے والے اور ان کے معاون پاکستانی اسلام کی رو سے باغی ہیں اور ریاست پاکستان شرعی طور پر اس قانونی کارروائی کی مجاز ہے جو باغیوں کے خلاف کی جاتی ہے۔

۶. دینی شعائر اور نعروں کو نجی عسکری مقاصد اور مسلح طاقت کے حصول کے لیے استعمال کرنا قرآن و سنت کی رو سے درست نہیں۔

۷. جہاد کا وہ پہلو جس میں جنگ اور قتال شامل ہیں کو شروع کرنے کا اختیار صرف اسلامی ریاست کا ہے اور کسی شخص یا گروہ کو اس کا اختیار حاصل نہیں۔ کسی بھی فرد یا گروہ کے ایسے اقدامات کو ریاست کی حاکمیت میں دخل اندازی سمجھا جائے گا اور ان کے یہ اقدامات ریاست کے خلاف بغاوت تصور ہوں گے جو اسلامی تعلیمات کی رو سے سنگین اور واجب تعزیر جرم ہے۔

۸. اسلامی جمہوریہ پاکستان کے تمام شہری، دستوری و آئینی میثاق کے پابند ہیں، جس کی رو سے ان پر لازم قرار پاتا ہے کہ وہ بہر صورت حب الوطنی اور ملکی و قومی مفادات کا تحفظ پہلی ترجیح کے طور پر کریں اور اس پر کسی صورت آنچ نہ آنے دیں، ملک و قوم کے اجتماعی مفادات کو کسی بھی عنوان سے نظر انداز کرنے کی حکمت عملی اسلامی

تعلیمات کی رو سے عہد شکنی اور غدر قرار پاتی ہے، جو دینی نقطۂ نظر سے سنگین جرم اور لائق تعزیر ہے۔

۹. ریاست پاکستان میں امن وسکون قائم کرنے اور دشمنان پاکستان کے خلاف جو جدوجہد شروع کی گئی ہے ہم اس کی بھرپور تائید کرتے ہیں۔

۶- پیغامِ پاکستان، متفقہ اعلامیہ اور فتویٰ کی تیاری میں شریک محققین، مختلف دینی مدارس کے وفاقوں کے ناظمین، علمائے کرام، مفتیان عظام اور قومی جامعات کے اساتذۂ کرام کے اسمائے گرامی

پیغامِ پاکستان کا ابتدائی مسودہ محققین ادارہ تحقیقاتِ اسلامی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد نے تیار کیا اور بعد ازاں پیغامِ پاکستان کی یہ دستاویز مختلف مکاتبِ فکر کے جید علمائے کرام، مفتیان عظام اور قومی جامعات کے اساتذہ کی مشاورت اور نظر ثانی کے بعد شائع کی جارہی ہے اس پیغام کی تیاری میں شریک اہل علم ودانش کے نام درج ذیل ہیں:

۱- مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی، دار العلوم کراچی، کراچی

۲- مولانا مفتی منیب الرحمن، چیئرمین رؤیت ہلال کمیٹی / صدر تنظیم المدارس اہل سنت، پاکستان

۳- مولانا عبد المالک، صدارطہ ۔ المدارس، پاکستان

۴- مولانا ڈاکٹر عبد الرزاق سکندر، مہتمم جامعہ علوم اسلامیہ، بنوری ٹاؤن / صدر وفاق المدارس العربیہ پاکستان، امیر عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت پاکستان۔

۵- مولانا محمد حنیف جالندھری، مہتمم خیر المدارس، ملتان / چیئرمین وفاق المدارس العربیۃ

۶- مولانا محمد یٰسین ظفر، ناظم اعلیٰ، وفاق المدارس، السلفیہ

۷- علامہ سید ریاض حسین نجفی، صدر وفاق المدارس الشیعہ، لاہور

۸- مولانا ڈاکٹر ابو الحسن محمد شاہ، نائب مہتمم، دار العلوم محمدیہ غوثیہ

۹- مولانا مفتی محمد نعیم، مہتمم، جامعہ بنوریہ، کراچی

۱۰- مولانا محمد افضل حیدری، مرکزی سیکرٹری جنرل، وفاق المدارس شیعہ، پاکستان

۱۱- مولانا مفتی محمود الحسن محمود، نائب ناظم تعلیمات، جامعہ اشرفیہ، لاہور

۱۲۔ مولانا حامد الحق حقانی، نائب مہتمم جامعہ حقانیہ، اکوڑہ خٹک، نوشہرہ

۱۳۔ پروفیسر ڈاکٹر معصوم یٰسین زئی، ریکٹر بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد

۱۴۔ پروفیسر ڈاکٹر احمد یوسف الدریویش، صدر بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد

۱۵۔ پروفیسر ڈاکٹر محمد ضیاء الحق، ڈائریکٹر جنرل، ادارہ تحقیقات اسلامی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد

۱۶۔ پروفیسر ڈاکٹر سعید الرحمن، صدر شعبہ علوم اسلامیہ، بہاؤالدین زکریا یونیورسٹی، ملتان

۱۷۔ پروفیسر ڈاکٹر محمد طاہر حکیم، ڈین فیکلٹی شریعہ و قانون، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد

۱۸۔ پروفیسر ڈاکٹر عبد القدوس صہیب، چیئرمین شعبہ علوم اسلامیہ، بہاؤالدین زکریا یونیورسٹی، ملتان

۱۹۔ ڈاکٹر حافظ آفتاب احمد، صدر شعبہ علوم قرآن، ادارہ تحقیقات اسلامی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد

۲۰۔ ڈاکٹر افتخار الحسن میاں، صدر شعبہ فکر اسلامی، ادارہ تحقیقات اسلامی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد

۲۱۔ محمد احمد منیر، لیکچرر / نائب مدیر "اسلامک اسٹڈیز"، شعبہ فقہ و قانون، ادارہ تحقیقات اسلامی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد

۲۲۔ سید متین احمد شاہ، لیکچرر / نائب مدیر "فکر و نظر"، ادارہ تحقیقات اسلامی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد

۲۳۔ مولانا تنویر احمد جلالی

۲۴۔ مولانا محمد اسحاق ظفر، رئیس، دار الافتاء، جامعہ رضویہ دار العلوم راولپنڈی

۲۵۔ مولانا غلام مرتضیٰ ہزاروی

۲۶۔ مولانا ڈاکٹر محمد ظفر اقبال جلالی، پرنسپل جامعہ، اسلام آباد

۲۷۔ مولانا ابو الظفر غلام محمد سیالوی، چیئرمین امتحانی بورڈ، تنظیم المدارس

۲۸۔ مولانا زاہد محمود قاسمی، چیئرمین پاکستان علماء کونسل

۲۹۔ مولانا ڈاکٹر سید محمد نجمی، رابطہ سیکرٹری و ممبر نصاب کمیٹی، وفاق المدارس شیعہ، پاکستان

۳۰۔ مولانا سید محمد رزاق

۳۱۔ مولانا سیف اللہ ربانی، جامعہ بنوریہ، کراچی

۳۲۔ مولانا تنویر احمد علوی، نائب مہتمم، جامعہ محمدیہ، اسلام آباد

۳۳۔ مفتی محمد شریف ہزاروی، جامعہ مسجد دار السلام، سیکٹر جی سکس ٹو، اسلام آباد

۳۴۔ ملک مومن حسین قمی، پرنسپل جامعہ المبلغین، اسلام آباد

۳۵۔ مفتی رحیم اللہ، استاد جامعہ فریدیہ، سیکٹر ای سیون، اسلام آباد

۳۶۔ ڈاکٹر سعید خان، معاون صدر وفاق المدارس پاکستان

۳۷۔ مولانا سید قطب، نائب ناظم ہطہ ۔ المدارس الاسلامیہ، پاکستان

۳۸۔ مولانا عبد الحق ثانی

۳۹۔ مولانا محمد عبد القادر

۷- متفقہ فتویٰ (جوابِ استفتاء) جاری اور اس کی توثیق کرنے والے علمائے کرام کے دستخطوں کا عکس

۱- محمد رفیع عثمانی- مفتی ورئیس الجامعہ دارالعلوم کراچی

۲- محمد تقی عثمانی- مفتی دارالعلوم کراچی

۳- عبدالرؤف سکھروی- مفتی دارالعلوم کراچی

۴- محمد زبیر [illegible]

۵- محمد عمران اشرف عثمانی

۶- فضل محمد یوسف زئی، استاذ حدیث بنوری ٹاؤن۔

۷- [illegible]

۸- [illegible]

۹- [illegible]

۱۰- [illegible]

۱۱- [illegible]

۱۲- [illegible]

۱۳- [illegible]

۱۴- [illegible]

۱۵- محمد حسین ظفر
ناظم اعلیٰ وفاق المدارس السلفیہ

۱۶- [illegible]

۱۶۵۸.	مولانا انوار، بسم اللہ مسجد، مانسہرہ کالونی، لانڈھی، کراچی	۱۷۰۰.	قاری جمیل احمد، مدرسہ رحمانیہ تعلیم القرآن، اورنگی ٹاؤن، کراچی
۱۶۵۹.	مولانا شاکر اللہ، مسجد نور، مانسہرہ کالونی، لانڈھی، کراچی	۱۷۰۱.	مولانا نعمت اللہ، جامعہ سعدیہ کراچی للبنین وللبنات، کوئٹہ ٹاؤن، کراچی
۱۶۶۰.	مولانا جلال، فیبہ مسجد، مانسہرہ کالونی، کراچی	۱۷۰۲.	قاری محمد وجیہ الدین، جامعہ انوار محمد جامعہ مسجد طلحہ، کراچی
۱۶۶۱.	مولانا غلام محمد عاصم، مسجد اقصیٰ، مانسہرہ کالونی، کراچی	۱۷۰۳.	علامہ جمیل خان، نور الفتح A-۵۴، گلزار ہجری، کراچی
۱۶۶۲.	مولانا سلیمان، سیبہ مسجد، فیوچر کالونی، کراچی	۱۷۰۴.	قاری حیات اللہ، مدرسہ اقراء ضیاء القرآن، شاہ لطیف ٹاؤن، کراچی
۱۶۶۳.	مولانا عبدالرحیم، مدینہ مسجد، مانسہرہ کالونی، کراچی	۱۷۰۵.	قاری گل زمان معاویہ، جامعہ اشاعت الاسلام، جامعہ مسجد سرجانی ٹاؤن، کراچی
۱۶۶۴.	مولانا عبدالمقیت، غوثیہ مسجد، مانسہرہ کالونی، کراچی	۱۷۰۶.	قاری غلام عباس، مدرسہ حنفیہ للبنات، سیکٹر C/۷، نارتھ کراچی
۱۶۶۵.	مولانا شمس الحق، مدینہ مسجد گندہ والی، مانسرہ کالونی، کراچی	۱۷۰۷.	مولانا عتیق اللہ بیگ، مدرسہ شاہدار ار قاسم پلاٹ نمبر R-۴۷۷، کراچی
۱۶۶۶.	مولانا عزیز اللہ، بیت المکرم مسجد، مانسہرہ کالونی، کراچی	۱۷۰۸.	مولانا سبحان اللہ، مدرسہ عاصمہ للبنات، فقیر مسجد، گارڈن ویسٹ، کراچی
۱۶۶۷.	مولانا اویس، نمرہ مسجد فیوچر کالونی، کراچی	۱۷۰۹.	مولانا سبحان اللہ، مدرسہ مظہر العلوم جامعۃ الصالح، منگھوپیر روڈ، کراچی
۱۶۶۸.	مولانا طارق محمود مجددی، غوثیہ مسجد، فیوچر کالونی، کراچی	۱۷۱۰.	مولانا خیر الرحیم، مدرسہ، عثمان بن عفان، کیماڑی ٹاؤن، کراچی
۱۶۶۹.	مفتی ریاست علی، سنہری مسجد، فیوچر کالونی، کراچی	۱۷۱۱.	مولانا عبدالقدوس، جامعہ نعمانیہ، غریب شاہ لین، لیاری، کراچی
۱۶۷۰.	مولانا ضیاء الحق، مسجد ابو بکر صدیق، فیوچر کالونی، کراچی	۱۷۱۲.	مولانا محمد اعجاز، یٰسین القرآن للبنات بلاک ۱۹م، گلشن اقبال، کراچی
۱۶۷۱.	مولانا صادق شاہ، قادریہ مسجد، فیوچر کالونی، کراچی	۱۷۱۳.	مولانا محمد طیب، مدرسہ مفتاح القرآن، مہران ٹاؤن، کورنگی، کراچی
۱۶۷۲.	مفتی صادق، سبحانی مسجد، فیوچر کالونی، کراچی	۱۷۱۴.	مولانا ثاقب الدین خان، جامعۃ الزیتون، اتحاد ٹاؤن، بلدیہ، کراچی
۱۶۷۳.	خطیب عبدالرحمٰن، مرکزی جامع مسجد، فیوچر کالونی، کراچی	۱۷۱۵.	مولانا سعید الرحمان، مدرسہ خلفائے راشدین، بابر موڑ، نارتھ کراچی
۱۶۷۴.	مولانا محمد امین، جامع مسجد اخلاص، فیوچر کالونی، کراچی	۱۷۱۶.	مولانا محمد اسلام، مدرسہ جامعہ مسجد سبوانی، چھپا گلی، جوڑیا بازار، کراچی
۱۶۷۵.	مولانا سعید احمد، مدینہ مسجد، فیوچر کالونی، کراچی	۱۷۱۷.	قاری محمد یٰسین، دار العلوم عربیہ رضائے مصطفیٰ، کورنگی نمبر ۲ ڈھائی، کراچی
۱۶۷۶.	مولانا محمد آصف، نورانی مسجد، فیوچر کالونی، کراچی	۱۷۱۸.	علامہ حسن محمد عظیمی، اقراء روضۃ الاطفال عظیمی، لاسی گوٹھ، گڈاپ، کراچی
۱۶۷۷.	مولانا نور شاہ، عمر بن خطاب مسجد، فیوچر کالونی، کراچی	۱۷۱۹.	مولانا شاہ نواز، مدرسہ عثمان بن زیاد للبنات گل محمد لین چاکیواڑہ، لیاری، کراچی
۱۶۷۸.	قاری محمد امیر الدین زاہد، جامعہ امیر المدارس، احسن آباد، کراچی	۱۷۲۰.	قاری عارف، اقراء روضۃ الاطفال، گلشن معمار، کراچی
۱۶۷۹.	قاری محمد اعظم، مدرسہ سعدیہ للبنات، شفیق کالونی، فیڈرل بی ایریا، کراچی	۱۷۲۱.	مولانا محمد طیب، مدرسہ محمد نعمان بن ثبت، کورنگی، کراچی
۱۶۸۰.	مولانا شیخ محسن علی مدرسہ سیدنا حضرت ابوبکر صدیق لسبیلہ چوک محمدی کالونی کراچی	۱۷۲۲.	مولانا اکبر شاہ، مدرسہ شاہ تعلیم القرآن، سلطان آباد سوسائٹی، منگھوپیر، کراچی
۱۶۸۱.	قاری عبدالغفار، مدرسہ اقراء دار القرآن، بلال کالونی، کراچی	۱۷۲۳.	مولانا عبدالغفار، مدرسہ فیض القرآن حقانیہ، اسٹیڈیم روڈ دلیہ، کراچی
۱۶۸۲.	قاری محمد اقبال، مدرسہ زینت القرآن، پی این ٹی کالونی گذری، کراچی	۱۷۲۴.	قاری نعمان عالم، مدرسہ نعمان السلام، گلشن اقبال، کراچی
۱۶۸۳.	مولانا اصغر خان، جامعہ ربانی العلوم، للبنات، قیوم آباد، کراچی	۱۷۲۵.	قاری عبدالرحمن، اقرا مدینہ الاطفال، گڈاپ ٹاؤن، کراچی
۱۶۸۴.	قاری نصیر محمد، اقرا مدنیات الاطفال اعظم ٹاؤن، سہراب گوٹھ، کراچی	۱۷۲۶.	مولانا سجاد حسن، اقراء دار القرآن، بلال بیکری ناظم آباد، کراچی
۱۶۸۵.	حافظ غلام یٰسین مدرسہ جامعۃ القرآن بن عفان سکندر آباد، گلزار ہجری کراچی	۱۷۲۷.	قاری محمد اسماعیل، مدرسہ تعلیم القرآن خلفائے راشدین، ناظم آباد، کراچی
۱۶۸۶.	قاری محبوب احمد، ادارۂ عثمانیہ تعلیم القرآن، گلزار ہجری ملیر، کراچی	۱۷۲۸.	مولانا محمد طیب صدیقی، مدرسہ تحفیظ القرآن حمیدی، ڈالمیا، کراچی

۱۷۲۹.	مولانا گل روز خان.....، مدرسہ انوار القرآن، بلدیہ ٹاؤن، کراچی	۱۷۷۱.	قاری محمد ادریس، مدرسہ دار القرآن، منگھوپیر روڈ، کراچی
۱۷۳۰.	قاری فیض الرحمن، مدرسہ اصلاح الاطفال، لیاری، کراچی	۱۷۷۲.	مولانا مسعود الحق، مدرسہ تاج القرآن، ایف بی ایریا، کراچی
۱۷۳۱.	مولانا سعید اللہ، مدرسہ اقرا تعلیم القرآن، سہراب گوٹھ، کراچی	۱۷۷۳.	قاری آدم شیر، مدرسہ سعد بن ابی وقاص، کورنگی ٹاؤن، کراچی
۱۷۳۲.	قاری حفیظ الرحمٰن، مدرسہ امام اعظم ابو حنیفہ، سہراب گوٹھ، کراچی	۱۷۷۴.	مولانا محمد اسحاق فاروقی، مدرسہ انوار القرآن، کورنگی، کراچی
۱۷۳۳.	قاری محمد یوسف، مدرسہ تعلیم القرآن للبنات والبنین، اورنگی ٹاؤن، کراچی	۱۷۷۵.	مولانا عبد الرؤف عابد، مدرسہ عربیہ اسلامیہ اصاحتہ القرآن، کراچی
۱۷۳۴.	قاری عبد المالک، مدرسہ تعلیم القرآن غوثیہ عمر مسجد، لیاری ایکسپریس، کراچی	۱۷۷۶.	قاری رفیع اللہ صدیقی، جامعہ صدیقہ حزب اللہ، سائٹ ٹاؤن، کراچی
۱۷۳۵.	مولانا شفیع عالم، مدرسہ عربیہ رشیدیہ، گورنگی نمبر ۱، کراچی	۱۷۷۷.	قاری حزب اللہ، مدرسہ عائشہ صدیقہ، حب ریور روڈ، کراچی
۱۷۳۶.	مولانا محمد عیسیٰ، مدرسہ امام بخاری، الآصف اسکوائر، کراچی	۱۷۷۸.	مولانا عبید الرحمٰن، مدرسہ تعلیم القرآن رحمانیہ، حیدری، کراچی
۱۷۳۷.	قاری زاہد حسین، مدرسہ دار العلوم یوسفی، کورنگی، کراچی	۱۷۷۹.	قاری سید ظفر اللہ، مدرسہ عربیہ معروف العلوم، ناظم آباد، کراچی
۱۷۳۸.	مولانا محمود الحسن، مدرسہ خدیجہ الکبریٰ للبنات، ایف بی ایریا، کراچی	۱۷۸۰.	قاری احسن الرشید، مدرسہ اباء بن کعب، کالا پل، کراچی
۱۷۳۹.	مولانا عبد الحمید بدری، جامعہ رحمتہ للعالمین، ملیر، کراچی	۱۷۸۱.	مولانا محمد نصیر، مدرسہ عربیہ تجوید القرآن، گارڈن ویسٹ، کراچی
۱۷۴۰.	قاری محمد سلیمان آفریدی، جامعہ عمر فاروق، اتحاد ٹاؤن، کراچی	۱۷۸۲.	قاری خالد عمر، مدرسہ روضۃ العلم، اجمیر نگر، کراچی
۱۷۴۱.	مولانا عبد الصمد، مدرسہ عربیہ تدریس القرآن، گڈاپ ٹاؤن، کراچی	۱۷۸۳.	مولانا محمد قوال، مدرسہ اقراء روضۃ الاحضہ، ملیر، کراچی
۱۷۴۲.	مولانا محمد صدیقی، مدرسہ مدینہ للبنات، لانڈھی، کراچی	۱۷۸۴.	قاری محمد اسحاق، مدرسہ جامعہ رشیدیہ، کورنگی، کراچی
۱۷۴۳.	قاری عبید اللہ، مدرسہ نصرت السلام، موسیٰ کالونی، کراچی	۱۷۸۵.	قاری محمد سعد اللہ، اقراء روضۃ الاعلم، نارتھ، کراچی
۱۷۴۴.	قاری محمد وسیم، مدرسہ علی المرتضیٰ، اورنگی ٹاؤن، کراچی	۱۷۸۶.	مولانا محمد یوسف، جامعہ عثمانیہ، ضیاء الحق، گلشن اقبال، کراچی
۱۷۴۵.	قاری محمد صادق، مدرسہ عثمانیہ، فیض القرآن، کورنگی، کراچی	۱۷۸۷.	قاری راز محمد، جامعہ دار العلوم العربیہ، گڈاپ ٹاؤن، کراچی
۱۷۴۶.	قاری محمد عاشق، مدرسہ انوار القرآن، اجمیر نگری، نارتھ، کراچی	۱۷۸۸.	مولانا سعد اللہ، جامعہ مدینہ للبنات، نارتھ کراچی
۱۷۴۷.	قاری محمد نعیم، مدرسہ محمدی مظہر الاسدی خدیجہ الکبریٰ، تیسر ٹاؤن	۱۷۸۹.	محمد عطاء الرحمٰن، جامعہ انوار السلام، نیشنل بائی وے، کراچی
۱۷۴۸.	قاری دوست محمد، مدرسہ دار القرآن فتحیہ، سعید آباد بلدیہ ٹاؤن، کراچی	۱۷۹۰.	مولانا وزیر احمد، مدرسہ تعلیم القرآن، لیاری کراچی
۱۷۴۹.	مولانا عطاء اللہ قاسمی، مدرسہ شاہ صدیق اکبر نعمانی، اعظم ٹاؤن، کراچی	۱۷۹۱.	قاری عبد المالک، مدرسہ محمدیہ، گڈاپ ٹاؤن، کراچی
۱۷۵۰.	مولانا امان اللہ، مدرسہ حضرت عمر بن خطاب، کشمیر کالونی، کراچی	۱۷۹۲.	مولانا محمد جاوید، مدرسہ خادم العلوم، گلزار ہجری، کراچی
۱۷۵۱.	قاری ذوالفقار احمد، مدرسہ اقراء روضۃ القرآن، تیسر ٹاؤن، کراچی	۱۷۹۳.	مولانا سید رئیس احمد، جامعہ سعودیہ للبنات، اسکیم ۳۳، کراچی
۱۷۵۲.	قاری رحمت اللہ رئیس، مدرسہ تعلیم القرآن، بغدادی، لیاری، کراچی	۱۷۹۴.	قاری اسد اللہ، الجامعہ الاسلام دار العلوم، صرافہ بازار، کراچی
۱۷۵۳.	مولانا محمد اسماعیل، مدرسہ گلشن حضرت علی پٹھان کالونی، ڈرگ روڈ ریلوے گیٹ، کراچی	۱۷۹۵.	قاری ارشد علی، مدرسہ تعلیم القرآن، کورنگی کراچی
۱۷۵۴.	مولانا حبیب الرحمٰن، مدرسہ رقیہ للبنات، نیو رشید آباد، کراچی	۱۷۹۶.	قاضی عبد الحئی، مدرسہ زینت القرآن اسٹیل میل، کراچی
۱۷۵۵.	قاری احمد ممتاز، جامعہ خلفائے راشدین باکس بے روڈ سازی پور، کراچی	۱۷۹۷.	مولانا عزیز الرحمٰن، مدرسہ انوار القرآن، شیریں جناح کالونی، کراچی
۱۷۵۶.	علامہ ندیم رفعت، مدرسہ خاتون جنت فاطمۃ الزہرہ، کراچی	۱۷۹۸.	مولانا شمس الدین، دینیہ تعلیم القرآن، کورنگی، کراچی
۱۷۵۷.	قاری غلام محمد، مدرسہ دار القرآن، مہران ٹاؤن، کورنگی، کراچی	۱۷۹۹.	قاری فیض اللہ، جامعہ فیض الاسلام، سپر بائی وے، کراچی
۱۷۵۸.	مولانا محمد یوسف، مدرسہ سعد بن معاذ، گڈاپ ٹاؤن ملیر، کراچی	۱۸۰۰.	مولانا حبیب الرحمٰن، جامعہ حفیظ اللبنات، نارتھ کراچی
۱۷۵۹.	قاری عبد الغفار، اقراء مدرسہ اسلام، گڈاپ ٹاؤن ملیر، کراچی	۱۸۰۱.	قاری محمود احمد، مدرسہ جامعہ عبد اللہ بن عباس، گڈاپ ٹاؤن، کراچی
۱۷۶۰.	قاری محمد گلزار، جامعہ فاروقیہ، تحفیظ القرآن، بڑا بورڈ، کراچی	۱۸۰۲.	مولانا ظہیر احمد، اقراء اصلاح الاطفال، سلطان آباد، کراچی
۱۷۶۱.	علامہ خالد محمود، مدرسہ عثمانیہ، میٹروول تھرڈ اسکیم ۳۳، کراچی	۱۸۰۳.	مولانا محمد ابراہیم، دار العلوم اسلامیہ، اورنگی ٹاؤن، کراچی
۱۷۶۲.	قاری مجید اللہ، مدرسہ علی المرتضیٰ، فرنٹیئر کالونی، اورنگی ٹاؤن، کراچی	۱۸۰۴.	قاری فیض الرحمٰن، مدرسہ فیض الغفور، نارتھ ناظم آباد، کراچی
۱۷۶۳.	قاری جبران، مدرسہ فاروق اعظم، گل محمد لین، لیاری، کراچی	۱۸۰۵.	قاری محمد اصغر، مدرسہ صدیقہ، اورنگی ٹاؤن، کراچی
۱۷۶۴.	قاری محمود، مدرسہ قاسم العلوم نیو حاجی کیمپ، سلطان آباد، کراچی	۱۸۰۶.	مولانا عتیق الرحمٰن، مدرسہ سید الشہداء حمزہ، شانتی نگر ڈالمیا، کراچی
۱۷۶۵.	علامہ عبد الوکیل، مدرسہ عثمانیہ، پیر بخش گوٹھ گڈاپ ٹاؤن، کراچی	۱۸۰۷.	قاری امیر محمد، مدرسہ ام کلثوم، بلدیہ ٹاؤن، کراچی
۱۷۶۶.	شاہد کوثر، جامعہ المدینہ الغوثیہ، مشرف کالونی باکس بے، کراچی	۱۸۰۸.	قاری عبد الحمید، جامعہ اسلامیہ اشرف العلوم، سپر بائی وے، کراچی
۱۷۶۷.	قاری عبد الستار، مدرسہ عربیہ القرآن، منگھوپیر روڈ گڈاپ، کراچی	۱۸۰۹.	مولانا وقاص احمد، مدرسہ احسن القرآن، لانڈھی، کراچی
۱۷۶۸.	قاری محمد احسان، مدرسہ تعلیم القرآن عبد اللہ بن مسعود، لیاری، کراچی	۱۸۱۰.	قاری محمد حنیف، مدرسہ تجوید القرآن، کورنگی، کراچی
۱۷۶۹.	حافظ محمد، مدرسہ سعد بن ابی وقاص، نیشنل بائی وے، کراچی	۱۸۱۱.	مولانا فضل علی، مدرسہ شیخ زکریا جامع مسجد، گارڈن بائی پاس روڈ، کراچی
۱۷۷۰.	قاری محمد ولی الرحمٰن، مدرسہ تعلیم القرآن، گلشن اقبال، کراچی	۱۸۱۲.	مولانا عبد الرحمٰن، مدرسہ حفصہ للبنات، سرجانی ٹاؤن، کراچی

۱۸۱۳.	حافظ مقبول احمد، محلہ عالی عید گاہ، چنیوٹ	۱۸۲۲.	ڈاکٹر قاری عبدالرشید، ممبر اسلامی نظریاتی کونسل، اسلام آباد
۱۸۱۴.	عثمان علی شیخ، ریسرچ سکالر، ادارہ تحقیقات اسلامی، اسلام آباد	۱۸۲۳.	ملک اللہ بخش کلیار، ممبر اسلامی نظریاتی کونسل، اسلام آباد
۱۸۱۵.	ڈاکٹر نور احمد شاہتاز، ممبر اسلامی نظریاتی کونسل، اسلام آباد	۱۸۲۴.	علامہ ابو حکیم اکبری، ممبر اسلامی نظریاتی کونسل، اسلام آباد
۱۸۱۶.	مولانا علی محمد ابوتراب، ممبر اسلامی نظریاتی کونسل، اسلام آباد	۱۸۲۵.	خورشید احمد ندیم، ممبر اسلامی نظریاتی کونسل، اسلام آباد
۱۸۱۷.	امداداللہ، ممبر اسلامی نظریاتی کونسل، اسلام آباد	۱۸۲۶.	مولانا حافظ فضل الرحیم، ممبر اسلامی نظریاتی کونسل، اسلام آباد
۱۸۱۸.	جسٹس (ر) منظور حسین، ممبر اسلامی نظریاتی کونسل، اسلام آباد	۱۸۲۷.	پیر روح الحسنین معین، ممبر اسلامی نظریاتی کونسل، اسلام آباد
۱۸۱۹.	جسٹس (ر) محمد رضا خان، ممبر اسلامی نظریاتی کونسل، اسلام آباد	۱۸۲۸.	ڈاکٹر محمد راغب حسین، ممبر اسلامی نظریاتی کونسل، اسلام آباد
۱۸۲۰.	عبداللہ، ممبر اسلامی نظریاتی کونسل، اسلام آباد	۱۸۲۹.	پروفیسر ڈاکٹر صاحبزاد ساجد الرحمٰن، ممبر اسلامی نظریاتی کونسل، اسلام آباد
۱۸۲۱.	علامہ سید افتخار حسین نقوی، ممبر اسلامی نظریاتی کونسل، اسلام آباد		

تحریک طالبان پاکستان کی طرف سے "پیغام پاکستان" کا تحقیقی جائزہ

پیش لفظ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

"پیغام پاکستان" کے مطالعہ سے ہمیں یہ اندازاہ ہوا، بلکہ یقین تک ہوا کہ "پیغام پاکستان" دستخط کردہ علماء میں سے اکثر علماء کا موقف نہیں ہے، دوسری بات یہ ہے کہ "پیغام پاکستان" یاتو ان کی نظروں سے گذرا نہیں ہے یا پھر اصلاح پر ان حضرات کو قدرت حاصل نہیں تھی، کیونکہ ان میں سے ہمارے مشائخ ہیں، ہمارے اساتذہ کرام ہیں، ہم ان کی صلاحیتوں سے بخوبی واقف ہیں، ان کی علمی استعداد کے سامنے سرِ تسلیم خم ہیں۔ "پیغام پاکستان" یقیناً اسلامی زندگی، اسلام کی عالمگیریت اور اسلامی نظام کا خارج میں ایک اسلامی ریاست (state) پر تطبیق سے بالکل ناواقفیت پر دال ہے، اور آج پوری دُنیا میں دہشت گردی کے نام پر جاری جنگ کی حقیقت سمجھنے سے اور اس جنگ میں پاکستان کے کردار کو سمجھنے سے یہ تحریر بالکل عاری ہے اور خاص کر پاکستان میں جاری جنگ کی وجوہات کا تو "پیغام پاکستان" کو ہوا تک بھی نہیں لگی ہے۔

"پیغام پاکستان" میں شامل مضامین کا ذیل میں ہم تحقیقی اور تفصیلی جائزہ لیتے ہیں، تاکہ قارئین حضرات کے سامنے حقیقت حال واضح ہوجائے۔

اسلامی ضابطۂ حیات:

آج دُنیا میں یہ جاری جنگ " ضابطہ حیات" ہی کی جنگ ہے کہ یہود ونصاریٰ تمام عسکری اور غیر عسکری قوت کو لے کر میدان میں اُترے ہیں اور یہ نعرہ لگارہاہیں (The end of the history and the last man) کہ "روسو" کے خود ساختہ نظام "سیکولر جمہوریت" پر تاریخ انسانی کا خاتمہ ہوگا، بس یہی ضابطۂ حیات ہے۔ یہی نظام زندگی ہے۔ یہی طرز زندگی ہے اور اس کے مقابلے میں میدان میں اترے ہوئے مجاہدین کا دعویٰ ہے کہ جس ضابطۂ حیات پر تاریخ انسانی کا خاتمہ ہوگا وہ ضابطہ حیات "دین اسلام" ہے۔

اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: ﴿اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ وَرَضِيْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِيْنًا﴾

یعنی اللہ تعالیٰ نے دین اسلام کو تمام انسانیت کے لئے پسند فرمایاہے کہ قیامت تک کیلئے یہی ضابطہ حیات ہوگا تمام انسانوں کیلئے، کیونکہ دین اسلام کا مطلب ہے: قانون، طرز زندگی، نظام زندگی، بس یہی ضابطہ حیات ہوا۔ اور پھر اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے اکمال اور اتمام کی بات کی ہے، مفسرین حضرات فرماتے ہیں کہ اکمال کا مطلب ہے "کسی چیز سے جو عرض اور مقصود ہو اس کا پورا ہونا، اتمام کا مطلب" کہ مزید کسی اور چیز کی ضرورت نہیں۔

ترجمان القرآن حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اکمال دین کا معنی یہ ہے کہ آج دین کے تمام حدود وفرائض اور احکام وآداب مکمل کردیئے گئے، اب اس میں کسی اضافے اور زیادتی کی ضرورت نہیں ہے اور نہ ہی کمی کا احتمال ہے۔ (بحوالہ روح المعانی)

یہی وجہ ہے کہ اس آیت کے تقریباً اکیاسی روز بعد آپ ﷺ دار فانی سے رحلت فرماگئے اور احکام کے اعتبار سے یہ قرآن کی آخری آیت ہے۔

علماء حضرات فرماتے ہیں کہ گویا آدم علیہ السلام سے اس "نعمت الہیّہ" کا نزول وترویج ہر زمانے اور ہر خطہ کے مناسب حال شروع تھا اور آج امت محمد یہ پر اس کا خاتمہ ہوا۔

لہٰذا مجاہدین حضرات کا یہ دعویٰ ہے کہ اسلام کی صورت میں یہ طرز زندگی، نظام زندگی، ضابطۂ حیات اساسی قانون اللہ تعالیٰ نے قیامت تک کے انسانوں کے لئے پسند فرمایا ہے اور فرمایا: ﴿اِنَّ الدِّیْنَ عِنْدَ اللّٰہِ الْاِسْلَامُ﴾ اور حضور ﷺ نے اپنے بارے میں فرمایا: "وَأَنَا خَاتَمُ النَّبِيِّينَ لَا نَبِيَّ بَعْدِي" کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا، میں آخری نبی ہوں اور میں تمام انسانیت کیلئے ہوں۔ ﴿قُلْ یٰٓاَیُّھَا النَّاسُ اِنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ اِلَیْکُمْ جَمِیْعًا﴾ اور اللہ تعالیٰ نے بھی آپ ﷺ کے متعلق اعلان فرمایا: ﴿وَمَآ اَرْسَلْنٰکَ اِلَّا کَآفَّۃً لِّلنَّاسِ بَشِیْرًا وَّنَذِیْرًا﴾

خلاصہ کلام یہ کہ اللہ اور اس کے رسولؐ نے اعلان فرمایا کہ دین اسلام اور محمد ﷺ کی نبوت پر تاریخ انسانی کی ارتقاء کا خاتمہ ہوگا، بس یہی ضابطۂ حیات ہے اور اسلام کی ضابطہ حیات ہونے کو یہ بات مستلزم ہے کہ ہر زمانے میں تمام انسانوں کی دُنیا وآخرت کی ضرورتوں کا اکمال اس ضابطہ حیات میں موجود ہو۔ ہر فرقے ومذہب کے متعلق اصول اس میں موجود ہوں۔

ہماری اس ضابطۂ حیات کی تشریح سے یہ بات واضح ہوئی کہ ہم نے اسلامی ضابطۂ حیات کو فرقہ واریت پر محمول نہیں کیا ہے اور اسلام کے دیئے ہوئے مختلف اقوام فرقوں اور مذاہب کے حقوق کا انکار ہم نے نہیں کیا ہے۔

"پیغام پاکستان" میں جس اسلامی ضابطۂ حیات کی بات ہوئی۔ یہ اس وقت کی بات ہے کہ جب تمہارے ہاتھ میں اسلامی ضابطۂ حیات ہو تمہارے پاس ایک اسلامی نظام ہو، اب اس نظام ضابطۂ حیات کو دوسروں سے تسلیم کرانا ہو پھر اس صورت میں یہ ذکر کردہ باتیں مسلّم ہیں۔ اب تو معاملہ بالعکس ہے، بجائے یہ کہ ہم دوسروں پر ضابطۂ حیات پیش کریں، ہم مسلمان خود اسلامی ضابطۂ حیات سے ہاتھ دھو بیٹھے ہیں، اب تو یہود ونصاریٰ اپنا ضابطۂ حیات (New world order) (نیو ورلڈ آرڈر) ایک کفری نظام ہمارے اوپر پیش کررہے ہیں کہ یہی ضابطۂ حیات تسلیم کرو، ورنہ جنگ کیلئے تیار ہوجاؤ۔

یہ ڈرون، جیٹ، میزائل، یہ ساری قوت اسی ضابطۂ حیات کے اجراء کی خاطر ہمارے اوپر استعمال ہورہی ہیں۔ پاکستانی عوام کو یہ غلط فہمی نہیں ہونی چاہئے کہ مجاہدین نے دُنیا کے کفار پر اپنا اسلامی ضابطۂ حیات پیش کیا جو آج کی جنگ کا ذریعہ بنا، بلکہ مجاہدین دشمن کے پیش کردہ سیکولر جمہوری ضابطۂ حیات کے خلاف علماء حضرات کی سرپرستی میں نکلے ہیں، راستے میں پاکستان نے یہودی ضابطۂ حیات کے تحفظ کی خاطر مجاہدین کے ساتھ لڑنا شروع کیا، یہودی ضابطۂ حیات کے تحفظ کا فرنٹ لائن اتحادی بنا، علماء کرام کی قیادت میں مجاہدین کے اٹھائے ہوئے بندوق کا رخ زبردستی اپنی طرف پھیر دیا اور پاکستان نے امریکہ کی سرپرستی میں مجاہدین پر ایسے مظالم ڈھائے، بیوی، بچوں، رشتہ دار، گھربار کا ایسا ستیاناس کیا کہ مجاہدین کیلئے اسلامی ضابطۂ حیات کا تحفظ تو دور کی بات رہی خود پاکستان (جو کہ اپنے کو اسلامی ریاست کہتی ہے) سے اپنی جان مال، عزت وآبرو کا تحفظ مشکل پڑ گیا۔ نتیجتاً آج مجاہدین اپنی جان، مال، عزت وآبرو، ایمان اور اعمال کے تحفظ کی خاطر پاکستان کے خلاف لڑرہے ہیں۔

خلاصہ کلام:

ہم اسلامی ضابطۂ حیات سے اچھی طرح واقف ہیں، اس کی عالمگیریت سے بھی ہم اچھی طرح واقف ہیں، ہر فرد ہر مذہب کے حقوق کا اس ضابطہ میں تحفظ سے بھی واقف ہیں۔ بات اسلامی ضابطۂ حیات سے جہالت یا انحراف پر مبنی نہیں ہے، بلکہ کفری ضابطۂ حیات سے انکار اور پاکستان کے ظلم وستم سے جان چھڑانے اپنی جان، مال، ایمان اور اعمال کے تحفظ پر مبنی ہے۔ واللہ اعلم۔

اسلامی جمہوریہ پاکستان

کا تجزیہ

قیامِ پاکستان کا پس منظر:

قیام پاکستان کے پس منظر کا تجزیہ ہم اس لئے ضرور سمجھتے ہیں کہ آگے "پیغام پاکستان" کے متعلق رائے قائم کرنے کیلئے یہ ابتدائی مضامین تمہید کی حیثیت رکھتے ہیں اور اس تمہید میں تلبیس اصل مسئلے کے سمجھنے میں رکاوٹ بن سکتی ہے۔

آیئے! قیام پاکستان کے پس منظر پر روشنی ڈالتے ہیں۔

جنگِ عظیم اول کے بعد انگریزوں کو یقین ہوگیا کہ اب انہیں اس ملک سے جانا ہے، تو انہوں نے اپنی تیار کردہ سیاسی پارٹیوں کو اقتدار کی منتقلی شروع کی۔ اب صورت حال یہ ہوگئی تھی کہ قربانیاں تو مجاہدین، علماء اور دینی طبقہ دے رہے تھے، لیکن اس کے ثمرات گاندھی، نہرو، اور جناح اُٹھا رہے تھے۔

۱۸۵۷ء کی جنگِ آزادی کے بعد انگریز نے مسلمانوں اور ہندوؤں میں ایک طبقہ اپنا فکری ہمنوا بنالیا، اسی عمل (یعنی ہمنوا بنانے) کو تیز کرنے کیلئے لارڈ میکالے کا نظام تعلیم نافذ کیا جاچکا تھا۔ جس کا مقصد کالے فرنگی پیدا کرنا تھا، دوسری طرف سرسید احمد خان کا کردار بھی سامنے آیا جو مسلمانوں کو انگریزوں کا غلام بنانے اور مجاہدین کا مخالف بنانے پر تلے ہوئے تھے، علماء کی نظروں میں سرسید کی پیدا کردہ فکر اور اس کے نتیجے میں پیدا ہونے والا لادین اور جدت پسند طبقہ مسلمانوں کی متبادل قیادت بنتا جارہا تھا۔ لہٰذا اس میدان کو علماء خالی نہیں چھوڑ سکتے تھے، سرسید احمد خان انگریز سے مرعوب ایک طبقہ تیار کرچکا تھا۔ اس طبقے نے مسلمانوں میں جمہوری طرز کی سیاست کی بنیاد رکھی، مسلم لیگ کے نام سے ایسی پارٹی بن گئی جو مسلمانوں کو انگریزی نظام کے تحت چلانا چاہتی تھی۔ اس کے نتیجے میں مسلمانانِ ہند میں علیحدہ ریاست کا تصور اُبھرا جو بعد میں نظریۂ پاکستان سے مشہور ہوا۔

قطع نظر اس سے کہ یہ نظریہ چوہدری رحمت علی نے پیش کیا، یا ڈاکٹر اقبال مرحوم نے پیش کیا، یا حضرت مولانا اشرف علی تھانوی نے پیش کیا، یا یہ انگریز کا تیار کردہ فارمولا تھا۔ (یہ بات بھی قابلِ غور ہے کہ نظریۂ پاکستان ۲۳ مارچ ۱۹۴۰ء میں چوہدری رحمت علی نے پیش کیا، لیکن یہ بھی حقیقت ہے کہ اس تجویز سے دو تین سال قبل علامہ اقبال نے اپنے خطبہ الہ آباد میں پاکستان کا یہ تصور دیا تھا، لیکن حقیقت یہ ہے کہ ان دونوں سے بہت پہلے حضرت تھانوی رحمہ اللہ ایک الگ اسلامی ریاست کا اظہار کرچکے تھے، اس لیے تو آپ کو اس دور کے معاصر علماء کی سیاسی تحریکات سے کوئی دلچسپی نہ تھی، اور آپ دلیل میں فرماتے تھے کہ خطہ میں اسلامی ریاست ہو تمام ادارے فعال ہوں، جبکہ دوسری قوموں کے ساتھ مل کر کام کرتے ہوئے یہ نتائج کہاں حاصل ہوسکتے ہیں؟ آپ صاحب کی اس مشن کی طرف مولانا عبد

الماجد دریا آبادی اشارہ کرتے ہیں کہ جب ۱۹۲۸ء میں آپ سے پہلی ملاقات ہوئی تو آپ نے ہمیں ایک اسلامی ریاست کے قیام پر خاصی تفصیلی بریفینگ دی۔اور ساتھ ہی نظریۂ پاکستان کو عملی جامہ پہنانے میں آپ صاحب کا کردار روزِ روشن کی طرح واضح ہے۔جو اس نظریۂ پاکستان کو وجود بخشنے کی واضح دلیل ہے، جس کیلئے آپ کے خلفاء کی تن من دھن کی قربانی تاریخ کی کتابوں میں زیبِ قرطاس ہے۔(مستفاد علماء میدان سیاست میں صفحہ ۴۸۶)

بہرحال! یہ تبدیلی بھی اکابرین کے مشاہدے میں تھی اور اس بات پر بھی علماء کی نظر تھی کہ مسلم لیگ کی قیادت سیکولر نظریات رکھنے والے جدّت پسند انگریز سے مرعوب مسلمانوں کے ہاتھ میں ہے جو علی گڑھ تحریک کے پیداوار تھے۔

یہاں ہم اس موضوع کے متعلق مولانا حسین احمد مدنیؒ اور مولانا شبیر احمد عثمانیؒ اور مولانا مفتی محمد شفیع عثمانیؒ کے مابین اختلافِ رائے کا ذکر کئے دیتے ہیں۔

حضرت مولانا حسین احمد مدنیؒ کا موقف:

حضرت مولانا حسین احمد مدنیؒ تحریک شیخ الہند کے اہم ستونوں میں سے تھے،انہوں نے ساری زندگی مسلمانوں کی مرکزیت کو قائم رکھنے اور مسلمانوں کے ہندوستان میں دوبارہ غلبے کی جدوجہد میں گذاری تھی،ان کی نظروں میں انگریز ہی واحد قوت تھی جو پوری دُنیا کے مسلمانوں کے لئے خطرہ تھی،جبکہ ہندو نسبتاً کم خطرناک تھے،اس لئے حضرت کی نظر میں اگر انگریز کی قوت کم زور کر دی جائے تو مسلمانوں کو اپنی عظمت واپس مل سکتی ہے۔ان کی دوسری دلیل یہ تھی کہ تقسیمِ ہند سے سب نقصان مسلمانوں کو ہوگا اور ان کی طاقت تقسیم ہوکر رہ جائے گی۔ دوسری طرف اس سے ہندو کی طاقت بڑھ جائے گی،ان کی رائے میں اگر مسلمان متحدہ ہندستان میں اکھٹے رہیں گے تو ان کی طاقت اتنی زیادہ ہوجائیگی کہ ہندو ان کو نقصان نہیں پہنچاسکے گا،حضرت مدنیؒ کا خیال تھا کہ سب مسلمان ہجرت نہیں کرپائیں گے اور نہ ہی منصفانہ تقسیم کی توقع ہوسکتی ہے اور نہ ہی منصفانہ تقسیم کی تاریخ میں کوئی مثال ہے۔

حضرت مدنیؒ اس تحریک کو انگریز کا(Divide and role)پالیسی کا حصہ سمجھ رہے تھے اور انکی رائے میں نظریۂ پاکستان کو لے کر چلنے والی سرسید کے گروہ کے رہن سہن اور کردار سے واضح معلوم ہوتا ہے کہ یہ گروہ عقیدہ الولاءولبراء (کفار سے دوستی اور دشمنی سے قطعی نابلد ہے،جس کا منطقی نتیجہ یہ نکلے گا کہ جب بھی انہیں اقتدار حاصل ہوگا تو ان میں اور ہندوؤں میں عملاً کوئی فرق نظر نہ آئے گا،جس نظریہ کی بنیاد پر یہ اقتدار حاصل کررہے ہیں(کہ مسلمانوں کیلئے الگ اسلامی ریاست ہو)اقتدار کے حصول کے بعد اس کے خلاف چلیں گے،تقریبا ستر سال بعد آج حضرت مدنیؒ کی رائے اور خدشات ایسے کھل کر سامنے آئے کہ اب اس میں دو رائے نہیں۔

مولانا شبیر احمد عثمانیؒ اور مولانا مفتی محمد شفیع عثمانیؒ کا موقف:

یہ حضرات،حضرت مولانا حسین احمد مدنیؒ اور ان کے رفقاء کیساتھ اس حد تک متفق تھے کہ آزاد خیال مسلم لیگ سے نظریۂ پاکستان پر کماحقہ عمل کرنے کی توقع عبث ہے،مگر ان علماء حضرات کی سیاست وبصیرت یہ بھانپ چکی تھی کہ برطانیہ جاتے میں قیادت اس جدّت پسند اور کچھ سیکولر نظریات کے حامل طبقے کے حوالے کردیگی،لہٰذا ضرورت اس امر کی ہے کہ مسلم لیگ

کے ساتھ سیاسی عمل میں شریک رہاجائے، تاکہ حکومت میں نیابر سر اقتدار طبقہ اسلام کے مطابق حکومت چلانے پر مجبور کیاجاسکے۔ اس کی وجہ سے ان علماء حضرات نے نہ صرف نظریۂ پاکستان کی حمایت کی، بلکہ خود اس میں عملاً شریک ہوئے، اور اس کے حق میں فتویٰ جاری کرکے مسلمانوں کو بھی اس پر ابھارا۔ حضرت مولانااشرف علی تھانویؒ کے جون ۱۹۳۹ء کو مفتی محمد شفیع صاحب اور دیگر اکابرینِ دیوبند کے مشورے سے مسلم لیگ کی حمایت میں فتویٰ جاری کیا، جس میں نظریۂ پاکستان کو عقیدہ "الولاءوالبراء" کے مترادف گردانا، ان کے علاوہ مولاناشبیر احمد عثمانی اور مولانا ظفر احمد عثمانی تھانویؒ بھی اس موقف میں پیش پیش تھے اور مسلّم بات یہ ہے کہ پاکستان بننے میں ان علماء کے فتوے نے کام کیا۔

علماء کے اس اختلاف کے متعلق "نقش حیات" میں حضرت مولانا حسین احمد مدنیؒ نے اس مسئلے کو اجتہادی مسئلہ قرار دیاہے کہ اس کی مثال ایسی ہے کہ جیسے ایک گروہ مسجد ایک جگہ بناناچاہتاہو اور دوسرا گروہ دوسری جگہ۔ چنانچہ ایک گروہ کی بات مان لی جاتی ہے اور مسجد وہاں بن جاتی ہے۔ شیخ الحدیث مولانا زکریا صاحب نے بھی اس اختلاف کو اپنے ایک خط میں اجتہادی اختلاف ہی قرار دیاہے۔

خلاصہ کلام:

آج ۴فروی۲۰۱۸ءتک کے مشاہدے نے یہ ثابت کیا کہ نظریۂ پاکستان کے متعلق حضرت مولانا حسین احمد مدنیؒ کے جو خدشات تھے کہ "اسلامی جمہوریہ پاکستان" اسلام کے نام پر آزاد ہوگا مگر یہ جدّت پسند اور لادین طبقہ ملکِ خداداد میں اسلام نافذ نہیں ہونے دے گا، کہ یہ انگریز کاتربیت یافتہ طبقہ ہے اور اس بات کااقرار نظریۂ پاکستان کے حامیوں میں سے ایک اہم شخصیت مفتی محمد شفیع عثمانی صاحب مفتی اعظم پاکستان معارف القرآن کے جلد ا صفحہ ۶۵۱ پر کرچکے ہیں۔

مفتی صاحب تکمیلِ تفسیر کے دوران اپنی بیماری کاذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

"مگر اسی کے ساتھ ملک میں جدید انتخابات نے سیاسی ہنگاموں کاایک طوفان کھڑاکردیا، جس میں اگرچہ عرصۂ دراز سے میں سیاست سے بالکل یکسو ہوچکا تھا، مگر ان انتخابات نے پاکستان میں خالص اسلامی حکومت کے بجائے کمیونزم اور سوشلزم پھیل جانے کے خطرات قوی کردیئے اور سوشلزم کو عین اسلام باور کرانے کیلئے جدجہد اور جلسے جلوس عام ہوگئے۔ اس مسئلے کی نزاکت نے پھر اس پر آمادہ کیا کہ کم ازکم اسلام اور سوشلزم میں فرق اور سوشلزم کے خطرناک نتائج سے قوم کو آگاہ کرنے کی حد تک اس سیاسی میدان میں حصہ لیاجائے، اس کے لئے تحریری مقالے بھی لکھنے پڑے اور مشرقی ومغربی پاکستان کے اہم مواقع میں جلسوں میں شرکت بھی کرناپڑی۔ مسئلہ کی وضاحت تو مقدور بھر پوری ہوگئی، مگر سیاست کے میدان میں مسائل اور حقائق سے زیادہ "زوراورزر" کام کرتے ہیں، انتخابات کا نتیجہ بالکل خلاف اور برعکس نکلا، اس کے اثر سے پاکستان پر جوزوال آناتھا وہ آگیا۔﴿لِلّٰهِ الْاَمْرُ مِنْ قَبْلُ وَمِنْۢ بَعْدُ﴾ انتخابات کے بعد احقر نے پھر سیاست سے مستعفی ہوکر اپنا کام شروع کیا"۔

قیام پاکستان کے پس منظر کی توضیح سے صاف طور پر یہ بات معلوم ہوئی کہ آزادئ پاکستان کے پیچھے کئی نظریات برسر پیکار تھے جو آج تک پاکستان کو اپنے نظریے کے سانچے میں ڈھالنے کی کوششوں میں مصروف ہیں۔ اگرچہ بظاہر پاکستان اسلام کے نام پر ہی آزاد ہواہے۔۔۔ واللہ اعلم

۲-۲ قیام پاکستان کا تجزیہ

حقیقت یہ ہے کہ "پیغامِ پاکستان" منحرف شدہ مطالعۂ پاکستان پر مبنی ہے۔ تحقیق شدہ تاریخ کے تناظر میں "قیام پاکستان" کے متعلق ہمارا نظریہ یہ ہے کہ پاکستان اسلام کے نام پر وجود میں آیا ہے اور ایک اسلامی ریاست وہی ہوتی ہے کہ اس میں تمام انسانوں کی دُنیاوآخرت کے ہر قسم کے مسائل کا حل وقت کے تقاضوں کے مطابق موجود ہو۔ ہر مذہب، ہر طبقے، ہر ہر فرد کے اجتماعی اور انفرادی حقوق کا اس میں تحفظ ہو۔ مختصر یہ کہ شریعت کی روشنی میں پوری دُنیا کے لئے ایک رول ماڈل ہو۔ مگر حقیقت یہ ہے کہ پاکستان کے قیام کے بعد حصولِ پاکستان کے متعلق دھوکا بازی اور فریب کا پھندا کھل گیا، جس کی کچھ وضاحت پچھلے صفحات میں ہوئی۔

قیامِ پاکستان کا مطلب تین حصوں میں تقسیم ہوا:

تین طبقے حصول پاکستان کا الگ الگ مقصد بیان کرتا ہے، وہ متحدہ ایجنڈا خاک میں مل گیا۔ یہی وجہ تھی کہ پاکستان کے پہلے ۲۶ سال آئین کے بننے اور توڑنے میں صرف ہوئے، بھٹو کے زمانے کا ۱۹۷۳ء کا آئین زینتِ قرطاس بن چکا، قرار دادِ مقاصد کے اجراء موت کو دعوت دینے کے مترادف ہے کہ اسلامی دہشت گردی کی مٹی قرار داد مقاصد کے پانی سے گوندی ہوئی ہے، آج قیامِ پاکستان کا مقصد ایک متنازع مسئلہ بن چکا ہے، ایک طبقہ (جولادین سیکولر ذہنیت کا حامل ہے) پاکستان کو سوفیصد مغربی رنگ میں رنگنا چاہتا ہے، ان کے نزدیک سیکولر جمہوریت کے بغیر ترقی ناممکن ہے۔

دوسرا طبقہ:

دوسرا طبقہ اسلام جدّت پسند طبقہ ہے جو ماڈرن اسلام کا قائل ہے، یہ طبقہ اسلام کو تاویلات کا لبادہ پہنا کر مغربی تہذیب کے ساتھ ایڈجسٹ کرنا چاہتا ہے۔

تیسرا طبقہ:

راسخ العقیدہ اسلامی طبقہ ہے، وہ یہ کہتا ہے کہ پاکستان اسلام کے نام پر آزاد ہوا ہے، لہٰذا اس میں سوفیصد خالص اسلام نظام نافذ ہو گا۔

اس کے ساتھ ایک واضح حقیقت یہ ہے جس سے انکار کی گنجائش نہیں ہے کہ خارج میں پاکستان پر قبضہ اسٹیبلشمنٹ کا ہے، جو ملک اپنے بنائے ہوئے لائحہ عمل کے مطابق چلاتا ہے، اور سیاسی قوتوں کی نظریات کو اپنے لائحہ عمل پر پرکھتے ہیں۔ اسٹیبلشمنٹ اور ان کے لائحہ عمل کو سٹیفیکون نے اپنی کتاب "تخیّل پاکستان" میں ذکر کیا ہے کہ

اسٹیبلشمنٹ کوئی منتخب لوگوں کا طبقہ اور گروہ نہیں ہے، بلکہ یہ پاکستان کے بارے میں چند بنیادی اصولوں کے گرد اکھٹا ہونے والا گروہ ہے، جس میں پاکستان کی فوج سول انتظامیہ اور بااثر طبقے کے لوگ ہیں، ان کا یہ فیصلہ ہے کہ پاکستان کو اپنے بنائے ہوئے لائحہ عمل سے ہٹنے نہیں دیا جائے گا، چاہے کوئی بھی پارٹی برسر اقتدار آئے۔

ان میں سے چند اصولوں کا تذکرہ ہم یہاں پر کرتے ہیں، تاکہ قارئین حضرات کے سامنے یہ بات واضح ہو جائے کہ قراردادِ مقاصد ۷۳ آئین اور اسٹیبلشمنٹ کے بنائے ہوئے لائحہ عمل میں کس قدر تضاد ہے، اور اس تضاد کے ہوتے ہوئے پیغام پاکستان میں کئے گئے دعوے کی صحت کا ہم کیسے اقرار کریں کہ پاکستان جس مقصد کے لئے آزاد ہوا تھا اس سے انحراف نہیں ہوا ہے؟!

اسٹیبلشمنٹ کے لائحہ عمل کے چند نکات کا جائزہ:

(۱) پاکستان میں وطنی اسلام ضروری ہے، مگر شرعی اسلامی کو نہیں آنے دیا جائے گا، یعنی قرآن وسنت کو بالا دست نہیں ہونے دیا جائے۔

فائدہ ازراقم:

وطنی اسلام کا مطلب یہ ہے کہ پہلے پاکستان پھر اسلام، جس کا نعرہ پرویز مشرف نے برسر عام لگایا جب امریکہ کی طرف سے اس پر دباؤ پڑا۔

(۲) پاکستانی قوم تعلیم یافتہ نہیں، اس لئے اسے محدود جمہوریت کی اجازت دی جائیگی۔

فائدہ اسی وعدہ ہر طبقے کے حقوق کی پامالی کی صورت میں ہم کر رہے ہیں۔

(۳) امت مسلمہ کے مسئلوں کو اُٹھایا جائے گا، مگر اسلامی اصولوں پر نہیں، بلکہ ہمدردی اور حمایت کے طور پر اس لائحہ عمل کے کل اٹھارہ نکات ہیں، ہم نے یہاں قرار داد مقاصد اور قیام پاکستان کے مقصد میں کھلم کھلا حائل نکات کا تذکرہ کیا۔ یہی وجہ ہے کہ پاکستان لا قانونیت کا شکار ہے، جس کا رونا پاکستانی عوام بالعموم اور سیاسی جماعتیں بالخصوص رو رہے ہیں، اب تمہید کے تناظر میں پیغام پاکستان کے دعوی کو دیکھا جائے۔ یہی ہے ہمارے نزدیک قیام پاکستان کی حقیقت۔

۳-۲، اسلامی جمہوریہ پاکستان کی کامیابی کا تجزیہ

قارائین حضرات! جس چیز کا انتظامی ڈھانچہ ہی نامکمل ہو، انتشار کا شکار ہو، وہ منزل کی راہ کیسے طے کر سکتا ہے؟! اور ساتھ ساتھ جہاں جاہ ومنزل کے تعین ہی میں اختلاف ہو پھر تو کامیابی کا دعویٰ کرنے کو نہ معلوم کیا نام دیا جائے؟

جیسا کہ قیام پاکستان کے ذیل میں کچھ خاکہ گذر گیا اور قرار داد مقاصد اور ۱۹۷۳ء کے آئین پر اسلامی جمہوریہ پاکستان کی تعمیر کا حکمرانوں اور جرنیلوں کا دعویٰ معدوم چیز پر تعمیر کا خیالی خواب ہو سکتا ہے جو کہ اسٹیبلشمنٹ کے لائحہ عمل سے واضح ہے۔

اسلامی جمہوریہ پاکستان کامیابی نہیں بالکل تباہی کے دھانے پر ہے، اپنی دھوکا بازیوں اور غلط پالیسیوں کی بناء پر سخت انتشار کا شکار ہے۔

پاکستان کے اس انتشار اور تباہی کی پہلی وجہ نفاذ شریعت میں دھوکہ ہے۔ **دوسری** وجہ سیاست دانوں اور فوج کے درمیان اقتدار کی رسہ کشی ہے، **تیسری** وجہ اقتصادی صورت حال ہے، **چوتھی** وجہ امریکہ کے صف اول کا اتحاد بنا ہے۔

اس تباہی اور انتشار کی مختصر سی تشریح ہم قارئین حضرات کے سامنے ذکر کئے دیتے ہیں، دینی طبقہ سیکولر اور جدّت پسند حکمران طبقے سے نظریۂ پاکستان کی تشریح اور عدم نفاذِ شریعت کی بناء پر ناراض ہے۔ دوسری طرف سیاست دانوں کی آپس کی رسہ کشی بہت بڑھ جاتی ہے، تو فوج اس کی جگہ لے لیتی ہے، جب فوج بدنام ہونا شروع ہو جاتی ہے تو درباری سیاست دانوں کی پارٹی اس کی جگہ لے لیتی ہے۔ اس عمل کے مسلسل چلنے سے پاکستانی عوام کا اعتماد حکمران طبقوں پر سے ختم ہو چکا ہے، تیسری طرف پاکستان کی اقتصادی صورت حال اس قدرت خراب ہے کہ اس ملک کا غلام بن جانا کوئی انوکھی بات نہیں ہے، پاکستانی انفرادی طور پر بینکوں کے قرضے کے اوپر چل رہے ہیں۔ ان کے مکانات بینکوں کے قرضے پر بن رہے ہیں، ان کی گاڑیاں بینکوں کے قرضے پر چل رہی ہیں، ان کی اولاد بینکوں کے قرضے پر سکول کالج میں تعلیم حاصل کر رہی ہیں، ان قرضوں نے انفرادی طور پر بینکوں کا غلام بنا رکھا ہے، عوام بیچاروں کی ساری زندگی ان قرضوں کی ادائیگی میں گذر جاتی ہے۔ دوسری طرف سیاست دانوں کی کرپشن کی وجہ سے ملک آئی۔ ایم۔ ایف کا غلام بنا ہوا ہے، ان عوامل کی وجہ سے مہنگائی میں اضافہ ہوتا ہے اور عوام ظلم کی چکی میں پسے ہی چلے جاتے ہیں۔ ایک طرف امریکہ کی صف اول کے اتحاد بننے سے پاکستان میں جو فکری اور سیاسی تبدیلیاں پیدا ہوئیں ہیں اس سے انتشار میں اور بھی بہت زیادہ اضافہ ہوا۔ اور ایک اہم بات یہ ہے کہ پاکستان کی اس صورت حال سے امریکہ بھارت اچھی طرح واقف ہیں اور بھارت مشرقی پاکستان جیسے موقع کی تلاش میں ہے۔

یہ ہمارے ذکر کردہ حالات تصورات نہیں ہیں، ایک ایسی حقیقت ہے جس کا مشاہدہ عوام حضرات خود کر رہے ہیں، اب فیصلہ عوام خود ہی کیجئے کہ "اسلامی جمہوریہ پاکستان" کامیابی کی راہ پر گامزن ہے یا تباہی اور انتشار کی راہ پر؟

رہ گئی بات معصوم نوجوانوں کی گمراہی کی، جس کا الزام یہاں ہمارے اوپر لگایا گیا ہے، تو پہلی بات یہ ہے کہ ان نوجوانوں کو ہم گمراہ نہیں بلکہ راہ راست پر سمجھتے ہیں، آپ لوگوں کے ہاں جو گمراہی ہے یہ ہمارے نزدیک ان نوجوانوں کی دینی اور سیاسی شعور کی بیداری ہے، اور جس نظام اور ڈھانچے کی بات ریاست کرتی ہے ہمارے نزدیک پاکستان میں کوئی با قاعدہ نظام ہے ہی نہیں، بلکہ پاکستان میں لا قانونیت ہے، جس کا ذکر ہم پہلے کر چکے ہیں۔

یہ نوجوان پاکستان کے ظلم و بربریت، ناانصافی، دین دشمنی اور کفر کی دوستی کے نتیجے میں پاکستان کی مخالفت پر اُتر رہے ہیں، جس نوجوان کا سارا خاندان تم نے جیٹ طیاروں کی نظر کیا ہو وہ مخالفت ہی پر اُترے گا، جس نوجوان کی عزت، ابرو اور گھر بار سب کا تم نے ستیاناس کیا ہو وہ تیرے اوپر فدائی حملہ ہی کرے گا۔ ان زمینی حقائق کے نتیجے میں نوجوانوں کو ورغلانے، گمراہ کرنے کی کونسی بات ہے ؟ یہ نوجوان خود اپنے انتقام سے اچھی طرح واقف ہیں، ان کو ہماری ترغیب کی ضرورت نہیں پڑتی ہے۔

۳۔ ریاست پاکستان اور پاکستانی معاشرے کو درپیش مسائل کا تجزیہ

۱-۳۔ اسلامی ریاست کے خلاف جنگ:

قارئین حضرات! ہمارے اوپر بغاوت اور خارجیت کا فتویٰ لگانے سے یہ بات معلوم ہوئی کہ ریاست اور اہلیان ریاست کو آج تک ہمارے موقف کا علم ہی نہیں ہے۔ کیونکہ بغاوت اور خروج یہ ہے کہ جہاں اسلامی نظام نافذ ہو، حکومتِ عادلہ ہو، اس کے

خلاف کوئی شخص یا گروہ اسلحہ اُٹھائے۔ اور خوارج وہ ہیں جو کبائر (یعنی کبیرہ گناہوں) سے مسلمانوں کی تکفیر کرتے ہے، اور مسلمانوں کی جان مال سب کچھ جائز وحلال سمجھتے ہیں۔

فَالْبُغَاةُ هُمْ الْخَوَارِجُ، وَهُمْ قَوْمٌ مِنْ رَأْيِهِمْ أَنَّ كُلَّ ذَنْبٍ كُفْرٌ، كَبِيرَةً كَانَتْ أَوْ صَغِيرَةً، يَخْرُجُونَ عَلَى إمَامِ أَهْلِ الْعَدْلِ، وَيَسْتَحِلُّونَ الْقِتَالَ وَالدِّمَاءَ وَالْأَمْوَالَ بِهَذَا التَّأْوِيلِ، وَلَهُمْ مَنَعَةٌ وَقُوَّةٌ۔ (بدائع الضائع جلد ۷ صفحه ۱۴۰ فی بیان احکام البغاة)

اور حقیقت حال یہ ہے کہ ہم نے امام عادل کے خلاف اسلحہ نہیں اٹھایا ہے، اور نہ ہی پاکستانی حکمران امام عادل ہیں، اور نہ ہی ہم نے گناہ کو کفر کا معیار بنایا ہے، گناہ کے متعلق ہمارا وہی علماء دیوبند کا عقیدہ ہے کہ کسی گناہ کی وجہ سے ہم کسی کو کافر نہیں گردانتے ہیں، گناہ چاہے چھوٹا ہو یا بڑا اور تکفیر کے متعلق ہمارا وہی اکابرین دیوبند کا نظریہ ہے (جس کا ذکر اکفارالملحدین میں تفصیلاً ہوا ہے، یہاں گنجائش نہیں ہے) نہ ہی ہم نے مسلمانوں کی جان مال سب کچھ جائز سمجھا ہے، ہم ان چیزوں کو اپنے لئے حرام سمجھتے ہیں، اس لئے ہم عوامی مقامات پر حملے حرام سمجھتے ہیں، ہم نے پاکستان سے اپنی جان مال عزت وآبرو کی حفاظت شروع کر رکھی ہے، اپنے دفاع کی خاطر ہم پاکستان کے خلاف لڑرہے ہیں اور اس صورت میں دفاعی جنگ ہم افضل جہاد سمجھتے ہیں، کیونکہ آپ ﷺ فرماتے ہیں کہ

عَنْ سَعِيدِ بْنِ زَيْدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «مَنْ أُصِيبَ دُونَ مَالِهِ فَهُوَ شَهِيدٌ، وَمَنْ قُتِلَ دُونَ أَهْلِهِ فَهُوَ شَهِيدٌ، وَمَنْ قُتِلَ دُونَ دِينِهِ فَهُوَ شَهِيدٌ، وَمَنْ قُتِلَ دُونَ دَمِهِ فَهُوَ شَهِيدٌ» /الكتاب: السنة ج۱ص۱۸٦، كذا فی صحيح البخاری)

لہٰذا ہم یہ کہتے ہیں کہ یہ سارا مضمون ہی موجود جنگ سے ناواقفیت پر مبنی ہے۔ بغاوت، خروج اور دفاع میں زمین وآسمان کا فرق ہے۔

اس لئے ہم مقدمے میں عرض کر چکے ہیں کہ "پیغام پاکستان" ان جید علماء کی طرف سے نہیں ہے جن کے اسمائے گرامی اس مکتوب پر درج ہیں، بلکہ اسٹیبلشمنٹ کا خود لکھا ہوا مفروضہ ہے، جس کے ذریعے آج تک لڑی ہوئی پرائی جنگ پر پردہ ڈالنے کی ناکام کوشش ہورہی ہیں۔

اور یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ جنہوں نے عوام کا خون مباح سمجھا تھا ان کے اموال کو اپنے لئے جائز تصور کیا تھا وہ ریاست پاکستان کا تربیت یافتہ طبقہ تھا، جو دور حاضر میں پاکستان ہی کی گود میں بیٹھا ہوا ہے، جنہوں نے آج تک پاکستان کو کفری ملک کہا تھا وہ آج پاکستان ہی کی نمک کھارہا ہے۔

خلاصہ کلام:

ریاست کے خلاف جنگ نہیں ہے، بلکہ اپنے دفاع کی جنگ ہے، اس توضیح کے بعد کہ مجاہدین اور قبائلی عوام کے خلاف حکمرانوں کا ظلم روز روشن کی طرح واضح ہے پھر بھی اس ظالم حکمرانوں کے ساتھ مل کر اس مظلوم عوام کے خلاف لڑنا اور اپنے دفاع کی خاطر لڑنے والے مجاہدین کے خلاف لڑنا شریعت ہو، ثواب کا کام ہو، پھر تو سارے عوام ہمارے خلاف بسم اللہ کریں، اگرچہ آج ان مظلوموں کے ساتھ مل کر ان ظالم حکمرانوں کے خلاف لڑنا ہی شرعی حکم ہے۔ واللہ اعلم۔

۲-۳،ریاستی اداروں اور عوام الناس کے خلاف دہشت گردی

اس کی توضیح بھی سابقہ مضمون میں ہوگئی کہ ریاستی ادارے خود امریکہ کے ایماء پر عوام کے خلاف لڑرہے ہیں، دشمن کے خلاف برسرِ پیکار مجاہدین کو زبردستی اپنی طرف متوجہ کررہے ہیں، مجاہدین کو اپنے دفاع پر مجبور کررہے ہیں اور عوام الناس کا بھی خود ہی ستیاناس کررہے ہیں۔

۳-۳فرقہ پرستی اور تکفیریت کا رجحان:

فرقہ پرستی (جس کی شریعت میں گنجائش نہ ہو)اور تکفیری رجحانات کے متعلق ہم اپنا موقف بیان کرچکے ہیں کہ یہ چیزیں ہمارے نزدیک اسلام وحدت اور احیائے خلافت کی راہ میں خطرناک رکاوٹ ہیں،اس کے ہم قائل نہیں ہیں۔یہ رجحانات پاکستان کی پالیسی کا حصہ ہیں،موقع بموقع ان چیزوں کو یہ خود ہی ہوا دیتی ہے،جس طرح تحریک طالبان پاکستان کو بدنام کرنے کیلئے اس رجحان کے حامل لوگوں کو شامل کیا،اس کو ہوا دی،کام نکالنے پر اپنے ٹولے کو واپس گود میں بیٹھالیا،اب ہماری صَف ان رجحانات سے بفضل اللہ پاک ہے۔لہٰذا ریاست کے عدم استحکام کا باعث حکومت خود ہے۔

۴-۳جہادی کی غلط تشریح کا تجزیہ

آیئے!ہم جہاد کی وہ تشریح جس کو علماء کرام نے ہمیں سمجھا کر جہاد پر اُبھارا تھا کئے دیتے ہیں،پھر اہلیان پاکستان ہی فیصلہ کریں(کیونکہ "پیغام پاکستان" عوامی ذہن سازی کیلئے مرتب کیا گیا ہے)کہ اگر ہم نے اس متفقہ تشریح کے خلاف جہاد کیا ہے،پھر تو ہم ملامت کے قابل ہیں اور اگر درست جہاد کیا ہے،علماء کرام کی راہنمائی میں جہاد کیا ہے،پھر ہماری قربانیوں کا احترام کیا جائے۔

تفصیل ملاحظہ ہو:جب روس نے افغانستان پر حملہ کیا تو علماء کرام نے پاکستان اور امریکہ کا اس جنگ میں مداخلت کے باجود جہاد قرار دیا،یہاں تک کہ روس کو شکست ہوئی،پھر جب امریکہ نے خود افغانستان پر حملہ کیا تو اس وقت پس منظر یہ تھا کہ ہم میں سے اکثر مدرسوں میں زیرِ تعلیم تھے،کچھ اس وقت تعلیم سے فارغ ہوچکے تھے،کچھ روزمرہ زندگی کے کاموں میں مصروف تھے کہ ان حضرات نے امریکہ کے خلاف جہاد پر ہمیں ابھارا اور فرمایا کہ امارت اسلامی پر حملہ کی صورت میں دفاعی طور پر یہ جہاد ہم سب پر فرض عین ہوچکا ہے۔درجِ ذیل فقہی عبارات سے استدلال فرمایا کرتے تھے :

فاما اذا عم النفير بأن هجم العدو على بلد فهو فرض عين، يفترض على كل واحد من احد المسلمين ممن هو قادر عليه۔ (بدائع الصنائع، باب كيفية القتال)

وتارة يكون فرض عين، وذالک اذا هجموا علينا فيجب على المهجوم عليهم قتالهم ومدافعتهم، فان كان فيهم كفاية سقط عن باقي المسلمين، وان لم تكن فيهم كفاية فيجب على اقرب الناس اليهم، فان عجزوا فعلى من يليهم، حتى يفترض على هذ التدريج على كل المسلمين شرقا وغربا۔ الخ (ص٤٨)

هكذا في مبسوط للسرخسي كتاب السير۔مأخوذ از مكتبه شاملة۔

هكذا في الشامية ص ١٢٤ ج ٤،

اس وقت ان علماء حضرات نے اس نکتے کو نہیں چھیڑا کہ جنگ یا جہاد ریاست کا کام ہوتا ہے، ریاست کی اجازت کے بغیر جہاد درست نہیں ہے، بلکہ "**علی کل مسلم**" سے استدلال کرکے ہر فرد پر جہاد فرض عین قرار دیا کرتے تھے، اور یہی ریاست بھی موجود تھی، ریاست کے منہ پر خاموشی کا مہر لگا ہوا تھا۔ اس وقت علماء سے یہ نکتہ پوچھنے پر یہی جواب ملتا تھا کہ جو ریاست خود فرنٹ لائن اتحادی ہو، کفر کی صف اول کی سپاہی ہو وہ اس دشمن کے خلاف جہاد کا اعلان کیسے کریگی؟

اسی طرح مولانا الیاس گھمن صاحب اپنی کتاب "جہاد فی سبیل اللہ اور اعتراضات کا عملی جائزہ " کے صفحہ نمبر ۱۹۲ پر رقمطراز ہے: دفاعی جہاد، یعنی جبکہ مسلمانوں کے کسی خطے پر کفار نے تجاوز کی تو اس قسم کیلئے کوئی شرط نہیں، نہ حکومت کی شرط، نہ دعوت، نہ اجازت والدین وغیرہ۔

اسی طرح مولانا زاھد الرشدیؒ کا ایک اقتباس ذکر کئے دیتا ہوں جو (اوصاف اخبار) میں شائع ہونے والا کالم "نوائے قلم" میں ذکر کیا گیا تھا:

کسی جنگ کے جہاد ہونے کا پہلا درجہ یہ ہے کہ باقاعدہ اسلامی ریاست قائم ہو اور امیر المؤمنین کی طرف سے جہاد کا اعلان کیا جائے، لیکن جہاں اسلامی ریاست قائم اور موجود نہ ہو یا مسلم حکمران خود غیر مسلمان حملہ آور قوتوں نے یرغمال بنایا ہو، وہاں اعلان جہاد کا یہ فریضہ علماء کرام کی طرف منتقل ہوجاتا ہے، جیسے اقامت صلوٰۃ، امامت جمعہ وعیدین، نکاح، طلاق وغیرہ۔ اس طرح جہاں مسلم حکومت موجود نہ ہو یا موجو ہو اور کافروں کے نرغے میں ہو اور اس وقت کے مغروضی حالات جہاد کا تقاضا کرتے ہوں تو علماء کا فرض بن جاتا ہے کہ وہ اس خلا کو پُر کریں۔

اب تو پاکستان میں نہ شرعی حکومت ہے اور خود ہی امریکہ کی چھاونی بنا ہوا ہے، تو اس صورت حال میں ہم نے شرعی مسئلے کے مطابق علماء کی قیادت میں اُن کے فتوے سے جہاد شروع کیا۔ اب اس میں جہاد کی غلط تشریح کی کونسی بات ہوئی؟

پھر جب امریکی دباؤ کے تحت یہی مجاہدین ریاستِ پاکستان کے نزدیک دہشت گرد بنے، اور نیتجتاً وانہ میں آپریشن شروع کیا، پھر بھی پانچ سو علماء کرام نے فتویٰ جاری کیا کہ وانہ وزیرستان میں آپریشن حرام ہے۔

ذیل میں وانہ فتویٰ ملاحظہ ہو:

۱

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وانا آپریشن کے بارے میں پاکستان کے علماء کا متفقہ فتویٰ

۲

جواب:

الجواب باسم ملهم الصواب

(۱) موجودہ حالات میں پاکستانی فوج کا وانا (وزیرستان) میں مجاہدین اور ان کے حامی مسلمانوں کے خلاف دہشت گردی ختم کرنے کے نام پر کاروائی کر کے ان کو گرفتار کرنا یا ان کو قتل کرنا، کرانا قرآن وسنت کی صریح نصوص کے خلاف ہونے کی وجہ سے ناجائز وحرام اور سخت گناہ ہے، خواہ یہ کاروائی امریکہ کے شدید دباؤ کی وجہ سے ہو یا بغیر دباؤ کے ہو، دونوں صورتوں میں کافروں کو خوش کرنے کے لئے مسلمانوں کے خلاف کسی قسم کی کاروائی، خواہ وہ ان کو شہید کرنے کی صورت میں ہو یا ان کو گرفتار کر کے کسی کافر کے حوالے کرنے کی صورت میں، متعدد آیات واحادیثِ مبارکہ اور عباراتِ فقہاء کی روشنی میں ناجائز اور حرام ہے۔ ان صریح آیات کی پیش نظر شریعت نے کسی مسلمان کے لئے کسی دوسرے مسلمان کے خلاف کاروائی کو ناجائز قرار دیا ہے۔ نیز اگر مسلمانوں کو یہ اندیشہ بھی ہو کہ اگر ہم نے غیر مسلموں کا یہ مطالبہ نہیں مانا تو غیر مسلم خود ہمیں قتل کر ڈالیں گے یا کسی شدید نقصان کے اندر مبتلا کر دیں گے تب بھی ان کا یہ مطالبہ ماننا مسلمانوں کے لئے جائز نہیں۔

(۲) حاکمِ وقت کے کسی ایسے حکم کو ماننا اور اس کی اطاعت کرنا جو شریعت کے خلاف ہو ہرگز جائز نہیں، حرام ہے۔ لہٰذا حاکمِ وقت اگر کسی بے گناہ کے قتل یا گرفتار کرنے کا اپنی رعایا یا اپنی فوج کو حکم دے تو اس حکم کی تعمیل ہرگز جائز نہیں۔ وانا میں مسلمانوں کے خلاف حکومتی کاروائی چونکہ شریعت کے خلاف ہے اس لئے فوج کیلئے اس کاروائی میں شریک ہونا جائز نہیں۔ لہٰذا مسلمان فوجیوں پر لازم ہے کہ وہ اپنے مسلمان بھائیوں کے خلاف اس قسم کی کسی بھی کاروائی میں شریک ہونے سے انکار کر دیں ورنہ وہ بھی اس جرم میں برابر کے شریک ہوں گے۔

۳

(۴) ایسے تمام افراد جوان ظالمانہ فوجی کاروائیوں میں مارے جائیں چونکہ شرعاً وہ معصوم اور بے گناہ ہیں لہٰذا شرعاً وہ شہید ہوں گے۔ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی:

(۱) وَمَنْ یَّقْتُلْ مُؤْمِنًا مُّتَعَمِّدًا فَجَزَآؤُہٗ جَھَنَّمُ خٰلِدًا فِیْھَا وَغَضِبَ اللّٰہُ عَلَیْہِ وَلَعَنَہٗ وَاَعَدَّ لَہٗ عَذَابًا عَظِیْمًا(النساء:۹۳)

(رہا وہ شخص جو کسی مومن کو جان بوجھ کر قتل کرے تو اس کی جزا جہنم ہے جس میں وہ ہمیشہ رہے گا۔اس پر اللہ کا غضب اور اس کی لعنت ہے اور اللہ نے اس کے لئے سخت عذاب مہیا کر رکھا ہے)

(۲) یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا عَدُوِّیْ وَعَدُوَّکُمْ اَوْلِیَآءَ تُلْقُوْنَ اِلَیْھِمْ بِالْمَوَدَّۃِ وَقَدْ کَفَرُوْا بِمَا جَآءَکُمْ مِّنَ الْحَقِّ (الممتحنہ: ۱)

(اے لوگو جو ایمان لائے ہو! تم میرے اور اپنے دشمنوں کو دوست نہ بناؤ، تم ان کے ساتھ دوستی کی طرح ڈالتے ہو، حالانکہ جو حق تمہارے پاس آیا ہے اس کو ماننے سے وہ انکار کر چکے ہیں)

(۳) بَشِّرِ الْمُنٰفِقِیْنَ بِاَنَّ لَھُمْ عَذَابًا اَلِیْمَا . الَّذِیْنَ یَتَّخِذُوْنَ الْکٰفِرِیْنَ اَوْلِیَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِیْنَ اَیَبْتَغُوْنَ عِنْدَھُمُ الْعِزَّۃَ فَاِنَّ الْعِزَّۃَ لِلّٰہِ جَمِیْعًا (النساء:۱۳۸، ۱۳۹)

(اور جو منافق اہلِ ایمان کو چھوڑ کر کافروں کو اپنا رفیق بناتے ہیں انہیں یہ مژدہ سنا دو کہ ان کے لئے دردناک سزا تیار ہے۔کیا یہ لوگ عزت کی طلب میں ان کے پاس جاتے ہیں؟ حالانکہ عزت تو ساری کی ساری اللہ ہی کے لئے ہے)

(۴) وفی الحدیث عن البراءؓ بن عازب ان النبیﷺ قال:لزوال الدنیا وما فیھا اھون عند اللّٰہ تعالیٰ من قتل مؤمن ولو ان اھل السمٰوٰت واھل الارض اشترکوا فی دم مؤمن لا دخلھم اللّٰہ تعالیٰ النار(روح المعانی،جلد:۳،ص:۱۱۶)

۴

(حدیث میں حضرت براءؓ بن عازب سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ: دنیا و ما فیہا کا تباہ ہونا اللہ تعالیٰ کے نزدیک ایک مومن کے قتل کئے جانے سے زیادہ ہلکی بات ہے۔ اگر آسمانوں اور زمین والے ایک مومن کے قتل میں شریک ہوں تو اللہ تعالیٰ ان سب کو جہنم میں پھینک دے گا)

(۵) عن ابن عمرؓ ان رسول اللہ ﷺ قال :المسلم اخو المسلم لا یظلمه و لا یسلمه(الی عدوه)الخ (متفق علیه،ریاض الصالحین:۱۰۸)

(حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:مسلمان مسلمان کا بھائی ہے نہ وہ اس پر ظلم کرتا ہے اور نہ وہ اسے اس کے دشمن کے حوالے کرتا ہے.....)

(۶) وفی احکام القرآن للجصاص(۲/۴۰۶) وهذا یدل علی انه غیر جائز للمومنین الا ستنصار بالکفار علی غیرهم من الکفار اذ کانوا متی غلبوا کان حکم الکفر هو الغالب

(احکام القرآن للجصاص میں درج ہے کہ: یہ بات دلالت کرتی ہے کہ مومنوں کے لئے کافر دشمنوں کے مقابلے میں دیگر کافروں کی مدد طلب کرنا ایسی حالت میں جائز نہیں جب (یہ معلوم ہو کہ) فتح یاب ہونے کی صورت میں کافروں کی حکومت غالب آجائے گی)

(۷) عن ابن عمرؓ قال قال رسول اللہ ﷺ :السمع و الطاعة علی المرء المسلم فیما احب و کره حق مالم یؤمر بمعصیة فان امر بمعصیة فلا سمع و لا طاعة (بخاری، جلد:۱ص:۴۱۵)

(حضرت ابنِ عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:مسلمان کیلئے امیر کی بات سننا اور ماننا ضروری ہے خواہ اس کی بات اسے پسند ہو یا ناپسند ہو، بشرطیکہ وہ کسی نافرمانی کا حکم نہ دے۔ پس اگر وہ معصیت کا حکم دے تو نہ بات سنی جائے، نہ مانی)

(۹) وفی شرح السیر جلد:۳،ص:۲۴۲ :وان قالوا لهم قاتلوا معنا

۵

المسلمین والا قتلناکم لم یسعهم القتال مع المسلمین لان ذلک حرام لعینه فلا یجوز الا قدام علیه بسبب تحدید بالقتل کما لو قال له اقتل هذا المسلم والا قتلتک.

(شرح السیر میں عبارت اس طرح ہے: جب کفار کہیں کہ ''ہمارے ساتھ مل کر مسلمانوں سے لڑو ورنہ ہم تمہیں قتل کر دیں گے'' تو مسلمانوں کیلئے جائز نہیں کہ کفار سے مل کر مسلمانوں کو قتل کریں اس لئے کہ یہ حرام لعینہ (بالذات حرام) ہے، چنانچہ قتل کی دھمکی کے باوجود اس قسم کا اقدام حرام ہے..... بالکل اسی طرح جیسے یہ جائز نہیں کہ اگر کسی مسلمان فرد کو دھمکی دی جائے کہ ''فلاں مسلمان کو قتل کرو ورنہ میں تمہیں قتل کر دوں گا'' اور وہ عملاً ایسا کر گزرے)

(۱۰) **وکذٰلک من عدا علی قوم ظلما فقتلوه لا یکون شهیدا لانه ظلم نفسه.** (بدائع، جلد: ۲ ص: ۶۶)

(اسی طرح.....وہ شخص جس نے کسی گروہ کے خلاف ظالمانہ طور پر چڑھائی کی اور ان لوگوں نے اس (حملہ آور) شخص کو قتل کر ڈالا تو وہ (مقتول) شہید نہیں کہلائے گا کیونکہ وہ اپنی جان پر ظلم کرتے ہوئے مرا)

(۱۱) **ومن قتل مدافعا عن نفسه اوماله اوعن المسلمین او اهل الذمة بایّ آلة قتل، بحدید اوحجر او خشب فهو شهید، کذا فی محیط السرخسی** (هندیه، جلد:۱، ص: ۱۶۸)

(جو شخص اپنی جان، مال، مسلمانوں یا اہلِ ذمہ کا دفاع کرتے ہوئے قتل ہو جائے تو وہ شہید ہے، خواہ وہ کسی بھی آلۂ قتل.....لوہے پتھر، لکڑی وغیرہ.....سے قتل ہوا ہو)

واللّٰه اعلم با لصواب

عبدالدیان عفا اللّٰه عنه

دارالافتاء، مرکزی جامع لال مسجد (اسلام آباد)

٦

اس فتوے پر پاکستان بھر کے مختلف مکاتبِ فکر سے تعلق رکھنے والے ۵۰۰ سے زائد مفتیانِ عظّام، علمائے کرام اور شیوخ الحدیث کے دستخط ثبت ہیں۔ جگہ کی کمی کی وجہ سے صرف چند علماء کے نام و دستخط ذیل میں دیئے جا رہے ہیں:

(۱) مولانا مفتی نظام الدین شامزئ شہیدؒ، شیخ الحدیث جامعہ بنوریؒ ٹاون، کراچی۔

(۲) مولانا ظہور الحق صاحب، مدیر دار العلوم معارف القرآن، مدنی مسجد، حسن ابدال۔

(۳) مولانا عبد السلام صاحب، شیخ الحدیث اشاعت القرآن، حضرو، اٹک۔

(۴) قاری چن محمد، مدرس اشاعت القرآن، حضرو۔

(۵) مفتی سیف اللہ حقانی صاحب، رئیس دار الافتاء، دار العلوم حقانیہ، اکوڑہ خٹک، نوشہرہ۔

(۶) مولانا عبد الرحیم صاحب، خطیب جامع مسجد ۳۳، جنوبی سرگودھا۔

(۷) فتح محمد صاحب، مدیر جامعہ صدیقیہ، واہ کینٹ۔

(۸) مولانا ڈاکٹر عبد الرزاق سکندر صاحب، مہتمم جامعہ بنوریؒ ٹاون، کراچی۔

(۹) مفتی حمید اللہ جان صاحب، جامعہ اشرفیہ، لاہور۔

(۱۰) مفتی شیر محمد صاحب۔

(۱۱) مفتی زکریا صاحب، دار الافتاء جامعہ اشرفیہ، لاہور۔

(۱۲) مولانا محمد اسحاق صاحب، مہتمم مدرسہ تدریس القرآن وخطیب مرکزی جامع لالہ رخ، واہ کینٹ۔

(۱۳) مولانا عبد القیوم حقانی صاحب، عظیم سکالر و مہتمم جامعہ ابو ہریرہؓ زڑہ میانہ، نوشہرہ۔

(۱۴) مفتی حبیب اللہ صاحب۔ دار الافتاء والارشاد ناظم آباد، کراچی۔

(۱۵) مولانا محمد صدیق صاحب، مہتمم جامعہ تعلیم القرآن مدنی مسجد، لائق علی چوک، واہ کینٹ۔

(۱۶) مولانا عبد المعبود صاحب، جامع مسجد پھولوں والی، رحمٰن پورہ، راولپنڈی۔

(۱۷) قاری سعید الرحمٰن صاحب، مدیر جامعہ اسلامیہ صدر، راولپنڈی۔

(۱۸) قاضی عبد الرشید صاحب، مہتمم دار العلوم جامعہ فاروقیہ، دھمیال کیمپ، راولپنڈی۔

(۱۹) مولانا محمد صدیق اخونزادہ صاحب، ایم این اے۔

۷

(۲۰) مفتی ریاض احمد صاحب، دارالافتاء دارالعلوم تعلیم القرآن، راجہ بازار، راولپنڈی۔

(۲۱) مولانا محمد عبدالکریم صاحب، مدیر جامعہ قاسمیہ، ایف سیون فور، اسلام آباد۔

(۲۲) مفتی محمد اسماعیل طوروصاحب، دارالافتاء جامعہ اسلامیہ، صدر، راولپنڈی۔

(۲۳) مولانا محمد شریف ہزاروی صاحب، خطیب جامع مسجد دارالاسلام، جی سکس ٹو، اسلام آباد۔

(۲۴) مولانا فیض الرحمٰن عثمانی صاحب، رئیس ادارۂ علوم اسلامیہ، سترہ میل، بہارہ کہو، اسلام آباد۔

(۲۵) مولانا عبداللہ حقانی صاحب، شیخ الحدیث مدرسہ وجامعہ خدیجۃ الکبریٰؓ، اسلام آباد۔

(۲۶) مولانا محمود الحسن طیب صاحب، مفتی مدرسہ نصرۃ العلوم، گوجرانوالہ۔

(۲۷) مولانا محمد بشیر سیالکوٹی صاحب، مدیر معهد اللغة العربية ومدیر بیت العلم، اسلام آباد۔

(۲۸) مولانا وحید قاسمی صاحب، جنرل سیکرٹری عالمی مجلس ختم نبوت ومدیر مدرسہ فاروقیہ، اسلام آباد۔

(۲۹) مولانا ڈاکٹر شیر علی شاہ صاحب، شیخ الحدیث دارالعلوم حقانیہ، اکوڑہ خٹک، نوشہرہ۔

(۳۰) مولانا مفتی مختارالدین صاحب، کربوغہ شریف، خلیفۂ مجاز شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا کاندھلوی۔

(۳۱) مولانا فضل محمد صاحب، استادالحدیث جامعہ بنوریؒ ٹاون، کراچی۔

(۳۲) مولانا سعید اللہ شاہ صاحب۔ استادالحدیث۔

(۳۳) مولانا سبحان اللہ صاحب، مفتی جامعہ امدادالعلوم، صدر، پشاور۔

(۳۴) مولانا محمد قاسم ابن مولانا محمد امیر بجلی گھر، پشاور۔

(۳۵) مفتی غلام الرحمٰن صاحب، رئیس دارالافتاء جامعہ عثمانیہ، صدر، پشاور۔

(۳۶) مولانا مفتی سید قمر صاحب، دارالافتاء دارالعلوم سرحد، دارالعلوم آسیا گیٹ، پشاور۔

(۳۷) مولانا محمد امین اورکزئی، شاھووام، ہنگو۔

(۳۸) مولانا شیخ الحدیث محمد عبداللہ صاحب۔

(۳۹) مفتی دین اظہر صاحب۔

(۴۰) مولانا مفتی عبدالحمید دینپوری صاحب۔

(۴۱) مفتی ابوبکر سعید الرحمٰن صاحب۔



(۴۲)مفتی محمد شفیق عارف صاحب۔

(۴۳)مفتی انعام الحق صاحب۔

(۴۴)مفتی عبدالقادر، جامعہ بنوریؒ ٹاون، کراچی۔

(۴۵)مولانا سید سلیمان بنوری صاحب، نائب مہتمم جامعہ بنوریؒ ٹاون، کراچی۔

(۴۶)مفتی جمال احمد صاحب، دارالعلوم فیصل آباد۔

(۴۷)مولانا محمد زاہد صاحب، جامعہ امدادیہ، فیصل آباد۔

(۴۸)پیر سیف اللہ خالد صاحب، مدیر جامعہ المنظور الاسلامیہ، لاہور۔

(۴۹)مولانا عزیز الرحمٰن صاحب، مفتی جامعہ المنظور الاسلامیہ، لاہور۔

(۵۰)مولانا احمد علی صاحب مدرسہ الحسنین، گرین ایریا، فیصل آباد۔

(۵۱)مفتی محمد عیسیٰ صاحب، دارالعلوم اسلامیہ، کامران بلاک، لاہور۔

(۵۲)مولانا رشید احمد علوی صاحب، مدیر دارالعلوم اسلامیہ۔

(۵۳)قاضی حمید اللہ صاحب (ایم۔این۔اے)، مرکزی جامع مسجد شیراں والا باغ، گوجرانوالہ۔

(۵۴)مولانا فخر الدین صاحب، جامعہ اشرف العلوم، گوجرانوالہ۔

(۵۵)مفتی عبدالدیان صاحب، مفتی مرکزی جامع مسجد، اسلام آباد۔

(۵۶)مفتی محمد فاروق صاحب، رئیس دارالافتاء جامعہ فریدیہ، اسلام آباد۔

(۵۷)مولانا محمد عبدالعزیز صاحب، خطیب مرکزی جامع مسجد، اسلام آباد۔

(۵۸)مفتی سیف الدین صاحب، جامعہ محمدیہ، ایف سکس فور، اسلام آباد۔

۹

مفتی نظام الدین شامزئی شہیدؒ کا فتویٰ:

اگر کسی فوجی کو ایک مسلمان کے قتل اور ''پھانسی یا کورٹ مارشل'' کے درمیان فیصلہ کرنا پڑ جائے تو اللہ تعالیٰ کے قانون میں اس کیلئے اخروی لحاظ سے آسان، سہولت دہ اور جائز یہی ہے کہ وہ اپنے لئے ''کورٹ مارشل'' اور ''تختۂ دار'' کا راستہ اختیار کرلے۔

کوہاٹ کے مفتیان کا فتویٰ:

''شریعت کی رو سے مسلمانوں کے خلاف لڑنے والے فوجی اللہ تعالیٰ اور اسکے رسول ﷺ کے باغی ہیں اور انکا مرنا حرام موت ہے اور ان کا حکم ''قطّاع الطریق'' یعنی راہزن اور ڈاکو کا ہے۔ نمازِ جنازہ کیلئے جو حکم راہزن اور ڈاکو کا ہے وہی ان کا ہے۔''

دارالعلوم اکوڑہ خٹک کے مفتیانِ کرام کا فتویٰ:

''فقہ کی معتبر اور مشہور کتب درمختار و ردمختار میں ہے کہ عصبی پر نمازِ جنازہ نہیں پڑھائی جائے گی۔''

تو پاکستانی فوج کے حد سے بڑے ہوئے مظالم کے نتیجے میں اس فتوے کی روشنی میں ہم نے امریکہ کو چھوڑ کر پاکستانی ظالم وجابر حکمرانوں اور فوج سے اپنا دفاع شروع کیا، جو آج تک جاری ہے۔

اہلیانِ پاکستان ہی کو ہم ثالث بناتے ہیں کہ اس میں جہاد کی غلط تشریح کی کونسی بات ہے؟ ان علماء حضرات کے جہاد کی تشریح کی روشنی میں ہم نے آج تک جہاد کیا اور کرتے رہیں گے، اور دفاعی قوت حاصل کرنے کیلئے ہم شرعی دائرے کے اندر رہتے ہوئے ہر ممکن قوت کے حصول کے مجاز ہیں، کیونکہ اللہ تعالیٰ کی فرمان ہے:

﴿وَاَعِدُّوْا لَهُمْ مَّا اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ قُوَّةٍ وَّمِنْ رِّبَاطِ الْخَيْلِ تُرْهِبُوْنَ بِهٖ عَدُوَّ اللّٰهِ وَعَدُوَّكُمْ وَاٰخَرِيْنَ مِنْ دُوْنِهِمْ ۚ لَا تَعْلَمُوْنَهُمْ ۚ اَللّٰهُ يَعْلَمُهُمْ ۭ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ شَيْءٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ يُوَفَّ اِلَيْكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تُظْلَمُوْنَ﴾ (انفال ۶۰)

فيه ست مسائل:

الأولى: قوله تعالى : {وَأَعِدُّوا لَهُمْ} أمر الله سبحانه المؤمنين بإعداد القوة للأعداء بعد أن أكد تقدمة التقوى۔ فإن الله سبحانه لو شاء لهزمهم بالكلام والتفل في وجوههم وبحفنة من تراب، كما فعل رسول الله صلى الله عليه وسلم۔ (الجامع لأحكام القرآن للقرطبي المتوفى: ٦٧١ هـ ج٨ص٣٥)

خلاصہ کلام:

''پیغام پاکستان'' میں ''جہاد کی غلط تشریح'' کا عنوان عوام کی نگاہ سے موجودہ جنگ کی حقیقت کو اوجھل کرنے کی ناکام کوشش ہے۔

۵-۳۔ امر بالمعروف کے عنوان سے قانون اپنے ہاتھ میں لینے کا رجحان:

چونکہ یہاں علمیت کا اظہار مقصود نہیں، بلکہ "پیغام پاکستان" کے یک طرفہ رُخ کا دوسرا حصہ عوام کے سامنے لاکر عوام کو مجاہدین کے متعلق غلط فہمیوں سے بچانا مقصود ہے، تو اس تناظر میں ہم یوں عرض کریں گے کہ ہم پہلے عرض کرچکے ہیں کہ پاکستانی سفاک فوج کے ظلم وزیادتی سے اپنے دفاع کی خاطر ہم نے پاکستان میں جہاد شروع کیا ہے، لہٰذا امر بالمعروف کا قانون ہاتھ میں لے کر کسی پر کفر کا فتویٰ لگانا، معصوم شہریوں کو قتل کرنا، نہ ہمارا مقصد ہے، نہ موقف، نہ ہدف اور نہ ہی ہم اس شنیع اور حرام فعل کے قائل ہیں۔

بلکہ یہ ریاست کا عوام کو حقیقتِ حال سے بے خبر رکھنے کا ہتھکنڈا ہے۔ ہاں! پاکستان میں سرکاری وغیر سرکاری گروپس کے ہم جواب دہ نہیں ہیں، اگر خدانخواستہ کسی گروپ نے ایسا کیا ہے تو وہ خود جواب جانتا ہوگا۔

ہاں! اتنا ہم ضرور کہہ سکتے ہیں کہ پاکستان کے اہلِ حل وعقد کا امر بالمنکر اور نہی عن المعروف روزِروشن کی طرح واضح ہے، یعنی بُرائی کا حکم کرنا اور نیکی سے منع کرنا، سیکولر نظریات اور فحاشی کے اڈوں کا تحفظ اور سیکولر نظریات کو عصری تعلیم کی ضرورت کے نام پر اسلامی مدارس کے نظام تعلیم میں داخل کرنا اور مذہبی سوچ کو دہشت گردی کے بہانے ختم کرنے کا کام ان اداروں نے اپنے ذمہ لے رکھا ہے، ان اداروں سے خیر کی توقع کیسے ممکن ہوسکتی ہے؟ بہرحال! ہم نے تلبیس کی نشاندہی کرنی تھی۔

۶-۳ قومی میثاق کو نظر انداز کرنے کا رجحان:

اس موضوع کو ہم قدرے تفصیل سے ذکر کرتے ہیں، کیونکہ خاص ایسی صورت حال میں کہ جب کوئی ملک اڑوس پڑوس کے اعتبار سے جنگ کے زد میں آجاتا ہے، ایسی صورت میں اس ملک کی خارجہ پالیسی قومی ملی میثاق وغیرہ اس ملک کے امن وامان میں خاص کردار اداء کرتی ہے۔

حضور ﷺ نے اقوام اور دُوَل کے ساتھ معاہدات اس لئے کئے تاکہ ان کے شر سے اسلامی حکومت اور مسلمان امن وامان میں رہے۔

فقد كان الرسول الله يتصدى لوفود الحجاج فيعرض عليهم دعوته ويرسل السفراء الى القبائل يعلمون كتباً مختلفة لتبليغ الرسالة ويعقد المعاهدات مع الاقوام لِيأمن شرهم وعدوانهم۔ (مسند احمد ج۵ ص٦٥١)

اور اسی طرح ان معاہدات کا دوسرا ہدف مملکت کے استقلال اور اقتصادیات وغیرہ میں مصالح کا تحفظ ہے۔ (رسول کریم ﷺ کی سیاست خارجہ صفحہ ۱۱)

قارئین حضرات! معاہدات توڑنے کی جتنی وعیدیں وارد ہوئی ہیں ہم سب کے قائل ہیں، یہ قرآن ہے، قرآن سے انکار کفر ہے، قومی ملی میثاق کے متعلق ہمارا موقف ملاحظہ ہو، جس کا ذکر ہم تحریرات میں بھی کرچکے ہیں۔

مثلاً: وہ کفار جو پاکستان (یا دیگر مسلم ممالک) میں رہ رہے ہیں (جیسے عیسائی، ہندو، سکھ وغیرہ، پاکستان میں آئینی لحاظ سے سات اقلیتیں لکھی گئی ہیں۔ جن کو پاکستانی آئین میں اقلیت قرار دیکر مامون رہنے کی اجازت ہے) یہ کفار نہ ذمی ہیں، اور نہ مستامن، بلکہ غیر محارب مسالم مستامن ہیں، اور ایک موادعت کے تحت پاکستان میں رہ رہے ہیں۔ چونکہ ان غیر محارب (یعنی مسالم) کفار کو پاکستان میں دو

قسم کا امن حاصل ہے: ۱- آئینی لحاظ سے (جبکہ آئین کے تیار کرنے والے علماء تھے) ۲- ان کفار کو پاکستانی عوام نے عملاً امن دیا ہے۔ حضرت تھانویؒ فرماتے ہیں: یعنی جب باہمی طرزِ معاشرت تعامل سے فریقین ایک دوسرے سے مامون و بے خطر ہوں، باہمی معاملات اور لین دین وغیرہ جاری ہو، یہ بھی ایک قسم کا عملی معاہدہ ہے، اس کی بھی رعایت کرنا ضروری ہے۔ اگر اس پر حملہ کرنا ہے تو پہلے نبذِ عہد کے طور پر متنبہ کرنا ضروری ہے، بغیر نبذ عہد کے (یعنی متنبہ کیے بغیر) ایک قسم کا غدر (دھوکہ) ہے، جو شریعت اسلامیہ میں کسی حال میں کسی کا فرسے جائز نہیں۔ سورہ قصص میں قبطی کا واقعہ، قبطی کا قتل موسیٰ علیہ السلام کے ہاتھ سے، یہ بھی اسی قبیل سے تھا، کیونکہ قبطی کفار اور موسیٰ علیہ السلام اور انکے متعلقین دونوں فرعونی سلطنت کے باشندے تھے، اور آپس میں ایک دوسرے سے مامون (اور مطمئن) تھے اسی حالت میں قبطی کا اچانک قتل ہو جانا عہد عملی کے خلاف تھا، اس لیے اس پر عتاب ہوا، اور استغفار و مغفرت کی نوبت آئی۔۔۔۔ پھر فرمایا: یہ میرا خیال ہے، اگر اس کا ثبوت کتاب و سنت میں یا علماء اہل حق کے کلام میں مل جائے تو اسکے حوالے لکھے جائیں۔ حضرت مفتی صاحب تحریر فرماتے ہیں، کہ میں نے اسی روز تحقیق کی، تو بحمد اللہ صحیح بخاری کی ایک حدیث بروایتِ مغیرہ بن شعبہ میں اس کا ثبوت اور قسطلانی شرح بخاری میں اس کی تصریح نکل آئی۔

شرعی دلیل:

وفی المقام تفریقان یتعلقان بقصة موسی علیه السلام مبنیان علی کون ما قص الله ورسوله علینا من غیر نکیر حجة لنا ----- والثانی: کون المعاہدة التی تحرم دم الحربی عاما للقالی والحالی – فان موسی علیه السلام لم یعاہدهم قالاً فلولا ینعقد العہد بالحال کان دم القبطی مباحاً فلا معنی لتسمیة قتله عمل الشیطان والا استغفاره من هذا الخ۔ (اسلام اورسیاست ص۱۹۷)

ایسے عملی معاہدے کو محقق العصر علامہ محمد انور شاہ کشمیری رحمہ اللہ حکماً معاہدہ قرار دیتا ہے، اور ایک حدیث بھی بیان فرماتے ہیں (حدیث میں ہے کہ اگر کوئی کافر بدونِ معاہدہ کے بھی کسی مسلمان پر اطمینان واعتماد کرلے تو مسلمان کو اسکے قتل وایذا وغیرہ سے احتراز کرنا چاہیے، اور بوقت مجبوری اسکے امن واعتماد کو علانیہ ختم کر دینا ضروری ہے۔ (ملفوظات محدث کشمیریؒ ص۱۳۶)

اسطرح بوادرالنوادر میں حضرت تھانویؒ لکھتے ہیں: وہ عارضی معاہدہ ہے، جس کے سبب پر ایک دوسرے سے مامون ہیں، اور معاہدہ عام ہے قالی ہو یا حالی ہو، یعنی باہمی ایسا معاشرہ، کہ کسی کو کسی سے خطرہ نہ ہو اور ابو داود نے باب الصلح العدو میں اور بخاری نے باب الشروط فی الجہاد میں مغیرہ کا قصہ اور اس میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ذکر کیا ہے۔

وکان المغیرة صحب قوما فی الجاهلیة فقتلهم واخذ اموالهم، ثم جاء واسلم فقال النبی صلی الله علیه وسلم: "اما الاسلام فاقبل، واما المال فلست منه فی شیئ"۔ الحدیث اور اس پر قسطلانی نے لکھا ہے: **لان اموال المشرکین وان کانت مغنومة عند القهر فلا یحل اخذها عند الامن، فاذا کان الانسان مصاحبا لهم فقد امن کل واحد منهما صاحبه، فسفک الدماء واخذ المال عند ذالک غدر، والغدر بالکفار محظور۔ وانما تحل اموالهم بالمحاربة والمغالبة، وذکر نحوه الکرمانی وصاحب الخیر الجاری۔ (بوادر النوادر ص۳۷۷، اسلام اور سیاست ص۱۹۷)**

وَلَا يَقْتُلُوا امْرَأَةً وَلَا صَبِيًّا وَلَا شَيْخًا فَانِيًا وَلَا مُقْعَدًا وَلَا أَعْمَى؛ لِأَنَّ الْمُبِيحَ لِلْقَتْلِ عِنْدَنَا هُوَ الْحِرَابُ وَلَا يَتَحَقَّقُ مِنْهُمْ۔ (فتح القدیر کتاب السیر)

لہذا معلوم ہوا کہ ان کفار کو قتل کرنا اور ان کو کسی قسم کا ایذا پہنچانا از روئے شرع حرام و ناجائز ہے، اور ان کے اکثر احکام ذمیوں کی طرح ہیں، کیونکہ یہ ایسے کفار ہیں جن سے مصالحت ہے اور امن وامان سے رہنا چاہتے ہیں۔ حضرت تھانوی صاحب رحمہ اللہ نے یہی حکم ہندوستان کے کفار کے بارے میں لکھا ہے۔ تو پاکستان میں رہائش پذیر کفار بطریق اولیٰ حربی مسالم و مستامن ہونگے، فتح القدیر کی عبارت سے جو وجہ معلوم ہوتی ہے وہ یہ ہے: **لِأَنَّ الْمُبِيحَ لِلْقَتْلِ عِنْدَنَا هُوَ الْحِرَابُ** اور فی الحال یہ صفت ان کفار میں نہیں پائی جاتی **وَلَا يَتَحَقَّقُ مِنْهُمْ**۔

لہذا جب وہ حقیقتاً یا معنیً اجتماعاً قتال میں حصہ لیں یا بغاوت کریں تو اس وقت ان کا قتل جائز ہوگا۔ گرفتاری کی صورت میں ان کے بدلے فدیہ لینا بھی جائز ہوگا۔ اور اگر افراد خلاف ورزی کریں، تو اس وجہ سے معاہدے پر فرق نہیں پڑے گا۔

کذا فی معاصر جہاد میں غنائم کے احکام ص۷۳۔

البتہ ان کفار کی ملکی سطح پر یونین موجود ہیں، اگر ان میں سے عددِ کثیر یا فرد یا افراد کوئی خلاف ورزی کریں، مثلاً گستاخی رسول ﷺ کے مرتکب ہوں اور ان کے یونین والے ان کی تائید کریں یا خاموش ہو کر اپنے لوگوں کو منع نہ کریں تو اب یہ خلاف ورزی ان کے حق میں نقضِ عہد شمار ہوگی۔

لما فی تبیین الحقائق: (وَنُقَاتِلُ بِلَا نَبْذٍ لَوْ خَانَ مَلِكُهُمْ) لِأَنَّ النَّبْذَ لِنَقْضِ الْعَهْدِ وَقَدْ انْتَقَضَ بِالْخِيَانَةِ مِنْهُمْ، فَلَا يُتَصَوَّرُ نَقْضُهُ بَعْدَ ذَلِكَ، وَكَذَا إذَا دَخَلَ دَارَ الْإِسْلَامِ جَمَاعَةٌ مِنْهُمْ لَهُمْ مَنَعَةٌ بِإِذْنِ مَلِكِهِمْ، وَقَاتَلُوا الْمُسْلِمِينَ عَلَانِيَةً؛ لِمَا ذَكَرْنَا، وَإِنْ كَانَ دُخُولُهُمْ بِغَيْرِ إذْنِ مَلِكِهِمْ انْتَقَضَ الْعَهْدُ فِي حَقِّهِمْ، لَا غَيْرُ. حَتَّى يَجُوزَ قَتْلُهُمْ وَاسْتِرْقَاقُهُمْ؛ لِأَنَّهُمْ اسْتَبَدُّوا بِأَنْفُسِهِمْ، فَيُنْتَقَضُ الْعَهْدُ فِي حَقِّهِمْ، وَلَا يُنْتَقَضُ فِي حَقِّ غَيْرِهِمْ؛ لِأَنَّ فِعْلَهُمْ لَا يَلْزَمُ غَيْرَهُمْ، وَإِنْ لَمْ يَكُنْ لَهُمْ مَنَعَةٌ لَمْ يَكُنْ نَقْضًا لِلْعَهْدِ۔ (ج۳ص۲٤٦ كتاب السير)

وفی رد المحتار: (قَوْلُهُ: وَلَوْ بِقِتَالٍ) أَيْ وَلَوْ كَانَتْ خِيَانَةُ مَلِكِهِمْ بِقِتَالِ أَهْلِ مَنَعَةٍ بِإِذْنِهِ: أَيْ لَا فَرْقَ بَيْنَ قِتَالِهِ بِنَفْسِهِ أَوْ بِقِتَالِ بَعْضِ أَتْبَاعِهِ بِإِذْنِهِ (قَوْلُهُ: انْتَقَضَ حَقُّهُمْ فَقَطْ) أَيْ حَقُّ الْمُقَاتِلِينَ ذَوِي الْمَنَعَةِ بِلَا إذْنِ مَلِكِهِمْ قَالَ الزَّيْلَعِيُّ: فَلَا يُنْتَقَضُ فِي حَقِّ غَيْرِهِمْ؛ لِأَنَّ فِعْلَهُمْ لَا يَلْزَمُ غَيْرَهُمْ، وَإِنْ لَمْ يَكُنْ لَهُمْ مَنَعَةٌ لَمْ يَكُنْ نَقْضًا لِلْعَهْدِ اهـ أَيْ بِأَنْ قَاتَلَ وَاحِدٌ مِنْهُمْ مَثَلًا ثُمَّ تَرَكَ الْقِتَالَ يَبْقَى عَهْدُهُ۔ (ج٤ص۱۳٤ كتاب الجهاد)

اگر معاہدات سے مراد ہمارے اور پاکستان کے درمیان معاہدات ہوں تو ہمارے درمیان سارے معاہدے حکومت نے توڑے ہیں، جیسے شکئی، سراروغہ وغیرہ اور ہمیں یقین ہیں کہ اس غدر کے نتیجے میں پاکستانی حکمران اور جرنیلوں کے پیچھے جھنڈوں کی قطاریں لگی ہوں گی۔

وہ بین الاقوامی معاہدے جو شریعت کے خلاف ہوں وہ معاہدے تو شرعاً حرام ہیں، ان کا پاس تو ہمیں درکنار خود حکومت کے لئے بھی جائز نہیں ہے، حالیہ جنگ میں مسلمانوں کے خلاف امریکہ کے ساتھ جو معاہدات کئے ہیں کہ پاکستانی ائربیس امریکہ کے حوالے کرنے ہوں گے، تاکہ یہاں سے یہ غلیظ دشمن امارت اسلامی اور مسلمانوں پر بمباری کرے، جیسا کہ پاکستان نے خود ۵۸ ہزار حملوں کا اقرار کیا ہے اور یہ معاہدہ کیا ہے کہ ہم (پاکستان) مسلمانوں کے خلاف امریکہ کے فرنٹ لائن اتحادی ہوں گے، اور اس معاہدے کے تحت پاکستان کے اقرار کے مطابق ۷۵ ہزار پاکستانیوں کا نذرانہ پیش کیا۔ تو ان علماء حضرات سے ہماری گذارش ہے کہ کیا پاکستان کے لئے ایسے معاہدات شرعی طور پر جائز ہیں؟

یا وہ بین الاقوامی کفری انسانی حقوق (Human rights) کے جو معاہدے ہیں جیسے آزادی مساوات وغیرہ جو کہ انقلابِ

فرانس کی پیداوار ہیں کہ انسان کو مذہب سے آزادی دلانا ہے وغیرہ۔

حقیقت یہ ہے کہ پاکستان کے اس قسم کے غیر شرعی معاہدات ہی نے ملک کو خون میں نہالیا، پاکستان نے بین الاقوامی معاہدے اس بنیاد پر کئے ہیں کہ یہود کے مقاصد عظمیٰ کو جہاں بھی خطرہ ہوگا، ہم فرنٹ لائن کے اتحادی ہوں گے، جس کا اقرار پاکستان خود کررہاہے کہ ہم پرائی جنگ لڑرہے ہیں، ظاہر بات ہے کہ وہ پرائے یہود ونصاریٰ ہیں۔

خلاصہ کلام:

پاکستان نے غیر شرعی معاہدات کے ذریعے ملک وعوام کا ستیاناس کیا، پاکستان نے یہود کے مقاصد عظمیٰ کے تحفظ کا بیڑا اپنے سر اٹھار کھا ہے، عوام کا قتل عام کررہا ہے، حضور ﷺ نے غیروں کے ساتھ معاہدات مسلمانوں کے تحفظ اور ریاست کے استحکام واستقلال کی خاطر کئے ہیں، نہ کہ عوام کے قتل عام اور ریاست کے غیر استحکام کی خاطر۔ پاکستان نے کون سا معاہدہ اسلام، عوام اور ملک کے استحکام کی خاطر کیا ہے؟ ہمیں بتائیں، تاکہ ہم اس کا احترام کریں۔ انصاف کی بات یہ ہے کہ پاکستان کا اپنی غلطی ہمارے سر ڈالنا بہت نامناسب بات ہے۔ ان علماء حضرات سے ہماری گذارش ہے کہ حکمرانوں اور جرنیلوں کو حق گوئی کی تلقین کریں۔ واللہ اعلم۔

۴- متفقہ اعلامیہ:

متفقہ اعلامیہ کا بالترتیب جائزہ:

سب سے پہلے عرض تو یہ ہے کہ شاید یہ بائیس [۲۲] نکات اُن نکات کے مقابلے میں پیش کئے گئے ہیں جن نکات کو علماء حضرات نے ان سیکولر لوگوں کی منہ پر طمانچہ مارنے کے طور پر پیش کئے تھے کہ جن کا خیال تھا کہ اسلام میں منظم حکومت چلانے کیلئے کوئی لائحہ عمل نہیں ہے، تو علماء حضرات نے جواب میں ایک ایسا مثالی اور ریاست چلانے کیلئے قابلِ عمل لائحہ بائیس نکات کی صورت میں پیش کیا جو یقیناً پوری دُنیا کیلئے رول ماڈل بن سکتا ہے اور یہ بائیس نکات کا لائحہ عمل ان حضرات کا طرۂ امتیاز ہے، جس پر آج تک ہمیں فخر ہے، مگر آج کے اس اسلامک یونیورسٹی کے بائیس نکات اُن کے بالکل متصادم اور ان نکات میں ملک کو حقیقی اسلامی رنگ سے نکال کر انقلابِ فرانس کے رنگ میں رنگنے کی کوشش کی گئی ہے۔ ان نکات میں سے قابل توضیح نکات کا تجزیہ کرتے ہیں:

۱) اس نکتے میں ہمیں پہلے تو یہ بات سمجھ میں نہیں آتی ہے کہ ایک ہی ملک کا آئین اسلامی بھی ہو جمہوری بھی ہو، یہ کیسے ممکن ہوسکتا ہے؟ کیونکہ ہم نے جمہوریت کے متعلق مفتی تقی عثمانی صاحب، مولانا اشرف علی تھانویؒ اور دیگر اکابرینِ دیوبند وغیرہ کی کتابوں میں جو کچھ پڑھا ہے، اس کے مطابق تو اسلام اور جمہوریت بالکل متصادم نظامہا ہیں، اسلام اسلام ہے، اور جمہوریت کفر ہے، اب ایک ہی چیز 'بکری' بھی ہو گائے' بھی، یہ فلسفہ ہماری سمجھ سے بالاتر ہے۔ ان اکابرینِ دیوبند وغیرہ کی کتب میں اس بات کی تصریح کی گئی ہے کہ جمہوریت تین سو سال قبل از مسیح سے ایک لادین نظریے کی حیثیت سے مذہب کے خلاف چلی آرہی تھی، یہاں تک کہ انقلابِ فرانس کے موقع پر ایک نظام کی حیثیت سے کامیاب ہوا، اور یورپ کے ممالک میں رائج ہوا، مذہب اور بادشاہت پر مبنی نظاموں کو شکست دی، اور جمہوریت کو سیکولرازم لازمی ہے، "روسو" جمہوریت کا پیغمبر نے اس نظرئے پر عمرانیات

کی بنیاد رکھی ہے کہ انسان آزاد ہے، یہ خود خالق ہے۔

آج ۷۳ کا آئین یا قرار دادِ مقاصد انتظار کی سختیاں جھیل رہے ہیں، کب نافذ ہو گا، خدا ہی جانے۔ ہماری معلومات کے مطابق پولیس ایکٹ ۱۸۶۰ء کا ہے، لینڈ ایکٹ ۱۸۹۴ء کا ہے، کورٹ پرو سیجز ۱۸۹۶ء کا ہے، فوجی نظام وہی برطانیہ کا ہے، جس کا موجد کلازوٹ ہے، معاشی نظام امریکہ کی منڈی کی معیشت کا ہے، جو سود پر مبنی ہے، اور اس نظام میں سود ریڑ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے اور آئے روز ہم دیکھ رہے ہیں کہ بین الاقوامی معیارات کو سامنے رکھ ملک کے قوانین میں تبدیلی لائی جاتی ہے۔

اب ہم تمام عوام اور علماء کی خدمت میں عرض کرتے ہیں کہ سابقہ بائیس نکات (جو علماء حضرات نے ملک خدا داد کو چلانے کیلئے پیش کئے تھے) کی بالادستی کی کوشش کیجئے، ہم خدمت میں پیش پیش رہیں گے، مگر موجودہ صورت حال میں ۱۹۷۳ء کے آئین کے مقابلے میں اسٹیبلشمنٹ کا اپنے بنائے ہوئے لائحہ عمل کے اجراء میں تعاون سے دور رہنے کا مشورہ دیتے ہیں۔

باقی ہم پاکستان میں آئین اور دستور سے صرف نظر کرکے اپنا دفاعی جنگ لڑ رہے ہیں، یہ تھوڑی سی توضیح تلبیس سے پردہ اُٹھانے کی عرض سے کی ہے۔

۲) اس شک میں بنیادی حقوق کے حصول کا دعویٰ کیا گیا ہے وہ ہم سے عوام خود ہی اچھی طرح جانتے ہیں۔ یہ روز کی تحفظ حقوق کی ریلیاں یا تو مستی ہے یا پھر حقوق کی پامالی ہو رہی ہے اس بے بنیاد دعوے پر بحث وقت کا ضیاع ہے

۳) اسلامی جمہوریہ پاکستان کو ہم نظام کی وجہ سے اسلام ریاست نہیں کہہ سکتے، کیونکہ ہم پاکستان میں لاقانونیت کے قائل ہیں۔ ہاں! پاکستان کے متعلق ہم اتنی بات کے قائل ہیں کہ یہ ملک اسلام کے نام پر آزاد ہوا ہے، اور اب اس پر قبضہ اسٹیبلشمنٹ کا ہے، جو نہ تو اسلام اور نہ ہی مکمل جمہوریت کو نافذ ہونے دیتی ہے۔

۵) ہم سمجھتے ہیں کہ "پیغام پاکستان" حقائق سے ہٹ کر عوام کی ذہن سازی کی کوشش ہے، اپنے کئے پر مٹی ڈالنے کی کوشش ہے، لہٰذا ہم اہلیانِ پاکستان کے سامنے اس موضوع کے متعلق اپنا موقف واضح کرنا چاہتے ہیں، تاکہ حقیقتِ حال سے اہلیانِ پاکستان باخبر ہو جائیں۔

تو اہلیانِ پاکستان اس بات کو اچھی طرح ذہن نشین کرلیں کہ ہم حکومت پاکستان کی فوج یا دوسرے سیکورٹی اہلکاروں کے خلاف اپنے دفاع کی خاطر لڑ رہے ہیں، کسی نے بھی اپنی طرف سے حکومت کے خلاف مسلح محاذ نہیں کھولا ہے، حکومت نے خود پرائی جنگ اپنے ملک میں شروع کرکے معصوم عوام کا قتل عام شروع کیا ہے، جس کے نتیجے میں عوام حکومت کے خلاف اسلحہ اُٹھانے پر مجبور ہوئے، اسی طرح ان ہی علماء حضرات کے فتوے پر دشمن کے خلاف لڑنے والے مجاہدین کا رُخ زبردستی اپنے ملک کی طرف پھیر دیا، جس کا اقرار حکومت نے پچھلے دنوں خوب واضح الفاظ میں کر دیا۔ بغاوت، فساد، دہشت گردی تو وہ ہوتی ہے جو کوئی گروہ اٹھ کر حکومتِ عادلہ کے خلاف لڑنا شروع کر دیں، یہاں تو معاملہ بالعکس ہے۔

"راہِ نجات"، "ضرب عضب" اور "ردالفساد" وغیرہ آپریشنز تو امریکہ کو خوش کرنے کیلئے یہود کے مقاصد عظمیٰ کی راہ میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنے کیلئے پاکستان نے شروع کیے ہیں، جس کا اقرار پاکستان خود کر چکا ہے۔ تو عوام کو یہ معلوم ہونا چاہئے کہ پاکستان کے اندر نہ بغاوت ہے، نہ دہشت گردی۔ مگر پاکستان نے زبردستی لوگوں کو پکڑ کر ملک میں لڑنے پر مجبور کیا ہے، جس کو یہ

دہشت گردی کانام دیتاہے اور مقصود ان کا اپنے کئے پر مٹی ڈالناہے۔

علماء کرام حضرات کی خدمت میں عرض ہے کہ مذکورہ تفصیل کے تناظر میں اور آپ حضرات کے اپنے مشاہدے کی روشنی میں (کہ آپ حضرات بھی حقائق سے ناواقف نہیں ہیں) "راہ نجات"، "ضرب عضب" اور "ردالفساد وغیرہ آپریشنز جو کہ پاکستان کے اقرار کے مطابق یہود ونصاریٰ کی حمایت میں معصوم عوام اور آپ حضرات کے قائل کردہ مجاہدین بیچاروں کے خلاف شروع کئے ہیں، توایسے کفر نفاق اور ظلم پر مبنی آپریشنوں کی حمایت سے کنارہ کش رہیئے، اللہ تعالیٰ کافرمان ہے: ﴿وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَى الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ﴾ واللہ اعلم۔

(۶) دہشت گردی کے خلاف جنگ نہیں ہے، بلکہ پاکستان کے اقرار کے مطابق یہود ونصاریٰ کی حمایت میں یہ جنگ شروع ہے، جس میں معصوم عوام کا قتل عام ہورہاہے۔ لہٰذا اس میں علماء مشائخ اورعوام سب کا تعاون قطعاً حرام ہے، ﴿وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَى الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ﴾

(۸) فرقہ وارانہ منافرت (جس کی شریعت میں گنجائش نہ ہو) اور شریعت کے مخالف امور کے ہم بھی قطعاً مخالف ہیں، فرقہ واریت حکومت کی سستی کی وجہ سے بڑھ رہی ہے، اس چیز پر کنٹرول حکومت کی ذمہ داری ہے۔

ہمارے نزدیک دینی مدارس کے قیام کا مقصد تعلیم وتربیت کے ساتھ تعلیماتِ الٰہی اور عقائدہ کا نظریاتی تحفظ بھی ہے۔ ہاں! مدارس کے اندر عسکری ونگ قائم کرنا وقت کا تقاضہ نہیں ہے، مگر باطل کے نظریاتی حملوں سے اسلامی عقائد، عبادات اور نظریات کا تحفظ ان مدارس کا نصب العین ہے، کیونکہ ان مقدس مقامات ہی کی برکت سے آج تک اسلام اپنی اصل شکل وصورت میں اس دھرتی پر قائم ودائم ہے۔

۱۳) آج تک ہم نے ان علماء حضرات سے سنا تھا اور تمام کتب میں بھی یہی بات مذکورہے کہ فتویٰ دینا حضرات مفتیان کاکام ہوتاہے اور عقائد کے متعلق فتویٰ، کفر اورنہ کفر کا ہی ہوتاہے، ورنہ غلط اور صحیح کا کیا مطلب؟ ہاں! اجراء اگر اسلامی ریاست ہو توریاست کا کام ہوتاہے، یہ پارلیمنٹ معلوم نہیں کب سے مفتی بناہواہے، پھر خاص کر ایسے پارلیمنٹ جس میں ایک چھوٹی سی (سورۃ اخلاص) کئی مرتبہ غلط پڑھی جاتی ہو، یہ خاک "کفرنہ کفر" کافتویٰ دے گا، جہاں سیکولر نظریات کے حامل لوگوں کا مجموعہ ہو ان سے شرعی فتوے طلب کرنا پتہ نہیں کون سا قانون ہے؟ کونسا اسلام ہے ؟

۲۰) ہمارے علم اور مشاہدے کے مطابق "غیرت کے نام پر قتل" کی اصطلاح مغربی اصطلاح ہے اور اس اصطلاح سے مقصود زنا وفحاشی کو فروغ دیناہے، اور ساتھ ہی ان فحاشیوں کو تحفظ فراہم کرنا مقصود ہے۔

کیونکہ ہم اسلام کادعویٰ کرتے ہیں توا پنے ملک میں مغربی اصطلاح کے بجائے 'حدزنا' کی اصطلاح استعمال کی جائے اور حدو دکا نفاذ کیا جائے، تاکہ معاشرے میں زنا اور دیگر فحاشیوں کو فروغ نہ مل سکے، اور بے گناہ قتل کا دروازہ بھی بند ہوجائے۔ ہمارے خیال میں مطلقاً غیرت کے نام پر عدم قتل کا قائل ہونا اسلام کے قطعی حکم حد زنا سے انکار کو متلازم ہے، جو یقیناً کفر تک پہنچانے والی بات ہے، کیونکہ زنا کے کیس میں قتل کرنے کو مغرب "غیرت کے نام پر قتل" کانام دیتے ہیں۔ اور عورتوں کے حقوق سے مراد اگر مغربی ادارے (Wemen rights) کے متعین کردہ حقوق ہیں، پھر تو عورت اللہ تعالیٰ کی بندی نہیں

"دجاجة مخلات" گندی نالو، گلیوں میں پھرنے والی مرغی بن جائے گی، جس کا کوئی بھی غیرت مند مسلمان قائل نہیں ہو سکتا۔

خلاصہ کلام:

پاکستان نظریاتی، سیاسی، عسکری، اقتصادی ہر قسم کے انتشار کا شکار ملک ہے، یہ اسلام کے نام پر آزاد ہوا، مگر آج تک شرعی ملک نہ بن سکا، تین قسم کے طبقے اس ملک کو اپنے نظریات کے سانچے میں ڈھالنے کی کوشش میں مصروف ہیں:

(الف) سیکولر لادین طبقہ، **(ب)** جدّت پسند اسلامی طبقہ، **(ج)** راسخ العقیدہ اسلامی طبقہ۔

مگر خارج میں ملک پر اسٹیبلشمنٹ کا قبضہ ہے، جس نے پیچھے مذکور لائحہ عمل تیار کیا ہے اور اس سے ملک کو ہٹنے نہیں دیتا ہے، ملک میں کوئی باغی نہیں، کوئی خوارج نہیں، کوئی فساد فی الارض پھیلانے والا نہیں، بلکہ حکومت کے ظلم وستم اور غلط پالیسیوں سے تنگ اور مجبور عوام ہیں، جنہوں نے اپنے ایمان، اعمال، عزت وآبرو کے دفاع اور تحفظ کی خاطر اسلحہ اٹھایا ہے، جو شرعاً ان کیلئے فرض کی حیثیت رکھتا ہے، لہٰذا ان تمام اہلیانِ پاکستان اور بالخصوص علماء حضرات سے ہماری گذارش ہے کہ حکومت کے اس ظلم اور جبر اور غیر شرعی پالیسیوں میں شامل ہو کر معصیت میں تعاون کے مصداق نہ بنیں، بلکہ ملک میں امن و امان کیلئے حکومت کو ظلم وجبر سے باز رہنے اور اسلام مخالف پالیسیوں سے باز رہنے پر مجبور کیجئے۔ واللہ اعلم۔

۱-۵۔ استفتاء

ہمارے علم اور مشاہدے اور تجربے کے مطابق استفتاء کے اس تمہید میں تلبیس ہے، حقیقت یہ ہے کہ حکومت پاکستان اور پاکستان کی مسلح فوج نے متفقہ دشمن کے خلاف لڑنے والے مجاہدین (جنہوں نے تمام علماء کرام کے فتوے سے اور ریاست کی رضامندی سے جہاد شروع کیا تھا) کے خلاف اور معصوم عوام کے خلاف مسلسل خونریزی شروع کر رکھی ہے، جس کے نتیجے میں مجاہدین حضرات اور عوام اپنی عزت، آبرو، جان، مال، ایمان اور اعمال کے تحفظ کی خاطر حکومتِ پاکستان اور پاکستان کی مسلح افواج کے خلاف برسر پیکار ہوئے، اگر یہ لوگ حکومت کے خلاف اس لئے لڑتے کہ حکومت شریعت نافذ نہیں کرتی تو پاکستان آج کا بنا ہوا نہیں ہے، پاکستان بننے کے تو بہتر (۷۲) سال ہو چکے ہیں، تو اس وقت سے لڑائی کا سلسلہ ہوتا۔ ہاں! پاکستان میں شریعت کے خواہاں ضرور ہیں، مگر موجودہ جنگ اپنے دفاع کی جنگ ہے۔

لہٰذا اپنا دفاع ہم مقدس جہاد سمجھتے ہیں، اور اس جنگ کیلئے مالی وجانی قوت مہیّا کرنا اپنا دینی فریضہ سمجھتے ہیں، نوجوانوں کو مسلمانوں کی جان، مال، عزت وآبرو کے تحفظ کا احساس دِلانا ہماری دعوت کی اولین ترجیح ہے۔

اس تمہید کے بعد سوالات کے جوابات ملاحظہ ہوں۔

(۱) پاکستان کی شرعی حیثیت سے متعلق ہم پہلے عرض کر چکے ہیں کہ پاکستان اسلام کے نام پر آزاد ہوا ہے اور اس میں رائج کوئی مستقل نظام نہیں ہے، بلکہ پاکستان لاقانونیت کا شکار ہے، لہٰذا ہم پاکستان کے شرعی حکومت ہونے کے قائل نہیں ہیں، فی الحال ملک پر اسٹیبلشمنٹ کا قبضہ ہے، جو نہ تو اسلام اور نہ ہی مکمل جمہوریت کو نافذ ہونے دیتی ہے۔

حکومت یا افواج کے ارتداد کا مسئلہ:

پہلی بات تو یہ ہے کہ ہم نے عدم نفاذ شریعت کی وجہ سے کسی کو کافر یا مرتد قرار نہیں دیا ہے اور ارتداد کے متعلق ہم

یہاں اکابرِ دیوبند کے فتوے ذکر کئے دیتے ہیں کہ ہر ایک کو اپنے کئے اور کرنے کا خوب علم ہے۔

تفسیر حقانی میں ہے:

کوئی کفار کے ملت ومذہب کو تو بُرا جانتا ہے، مگر بمقابلہ اہل اسلام کے قرابت محبت یا کسی دُنیاوی نوکری وغیرہ کی عرض سے ان کی مدد کرتا ہے، یہ کفر نہیں، لیکن سخت گناہ ہے، انجام اس کا کفر ہو جاتا ہے: ﴿لَا تَتَّخِذُوْا عَدُوِّیْ وَعَدُوَّكُمْ اَوْلِیَآءَ﴾ اور ﴿یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الْیَهُوْدَ وَالنَّصٰرٰۤی اَوْلِیَآءَ ۘ بَعْضُهُمْ اَوْلِیَآءُ بَعْضٍ ؕ وَمَنْ یَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَاِنَّهٗ مِنْهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا یَهْدِی الْقَوْمَ الظّٰلِمِیْنَ﴾ (المائدۃ: ۵۱)

دوسری جگہ مذکور ہے کہ کفار سے دِلی دوستی اور محبت اعلیٰ درجے کی موالات ہے، یعنی کافروں کی ملت اور مذہب کو اچھا جان کر ان سے تعلق قلبی یا دلی مؤدت ومحبت کی جائے، یہ قطعاً حرام ہے، بلکہ جو ایسا کرے گا قطعی کافر ہو گا۔ دلی محبت صرف مومنین کے ساتھ خاص ہے، غیر مؤمن کے ساتھ ایسا تعلق کسی بھی حال میں قطعاً حرام ہے۔ (جلد ۳ صفحہ ۱۳۷)

ایک طرف حضرت مدنیؒ کا فتویٰ ہے کہ اگر مسلمانوں اور کافروں کے مابین جنگ ہو تو اس میں مسلمانوں کے خلاف کافر کا کسی بھی قسم تعاون بدترین کفر ہے۔ واللہ اعلم۔

چونکہ ہمیں پاکستانی فوج سول اور مختلف اداروں کے وہ اہلکار جو ہمارے خلاف برسر پیکار ہیں، ان کو مارنے کیلئے ان کے خلاف لڑنے کیلئے انہیں مرتد یا کافر بنانے کی ضرورت نہیں ہے، اپنے دفاع کی خاطر ان تمام کا قتل ہمارے لئے جائز ہے اور مقدس جہاد ہے، لہٰذا ہم اس ارتداد کے مسئلے کو زیادہ چھیڑنا نہیں چاہتے، مختصراً ایک قاعدہ ہم نے ذکر کیا اس آئینہ میں ہر کوئی اپنا چہرہ تلاش کرے۔

(۲) موجودہ حالات میں دفاع کے نام پر حکومت اور افواج کے خلاف مسلح کاروائیاں شروع ہیں، جو کہ تمام علماء کے فتوے کے علاوہ تمام کتبِ احناف کی رو سے جائز ہے۔

فدائی یا استشہادی حملہ:

سب سے پہلے ہم مطلقاً فدائی حملے کے جواز اور عدم جواز پر بحث کرتے ہیں، مولانا الیاس گھمن صاحب مدظلہ نے اپنی کتاب "جہاد فی سبیل اللہ اور اعتراضات کا علمی جائزہ" میں بہت اہتمام کے ساتھ لکھا ہے، ملحوظہ کے عنوان سے کہ طلباء اور علماء کے لئے عرض کروں گا کہ خودکش حملے کا جواز قرآن کریم سے بطور دلالۃ النص ثابت ہے۔

مولانا صاحب نے شیخ التفسیر حضرت مولانا منیر احمد صاحب کے حوالے سے فرمایا ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ میں خودکش حملے کے جواز پر قرآن کریم سے یہ دلیل دیا کرتا ہوں، اللہ رب العزت قرآن کریم میں ارشاد فرماتے ہیں کہ

﴿وَاَعِدُّوْا لَهُمْ مَّا اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ قُوَّةٍ وَّمِنْ رِّبَاطِ الْخَیْلِ تُرْهِبُوْنَ بِهٖ عَدُوَّ اللّٰهِ وَعَدُوَّكُمْ﴾۔ (سورت الانفال: ۶۰)

اور استدلال کا طریقہ یہ ہے کہ اس آیت کریمہ میں اللہ رب العزت نے ہر اس ہتھیار کو تیار کرنے کا حکم دیا ہے، جس سے کافر ڈرتے ہوں اور ان پر رُعب طاری ہوتا ہو، اور حقائق بتلا رہے ہیں کہ اس دور میں کفار جس قدر خودکش حملہ سے ڈرتے ہیں شاید ہی کسی اور چیز سے ڈرتے ہوں۔ لہٰذا خودکش حملہ کفار کے خلاف بطورِ اسلحہ کے استعمال کرنا اس آیت کریمہ سے ثابت ہے۔

دوسری جگہ اسی کتاب میں مولانا رقمطراز ہیں :

"یہ خودکشی نہیں ہے بلکہ کفر کشی ہے"، اور اس کے آگے مولانا نے اس سے بھی بہترین تعبیر کی ہے: "یہ قتلِ نفس نہیں جس کی شریعت میں ممانعت آئی ہے اور جسے حرام قرار دے کر اس پر سخت سے سخت وعیدیں سنائی گئیں ہیں، بلکہ یہ فدائے نفس ہے یعنی اپنی سب سے قیمتی چیز جان کو بھی اللہ تعالیٰ کی خوشی کی خاطر اس کے دین پر فدا اور قربان کرنا ہے اور یہ عمل قابلِ ملامت نہیں قابلِ تحسین ہے۔

یہاں پر ہم پاکستان ہی میں خودکش حملے کے متعلق شائع ہونے والا ایک فتویٰ درج کرنا ضروری سمجھتے ہیں، تاکہ یہ بات بے غبار ہو جائے کہ پاکستان کے علماء اور ریاست خود کش حملے (فدائی) کے قائل ہیں، بلکہ ان کے نزدیک یہ قابلِ افتخار ہے اور مؤمن کا بہترین ہتھیار ہے۔ جامعہ العلوم الاسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن اور دارالا فتاء والارشاد سے باضابطہ استفتاء پوچھا گیا جو کہ ملاحظہ ہو۔

استفتاء

کیا آفاق، بلال شہید رحمۃ اللہ علیہما کی طرح گاڑی میں بارود بھر کر یا اپنے جسم سے بم باندھ کر بھارتی افواج یا دیگر ظالم یا طاقتور کفار پر بمبار حملہ کرنا، جس میں حملہ آور مجاہد کی موت یقینی ہو جائز ہے یا نہیں؟ بعض لوگوں کے ذہنوں میں خودکشی کے حوالے سے خلجان پایا جاتا ہے، اگر یہ جائز ہے تو اسے جہاد اور اس موت کو شہادت کہا جاسکتا ہے یا نہیں؟

الجواب

جامعہ العلوم الاسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن اور دارالافتاء الارشاد کے مفتی حضرات کا متفقہ جواب یہ ہے:

اس نوعیت کا بمبار حملہ نہ صرف جائز ہے بلکہ جہاد اور شہادت کا اعلیٰ ترین درجہ ہے۔

پھر اس تاریخی فتوے کو جامعہ بنوری ٹاؤن نے جناب مفتی عبدالسلام چاٹگامی، جامعہ کے شیخ الحدیث اور نگران تخصص فی الفقہ جناب مفتی نظام الدین شامزئی شہیدؒ اور مفتی عبدالمجید دین پوری کے دستخطوں کے ساتھ جاری کیا۔

یہ فتویٰ چونکہ ریاست کے اندر سے شائع ہوا ہے، یہ اس پر دلالت کرتا ہے کہ پاکستان کے علماء اور ریاست کے حکمران فدائی حملے کے جواز کے قائل ہیں اور اسی تناظر میں ہم یہ بھی کہہ سکتے ہیں کہ چونکہ علماء استشہادی (خودکش) حملے کے قائل ہیں اس لئے انہوں نے صرف پاکستان میں فدائی حملہ حرام قرار دیا ہے، پاکستان میں شائع ہونے والے اس فتوے کے بعد مزید کسی دلیل کی ضرورت ہم محسوس نہیں کرتے، مگر تشفی کیلئے چند دلائل اور ذکر کئے دیتے ہیں۔

احکام القرآن للقرطبی میں ہے :

میرے نزدیک یہ صحیح ہے کہ اگر کسی میں طاقت ہو تو فوج پر حملہ کر سکتا ہے، اس کی چار وجوہات ہیں:

(۱) شہادت، (۲) دشمن کا نقصان، (۳) مسلمانوں کو دشمن پر جرأت دلانا، (۴) دشمن کا بزدل بنانا۔ (خودکش حملوں سے متعلق واضح دلائل صفحہ ۳۹)

احکام القرآن للجصاص میں ہے : اکیلئے کوئی مجاہد مشرکین کے لشکر پر حملہ کرے، جبکہ مسلمانوں کی نجات یا دشمن کو نقصان پہنچانے کی امید نہ ہو، مگر یہ مقصود ہو کہ مسلمانوں کیلئے مثال نمونہ بن جاؤں گا، تاکہ وہ بھی ایسا کرے، تو اس میں کوئی حرج نہیں۔

یہ تب مکروہ ہوگا جب اس میں کسی کسی قسم کا فائدہ یا مقصود نہ ہوتا ہو۔ اگر نجات ونقصان نہ ہو مگر دشمن کو ڈرانے اور مرغوب کرنے کا ذریعہ بنتا ہو تو اس میں کوئی حرج نہیں، اس لئے کہ یہ بھی نقصان پہنچانا ہے۔ (بحوالہ سابقہ)

کفایت المفتی میں ایک سوال کے جواب میں لکھا ہے:

جو فعل براہ راست قتل ہے مثلاً اپنے ہاتھ سے چھری یا چاقو سے اپنا گلہ کاٹ لیا یا پیٹ پھاڑ ڈالا یا بندوق یا پستول سے گولی مار لی یا خود کو کنویں میں گرادیا یا تنور میں کھود پڑا یہ تو خودکشی ہے اور یقیناً کبیرہ گناہ ہے۔ اور جو فعل کہ براہ راست قتل نہیں بلکہ مفضی الی القتل ہو سکتا ہے مثلاً تنہا ہزاروں دشمنوں پر حملہ کر دیا، ان کی صفوں میں گھس گیا، یا کھانا ترک کر دیا کہ جب تک فلاں مطالبہ پورا نہ ہوگا کھانا نہ کھاؤنگا، ایسے افعال اچھی نیت سے اچھے اور بری نیت سے برے ہو سکتے ہیں، یعنی ان کو علی الاطلاق خودکشی قرار دینا اور بہر صورت حرام اور گناہ کہہ دینا درست نہیں۔ (ص۱۸۷ج۲)

خلاصہ کلام یہ ہے کہ فدائی حملہ دشمن کو شکست دینے کا مؤثر ترین ہتھیار ہے، لہٰذا صرف جائز ہی نہیں ہے بلکہ افضل ترین شہادت ہے۔

لہٰذا آج ہمارے پاس اپنی جان، مال، دین کے دفاع کی خاطر فدائی حملے سے زیادہ کارگر اور کوئی ہتھیار نہیں ہے، جہاں دفاع کی خاطر غیر فدائی حملے جائز ہیں وہاں فدائی حملے بدرجہ اولیٰ جائز ہیں، "پیغام پاکستان" میں فدائی حملوں پر خودکشی کی آیات واحادیث کی تطبیق سابقہ وضاحت کی روشنی میں یا تو مداھنت یا تجاہل عارفانہ ہے، مگر بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی کا ٹیپہ دیکھ لیا جائے تو یہ کوئی قابلِ غور وفکر اور باعث تفتیش مسئلہ بھی نہیں کہ اسلام کو کفری دُنیا کیساتھ ایڈجسٹ کرنا اس کا میشن ہے۔ واللہ اعلم

(۴) پچھلے تین نکات سے یہ بات واضح ہوئی کہ پاکستان کے خلاف مسلح کاروائیاں پاکستان کی طرف سے معصوم عوام اور خاص کر قبائل کے خلاف اور اسلام کے دشمن کے خلاف برسرِ پیکار مجاہدین کے خلاف جاری ظلم وجبر کے رد عمل میں ہو رہی ہیں، لہٰذا اس حقیقت کے تناظر میں پاکستان کا ان مسلح گروہوں اور نہتے عوام کے خلاف مختلف ناموں سے آپریشن ظلم اور زیادتی ہے اور عوام کا پاکستانی فوج کا اس ظلم وزیادتی میں تعاون کرنا ﴿وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَى الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ﴾ کے تحت حرام اور ناجائز ہے۔

پیغام پاکستان کی چشم پوشی:

"پیغام پاکستان" میں تصویر کا ایک رُخ بیان ہوا ہے، جس میں پاکستانی جرنیلوں اور حکمرانوں کے ساتھ وفاداری کا حق اداء ہوا ہے، بلکہ اسلام کو بین الاقوامی نظام (New world order) کے ساتھ Adjust کرنے کی بھی ایک حد تک خدمت ہوئی ہے، مگر تصویر کے دوسرے رُخ سے مکمل طور پر چشم پوشی ہوئی ہے، اور یقیناً یہ چشم پوشی حقائق سے ناواقفیت کی بناء پر بھی نہیں ہوئی ہے۔

خیر! تصویر کے ایک رُخ کا جواب تو ہم نے دیا جو بالکل حقائق پر مبنی ہے، اب تصویر کا دوسرا رُخ ہم پیش کرتے ہیں جو تلبیس سے بالکل پاک ہوگا، حقائق پر مبنی ہوگا، عوام تک سے مخفی نہیں ہوگا، پوری دُنیا کے مشاہدے کے مطابق ہوگا۔ ان شاء اللہ۔

پیغام پاکستان میں پاکستان کے اندر جاری خونریزی کو دہشت گردی ثابت کرنے کی کوشش ہے اور پاکستان کو ان تمام کاروائیوں میں بے گناہ ثابت کرنے کوشش کی گئی ہے اور پاکستان کو ایک پاک صاف اسلامی ریاست ثابت کرنے کی کوشش کی گئی ہے، مگر پیغام پاکستان میں پاکستان کے اس برملا اعلان سے چشم پوشی ہوئی کہ

(۱) میں نے آج تک پرائی جنگ لڑی ہے۔

(۲) پاکستان نے اپنے ائربیس جو امریکہ کے حوالے کئے ہیں جن سے بقول پاکستان کے پچپن ۵۸ ہزار حملے امارتِ اسلامی اور بے گناہ عوام پر ہوئے ہیں، پیغام پاکستان نے اس حقیقت پر خاموشی اختیار کی ہے۔

(۳) نیٹو کا پورا کمال پاکستان کے راستے سے ہو رہا ہے، مگر "پیغام پاکستان" میں اس کا ذکر تک نہیں ہے۔

(۴) پاکستان نے اپنے مجرم ریمنڈ ڈیوس کو باعزت طریقے سے مقدمہ چلائے بغیر امریکہ کے حوالے کیا اور امریکہ کی مجرم مسلمانوں کی بہن عافیہ صدیقی کو تحفظ نہ دے سکا، بلکہ بہت بے احترامی کیساتھ اللہ کے دشمنوں کے حوالے کیا "پیغام پاکستان" نے اس دردمند حقیقت کو ردی کی ٹوکری میں ڈال دیا ہے۔

(۵) پاکستان نے سینکڑوں مجاہدین مرد و عورتیں اللہ کے دشمنوں کے حوالے کئے۔

(۶) آج تک کسی بھی ملک نے اپنے عوام پر جیٹ طیاروں سے بمبار نہیں کیا ہے، پاکستان نے قبائل پر بمباری کے نت نئے طریقے آزمائے، ایک ایک گھر کے کئی مردوں کو پکڑ کر جعلی مقابلوں میں شہید کر کے روڈوں پر پھینک دئے۔ خدا کی قسم! اس ظالم حکومت نے مظلوم گھروں کے چراغ بجھادئے، بعض گھروں میں بالغ مرد تک نہیں چھوڑا۔ مگر افسوس کہ پیغام پاکستان میں ان حقائق کو بیان نہیں کیا گیا ہے۔

اب ہم علماء کرام سے چند سوالات پوچھتے ہیں:

۱. مسلمانوں کے خلاف یہود و نصاریٰ کے فرنٹ لائن اتحادی بننے کے بعد پاکستان کی شرعی حیثیت کیا ہے؟

۲. پاکستان کے اپنے اعلان کہ "میں پرائی جنگ لڑ رہا ہوں" کے مطابق پاکستان میں جاری جنگ کی حیثیت کیا ہے؟

۳. راہ نجات، ردالفساد، ضرب عضب وغیرہ اس پرائی جنگ کے حصے ہیں، ان آپریشنوں میں تعاون کی شرعی حیثیت کیا ہے؟

۴. اس پرائی جنگ میں قتل ہونے والے بقول پاکستان کے پچھتر ۷۵ ہزار لوگوں کا قاتل کون ہے؟ جبکہ پاکستان نے اقرار کیا کہ افغانستان کی جنگ ہم نے اپنے اوپر مسلط کی ہے۔

۵. امریکہ نے جو ستاون ۵۸ ہزار حملے پاکستانی سرزمین سے افغانستان کے عوام پر کئے، جس کی اجازت پاکستان نے دی۔ ان حملوں میں شہید ہونے والے لاکھوں عوام کا قاتل کون ہو گا؟

۶. کیا اپنی جان مال دین سے دفاع بغاوت ہے؟

۷. اپنی جان، مال اور دین سے دفاع کرنے والوں کے خلاف ظالم حکومت کے ساتھ تعاون کرنے والوں کا کیا حکم ہے؟

۸. مسلمان مرد اور عورتوں کو پکڑ کر دشمن کے حوالے کرنے والے کا شرعی حکم کیا ہے؟

۹. یہود و نصاریٰ کی خوشنودی کیلئے مساجد، مدارس اور اس میں پڑھنے، پڑھانے والے علماء اور طلباء کو شہید کرنے والوں کے متعلق شریعت کا کیا حکم ہے؟

۱۰ ان تمام جرائم کے حامل ملک کے خلاف نہ لڑنے والوں کے متعلق شریعت کا کیا حکم ہے؟

(المستفتین: مجاہدین تحریک طالبان پاکستان جنوبی وزیرستان حلقہ محسود)

میں یہاں ان خطوط اور آڈیو پیغام میں سے چند کا تذکرہ ضروری سمجھتا ہوں جن کو مفتی ابوہشام نے امیر محترم خالد مسعود صاحب کے امر سے وقتاً فوقتاً علماء کرام کی خدمت میں ارسال کئے ہیں۔ تاکہ یہ بات واضح ہو جائے کہ ہم نے علماء نظر انداز نہیں کیے ہیں، بلکہ ان حضرات کی سرپرستی میں اپنا جہادی سفر جاری رکھنے کی کوشش کی ہے۔

امیر محترم خالد محسود کی طرف سے علمائے کرام کے نام آڈیو پیغام

قابلِ صد احترام علماء کرام واکابرین اسلام

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

بصد احترام آپ حضرات کی خدمت اقدس میں یہ عرض کرتا ہوں کہ خداوند قدوس میرے سینے کی کیفیت پر حاضر وناظر ہے کہ میں آپ حضرات سے بالمشافہ ملاقات کا کس قدر خواہش مند ہوں، اور آپ حضرات کے سامنے دوزانوں بیٹھ کر آپ حضرات کے فیوض وبرکات کے حصول کیلئے کتنا بے قرار ہوں، اور آپ حضرات کے مبارک زبانوں سے اپنے حق میں تائیدی کلمات سننے کا کتنا خواہشمند ہوں، مگر افسوس صد افسوس کہ حالات کے ہاتھوں اس نعمتِ عظمٰی سے محروم ہوں، اور اس ایک آڈیو کے ذریعے تمام علماء کرام کو مخاطب کرنا یقیناً آپ حضرات کے حق میں گستاخی ہے، مگر حالات کے پیشِ نظر دل پر پتھر رکھ کر یہ جسارت کرتا ہوں۔ لہٰذا تہہ دل سے اس گستاخی پر میں معذرت خواہ ہوں، اور مجھے امید ہے کہ آپ حضرات کی شفقت اس گستاخی پر غالب آئیگی، انشاءاللہ تعالیٰ۔

میں خود کو آپ حضرات کیساتھ مربوط سمجھنے کی وجہ سے اور آج کل جہاد کے میدان میں ملے جلے مختلف افکار و نظریات کی بنا پر اس بات کی وضاحت کرنا چاہتا ہوں کہ بہت سے لوگ دین کے نام پر محنت میں مصروف ہیں، اور ہر جماعت قرآن وحدیث ہی کو اپنی جہد کا معیار ٹھہراتی ہے، مگر ساتھ ساتھ یہ بھی ہمارا مشاہدہ ہوا کہ اکثر لوگ موجودہ حالات پر قرآن وحدیث کی تطبیق اپنی ہی نظر وفکر کی روشنی میں کرتے ہیں، مگر الحمد للہ ہم اپنا نجات اسی میں سمجھتے ہیں کہ قرآن وحدیث کی جو تشریحات ہمارے اکابرین نے کی ہیں اپنے اکابرین کے جو تعلیمات اور تجربات ہیں اسی کی روشنی میں ہم اپنا لائحہ عمل تیار کریں، اور اسی کے ضمن میں اپنی جہد برقرار رکھیں۔

حضرات کرام! یہ مبالغہ نہیں بلکہ حقیقت ہے کہ آج کے اس پر فتن دور میں ہم آپ حضرات کو اپنے اکابر اور اپنے بڑے سمجھتے ہیں، آپ حضرات ہی کی راہنمائی میں اپنی عملی اور نظریاتی زندگی کا تحفظ تصور کرتے ہیں، یقیناً ہم نے بے پناہ قربانیاں دی اور دے بھی رہے ہیں، مگر ان تمام قربانیوں کا نتیجہ آپ حضرات کی راہنمائی پر موقوف سمجھتے ہیں، لہٰذا آپ حضرات ہماری راہنمائی فرمائیں اور اس بات کو ہم اچھی طرح سمجھتے ہیں کہ محض قربانیوں سے اللہ کا دین زندہ نہیں ہوتا جب تک کہ قربانیوں کا رخ درست نہ ہو۔ بلکہ یہی قربانی اگر اپنے اکابرین اور علماء دین کی راہنمائی میں نہ ہو تو اسلام اور مسلمانوں کی بدنامی کا ذریعہ بنے گی۔

محترمو! ہمارے سیدھے سادھے لوگوں کا یہ تجربہ ہوا کہ دشمن کے خلاف میدان میں اترنا اتنا مشکل نہیں جتنا اپنی محنت، مشقت اور قربانیوں کا رخ درست رکھنا، اور ان کا نتیجہ سمیٹنا مشکل ہے، کیونکہ اس سے پہلے بھی علماء کرام سے لے کر عوام الناس تک نے احیائے دین کی خاطر کافی قربانیاں دی ہیں، مگر ان قربانیوں کے ثمرات پر وقت کے مکار لوگوں نے قبضہ جمالیا ہے، اور قربانی دینے والے حضرات صرف تاریخی اوراق ہی میں محصور رہے، اور آج بھی صورت حال کچھ یوں نظر آرہا ہے، کہ اگر علماء کرام نے میدان جنگ میں برسرپیکار لوگوں کی سرپرستی اور راہنمائی نہ فرمائی، تو یقیناً ان تمام قربانیوں کے ثمرات پر کسی اور کا قبضہ ہو جائیگا۔

حضرات کرام!نہایت درد کے ساتھ عرض کر رہاہوں کہ ہم انتہائی مشکل احوال کے مقابلے پر آئے ہوئے ہیں، لہٰذا گزارش ہے کہ ہمیں لاوارث نہ چھوڑیں۔ دین کے جتنے بھی محنت کرنے والے ہیں، یقیناً ان تمام کا احترام ہمارے دلوں میں ہے اور حقیقت میں یہ ساری جہد ایک دوسرے کے معاون ہیں، ہم ان تمام جدوجہد کے مجموعے کو دین سمجھتے ہیں۔ مگر یہ بھی حقیقت ہے کہ آج کے دور میں ان تمام محنتوں میں ہماری محنت پوری دنیا کی نظروں میں سر فہرست ہے، اور اگر ہمارا قبلہ درست نہ ہوا ہمارے اندر کمی بیشی رہی تو اس کا اثر براہ راست باقی تمام محنتوں پر پڑے گا، اور مشاہدہ بھی یہی ہوا ہے کہ ہماری بعض کمزوریوں کو عبارت بنا کر باطل والے باقی تمام دین کی محنت کرنے والوں پر کسی نہ کسی بہانے ہاتھ اٹھاتے رہتے ہیں، لہٰذا اگر آپ حضرات نے ہماری کمزوریوں کی اصلاح فرمائی تو ہم اور آپ سب محفوظ ہو جائیں گے، اور اگر آپ حضرات نے ہمیں ہماری غلطیوں اور کمزوریوں کے حوالے کیا تو یقیناً صرف ہمارا نقصان نہیں ہو گا، بلکہ اجتماعی نقصان ہو گا۔

قابلِ قدر حضرات !یقیناً جس طرح بر سر عام آپ حضرات کا ہمارے ساتھ تعاون خطرے سے خالی نہیں، اس سے زیادہ ہمارے درمیان عَدَمِ رَبْط، اور عَدَمِ سرپرستی خطرناک ہے۔ لہٰذا جس طرح ممکن ہو ہماری راہنمائی فرمائیں۔ اللہ کی قسم!ہم آپ حضرات سے مستغنی نہیں ہیں۔ ہم اپنی اس قربانیوں کا ثمرہ علماء دیوبند کی زیر نگرانی ایک بہتر انداز میں دیکھنا چاہتے ہیں، تاکہ تاریخ میں ہماری قربانیوں کا ذکر مثبت انداز میں ہو۔

اس میں کوئی شک نہیں کہ جہاد کے نام پر آج کل بہت کچھ ہو رہا ہے جسے دیکھ کر اور سن کر اندر ہی اندر سے ہم کُڑ رہے ہیں، مگر کچھ اعذار اور مجبوریاں ایسی لاحق ہیں کہ ہم اللہ تعالیٰ کے قدرت کے انتظار میں ہیں اور آپ حضرات کے سامنے بھی اپنے خیالات کا مختصراً اظہار اس لئے کیا تاکہ آپ حضرات بھی اس مقدس صف کے حق میں اللہ تعالیٰ کے سامنے دست بہ دعا ہو جائیں، کہ جو بھی اس مقدس فریضے کو بدنام کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو اپنے گرفت میں لے لیں۔

محترم حضرات !کیا عرض کروں، بہتر تو یہ ہوتا کہ آپ حضرات کے سامنے دوزانوں بیٹھ کر پوری داستان سناتا، اور اپنا غم ہلکا کرتا اور آپ حضرات اپنا دست شفقت میرے سر پر رکھ کر دعا فرماتے، مگر اللہ کو منظور ایسا ہی ہو گا۔ آخر میں یہی گذارش ہے کہ اگر الفاظ یا لہجے میں کسی قسم کی گستاخی ہوئی ہو، آپ حضرات کی شان کیخلاف کوئی بات ہوئی ہو، تو خدارا! مجھے معاف فرمائیں کہ ہم سیدھے سادھے پہاڑی لوگ ہیں، بات کا سلیقہ نہیں آتا۔ والسلام

آپ حضرات کا خادم "خالد مسعود"

علماء اکرام سے راہنمائی کی درخواست

(خط)



محترم و مکرم علمائے پاکستان!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم اور آپ حضرات کی دعاؤں کی برکت سے ہم سارے ساتھی خیر و عافیت سے ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ سے ہماری استدعاء ہے کہ اللہ رب العزت آپ حضرات کو عمر دراز عطاء کر کے امت مسلمہ کیلئے وسیلۂ خیر بنائیں۔

بعد ازیں! آپ حضرات کی خدمت میں عرض ہے کہ ہمارے امراء حضرات کا یقیناً آپ حضرات سے رابطہ اور واسطہ تھا اور یقیناً وہ لوگ آپ حضرات کا دست شفقت اپنے لئے باعث نجات اور مسرت تصور کرتے تھے، اور ان کو بڑوں کے ساتھ ربط اور وحدت فکر پر یقیناً فخر بھی تھا۔

محترم حضرات! اگرچہ ہمارے وہ حضرات ہم سے بذریعہ شہادت جدا ہو گئے، ہمیں داغ فراق سے آشنا کیا، مگر الحمد للہ ہم سب ایک ہی کشتی کے سوار تھے اور ہیں، وہ حضرات یہی فکر ہمارے لئے وراثت میں چھوڑ کر ہم سے رخصت ہوئے ہیں۔

آج کے اس پر فتن دور میں اگرچہ ہم ایک طرف اس عظیم محنت اور جہد کو مدارس، مساجد، علماء، اور مشائخ کے تحفظ کا ذریعہ سمجھتے ہیں، ممبر و محراب کی آزادی اسی پر موقوف سمجھتے ہیں کہ جب تک ان ظالموں کی شان و شوکت ٹوٹے گی نہیں اس وقت تک ممبر و محراب، علم و علماء مختلف پابندیوں میں جھکڑے ہوئے ہونگے، تو دوسری طرف اس بات کا بھی ہمیں صرف احساس نہیں بلکہ پورا یقین اور بصیرت حاصل ہے کہ اگر آپ حضرات جیسے علماء کی نگرانی میں ہمارا یہ عمل نہ رہا یا بلا واسطہ آپ حضرات کا دست شفقت و تربیت ہمارے سروں پر نہ رہا تو ہماری یہ جدوجہد اسلام کو بدنام کرنے کا ذریعہ بنے گی، ممکن ہے کہ ایک ایسی صورت میں ہم سے نظام شریعت کا ظہور ہو جائے، جس صورت کو تنافر عوام لازم ہو۔

اس بات کو ہم اچھی طرح سمجھتے ہیں کہ ہماری اس محنت اور جہد کا مقصد محض تمکین فی الارض نہیں جو کہ آج کل ان کفار اور ملحدین کو بھی حاصل ہے، بلکہ تمکین فی الارض کیلئے جن قربانیوں کی ضرورت پڑتی ہے وہ ہم دے رہے ہیں اور ان کا ثمرہ ہم کھلی آنکھوں سے دیکھ بھی رہے ہیں، اور پوری دنیا اس کا مشاہدہ بھی کر رہی ہے، ان قربانیوں میں بھی ہم آپ حضرات کے سرپرستی کے محتاج ہیں کہ قربانیوں کا رخ کہیں بدل نہ جائے اور جو مقصودِ اصلی ہے، یعنی اقامتِ دین اس میں تو ہم بدرجہ اولی آپ حضرات کی سرپرستی کے محتاج ہیں، ہم اپنی قربانیوں کا پس منظر اپنے علماء دیوبند کی نگرانی میں دیکھنا چاہتے ہیں، جن کے عقائد اور دوستورِ زندگی پر ہمیں فخر ہے۔

حضرات کرام! صحابہ اکرام تو خوش نصیب تھے کہ اپنی قربانیوں کے عوض حاصل شدہ درد و غم کو حضور اکرم ﷺ کی زیارت شفقت اور تائید سے دور کر لیتے تھے، جنت کی بشارتیں پھر سے ان حضرات کو تازہ دم بنا لیتیں، مگر آج ہم ان تمام چیزوں سے محروم ہیں، زمین کا شائد ہی کوئی ایسا ٹکڑا ہو جس پر ہمارا گوشت اور خون بکھرا ہوا نہ پڑا ہو، شائد ہی کوئی ایسا درندہ یا پرندہ ہو جس نے ہمارے گوشت کا

ذائقہ نہ چکاہو، مگر اس کے باوجود ہمیں داد دینے والا کوئی نہیں، ہر سو ہمیں دھتکارہ جارہاہے، اگر ایسی حالت میں آپ حضرات نے بھی ہماری لغزشوں سے در گزر نہیں کیا، ہمارے سروں پر دست شفقت نہیں رکھا، تو ہو سکتا ہے کہ یہ ہمارے حوصلوں کو پست کرنے کا ذریعہ بنے، ہم اپنی جانوں کا نذرانہ تو پیش کریں گے مگر امت مسلمہ پر مسلط طاغوتی ہاتھ کا توڑنا جملہ مذہبی حضرات کے ذمے رہ جائیگا۔ لہٰذا آپ حضرات ہمارے حوصلے بڑھائے، ہمیں ہماری کوتاہیوں سے اگاہ کریں، ہم ان شاءاللہ آپ حضرات کی صف اول کے سپاہی ہیں، راہنمائی آپ حضرات کا کام، راستے سے روڑے دور کرنا ہمارا کام، چٹانوں سے ٹکرانہ ہمارا کام، منزل تک پہنچانا اللہ رب العزت کا کام۔

والسلام

خادم العلماء خالد مسعود

مفتی نور ولی (المعروف ابو منصور عاصم) اور اراکینِ شوریٰ کا

علمائے پاکستان کے نام خط

من جانب: امیر تحریکِ طالبان پاکستان "مفتی نور ولی المعروف ابو منصور عاصم اور اراکینِ شوریٰ"

بسم اللہ الرحمن الرحیم

إلى فضيلة المعالي.....(حفظك الله ورعاك)

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

جیسا کہ آپ حضرات کو معلوم ہے کہ گیارہ ستمبر ۲۰۰۱ء کے بعد امریکہ اور اس کے اتحادیوں نے دنیا کی واحد اسلامی حکومت اسلامی امارت افغانستان پر حملہ کیا، افواجِ پاکستان اور خفیہ اداروں نے عالمی کفری اتحاد کا ساتھ دیکر امارت اسلامی کی حکومت کو گرانے اور مجاہدین اسلام کو شہید یا گرفتار کرکے امریکہ کو ڈالر کے عوض فروخت کرنے میں کلیدی کردار ادا کرنا شروع کیا، حتی کہ بچوں اور خواتین تک صلیبیوں کے ہاتھوں بیچ ڈالا، سابق صدر، چیف ایگزیکٹو جنرل پرویز مشرف نے خود اس کا اعتراف کیا ہے۔

پاکستان سمیت پوری دنیا کے اہلِ حق علماء کرام کے شرعی فتاوی کی روشنی میں ڈیورنڈ لائن کے آس پاس آباد آزاد قبائل (جو کہ اصولاً نہ پاکستان کا حصہ ہیں نہ افغانستان کا، بلکہ ڈیورنڈ معاہدے کے تناظر میں دونوں ممالک کے درمیان حدِ فاصل ہے، ان آزاد مسلمان قبائل) نے طالبان کی نصرت اور تعاون دینی فریضہ سمجھ کر شروع کی اور امریکہ کے خلاف دفاعاً علمِ جہاد بلند کیا۔

الحمد للہ! قبائل ہی سے جاری دفاعی جہاد کی ابتدا ہوئی، جہادی ماحول مہیا ہوا، امریکہ اور اس کے اتحادیوں کے خلاف استشہادی حملے شروع ہوئے۔

افواجِ پاکستان نے عالمِ کفر کو مزید خوش کرنے کے لیے اور عالمی کفری نظام کو مزید مستحکم کرنے کے لیے قبائل پر یلغار کرکے آپریشنوں کا نہ ختم ہونے والا سلسلہ شروع کیا، علماء دیوبند (کثر اللہ سوادھم) سے تعلق رکھنے والے پانچ سو جید علماء کرام اور مؤقر دینی اداروں نے فوج کے اس اقدام کے خلاف فتوی جاری کیا، جس میں واضح طور پر لکھا کہ قبائلی مجاہدین کو اپنے دفاع کا حق حاصل ہے، اور یہ بھی لکھا کہ

ان آپریشنوں میں جو فوجی شریک ہو گا تو وہ کبیرہ گناہ کا مرتکب ہو گا اور اگر اس کی موت واقع ہو جائے تو وہ ہر گز شہید نہیں کہلائے گا، جہاں تک ایسے لوگوں کی موت واقع ہونے کی صورت میں نماز جنازہ پڑھانے اور اس میں لوگوں کے شریک ہونے کا تعلق ہے تو ایک مسلمان کی غیرت، حمیت اور دینی جذبے کا تقاضا یہ ہے کہ ایسے لوگوں کی نمازِ جنازہ میں بھی کوئی شریک نہ ہو۔اور ایسے تمام افراد جو اِن ظالمانہ فوجی کاروائیوں میں مارے جائیں چونکہ شرعاًوہ معصوم اور بے گناہ ہیں،لہذا شرعاًوہ شہید ہوں گے۔

ہم نے اکابر اہلِ حق علماء کرام کے فتویٰ کی روشنی میں مجبوراً اپنا رخ افواجِ پاکستان اور خفیہ اداروں کی طرف پھیر دیا، اورافغانستان سمیت پاکستان میں بھی دفاعی جہاد کا محاذ کھول دیا۔

ہم نے خروج کا مسئلہ نہ چھیڑا ہے اور نہ اس کو سوچا ہے، ہم نے دفاعاً افواجِ پاکستان کے خلاف اپنے اکابر اور اساتذہ کرام کے فتاوی کی روشنی میں مقدس دفاعی جہاد شروع کیا، جو کہ تاحال جاری ہے اور اپنے شرعی اہداف کے حصول تک جاری رہے گا، ان شاء اللہ۔

پیغامِ پاکستان اور دیگر اعلامیوں میں ہمارے خلاف جو موقف اختیار کیا گیا ہے وہ مبنی بر انصاف نہیں۔

جب بھی پاکستان کی قابض افواج پر حملے تیز ہو جاتے ہیں تو ایسی حالت میں ہمارے متعلق کوئی نہ کوئی ایسا موقف اختیار کیا جاتا ہے، جس کی نسبت ہماری طرف صحیح نہیں ہوتی۔ ہم نے کوئی تفرّد یا تجدّد اختیار نہیں کیا ہے، بلکہ اپنے اساتذہ کرام اور اکابر عظام (دامت برکاتہم العالیة) کے فتاویٰ، ترغیب و تحریض کی روشنی میں رواں مقدس دفاعی جہاد شروع کیا ہے۔

ملک میں مصروف و مشغول دیگر اسلامی تحریکوں کو ہم مثبت نظر سے دیکھتے ہیں، ان کی ترقی اور قوت سے الحمدللہ ہم خوش ہیں۔

اسلامی تحریکیں اور بالخصوص علماء حق (علماء دیوبند، **کثر الله سوادهم**) سے وابستہ جماعتوں کی ہم آہنگی، وحدت اور ایک جھنڈے تلے جمع ہونا، اسلامی اقدار کو بچانے اور اسلامی نظام تک پہنچنے کے لیے ہم نہایت ضروری سمجھتے ہیں۔

پاکستان پر قابض خفیہ ٹولہ کسی بھی صورت برداشت نہیں کر سکتا کہ علماء حق کی قیادت میں مسلمانانِ پاکستان متفق و متحد ہوں، بلکہ وہ اہل حق کی وحدت، اتفاق اور قوت کو اپنے ناجائز قبضے، تسلط اور لادینیت کے لیے نہایت خطرہ سمجھتا ہے۔

اہلِ حق میں سے جس عالمِ دین کا بھی معاشرے میں اثر و نفوذ بڑھتا ہے، انہی خفیہ ہاتھوں کی کوشش ہوتی ہے کہ زبردستی اسے زیرِ اثر لائیں، ورنہ اسے شہید کرنا ان کے بائیں ہاتھ کا کھیل ہوتا ہے، اور ایسے اہلِ حق علماء کرام کی شہادتوں کی ایک طویل فہرست ہے۔

مثلاً شہید اسلام مولانا یوسف لدھیانوی، شیخ الحدیث مولانا مفتی نظام الدین شامزئی، استاذ الحدیث مفتی عتیق الرحمن، مفسّرِ قرآن مولانا اسلم شیخوپوری، شیخ القرآن مولانا ولی اللہ کابلگرامی، شیخ الحدیث مولانا سلطان غنی عارف، استاذ الحدیث مولانا شیخ نصیب خان، شیخ الحدیث مولانا حسن جان، شیخ الحدیث مولانا سمیع الحق، مولانا معراج الدین، مولانا محسن شاہ، مولانا محمد حنیف وغیرہم (رحمهم الله)۔

جناب محترم! ان خفیہ اسلام دشمن ہاتھوں نے اپنے بعض ایجنٹوں کے ذریعے ہمیشہ کوشش کی ہے کہ مجاہدینِ اسلام اور اکابر علماء کے درمیان بُعد اور فاصلے پیدا کریں۔

ہمارے دیوبندی مدارس اور مکتبہ فکر کی طرف منسوب بعض اربابِ مدارس اور شخصیات (جو دینی حلقوں میں بھی خفیہ اداروں کے اہلِ کار سمجھے جاتے ہیں) کوشش کرتے ہیں کہ مجاہدینِ اسلام اور علماء حق کے درمیان بُعد وفاصلے ہوں، جبکہ یہ مجموعی طور پر اہل حق کی اجتماعیت کے لیے سود مند نہیں ہے۔

اسی ہدف کے حصول کے لیے اپنے فتنہ پرور ایجنٹوں کو مجاہدین اسلام کی صفوں میں شامل کرا کے جہادی صف کو غلط استعمال کرنا شروع کیا، ان کم بدختوں کے خلاف ہم نے مضبوط قدم اٹھا کر بہت ساروں کو اپنے انجام تک پہنچایا، مولانا معراج الدین صاحب اور مولانا محسن شاہ صاحب (رحمہما اللہ) کے قاتلوں کو کیفرِ کردار تک پہنچانا اس سلسلے کی ایک کڑی تھی۔

وہ فتنہ باز ٹولہ یا تو سرنڈری کے نام پر دوبارہ افواجِ پاکستان کی گود میں چلا گیا اور یا خارجی افکار کی حامل جماعت (داعش) کے یہاں چلا گیا۔

بہر حال! ہم اس بات کی دوبارہ وضاحت کرتے ہیں کہ ہم نے اپنے اساتذہ کرام اور اکابر عظام کے فتاوی سے رواں مقدس جہاد شروع کیا تھا، اور الحمد للہ! معاصر جہادی تحریکات میں صرف ہماری جہادی تحریک کو یہ امتیاز حاصل ہے کہ پانچ سو جید علماء کرام اور مؤقر دینی اداروں نے بدون ہمارے استفتاء کے ہمارے حق میں دفاعی جہاد کے حوالے سے مدلّل فتوی دیا ہے۔ (جزاھم اللہ خیراً)

ہماری آپ حضرات سے استدعا یہ ہے کہ آپ ہمارے بڑے ہیں، ہم سب نے آپ حضرات کے مشرب سے پیا ہے، ہمارے عقیدے اور نظرئے کے استاد آپ حضرات ہی ہیں، موجودہ جہادی سفر آپ لوگوں کے فتوؤں کی روشنی میں ہم نے شروع کر رکھا ہے، آپ حضرات نے ہمیں فتویٰ دیا کہ افغانستان میں جہاد فرضِ عین ہے، ہم نے امر کی تعمیل میں جانوں کے نظرانے پیش کئے، آپ حضرات نے فرمایا کہ پاکستان کا قبائل میں آپریشن ناجائز اور حرام ہے اور قبائل کو دفاع کا شرعی حق حاصل ہے، ہم نے پاکستانی فوج سے اپنا دفاع شروع کیا، جو آج تک جاری ہے، اب اس قسم کے جہاد میں کسی کو کیا تامل ہے؟ اس دفاعی جہاد کو ریاست کے خلاف مسلح خروج کا رنگ دے کر غیر شرعی قرار دینا، اور اس بنا پر ہمارے خلاف خوارج کے فتوے صادر کرنا اور پیغامِ پاکستان مرتب کرنا، جس میں اس غدار فوج کو پاکستان کا محافظ اور پاسبان ثابت کرنا (جس کے خلاف آپ حضرات ہی نے ہمیں لڑنے کا فتویٰ دیا تھا) اور ہمیں پاکستان کے دشمن اور غدار ثابت کرنا (حالانکہ ہم نے آپ حضرات ہی کے فتوے پر اپنا سب کچھ لٹا دیا) یقیناً ہمارے ساتھ ناانصافی، اور ہمارے لئے باعثِ شکوہ ہے۔ ہم نے ابھی تک پاکستان میں مسلح خروج کی بات چھیڑی ہی نہیں ہے، ابھی تک تو ہم اپنے دفاع کی بات کر رہے ہیں، جس کا فتویٰ آپ حضرات نے دیا ہے، پھر ہم پر انڈیا کے ایجنٹ کا فتویٰ لگانا، یقیناً ہمارے ساتھ زیادتی ہے۔

حضرات کرام! اگر آپ حضرات کو اپنے فتوؤں میں کوئی غلطی نظر آئی ہو، یا ہمارا کردار ان فتوؤں کے خلاف نظر آرہا ہو، تو آپ ہمارے بڑے ہیں، ہمارے راہنما ہیں۔ آیئے! ہماری اصلاح کیجئے، ہمیں مطمئن کیجئے، یہ ہم لوگ آپ حضرات کے ذمے اپنا شرعی حق سمجھتے ہیں۔ جس طرح آپ حضرات نے ہمیں مطمئن کر کے جہاد شروع کرایا تھا اسی طرح آج ہمیں مطمئن کر کے جہاد رُکوائیں، جب آپ حضرات ہمیں شرعی دلائل سے مطمئن کریں گے تو آپ پھر اہل حق مجاہدین کی اطاعت کا نظارہ اپنی آنکھوں سے کریں گے (انشاء اللہ) کیونکہ ہمیں اللہ تعالی کا حکم ہے:

﴿ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِي الْاَمْرِ مِنْكُمْ ۚ فَاِنْ تَنَازَعْتُمْ فِيْ شَيْءٍ فَرُدُّوْهُ اِلَى اللّٰهِ وَالرَّسُوْلِ

اِنۡ كُنۡتُمۡ تُؤۡمِنُوۡنَ بِاللّٰهِ وَالۡيَوۡمِ الۡاٰخِرِ ؕ ذٰلِكَ خَيۡرٌ وَّاَحۡسَنُ تَاۡوِيۡلًا﴾

عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ وَابْنِ عَبَّاسٍ رِوَايَةٌ وَالْحَسَنُ وَعَطَاءٌ وَمُجَاهِدٌ: أَنَّهُمْ أولوا الْفِقْهِ وَالْعِلْمِ-------- وَالْعُلَمَاءَ يَلُونَ حِفْظَ الشَّرِيعَةِ وَمَا يَجُوزُ مِمَّا لَا يَجُوزُ، فَأَمَرَ النَّاسَ بِطَاعَتِهِمْ وَالْقَبُولَ مِنْهُمْ مَا عَدَلَ الْأُمَرَاءُ وَالْحُكَّامُ، وَكَانَ الْعُلَمَاءُ عُدُولًا مَرْضِيِّينَ مَوْثُوقًا بِدِينِهِمْ وَأَمَانَتِهِمْ فِيمَا يؤدون، وهو نظير قوله تعالى ﴿ فَسۡـَٔلُوۡۤا اَهۡلَ الذِّكۡرِ اِنۡ كُنۡتُمۡ لَا تَعۡلَمُوۡنَ﴾ (احكام القرآن للجصاص)

لیکن اگر ہمیں اپنا دفاعی حق حاصل ہے، پاکستان ظالم اور ہم مظلوم ہیں، اور پاکستان کو ظالم اور خطا کہنے میں آپ حضرات کی مجبوری ہو، اور ہمیں مطمئن کرنا بھی آپ حضرات کی بس میں نہ ہو، تو خدارا! ہمیں اپنے شاگرد، اپنے چھوٹے سمجھ کر ہمارے اوپر کم از کم "خارجیت، انڈیا کے ایجنٹ، ملک کے غدار" جیسے فتوے تو نہ لگائیں، کیونکہ یہ تو مشاہدے کی بات ہے کہ جب "پی، ٹی، ایم" نے حقوق کی بات کی تو اس پر ملک دُشمن اور انڈیا ایجنٹ کا ٹپہ لگانے کی کوشش کی گئی، اب حال میں جب آپ حضرات اپنے حقوق کے دفاع کی بات کر رہے ہیں آپ حضرات پر بھی ملک کو غیر مستحکم کرنے، ملک میں انتشار پیدا کرنے وغیرہ کے ٹپے لگ رہے ہیں۔ اصل بات یہ ہے کہ دُشمن تو ہمیں جو بھی کہے کہنے دیجئے کہ دُشمن کا تو کام ہی برا بھلا کہنا ہوتا ہے، کم از کم ہم تو ایک دوسرے کو بدنام نہ کریں، ہم تو ایک دوسرے کو ناکام کرنے کی کوشش نہ کریں، کہ اس سے براہ راست اسلام دُشمن قوتوں کو فائدہ پہنچتا ہے۔

بہر حال! آپ ہمارے بڑے ہیں، ہم آپ حضرات کو کیا مشورہ دیں گے، صرف اپنا شکوہ شکایت ہی آپ حضرات تک پہنچا سکتے ہیں۔ آپ ہمارے بڑے ہیں، آپ خود ہی اندازہ لگائیں کہ ہمارے درمیان اگر اس قدر تناؤ ہو، اس قدر نفرت ہو، ایک دوسرے پر کفر اور خارجیت کے فتوؤں کی فضا ہو، تو اس کا ہم پر اور پوری امتِ مسلمہ پر کیا اثر ہو گا؟ اور دُشمن ہمارے اس اختلاف سے کتنا فائدہ اُٹھائے گا؟

سوئے ادبی معاف! آج علماء اور مجاہدین کا ایک دوسرے کے خلاف کفر، ارتداد اور خارجیت کے فتوے، مجاہدین کے بیس میں اداروں کے اور خارجی ذہنیت رکھنے والے مجاہدین کے یہ قاتلانا حملے، یہ سب کچھ ان غلط فہمیوں کا نتیجہ ہے اور یہ غلط فہمیاں عدمِ ربط کا ثمرہ ہے کہ آج استاد شاگرد دست و گریباں ہو پڑے ہیں، اور اغیار تماشہ دیکھ رہے ہیں۔

البتہ یہ بات یاد رکھی جائے کہ تحریک طالبان پاکستان کے جنگی اہداف میں مذہبی سیاسی اور غیر سیاسی مذہبی جماعتیں شامل نہیں۔ کیونکہ یہ ٹکراؤ عالم اسلام کے مفاد میں نہیں۔ ہاں! اگر کوئی ہمارے اس مقدس دفاعی جہاد میں ہمارے لئے رکاوٹ بن جائے اور ہمارے دشمن کا ساتھ حقیقتاً یا معنیً، اجتماعاً یا انفراداً دے تو ازروئے شرع اس کا حکم ہمارے دشمن جیسا ہے۔ لیکن پھر بھی ہم ایسے لوگوں سے نظریں چراتے ہیں۔

محترم حضرات! ایک بار پھر ہم نہایت ہی انکساری کے ساتھ درخواست کرتے ہیں کہ آپ ہمارے بڑے اور استاد ہیں، آپ ہمیں ہماری غلطیوں کی نشاندہی کرائیں، ہماری راہنمائی فرمائیں، ان شاء اللہ ہمیں تابعدار پائیں گے۔ ہاں! اگر آپ حضرات کی مجبوری ہو تو خدارا! شاگردی استادی کا واسطہ دیتے ہیں کہ ہمارے اوپر خارجیت، ملک دُشمن وغیرہ جیسے الزام نہ لگائیں، ہم آپ حضرات کے بڑے مشکور رہیں گے۔

آخر میں ہم مفتی نظام الدین شامزئی شہیدؒ سے لے کر آج مولانا محمد حنیف شہیدؒ تک کے تمام شہداء کی تعزیت کرتے ہیں۔

والسلام

مفتی نور ولی (ابو منصور عاصم) اور اراکینِ شوریٰ

۱۴/ نومبر ۲۰۱۹ء

تمام مصلح، غیر مصلح اور دیگر اصلاحی اداروں اور جماعتوں کے مابین

وحدتِ فکر کے متعلق ہمارا نقطہ نظر

مذہبی جماعتوں میں موجود خلیج کے ہوتے ہوئے نفاذِ شریعت ممکن نہیں:

کچھ عرصے سے یہ بات ہماری ذہن میں گردش کرتی رہتی تھی اور چیدہ چیدہ لوگوں کے ساتھ مذاکرے و مباحثے بھی وقتاً فوقتاً کرتے، کہ اسلام زندہ کرنے کے نام پر جو مختلف شعبے کام کر رہے ہیں، جیسے دعوت و تبلیغ، جہاد، سیاست اور تصوف، اور پھر ان میں کام کرنے والے منفرداً اپنا ہی شعبہ احیائے دین کیلئے ذریعہ تصور کرتے ہیں، اور اگر کوئی بہت ہی منصف مزاج بندہ ہو تو وہ یہ سمجھتا ہے کہ بس جو جس شعبہ میں مصروف ہے وہ وہاں بہتر ہے اور وہ شرعاً بری الذمہ ہے، اگرچہ وقت کی ضرورت کی وجہ سے دوسرے شعبہ میں لگنا فرض کیوں نہ ہو چکا ہو۔ لہٰذا مذکورہ صورت حال ہم یہ کہنے کی جرات کریں گے کہ جس طرح موجودہ غیر شرعی سیاست اور جمہوریت کے ذریعے اللہ تعالیٰ کا دین زندہ نہیں ہو سکتا؛ اسی طرح مذہبی جماعتوں میں موجود خلیج کے ہوتے ہوئے اللہ کا دین زندہ نہیں ہو سکتا، کیونکہ جو چیزیں لازم و ملزوم ہوتی ہیں ان میں جب تضاد و تقابل کی فضا پیدا ہو جاتی ہے تو پھر اس تیسری چیز کا وجود ممکن نہیں ہو سکتا جو ان دونوں کے امتزاج پر موقوف ہو۔ تو بفضل اللہ ہمیں اپنی سوچ و فکر کی تائید میں مولانا قاری محمد طیبؒ کا وہ خط ملا جو حضرت نے مولانا الیاسؒ صاحب کے ایک خط کے جواب میں لکھا تھا، اگر ہمارے ناقص فہم اور موجودہ حالات کے مشاہدے (جس کو ہم اختصار کی خاطر کچھ مختصر کر کے مقتداء اسلام کی خدمت میں پیش کرینگے، اگر ہمارے سے حاصل شدہ تجربہ) مولانا کے علمی تحقیق کے مطابق ہوا، اور یقیناً آج تک مسلمانوں کی قربانی کی ناکامی کا ذریعہ یہی عدم امتزاج ثابت ہوا ہو، تو پھر اخلاص اور اس مظلوم امت پر شفقت کا تقاضہ یہی ہے کہ علماء، مقتداء اور دین کے احیاء کا درد رکھنے والے حضرات ٹھنڈے دل سے غور و فکر کر کے اس درمیانی خلیج، تنافر اور عناد کو ختم کرنے کا طریقہ تلاش کریں، باہمی امتزاج کے ذرائع پیدا کریں، ورنہ قیامت کے دن مسئولیت ہمارے ذمہ ہو گی، یا ہماری رائے کو کم فہمی مگر اخلاص پر مبنی سمجھ کر معاف کیا جائے۔ اب اس اجمال کی کچھ تفصیل عرض کر کے آپ حضرات کے حوالے کریں گے۔

چونکہ انسان مدنی الطبع ہے، یعنی ضرور کسی شہر یا معاشرے میں رہتا ہے، جیسا کہ علامہ ابن خلدونؒ اپنی کتاب میں لکھتے ہیں: "**مدنی الطبع ای انه لا بد ان یعیش فی مدینة ای فی مجتمع**"

کہ انسان مدنی الطبع ہے وہ ضرور شہر یا کسی معاشرے میں رہتا ہے۔

علامہ اصفہانی اپنی کتاب "**الذریعة الیٰ احکام الشریعة**" میں لکھتے ہیں:

ترجمہ۔ انسانی مدنی الطبع ہے، یعنی اس کے لئے جامعیت سے الگ ہو کر رہنا ممکن نہیں، بلکہ وہ دنیاوی مصالح میں ایک دوسرے کے محتاج ہوتے ہیں۔"

اور علماء اس حقیقت پر اس بات کے ثبوت کے طور پر دلیل قائم کرتے ہیں کہ جب اس انداز میں انسانوں کا اجتماع اور اختلاط ہو تو پھر ضروری ہے کہ لوگوں میں اختلاف اور تنازع پیدا ہو جائے اور یہی اختلاف کینہ، حسد، جنگ، جدال، قتل و قتال، خونریزی اور تعطل بلکہ ہلاکت کا سبب بن جاتا ہے اور یہ تمام مفاسد اس وقت پیدا ہوتے ہیں جب انسانوں کو کسی حاکم کے بغیر آزاد اور بے مہار چھوڑا جائے۔

علامہ محمد موصلیؒ اپنی کتاب حسن السلوک میں تحریر فرما ہیں:

اللہ تعالیٰ نے روئے زمیں پر اپنے بندوں پر حاکم وقت مقرر کرنے میں احسان کیا ہے کہ اس کی وساطت سے مظلوم کا دفاع ظالم سے ہو سکتا ہے۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

ترجمہ۔ اور اگر نہ ہوتا دفاع کرا دینا اللہ تعالیٰ کا ایک دوسرے سے تو خراب ہو جاتا ملک"

مطلب یہ ہے کہ اگر اللہ تعالیٰ نے روئے زمین پر ایسے حاکم مقرر نہ کیے ہوتے جو قوی کو کمزور پر ظلم سے روکے اور مظلوم کا حق لیں، تو طاقت ور لوگ کمزوروں کو ہلاک کر دیتے اور ان کا حال بد ترین ہوتا اور زمین اور اہل زمین فاسد ہو جاتے اور جب بادشاہ ہی ظالم ہو تو فساد اور زیادہ بڑھ جاتا ہے۔ (حسن السلوک ص ۶۴)

مذکورہ تفصیل سے یہ بات معلوم ہوئی کہ بنی نوعِ انسان کے مسائل کا حل حکومتی نظام میں منحصر ہے، اب اللہ تعالیٰ نے بنی نوع انسان کے مشکل کے حل کیلئے نظام الٰہی مرتب فرمایا ہے، تاکہ بنی نوع انسان اس نظام کے تحت زندگی گزار کر آخرت کی تیاری کر سکیں۔

مگر بد قسمتی سے بنی نوع انسان کے خود ساختہ نظاموں نے نظام الٰہی کے مقابلے میں مسائل اور بھی الجھا دیے، لوگوں کا روزانہ سڑکوں پر نکل کر حکمرانوں کے خلاف نعرہ بازی موجودہ خود ساختہ وضعی نظاموں کی ناکامی کی بہت بڑی دلیل ہے۔

اب ہم اس بات کو ثابت کرنے کیلئے تحقیقی بحث کی چنداں ضرورت محسوس نہیں کرتے کہ اس موضوع پر کتابیں بھری پڑی ہیں، چونکہ آج اکثریت جمہوریت کی ہے، تو اس موضوع پر بحث کے بجائے موجودہ معاشرے کے مشاہدات پر اکتفا کر کے جمہوریت میں مسائل کے عدم حل پر اور جمہوریت کی ناکامی پر مختصر تجزیہ پیش کرتے ہیں۔

تقریباً تین قسم کے ماحول سے ہمارا واسطہ پڑتا ہے: (۱) گھر کے اندر، (۲) گھر سے باہر ملک کے اندر کا ماحول، (۳) ملک سے باہر باقی ممالک سے واسطہ۔

اب ان تینوں واسطوں کا جائزہ لے کر ہم دیکھتے ہیں کہ موجودہ نظام نے ہمیں کیا دیا ہے؟

تو گھریلوں اعتبار سے ہم دیکھتے ہیں کہ خاندانی غیرت مفقود ہو چکی ہے، والدین بے حس ہو چکے ہیں، اولاد ان کے ہاتھ سے روشن خیالی کی بدولت نکل چکی ہے، جوان بھائی اپنی جوان بہن کے ساتھ اور باپ اپنی جوان سالہ بیٹی کیساتھ فحش فلمیں دیکھنے میں کوئی عار محسوس نہیں کرتا، گھر کے تمام افراد کے کمرے الگ الگ ہیں اور ہر کمرے میں انٹرنیٹ اور کیبل کی سہولت موجود ہے، بیٹے اور بیٹی کی من پسند دوست بلا روک ٹوک آجا رہے ہیں، ماں، باپ اولاد کے بوائے اور گرلز فرینڈ کو دیکھ کر خوش ہوتے ہیں، کسی کو کسی کی زندگی میں دخل انداز ہونے کی کوئی مجاز نہیں ہے، روشن خیال حضرات کہتے ہیں کہ رات کو جب بیٹا، بیٹی آئے اسے کچھ مت کہنا کہ یہ ذہنی اذیت ہے، اولاد کیلئے والدین تک نسبت پہنچانا مشکل پڑ چکا ہے۔

اس کے علاوہ گھر سے باہر کی فضا تو بہت آلودہ ہے، فحاشی اور عریانی کے اڈے ہر جگہ کھلے ہیں۔ شراب نوشی، فحاشی، بے حیائی صرف عام ہی نہیں ہے، بلکہ حکومتی سطح پر اس کی سرپرستی ہوتی ہے، کسی کی ماں بہن گھر سے نکلنے پر جان سے بچ بھی جائے تو عزت سے ضرور ہاتھ دھو بیٹھتی ہے، غریبوں کو غریب تر اور امیروں کو امیر تر بنانے والے سودی نظام نے ملک کا امن تہہ و بالا کر دیا ہے، امراء طرح طرح کے

جائز و ناجائز طریقے سے اپنا خزانہ بڑھانے کے چکروں میں ہیں، عوام کا خون نچوڑ کر اکاؤنٹ بھر رہے ہیں، رہ گئی نسبت ہماری باقی ممالک کے اعتبار سے ! تو بحیثیت مسلمان ہر طرف سے ہم پر آوازیں کسی جارہی ہیں۔ ہمیں، ہمارے مذہب اور ہمارے وطن کو ایک غنڈہ اور ایک دہشت گرد بنا کر پیش کیا جارہا ہے، ہمارے پیارے نبی حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی بارہا توہین کی جارہی ہے، ہمارے ملک پر حکمران متعین کرنا، اس کی مدت اور یہ کہ ان حکمرانوں نے کیا کرنا ہے؟ یہ کام ہمارے دشمن یہود و نصاریٰ ہی کرتے ہیں۔

ہمارے سارے ائر بیس ان کے قبضے میں ہیں، ملک کی خارجہ اور داخلہ پالیسی ان کی خواہش کو مد نظر رکھ کر وضع کی جاتی ہیں۔ غیروں کو تحفظ اور ہموطنوں کو ذلیل کرنا ہمارے حکمرانوں کا شیوہ ہے، لہٰذا جس ملک کے نظام میں وہاں کے رہنے والوں کو کسی بھی صورت میں تحفظ مہیا نہ ہو تو اس نظام کو توپ کا گولہ مارو اور ایسے بے ضمیر لوگوں کو دو مرتبہ توپ کا گولہ مارنا چاہیے جو اس منحوس نظام پر مصر ہو کر حالات کی درستگی کا مطالبہ کرتے ہیں، جب یہ بات واضح ہوئی کہ خود ساختہ وضعی نظام میں بنی نوع انسان کے مسائل کا حل نہیں ہے، تو لازمی بات ہے کہ نظام الٰہی ہی میں بنی نوع انسان کے مسائل کا حل مضمر ہے۔

خلافت یا نظام الٰہی پر تفصیلی اور تحقیقی بحث کو طول کے خوف سے نظر انداز کر کے کچھ اوصاف پر اکتفا کرتے ہیں، جس سے اندازہ ہو جائیگا کہ تمام انسانوں کے تمام مسائل کا حل نظام الٰہی میں ہے۔

نظام الٰہی کی خصوصیات:

جس طرح اس نظام کا بنانے والا اللہ تعالیٰ ہے اور اللہ تعالیٰ قدیم ذات اور قدیم حادثات پر علم رکھتا ہے، اور تمام انسانوں پر شرقاً، غرباً، ظاہراً، باطناً، شمالاً اور جنوباً اس کا علم محیط ہے، تو اس طرح اس نظام میں اس کے روحانی، جسمانی، دیناوی، اخروی، ظاہری، باطنی تمام قسم کے لوگوں کیلئے یہ نظام عام نفع بخش ہے۔

۱۔ یہ ربانی نظام ہے: اسلامی نظام کا ماخذ وحی الٰہی ہے، جو کہ اللہ تعالیٰ نے پیغمبر کو کی ہے، اسی وجہ سے یہ نظام دیگر نظاموں سے ممتاز ہے۔

۲۔ یہ عقیدوی نظام ہے: یہ ایک عقیدے والا نظام ہے، جو کہ لوگوں کے دلوں پر حکومت کرتا ہے، اگرچہ ایک مسلمان گناہ پر قادر ہے، حاکم، قاضی، پولیس وغیرہ سے بھی نہیں ڈرتا، لیکن عقیدہ اور ایمان کی وجہ سے گناہ کے ارتکاب سے اپنے آپ کو بچاتا ہے، بخلاف دیگر نظاموں کے، مثلاً اسلام سے پہلے شراب اتنی عروج پر تھی کہ گھر گھر میں شراب کے ذخائر تھے، ہر گھر ایک میخانہ تھا، لیکن جب شراب کی حرمت کا حکم نازل ہوا، تو حکم سنتے ہی تمام مٹکے بہا دیئے "فاجتنبوہ" کلمہ کی ایسی طاقت تھی کہ فوج اور پولیس کی طاقت اس کا مقابلہ نہیں کر سکتی۔

دوسری طرف بیسوی صدی میں امریکہ نے شراب کی بندش کا حکم جاری کیا، اس حکم کو عملی جامہ پہنانے کے لئے اجتماعی دعوت پر ۲۵ بلین ڈالر خرچ کیے اور شراب کے نقصانات بتلانے کے لئے ۹۰۰۰ ملین صفحات نشر کئے۔ اس فرمان کو نافذ کرنے کیلئے ۲۰۰ انسانوں نے اپنی زندگی کا خاتمہ کیا اور ۵۰ لاکھ قید ہوئے اور حکومت کے مخالفین نے اس کی تنفیذ کی وجہ سے چار ہزار ڈالر کا نقصان اٹھایا اور لوگوں سے بطور جرمانہ ۱۰ ہزار ملین لئے گئے۔ لیکن نتیجہ یہ نکلا کہ بالآخر ۱۹۳۳ء میں شراب کی ممانعت کا حکم واپس لیا گیا۔ تو معلوم ہوا کہ اسلام ایسے عقیدے والا نظام ہے جو کہ لوگوں کے نہ صرف جسموں پر بلکہ دلوں پر بھی حکومت کرتا ہے۔

۳. یہ عالمی نظام ہے: ہر زمانہ میں ہر انسان کیلئے قابل عمل ہے، ایک خاص گروہ یا خاص وقت کے ساتھ مخصوص نہیں ہے۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:﴿ وَمَآ اَرۡسَلۡنٰكَ اِلَّا كَآفَّةً لِّلنَّاسِ بَشِيۡرًا وَّنَذِيۡرًا ﴾ (السبا: ۲۸)

ترجمہ:۔اور تجھ کو ہم نے بھیجا سارے لوگوں کے واسطے خوشخبری اور ڈرانے والا۔

اسلامی نظام کی خصوصیات کا مطالعہ کرنا ہو تو اس موضوع پر لکھی گئی کتابوں کی طرف رجوع کیا جائے، "اسلام کا نظام سیاست وحکومت" کا مطالعہ خاص طور سے ضروری ہے، ہم نے تو ایک نمونہ پیش کرنا تھا۔

مذکورہ تفصیل سے تقریباً یہ بات واضح ہوئی کہ بنی نوع انسان کے تمام انسانوں کے تمام مسائل کا حل شریعت (یعنی نظام الٰہی) میں ہے نہ کہ جمہوریت یا کسی اور خود ساختہ وضعی نظام میں۔ برسوں سے سیاسی وغیر سیاسی مذہبی جماعتیں اس مسئلے کو حل کرنے میں مصروف ہیں کہ انسانیت کو جمہوری خود ساختہ نظاموں سے چھٹکارا دلا کر شرعی، الٰہی نظام سے وابستہ کریں، مگر کوئی خاطر خواہ نتیجہ سامنے نہیں آرہا ہے۔ ہزاروں مخلص، شریعت خواہ انسان مذہبی مقتداؤں سے امیدیں باندھ کر دنیا کو خیر باد کہہ گئے اور موجودہ حالات کو دیکھ کر ہر سنجیدہ آدمی حضرت عیسیٰ ؑ ہی کے انتظار میں بیٹھ جاتا ہے۔ چونکہ میں پہلے عرض کر چکا ہوں کہ اتنی طویل مدت سے تمام دینی جماعتوں کی اتنی قربانیوں کے باوجود عدم نفاذ شریعت کی بنیاد دینی جماعتوں میں موجود خلیج اور عدم امتزاج ہے، بلکہ عدم امتزاج سے بڑھ کر تقابل و تعارض ہے، تو اس صورت میں نفاذِ شریعت بلکہ خود کامل دین کی بقا معلوم نہیں کیسے ممکن ہو سکتی ہے؟ اس بات کی تائید کیلئے ہمارے بزرگ راہنما قاری محمد طیب صاحبؒ کا خط کچھ اختصار کیساتھ ملاحظہ ہو:

قاری محمد طیب صاحب کا خط

قاری محمد طیبؒ آیت ﴿هُوَ الَّذِىۡ بَعَثَ فِى الۡاُمِّيّٖنَ رَسُوۡلًا مِّنۡهُمۡ يَتۡلُوۡا عَلَيۡهِمۡ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيۡهِمۡ ۔۔۔۔الخ﴾

ترجمہ:۔وہی ہے جس نے اٹھایا اَن پڑھوں میں ایک رسول انہی میں، پڑھ کر سناتا ہے ان کو اس کی آیتیں اور ان کو سنوارتا ہے اور سکھاتا ہے ان کو کتاب اور عقلمندی اور اس سے پہلے پڑے ہوئے تھے صریح بھول میں۔(سورۃ الجمعہ آیت ۲) کے ضمن میں لکھتے ہیں:

"دین کائنات" موالید ثلاثہ کا مجموعہ ہے:

(۱) تعلیم الاحکام، یعنی شریعت،

(۲) تہذیب الاخلاق، یعنی طریقت،

(۳) تنظیم الاعمال، یعنی سیاست۔

اسلام میں ان تینوں کے بغیر چارہ کار نہیں اور نہ ہی ایک دوسرے کے بغیر ان کی تکمیل ہو سکتی ہے۔

شریعت سے راہ معلوم ہوتی ہے۔ اگر راستہ ہی سامنے نہ ہو تو قطع مسافت کیسے ممکن؟

طریقت سے راہ پر چلنے کی اخلاقی قوت پیدا ہوتی ہے۔ اگر راہ چلنے کی طاقت نہ ہو تو محض درستگی سے کیا ہوتا ہے؟

سیاست سے راہ کے روڑے صاف ہوتے ہیں۔ اگر راستہ پر خار اور چٹانوں سے بھرا ہوا ہو تو راہ پر چلنے کی طاقت کیا کام دے سکتی ہے؟ اور اگر پھر چلنے کی ہمت کی جائے تو ساری طاقت راستہ پر ہی صرف ہو کر رہ جائیگی اور منزل مقصود تک رسائی مشکل پڑ جائیگی۔

لہٰذا شریعت راستہ ہے، طریقت راستہ چلنے کی قوت اور سیاست راستے کی صفائی۔ قوت ہمیشہ مخفی چیز ہوتی ہے، راستہ ہمیشہ نمایاں ہوتا ہے اور راستہ کا کام یعنی صفائی نمایاں ہی نہیں شور و شغب بھی لئے ہوتا ہے، اس لیے قدرتی چیز ہے کہ طریقت اور تصوف کی بنیاد یکسوئی اور

انفرادیت پر ہو، لہٰذا ہم دیکھتے ہیں کہ صوفی بحیثیت ایک صوفی کے ساری دنیا سے الگ تھلگ اور یکسو ہوتا ہے۔ دوسروں سے اگر ملتا ہے تو اس کو بھی مخلوق سے منقطع کر دیتا ہے۔

اور شریعت کی بنیاد تعلقات کی کثرت اور ادائے حقوق پر ہے۔ ہدایت وارشاد کی خاطر مخلوقِ خدا میں گھسنا اور ان کی کڑوی کسیلی جھیلنا شریعت میں بھی ضروری ہیں۔ طریقت اور تصوف میں **فرار عن الخلق** ہے، شریعت میں **ذہاب الی الخلق** ہے اور سیاست میں تعلقات کی نوعیت اور بھی شدید ہو جاتی ہے، طریقت میں آدمی نفس تک محدود تھا، شریعت میں نفس سے نکل کر عباد یعنی دوسرے لوگوں تک آتا ہے، یہاں سیاست سے نکل کر صرف بلاد تک نہیں بلکہ صحرا، پہاڑ، دریاؤں اور حیوانات، غرض ساری کائنات کی تنظیم تک آدمی پہنچ جاتا ہے، یعنی مادی اور روحانی قوتوں کے ذریعے ایصال حقوق، ظلم کے دفع، نفاذِ حدود وتعزیرات، جہاد وجان بازی، غنائم کی تقسیم کی حفاظت، مفسدوں کو دبانا، مصلحوں کو سربلند کرنا، باطل والوں کا زور توڑنا اور حق والوں کی مدد کرنا، ایک سیاسی کام ہوتا ہے، ان تینوں عناصر کو اگر ایک دوسرے سے جدا کر دیا جائے تو ان کی باہمی امتزاج کے مخلوط منافع منقطع ہو کر ایک مخصوص مضرت میں سرپڑ جائیگی۔

چونکہ طریقتِ محض "وحشت وجالت" محض ہے۔ شریعتِ محض "شدت وجمود" محض ہے۔ اور سیاستِ محض "نخوت وتجبر" محض ہے۔ اور ظاہر ہے کہ یہ تینوں صفات منفرداً کمال نہیں ہیں، بلکہ ان میں سے ہر ایک دوسرے کیلئے مصلح ہے اور اس لیے دین نے ان سب کو جمع کر کے اپنا نام دین رکھا ہے۔

پس شریعت وطریقت کی کسمپری، عاجزی اور بے بسی کا مصلح سیاست ہے، جس کی مادی شوکت ان دونوں کیلئے سرمایہ عظمت و حفاظت ہے۔ کیونکہ شریعت وطریقت بے بسی اور بے کسی کے عالم میں عام نگاہوں میں بے وقعت بے قدر ہو جانے کی وجہ سے عام قبولیت اختیار نہیں کر سکتی ہیں، بلکہ ان کی تحقیر واستہزا کی صورت پیدا ہو جاتی ہے۔ اور شان وشوکت، قوت والے (مغربی تہذیب یافتہ) طبقے اس کی تحقیر کو اپنا مشن اور مقصد بنا لیتے ہیں، جس کا آج ہم مشاہدہ کر رہے ہیں کہ محض شریعت اور طریقت والے لوگ اپنے مشن کے دفاع پر قادر نہیں ہیں اور بر سر عام ان کا مذاق اڑایا جارہا ہے، بلکہ ان کی عاجزی، بے بسی، شرم وحیا اور دین سے عاری مغرب زدہ طبقوں کیلئے کفر کا ذریعہ بن رہا ہے۔ اور سیاست کی نخوت وتجبر کا مصلح شریعت وطریقت ہے، جن کی آمیزش سے مخلوق پر شفقت اور تربیت عالم کا ظہور ہوتا ہے اور خلافت نمایاں ہو کر نفسیاتی جبر وقہر فنا ہو جاتا ہے۔

پس جب ایک طرف طریقت اور تہذیب الاخلاق کے ذریعے نفس میں عدالت پیدا ہو گئی اور شریعت کے ذریعے علم احکام اور تعلیم خیر کا جذبہ شفقت قائم ہو گیا اور سیاست وقوت کے ذریعے اس علم اخلاق اور حسن اخلاق کی تنفیذ کی قدرت پیدا ہو گئی تو اب سیاست میں سے نخوت وکبر، وقار وخودداری اور شہامت نکل جائیگی، طریقت سے رسم خلوت نکل کر حقیقت خلوت کیلئے تعلق مع اللہ اور انقیاد احکام کا ملکہ پیدا ہو جائے گا اور ادھر اتباع شریعت میں خشکی وجمود وتنگ نظری نکل کر وسعت نظری، جامعیت، ہمہ گیری، تعاون باہمی کے جذبات ابھر آئیں گے، جس سے قوم کے مادی وروحانی عروج کا نقشہ خود بخود قائم ہو جائیگا، جس کے مجموعہ کو دین کہتے ہیں۔

اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ دین بغیر ان تینوں عناصر کے جمع کئے ہوئے مکمل نہیں ہوتا، اور خدامِ دین اس وقت تک صحیح معنوں میں خدمتِ دین نہیں کر سکتے (اللہ کا دین زندہ نہیں کر سکتے) جب تک کہ (ہر خادم) بیک وقت متشرع، صوفی اور سیاسی نہ ہو۔ افسوس ہے کہ آج تک یہ تینوں چیزیں الگ الگ مستقل شمار کی جارہی ہیں اور ان کے حامل الگ الگ اور مستقل منہج سمجھ لیا گیا ہے، اور نہ صرف اسی پر اکتفا کیا گیا، بلکہ

صوفیاء اپنے تصوف کی تکمیل اسی میں سمجھتے ہیں کہ وہ علماء کے مد مقابل آئے، علماء صوفیوں کے مقابلے پر ہوں اور سیاسی ان دونوں طبقوں کے بالمقابل کھڑے ہوئے ہوں اور یہ دونوں طبقے سیاست دانوں کے مقابلے میں۔ اس لیے قوم میں مستقل طبقے قائم ہیں اور بجائے اس کے کہ مل کر کسی ایسی طاقت کے بالمقابل آئیں جس نے ان کا علم بھی غلط کر رکھا ہے اور عمل کا راستہ بھی غلط رخ پر ڈال دیا ہے، اپنی اپنی طاقتیں اپنی اپنی آویزشوں میں ختم کر دیتے ہیں۔ جس سے تفرقہ بازی زیادہ طاقتور اور زیادہ قوی اور دلیر ہو جاتی ہے، میرے خیال میں جب تک یہ تینوں طبقے مل نہ جائیں اور نہ صرف افراد مل جائیں بلکہ ان کے یہ تینوں فنون اس طرح باہم آمیختہ نہ ہو جائیں کہ قوم کا ہر فرد متشرع خاص، صوفی صافی، اور سیاسی مخلص ہو جائے اس وقت تک قوم بحیثیت مجموعی مکمل قوم ہی نہیں کہلا سکتی اور اسلامی نقطۂ نظر سے کامیابی کا منہ بھی نہیں دیکھ سکتی۔

یہ تھا مولانا صاحب کے زمانے میں تفرقہ کا حال اور اس کے متعلق مولانا صاحب کی رائے۔

آج ہم اپنے زمانے کی دینی جماعتوں کا جائزہ لیتے ہیں، تو ہم دیکھتے ہیں کہ تصوف کی جگہ آج تقریباً دعوت و تبلیغ کی محنت نے لی ہے اور اس میں شک نہیں کہ اس محنت سے ہزاروں لاکھوں انسانوں کی زندگیاں بدل گئیں، مساجد و مدارس وجود میں آئے، مگر طویل مدت میں صرف ایک گاؤں یا بستی بھی کامل دین کا نمونہ نہ بن سکا اور آج تک مسلمان اپنے فرائض کو کفر کے زیر سایہ ادا کر رہے ہیں اور جس حکم کی ادائیگی سے کفر کے تسلط کو خطرہ ہو ان کے ہم قریب بھی نہیں جاسکتے ہیں، ان کا نام تک نہیں لے سکتے ہیں اور یہ خطرات اپنی اس محدود محنت کو انبیاء علیہم السلام کی محنت کا درجہ دیکر منفرداً ہی پورے دین کے زندہ ہونے کا ذریعہ سمجھتے ہیں، اب ان حضرات نے اپنے ہی شعبے کی حفاظت کرنی ہے، چاہے اس کی حفاظت کی خاطر باقی احکام الٰہی کو خیر باد کہنا پڑے تو کوئی حرج نہیں، باقی دین کی حفاظت کا کام اللہ تعالیٰ کسی اور سے لے گا اور اگر اس شعبے کے ذریعے اللہ کا دین زندہ کرنا مقصود ہو، پھر اس شعبے کے منبر و محراب کی آزادی جن دوسروں شعبوں پر موقوف ہو ان کے ساتھ جڑے بغیر چارہ کار نہیں، ورنہ اسی طرح محنت و عبادت کے محدود دائرے میں مزید سو سال گزر جائیں تو اللہ کا دین زندہ نہیں ہو گا۔

باقی درس و تدریس کا شعبہ یقیناً دین اسلام کی آبیاری کر رہا ہے، قرآن و حدیث کا تحفظ ان مبارک شعبوں کے ذریعے ممکن ہوا ہے، مگر دوسرے شعبوں کیساتھ عدم ربط کی وجہ سے بدگمانیاں بڑھتی جارہی ہیں، اس عدم ربط اور دجالی میڈیا کی وجہ سے حالات پر قرآن و حدیث کی تطبیق علماء حضرات کے لیے مشکل پڑ رہا ہے، یہاں تک کہ قرآن و حدیث کی آزادی تو درکنار خود قرآن و حدیث، مساجد و مدارس کے وجود کو خطرہ لاحق ہو چکا ہے، علماء و خطباء حضرات کیلئے آزادی کیساتھ قرآن و حدیث کو بیان کرنا ناممکن ہو چکا ہے، اور جو عالم آزادی کا یہ حق اپنے لیے ثابت کرتا ہے وہ شہادت کے مرتبے پر فائز ہو چکا ہوتا ہے۔ ہم دیکھ رہے ہیں کہ مخلص علماء روزانہ شہید ہو رہے ہیں، آئے دن مدارس پر پابندیاں لگ رہی ہیں، تو معلوم ہوا کہ دعوت و تبلیغ اور درس و تدریس وغیرہ کے شعبے، سیاسی یعنی جہادی شعبے کے بغیر اصل حالت پر قائم نہیں رہ سکتے، جہاد کی قوت پیچھے نہ ہو تو منبر و محراب کی آواز اس طرح پابندیوں میں جکڑی ہوئی ہو گی جس کا آج ہم مشاہدہ کر رہے ہیں، کہ عالم اسلام پر ڈھائے جانے والے مظالم کیخلاف کسی بھی منبر و محراب کو لب کشائی کی جرأت نہیں ہے، تو نتیجہ یہ نکلا کہ جہادی شعبہ کے علاوہ صرف ان دو شعبوں کے ہوتے ہوئے نفاذ شریعت تو درکنار پابندیوں میں جکڑا ہوا دین اپنے وجود کے تحفظ سے بے بس نظر آرہا ہے، لہٰذا احیائے دین کیلئے تینوں شعبوں کا امتزاج ضروری ہے۔

باقی رہ گئی بات سیاسی شعبے کی جو سب سے اہم شعبہ ہے، پہلی بات تو یہ ہے کہ یہاں سیاست سے میری مراد مروجہ سیاست نہیں

ہے، بلکہ شرعی سیاست مراد ہے، جن کے پانچ اجزاء ہیں:

(۱) جماعت (۲) سمع (۳) طاعت (۴) ہجرت (۵) جہاد۔

موجودہ جمہوری سیاست میں شرعی سیاست کے دو اہم اجزء ہجرت اور جہاد کا نام تک نہیں بلکہ الٹا عیب ہے، لہٰذا اس سیاست کے ذریعے اقتدار تک پہنچ کر بھی اللہ کا دین زندہ نہیں ہو سکتا، اس نکتہ پر تحقیقی بحث اسی موضوع پر لکھی گئی کتابوں میں ملاحظہ فرمائیں، ہم چند مشاہدات پر مبنی مثالیں عرض کریں گے جس سے معلوم ہو جائے گا کہ مروجہ جمہوری انتخابی سیاست کے ذریعے سے اللہ کا دین زندہ نہیں ہو سکتا۔

(۱) مصر میں گزشتہ اسّی سال کے طویل عرصے سے "اخوان المسلمون" اسلامی نظام کے نفاذ کیلئے غیر معمولی سرگرمیوں میں مصروف ہے، لیکن جب بھی مصری حکومت کو "الاخوان" کی طرف سے کسی دینی تبدیلی کے آثار نظر آتے ہیں تو وہ فوری طور پر ان کیلئے کوئی مصیبت کھڑی کر دیتی ہے، یا تو ان کے قائدین کو جیلوں میں ڈال دیا جاتا ہے یا ان کے مالی اثاثے ضبط کر لیے جاتے ہیں، اور ان کے قائدین کو سیاست اور کام کے میدان میں غیر مؤثر کر دیا جاتا ہے، یہی وجہ ہے کہ مصر میں گزشتہ اسی سالوں میں اسلامی حکومت نہ بن سکی اور نہ ہی کوئی اسلامی معاشرہ سامنے آیا اور "الاخوان" بھی اپنے ان اصولی بنیادوں پر ثابت قدم نہ رہ سکے، جنہیں حسن البناء اور سید قطب شہیدؒ نے اپنی تقاریر اور تالیفات میں "الاخوان المسلمون" کے نظریاتی و علمی راستے کی حیثیت سے واضح کیا تھا، بلکہ زمانے کے گزر کے ساتھ ساتھ جمہوریت نے ان کے عزم کو سست اور دستور کو بدل کر رکھ دیا۔

(۲) ترکی میں "نجم الدین اربکان" کی اسلام پسند تنظیم نے انتخابات میں جمہوریت کے اصولوں کے مطابق اکثریت حاصل کر کے حکومت تو بنالی لیکن جب ترکی سیکولر اور جمہوریت کا دفاع کرنے والی فوج نے اسلام کے مفاد میں ہونے والی تبدیلیاں دیکھی تو فوراً ان کی حکومت گرادی، "اربکان" تنظیم پر پابندیاں لگادی اور تنظیم کے قائدین کو سیاست میں حصہ لینے سے منع کر دیا۔

(۳) شمالی افریقہ کے سب سے بڑے ملک "الجزائر" میں جب "جبھۃ الانقاذ الاسلامیۃ" پارٹی نے مغربی جمہوریت کے اصولوں کے مطابق انتخابات میں اکثریت حاصل کر لی، تو وہاں بھی سیکولر فوج نے مداخلت کر کے انتخابات کے نتائج کو لغو قرار دیا اور اسلامی پارٹی کے قائدین و کارکنوں کو جیلوں میں ڈال دیا، اور الجزائر کے مسلمانوں کو ایسے داخلی جھگڑے میں پھنسا دیا جس کے شعلے آج تک بھڑک رہے ہیں اور ہزاروں مسلمان اس آگ میں جل چکے ہیں اور ابھی تک جل رہے ہیں۔

(۴) پاکستان میں بھی جمعیت علماء اسلام نے ۲۰۰۲ء میں صوبہ خیبر پختونخواہ انتخابات جیت کر اپنی حکومت بنائی تو اپنے دور حکومت میں کوئی اسلامی قانون نافذ نہ کر سکی، بلکہ مشکل سے ان رفاہی کاموں کو کچھ آگے بڑھایا جنہیں سیکولر حکومتیں بڑی آسانی سے چلاتی رہتی ہیں اور اس کی وجہ یہ تھی کہ اس جمہوری حکومت کو مرکز کی طرف سے اجازت نہیں ملتی تھی کہ وہ اسلام نافذ کر سکے۔ اس طرح پوری دنیا میں اسلامی شریعت کو عملاً نفاذ سے دور رکھا جاتا ہے اور اس کے ماننے والوں کو حکومت سے دور کر دیا جاتا ہے اگر چہ وہ جمہوریت کے راستے سے ہی اقتدار تک پہنچے ہوں، لہٰذا معلوم ہوا کہ جمہوریت میں صحیح اسلام کیلئے کوئی جگہ نہیں، البتہ یہ ممکن ہے کہ جمہوریت کے راستے میں کفر کو اسلام کی شکل میں متعارف کر کے جرمِ عظیم کا ارتکاب کیا جائے۔

رہ گئی شرعی سیاست جس پر دین کی تکمیل موقوف ہے اور وہ آج کل جہاد کی صورت میں متعارف ہوئی ہے۔ جو لوگ تہذیب و تمدن اور اسلامی علم و اخلاق سے نا آشنا ہوں تو صرف سیاست سے ان کی تربیت ناممکن ہے، چونکہ سیاست شرعیہ (یعنی جہاد و ہجرت) کے

ذریعے اللہ تعالی کا دین پوری دنیا میں زندہ کرنا مقصود ہوتا ہے، غیر اللہ کے تسلط کو ختم کر کے اللہ تعالیٰ کی بندگی میں لوگوں کو لانا ہوتا ہے، توجو لوگ اگر خود غیر مہذب ہوں اسلامی اخلاق وعادات سے کوسوں دور ہوں، اللہ تعالیٰ کی بندگی کے بجائے آزاد زندگی کو ترجیح دیتے ہوں، اسلامی علم وتہذیب تو درکنار علماء کرام کیساتھ نشست وبرخاست کو بھی ناپسند کرتے ہوں، کمانڈری اور امارت کی آڑ میں خواہشات کی تکمیل میں مصروف ہوں تو ایسے لوگ دنیا کے سامنے جس سیاست شرعیہ، جہاد یا اسلام کو پیش کریں گے یا اسلامی نظام کا یہ نمونہ پیش کریں گے تو یقیناً ساری دنیا ایسے من پسند اسلام یا جہاد وسیاست کی نفی اور اس سے نفرت کریگی اور ایسے لوگ اسلام کو زندہ کرنے کے بجائے اسلام کو بدنام کرنے کا ذریعہ بنیں گے، خود کو خادم اسلام سمجھتے ہونگے اور حقیقت میں عادم اسلام ہوں گے۔

لہٰذا تہذیب الاخلاق اور تعلیم الاحکام کیساتھ عدم ربط کی صورت میں ایک سیاسی جہادی آدمی اپنے مقصد میں کامیاب نہیں ہوسکتا، کیونکہ کسی جگہ پر غلبہ کے بعد وہاں اللہ تعالیٰ کے احکام نافذ کرنا مقصود ہوتا ہے، تو جو صاحب اسلامی تعلیمات، اخلاق، تہذیب سے یکسر جاہل ہو وہ خاک وہاں اسلام زندہ کرے گا۔ ہاں! اگر صرف وہاں پر قبضہ مقصود ہو، وہاں کے لوگوں پر بذریعہ قوت اپنا لوہا منوانا مقصود ہو پھر اسی کے ضمن میں تکمیل خواہشات مقصود ہو تو یہ سب کچھ ایک عرصے کیلئے شاید حاصل ہو جائیں، مگر نتیجہ دنیا اور آخرت میں ذلت ورسوائی کے سوا کچھ نہیں ہوگا، لہٰذا وہ علم واخلاق والی صفات کے بغیر آدمی حقیقی مجاہد اور سیاسی نہیں بن سکتا، ورنہ اپنے شعبے کو بدنام کرنے کا ذریعہ بنے گا، لہٰذا سیاسی شعبہ باقی دو شعبوں کیساتھ ملکر ہی اسلامی نظام نافذ کر سکتا ہے اور خود کامل ہو سکتا ہے۔

خلاصہ کلام:

مذکورہ بیان اور موجودہ حالات کے مشاہدہ سے یہ نتیجہ نکالنا کوئی بعید اور حقیقتِ واقعہ کے خلاف نہیں کہ جب تک ان مختلف دینی شعبوں کا مستقلاً اور الگ طور پر تصور ختم نہ ہو جائے (یعنی ہر شعبہ سے الگ طور پر دین کے زندہ ہونے کا تصور جب تک ختم نہ ہو جائے) اس وقت تک کامل دین زندہ نہیں ہو سکتا۔ جس طرح "چائے" دودھ، پانی، چینی اور پتی کے مجموعہ کا نام ہے اور ان میں سے کوئی چیز الگ طور پر چائے نہیں ہو سکتی، اسی طرح مذکورہ تین چیزوں (طریقت، شریعت اور سیاست) کے اِمتزاج کے بغیر کامل دین زندہ نہیں ہو سکتا کہ دینِ اسلام ان موالیدِ ثلاثہ کا مرکّب ہے اور ان کے درمیان ایسا گہرا باہمی ربط ہے کہ اگر ان کے مخلوط منافع منقطع ہو جائیں تو ایک مخصوص مَضرّت واقع ہو جائے گی۔ اب ظاہر ہے کہ اللہ کے کامل دین کو زندہ کرنا ہماری زندگی کا مقصد ہے اور ہم میں سے ہر ایک اسی کوشش میں مصروف ہے، لیکن اس کے باوجود موجودہ دینی شعبوں میں سے ہر ایک کی تقریباً ایک صدی (سو سال) پوری ہو رہی ہے، مگر نتیجہ میں شاید کوئی گھر بھی ایسا نہ ملے جس میں اللہ تعالیٰ کا کامل دین زندہ ہو، تو اس کی وجہ اس کے سوا کیا ہو سکتی ہے کہ کامل دین زندہ کرنے کا جو طریقِ کار ہے، ہم میں سے ہر ایک کا طریقہ اس کے خلاف ہے کہ شریعت نے جن شعبوں کو ایک دوسرے کے لیے لازم وملزوم قرار دیا ہم نے ان کو ایک دوسرے کے مقابل ٹھہرایا ہے، نتیجتاً ہر شعبہ کے افراد اور ضروریات میں اضافہ ہو رہا ہے، جس کی وجہ سے ہر ایک شعبہ اپنے مخصوص معاملات ومصروفیات میں الجھتا جارہا ہے اور عدمِ ربط کی وجہ سے ہر شعبہ میں دشمنانِ دین کا تصرّف بڑھتا چلا جارہا ہے اور اب تو یہاں تک مشاہدہ ہو رہا ہے کہ جو شعبہ دوسرے کے لیے جزءِ لازم ہے اب وہ اُسی کی راہِ ترقی میں حائل تصور کیا جارہا ہے اور دشمن کی مسلسل محنت کی وجہ سے درحقیقت ہر شعبہ دوسرے کے لیے رکاوٹ کا ذریعہ بنا ہوا ہے۔

لہٰذا اس طرح مدِّمقابل ہو کر ایک ایک شعبہ پر الگ الگ محنت کرنا دین کو زندہ کرنے کے بجائے احیائے دین کو لوگوں کے ذہن

میں ایک مشکل اور ناممکن کام بنانے کے مترادِف ہے اور ہم دیکھ بھی رہے ہیں کہ لوگوں کے ذہن سے اسلامی خلافت اور اسلامی حکومت کا خیال اور تصور ہی محو ہو رہا ہے۔ دین دار سے دین دار آدمی بھی صرف اپنی ۲۴ گھنٹے کی انفرادی زندگی کو شریعت کے مطابق لانے کی فکر میں ہے، اگرچہ حاکمیتِ غیر کی وجہ سے یہ بھی ناممکن ہے کہ زندگی سے متعلق تمام شعبوں پر اغیار نے مکمل قبضہ جمایا ہوا ہے، لہٰذا ایسی صورت میں انفرادی زندگی کو بھی کامل شریعت کے مطابق ترتیب دینا ایک مشکل امر ہے۔

آج تقریباً ہر دینی شعبہ سے وابستہ افراد نے اپنے تحفظات کا ایک ایسا معیار قائم کر رکھا ہے جو دوسرے شعبہ کے بالکل مُنافی ہے، یعنی ایک ایسی عجیب حد بندی ہو چکی ہے کہ ایک شعبہ میں رہ کر دوسرے میں کام کرنا ناممکن ہو گیا ہے۔ دعویٰ ہر ایک کا دینِ کامل کا ہے مگر کامل دین کی بات کرنا ان شعبوں سے دشمنی مول لینے کے مترادِف ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ان خود ساختہ حدود کو توڑ کر اِمتزاجِ عملی کا تصور تک کوئی نہیں کر سکتا۔ یہ عملی اِمتزاج مذہب کو چھوڑ دینے کا مترادِف سمجھا جاتا ہے۔ دوسری طرف ہم دیکھ ہے ہیں کہ اس کڑوے گھونٹ کے بغیر کامل دین کا تصور ناممکن ہے۔ اگر ممکن ہوتا تو سو سال میں کوئی جھلک ہم ضرور دیکھتے۔

لہٰذا آج ایسے مُنصف مزاج مخلص افراد کی ضرورت ہے جو ان قیود اور حدود کو احسن طریقہ سے توڑ کر اِمتزاجِ عملی پیدا کر دیں۔ یقیناً ایسے لوگ اس مصیبت زدہ امت کے حق میں بہت بڑے محسن شمار ہوں گے، ورنہ تا قیامت ان حد بندیوں میں جکڑے لوگ احیائے دین کے صرف خواب ہی دیکھتے رہیں گے۔ واللہ اعلم۔

دورانِ ہجرت افغانستان میں
محسود مجاہدین پر امریکی چھاپوں
کی روئیداد

جون ۲۰۱۴ء میں آپریشن ضربِ عضب شروع ہوتے ہی پاکستانی مجاہدین کی اکثریت افغانستان منتقل ہوئی اور وہاں سے دورانِ ہجرت پاکستان میں کاروائیوں کا سلسلہ جاری رکھا، (ہاں! افغانستان میں اپنی سرگرمیاں مکمل طور پر ترک کر دی) مگر اس کے باوجود افغان اور نیٹو فورسز پاکستان کو خوش کرنے کیلئے پاکستانی مجاہدین کو اپنا ہدف بناتی رہی، جس کی تفصیل یہ ہے:

پکتیکا برمل لمن میں امریکی چھاپہ:

۲۱ اور ۲۲ جنوری ۲۰۱۸ء کے درمیانی شب پکتیکا ولسوالی برمل کے علاقے لمن مہاجر کیمپ میں واقع محسود مجاہدین کے گھروں پر امریکی اور افغان کمانڈوز نے ڈرون، جیٹ طیاروں اور گن شیپ ہیلی کاپٹروں اور دیگر بمبار طیاروں کی مدد سے چھاپہ مارا، ۲۱ اور ۲۲ جنوری ۲۰۱۸ء کی درمیانی شب رات ۱۲ بجے مجاہدین اور امریکی وافغان کمانڈوز میں فائرنگ کا تبادلہ شروع ہوا، جو کئی گنٹھوں تک جاری رہا، مجاہدین نے اپنے کو کفار کے حوالے کرنے کی بجائے شہادت کو ترجیح دی، جب یہ ظالم کفار مجاہدین پر قابو نہ پا سکے تو ان کے گھر پر جیٹ طیارے سے بمباری کر کے انہیں شہید کیا، جس کے نتیجے میں حلقہ لدھا سے تعلق رکھنے والے ۳ مجاہدین (مسمٰی حبیب اللہ عرف ترابی ولد بندی گل گرڑائی۔ علاو الدین ماما لنگر خیل اور قدرت اللہ عرف عاطف ولد میر غلام گرڑائی) جام شہادت نوش کر گئے، جب کہ ان کے قریب ہی شمالی وزیرستان سے تعلق رکھنے والے مہاجرین کے دو گھروں پر بمباری کر کے ۱۰ افراد کو شہید کیا۔

پکتیکا برمل رخہ میں افغان نیشنل آرمی کا چھاپہ اور ظلم:

۲۴اور ۲۵اپریل ۲۰۱۸ء کی درمیانی شب افغان نیشنل آرمی نے افغانستان کے علاقے پکتیکا برمل رخہ میں چھاپہ مارا ۲۵اپریل کی صبح ۵ بجے بروز بدھ بمطابق ۱۱ /۸ /۱۴۳۹ھ کو چند محسود طالبان کا اس فوج سے آمنا سامنا ہوا، پہاڑی میں چھپے فوجیوں نے ان پر فائر کھول دیا، جس کے نتیجے میں حضرت مولانا احسان اللہ (عرف استاد جواد) شہید ہوئے، جبکہ کمانڈر خالد (ملک شائی) اور کمانڈر عدنان محسود نے جوابی کاروائی شروع کی، جس میں بقول خالد ملکشائی دو فوجی ہلاک ہوئے اور ایک زخمی ہوا، جبکہ افغان حکومت نے دو فوجیوں کے زخمی ہونے کی تصدیق کی، اسی لڑائی میں کمانڈر عدنان نے لڑتے لڑتے جام شہادت نوش کیا۔

یاد رہے کہ مولانا احسان اللہ عرف استاد جواد کا تعلق حلقہ تنگئی گور گورہ دانی خیل مچی خیل سے تھا، آپ نے ورثاء میں دو بیوہ، چھ بچے، کئی بھائی اور والدین چھوڑے، جبکہ کمانڈر عدنان محسود کا تعلق حلقہ بدر سے تھا اور اسی حلقے کے امیر بھی تھے، آپ نے ورثاء میں بیوہ، چند بھائی اور والدین چھوڑے۔ اس درندہ صفت فوج نے مذکورہ دو محسود مہاجرین شہداء کے علاوہ وہاں مقیم شمالی وزیرستان کے مہاجرین میں سے پانچ کو گھروں سے نکالا اور ان کو لائن میں کھڑا کر کے گولیوں سے چھلنی کر دیا۔ ان شہدا کے رشتہ داروں نے بطور احتجاج انکی لاشیں نوے اڈہ کیمپ لے گئے، تاکہ اپنے مظلوم شہداء کی مظلومیت سے وہاں کی سول اور فوجی حکومت کو مطلع کیا جائے اور ان سے انصاف کا مطالبہ کیا جائے، مگر ان ظالموں نے بھی اس احتجاج کا کوئی نوٹس نہیں لیا، صرف اتنا کہنے پر اکتفاء کیا کہ "غلطی ہوئی"۔

پکتیکا برمل لمن میں امریکی چھاپہ کے بعد بمبار:

۲۲جنوری ۲۰۱۸ء کو بعد از نماز عصر جب مہاجرین شہداء کے کفن دفن سے فارغ ہوئے اور مہمان خانہ آپہنچے تو مغرب سے قبل امریکی جیٹ طیاروں نے آکر اس پر بمباری کی، جس کے نتیجے میں ۱۰ محسود مہاجرین شہید ہوئے، جن کے نام یہ ہیں:

(۱)شاہ سلیمان عرف کمانڈر ولد میر بوز شمن خیل بو دین زائی لدھا (۲)اختر مال خیل لدھا (۳)احمد شاہ عرف طوفان ولد رفیق شمن خیل (۴)اکبر شمن خیل بو دین زائی لدھا (۵) سید الرحمن عرف لالا ولد غم خون شمن خیل بو دین زائی لدھا (۶)حضرت اللہ عرف بارود بابا ولد بادشاہ جان (۷)عبد اللہ عرف زیتون شمن خیل (۸)مولانا حفیظ اللہ عرف شہاب ولد عبد اللہ شابی خیل زنگاڑہ (۹)صلاح الدین عرف ایوبی ولد رحم دین شابی خیل زنگاڑہ(۱۰)رحمن ولی ولد گل فراز شابی خیل زنگاڑہ۔

پکتیکا برمل مرغہ میں امریکی چھاپہ:

۲۷اور ۲۸اکتوبر ۲۰۱۸ کی درمیانی شب پکتیکا ولسوالی برمل کے علاقے مرغہ میں واقع محسود مجاہدین چھاپے کے خوف سے اپنے گھروں سے نکلے تھے کہ اسی اثنا میں گن شپ ہیلی کاپٹروں اور دیگر بمبار طیاروں نے ان پر فائرنگ شروع کی، جس کے نتیجے میں تین مجاہدین موقع پر شہید ہوئے اور تین معمولی زخمی ہوئے، شہدا میں دو کا تعلق علاقہ بروند سے تھا، جن کے نام یہ ہیں:

خادم ملک دینائی، اصغر عرف کوثر شمیرائی ٹوٹکیے۔ جبکہ ایک کا تعلق حلقہ مومی کڑم سے تھا، جس کا نام نقیب اللہ تھا، جس کی شادی شہادت سے تقریباً آٹھ یا دس دن قبل ہوئی تھی۔

محسود مجاہدین پر ڈرون حملے:

ہر جنگ میں دشمن کوئی نہ کوئی ایسا ہتھیار تیار کرتا ہے جسے وہ جنگ جیتنے کیلئے استعمال کرتا ہے۔ صحابہ کرام کے خلاف ایرانیوں نے

ہاتھی استعمال کئے، جس سے مجاہدین کا کافی نقصان ہوا۔اس طرح محمد بن قاسم نے راجہ داہر کے خلاف منجنیق کا استعمال کیا وصلیبی جنگوں میں صلاح الدین ایوبی نے منجنیقوں میں آگ کی ہانڈیاں بھر کر فائر کی، جس سے صلیبیوں کا نقصان ہوا، انیسویں صدی عیسوی میں مشین گن برطانیہ اور فرانس کا ایک فیصلہ کن ہتھیار ثابت ہوا، اور کئی جنگوں کی فتح میں اہم کردار ادا کیا، اس طرح پہلی اور دوسری جنگ عظیم میں ٹینک فیصلہ کن ہتھیار ثابت ہوا ہے، افغانستان میں روسی یلغار کے وقت روس کی جانب سے گن شپ ہیلی کاپٹر فیصلہ کن ہتھیار بن کر سامنے آیا۔

نائن الیون کے بعد شروع صلیبی جنگ میں ڈرون ایک فیصلہ کن ہتھیار بن کر سامنے آیا ہے۔اب تک کی جنگ میں مجاہدین کے خلاف سب سے مؤثر ثابت ہوا ہے۔اس سے مقصد مجاہدین کی قیادت کو ہدف بنانا ہے، جس میں کچھ حد تک انہیں کامیابی حاصل ہوئی ہے۔اسی طرح مجاہدین کی طرف سے اس کے مقابلے میں فدائی عملیات کا آغاز ہوا، جن کا توڑ کفار کے پاس نہیں ہے۔

اگر ہم ذرہ غور کریں تو ہمیں باآسانی معلوم ہو جائے گا کہ ہر دور میں مد مقابل فریق نے اس کا کوئی نہ کوئی توڑ نکالا ہے۔آیا ڈرون کے توڑ کا آج تک مجاہدین نے سوچا تک بھی ہے۔اس سوال کا جواب یہ ہے کہ اس کے بارے میں مجاہدین نے سوچا تو ہو گا، لیکن عملی اقدامات پر زیادہ توجہ نہیں دی، اسکی واضح مثال یہ ہے کہ بارود سیکھنے کو اہمیت دی تو سیکھ گئے۔گوریلہ جنگ پر توجہ دی تو اسکی تربیت سیکھ گئے وغیرہ، لہذا یہ کام مجاہدین قیادت کے ذمہ باقی ہے۔

ڈرون دور حاضر کی جدید ٹیکنالوجی ہے اور دور حاضر میں دشمن کی جانب سے میرے خیال میں ایک فیصلہ کن ہتھیار ہے، لیکن جتنا نقصان اس سے مجاہدین کا ہوا ہے اس سے کچھ کم عام مسلمان عوام کا بھی ہوا ہے، جس پر پاکستان کی ہر برسر اقتدار آنے والی حکومت نے اندیشہ ظاہر کیا ہے اور اسے ملکی خود مختاری اور سالمیت کے خلاف قرار دیا ہے، اسی طرح انسانی حقوق کی تنظیموں نے اسے انسانی حقوق کی خلاف ورزی شمار کی ہے، لیکن امریکی بہر صورت اسکو کامیاب گردانتے ہیں۔اور انسانی حقوق کی خلاف ورزی اور عام عوام کے قتل وغارت کو پس پشت ڈال رہے ہیں۔علاقہ محسود میں صرف زانگاڑہ ڈرون حملے میں سو سے زیادہ عام عوام شہید کئے گئے۔۳۰ اکتوبر ۲۰۰۶ء کو ڈاماڈولہ میں ڈرون حملے میں اسلامی مدرسے کے ۸۰ طلباء شہید کئے گئے۔شمالی وزیرستان دتہ خیل میں جرگہ پر بمبار نہ بھولنے والی کاروائیوں میں سے ہے وغیرہ۔

پاکستان اور امریکی انتظامیہ:

The US administration and Pakistani authorities have publicly claimed that civilian deaths

Leaked military documents reveal that -from the attacks are minimal the vast majority of people killed have not been the intended targets, with approximately 13% of deaths being the intended targets, 81% The identities of [19][18]-being other militants, and 6% being civilians collateral victims are usually not investigated by US forces, who systematically count each male military-age corpse as an "enemy killed in action" unless there is clear proof to the contrary, as long as Estimates for civilian [19]-the male was in a militant facility at the time [10][6]-deaths range from 158 to 965

انسانی حقوق:

found that a number of victims were unarmed Amnesty International

-and that some strikes could amount to war crimes[20]

انسانی حقوق کمیشن آف پاکستان کی رپورٹ کے مطابق ۲۰۱۰ میں ۹۰۰ بے گناہ عاعوام ڈرون حملوں کے شکار ہوئے ہیں

نواز شریف :

Pakistan's Prime Minister, Nawaz Sharif, has repeatedly demanded an end to the strikes, stating: "The use of drones is not only a continual violation of our territorial integrity but also detrimental to our resolve and efforts at eliminating terrorism from our country"[1] [2]-

The Peshawar High Court has ruled that the attacks are illegal, inhumane, violate

پشاور ہائی کورٹ:

the Universal Declaration of Human Rights and constitute a war crime[22]-

اوبامہ انتظامیہ کا رد :

The Obama administration disagrees, contending that the attacks do not violate international law and that the method of attack is precise and effective[23][21]-

However, Pakistan's government publicly condemns these attacks[24]- it also allegedly allowed the drones to operate from Shamsi Airfield in Pakistan until 21 April 2011[25]- According to secret diplomatic cables leaked by Wikileaks, Pakistan's Army Chief Ashfaq Parvez Kayani not only tacitly agreed to the drone flights, but in 2008 requested that Americans increase them[26]- However, Pakistan's Interior Minister Rehman Malik said, "drone missiles cause collateral damage A few militants are killed, but the majority of victims are innocent citizens"[27]- The strikes are often linked to anti-American sentiment in Pakistan and the growing questionability of the scope and extent of CIA activities in Pakistan-

The Obama administration disagrees, contending that the attacks do not violate international law and that the method of attack is precise and effective[23][21]-

لیکن اصل حقیقت کچھ اور ہے کہ حکومت بظاہر تو اس کا رد کرتی ہے، لیکن اصلاً قانونی لحاظ سے ۲۱/ اپریل ۲۰۱۱ء تک شمسی ائر بیس سے ہی ڈرون طیارے بمباری کرتے رہے ہیں۔ وکی لیکس کے مطابق جنرل کیانی تکنیکی لحاظ سے راضی تھے، لیکن جب زیادہ ہوئے تو انہوں نے ۲۰۰۸ء میں درخواست کی کہ اسے بند کیا جائے، لیکن جب نومبر ۲۰۱۱ء کو سلالہ چیک پوسٹ پر نیٹو حملے میں ۲۴ فوجی اہلکار مارے گئے تو ردِ عمل میں پاکستان نے شمسی آئر بیس بند کر دیا۔



برمل مرغہ سرزیغمائی میں ڈرون حملہ:

افغانستان کے علاقے پکتیکا ولسوالی برمل میں ۲۷ جنوری ۲۰۱۸ کو بعد از نماز عصر محسود مہاجرین (مجاہدین) کے ایک مہمان خانے پر ڈرون حملہ ہوا، جس میں ایک مجاہد (مسمی زر قاوی) شہید ہوا، جبکہ ایک گھنٹہ بعد دوبارہ ڈرون حملہ ہوا، جس میں دو اور مجاہدین (مسمی خالد وزیر خوشحالی اور صدام محسود) شہید ہوئے۔

خان سعید (عرف سجنا المعروف خالد) محسود پر ڈرون حملہ:

خان سعید عرف سجنا المعروف خالد محسود جانی پہچانی شخصیت تھی ۲۹ مئی ۲۰۱۳ کو مولانا ولی الرحمن صاحب کی ایک ڈرون حملے میں شہادت کے بعد ۳۰ مئی ۲۰۱۳ کو حلقہ محسود کی شوریٰ نے بالاتفاق انہیں مولانا ولی الرحمن صاحب کا جانشین مقرر کیا، کچھ ہی عرصہ بعد امریکہ نے انہیں بلیک لسٹ میں شامل کیا، ۳۰ مئی ۲۰۱۳ء سے آپ نے بڑی خوش اسلوبی سے اپنی تنظیم کی ذمہ داری سنبھالی اور ساتھ ہی ۲ فروری ۲۰۱۷ء سے ۸ فروری ۲۰۱۸ء تک تحریک طالبان پاکستان کے نائب امیر کی حیثیت سے آپ کی محنت قابلِ رشک ہے۔

خان سعید ولد حاجی محمد خان شابی خیل کی پیدائش ۱۹۷۹ء کو دواتوئی میں ہوئی، بچپن ہی میں گومل ٹانک میں عصری تعلیم شروع کی، تقریباً گیارویں جماعت تک عصری تعلیم حاصل کی، بعد ازاں ڈی آئی خان میں حلوے کی دوکان کھولی اور اسی اثناء میں تبلیغی جماعت سے بھی منسلک رہے، نائن الیون کے واقعات کے بعد جب امریکہ نے امارت اسلامی افغانستان پر حملہ کیا تو تقریباً آپ بھی ۲۰۰۳ء میں کاروان بیت اللہ محسود میں شامل ہوئے، شروع ہی سے اپنی صلاحیتوں اور ہنس مکھ مزاج کی وجہ سے طالبان میں مشہور ہوئے۔ جلد ہی آپ ایک جنگی کمانڈر کی حیثیت سے ابھرے، پاکستان اور افغانستان کی جنگوں میں آپ ہمیشہ ایک جرأت مند اور باصلاحیت کمانڈر کی حیثیت سے شریک رہے۔ بیت اللہ محسود اور مولانا ولی الرحمن صاحب مشکل ایام میں اہم محاذوں پر آپ کو بھیجا کرتے تھے۔ اکثر و بیشتر آپ فاتح اور کامران واپس آتے۔

بالآخر ۲۰۱۰ء کے آواخر میں اپنی اچھی کارکردگی اور صلاحیتوں کی وجہ سے محسود مجاہدین میں معتمد ثابت ہو کر تحریک طالبان پاکستان حلقہ محسود کے نائب امیر مقرر ہوئے۔ (مولانا ولی الرحمن اور حکیم اللہ محسود کے درمیان اختلافات کے یہ مشکل ایام تھے) اور ۲۹ مئی ۲۰۱۳ء کو مولانا ولی الرحمن صاحب کی شہادت کے بعد آپ کے زیر اثر مجاہدین نے بالاتفاق خالد محسود سے بیعت جہاد کی۔ (اس کے بعد کی تفصیل تحریک طالبان کے عروج وزوال کے ایام میں موجود ہے)

آپ بڑے ہی وسیع النظر مستقل مزاج اور بڑے حوصلے کے مالک تھے، تمام تر مشکلات کا خندہ پیشانی سے مقابلہ کرتے تھے، حالات سے نہیں گھبراتے تھے۔ میں نے آپ صاحب کا جتنا بھی مطالعہ کیا میں نے آپ کو ایک ولی کی حیثیت میں پایا، جب بھی کسی اہم کام کے متعلق کوئی مشورہ ہوتا تو میں تشویش میں پڑ جاتا کہ شاید امیر محترم یہاں کوئی بہتر فیصلہ نہ کر پائے، مگر ہر دفعہ قادر مطلق کی مدد شاملِ حال دیکھی اور آپ ایسا فیصلہ صادر فرماتے کہ مجھے آپ سے اسکی توقع نہیں ہوتی۔ علماء کے بڑے ہی تابع تھے اور مسائل کے علاوہ انتظامی امور میں بھی اکثر و بیشتر بغیر شوریٰ کے فیصلہ کرنا پسند نہیں کرتے تھے۔ نظم وضبط کے پابند اور جہادی سیاست سے باخبر شخصیت تھی۔

۳۰ مئی ۲۰۱۳ء سے ۸ فروری ۲۰۱۸ء تک آپ کی محنت حلقہ محسود کی سطح پر اور ساتھ ہی ۲ فروری ۲۰۱۷ء سے تحریک طالبان پاکستان کے نائب امیر کی حیثیت سے تحریک طالبان پاکستان کیلئے آپ کی محنت قابل رشک ہے۔

بالآخر ۸ فروری ۲۰۱۸ء کی رات مجاہدینِ اسلام کیلئے افسوسناک ثابت ہوئی اور آپ ایک ڈرون حملے میں اپنے گارڈ محمد آصف بن

محمد دین شاہ سمیت جام شہادت نوش کر گئے۔ جبکہ صبح آٹھ بجے آپ کی خیریت معلوم کرنے والی گاڑی پر بھی ڈرون حملہ ہوا جس میں محمد اسماعیل اور سیمک نے جام شہادت نوش کیا۔

برمل مرغہ افغانستان میں کمانڈر انور شاہ پر ڈرون حملہ:

۲۰۱۸ء میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جنوبی ایشیاء کیلئے نئی حکمت عملی کے تحت پاکستان کی تمام تر دغابازیوں کے باوجود پاکستان کی مدد سے پیچھے نہ ہٹے اور اس سلسلہ میں پاکستانی مجاہدین کو ٹارگٹ کرنے کا سلسلہ جاری رکھا، چنانچہ افغانستان کے علاقے پکتیکا برمل میں محسود مجاہدین پر چھاپوں اور ڈرون اور جیٹ بمبار کی بھرمار کرلی، اسی سلسلہ میں کئی افسوسناک واقعات پیش آئے، جن میں ایک واقعہ ۱۳ فروری ۲۰۱۸ء کو بعد از نماز ظہر ایک بیجو گاڑی پر بمقام لمن برمل ڈرون حملے کا تھا، جس میں حلقہ محسود کے کمانڈر محمد انور شاہ بن مولانا محمد شفیق محسود ملک شائی مکین اور محمد اللہ دواتوئی اور سید ولی مکین نے جام شہادت نوش کیا۔

برمل مرغہ افغانستان میں کمانڈر مولانا ضیاء اللہ عرف ریحان و کمانڈر سلمان پر ڈرون حملہ:





۲۲ فروری ۲۰۱۸ء کو بعد از نماز عصر ایک ڈبل ڈور ٹویٹا گاڑی پر بمقام مرغہ برمل ڈرون حملہ ہوا، جس میں حلقہ محسود کے نظام رابطہ کے ذمہ دار (مولانا ضیاء اللہ عرف ریحان اور حلقہ جاڑائے کے کمانڈر عبدالرحمن عرف سلمان) مقام شہادت حاصل کر گئے۔

یادرہے کہ کمانڈر عبدالرحمن عرف سلمان مچی خیل اپنے علاقے میں پاکستانی فوج کے خلاف کاروائیوں کی وجہ سے فوج کو مطلوب تھے، اور اسی وجہ سے مجاہدین محسود کو بھی محبوب تھے، بڑے ہی ذہین اور اوصاف حمیدہ کے مالک انسان تھے۔ مولانا ضیاء اللہ عرف ریحان بن مولانا شیر عالم فریدائی سندیا فتہ عالم دین تھے، بڑے ہی نرم مزاج اور حسن اخلاق کے مالک تھے، دونوں حضرات مفتی نورولی محسود المعروف مفتی ابو منصور عاصم کے قریبی ساتھی سمجھے جاتے تھے۔ لیکن تمامتر صلاحیتوں کے باوجود زندگی نے وفا نہ کی اور جوانی ہی میں اعلاء کلمۃ اللہ کیلئے اپنے عزیز جوانیوں کو قربان کیا۔ اہل علاقہ کے بقول دونوں شہداء کے جسم کے ٹکڑوں سے خوشبوں مہک رہی تھی اور ایک دوسرے کے اعضاء کی تمیز مشکل تھی۔

۲۰۱۹ء میں پکتیکا برمل میں محسود مجاہدین پر امریکی چھاپوں کی روئیداد:

علاقہ برمل مرغہ کی فضاء ۱۰ مارچ ۲۰۱۹ء سے ڈرون طیاروں کے شور وغل سے بہت خراب تھی، اسی اثنا میں پاکستانی مجاہدین پر ڈرون حملوں کا سلسلہ شروع ہوا، جس میں دو حملے سیدگئی مہاجرین پر ہوئے، جن میں کل آٹھ مہاجرین کی شہادت واقع ہوئی، جبکہ تیسرا حملہ محسود مجاہدین پر ہوا، جس میں مولوی شیر عالم عرف زعفران اپنے بھائی اور ایک رشتہ دار اور ایک مقامی باشندے سمیت شہید ہوئے۔

جبکہ ۳ اور ۴ اپریل ۲۰۱۹ء کی درمیانی شب مجاہدین محسود کی ایک کالونی پر امریکیوں اور افغان سپیشل فورس نے چھاپہ لگایا، اسی دوران فریقین میں زبردست فائرنگ کا تبادلہ ہوا، جب ان کفار کو پتہ چلا کہ مجاہدین پر قابو پانا ناممکن ہے تو ان پر بمباری کرکے ان میں دو کو شہید کیا، جن کے نام یہ ہیں: محمد موسیٰ بن مولانا بشیر احمد محسود جنوبی وزیرستان لالژئے کوکٹ خیل، (۲) محمد طفیل بن ثناء اللہ بن عبدالباری

ظفر خیل گور گورئے، جبکہ ایک تیسرا نامور مجاہد کبریٰ حلقہ دواتوئی فائرنگ کے تبادلہ میں شہید ہوا۔ جبکہ دشمن کے نقصان کا آزاد ذرائع سے پتہ نہ چل سکا۔

مولانا شیر عالم کی شہادت:

پاکستانی خدمات کے صلہ میں امریکہ بھی پاکستان دشمن قوتوں (پاکستانی مجاہدین) کو ٹارگٹ کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑ رہی ہے، چنانچہ اسی سلسلہ میں ہر نئے سال کے ابتدائی مہینوں میں محسود مجاہدین کے خلاف ایک آپریشن کرتی ہے، جس میں ڈرون حملے اور رات کے وقت چھاپوں کا سلسلہ شروع ہوتا ہے، اسی طرح مارچ ۲۰۱۹ء سے یہی سلسلہ پھر سے شروع ہوا، جس میں پہلا ڈرون حملہ ۲۶ مارچ کو مولانا شیر عالم محسود پر ہوا، جس میں آپ اپنے بھائی اور ایک رشتہ دار اور ایک مقامی باشندے سمیت مقام شہادت پر فائز ہوئے۔

لمن اور لموستائی میں ڈرون حملے:

۱۵ اپریل ۲۰۱۹ء کو لمن مہاجرین کیمپ میں محسود مجاہدین کے ایک مہمان خانے پر ڈرون حملہ ہوا، جس میں دو افراد (مسمی شرافت عرف میویکئی حلقہ شکتوئی محسود اور ایک مہمان جس کا تعلق وزیر قوم سے تھا) شہید ہوئے۔ جبکہ دوسرا ڈرون حملہ لموستائی میں محسود فدائین پر ہوا جس میں استشہادی فورس میں شریک سیدگی قوم سے تعلق رکھنے والا فدائی شہید ہوا، جبکہ دو اور شدید زخمی ہوئے۔

یتیموں اور بیواؤں کے نام پیغام:



وزیرستان میں ناپاک فوج کی دوستی کا انجام:

شمالی اور جنوبی وزیرستان میں جب سے غیر ملکی مجاہدین کے داخل ہونے کا سلسلہ شروع ہوا ہے۔ اسی دن سے وزیرستان

عالمی دنیا کی نظروں میں ایک کانٹے کی حیثیت اختیار کر چکا ہے۔ مارچ ۲۰۰۴ء سے باقاعدہ پاکستانی فوج نے امریکی اشارے پر وزیرستان میں بلکہ پوری قبائلی پٹی میں آپریشن شروع کر رکھا ہے، چنانچہ اس سلسلہ میں پاکستانی فوج نے فرنگی دور کی پالیسیوں کو اختیار کر کے اہلِ علاقہ کے بڑے بڑے قلعہ نما کوٹ اور اونچے اونچے برج گرانے اور ان کے باغات وجنگلات تباہ کرنے کا عمل اپنایا ہے۔ اور ساتھ ہی مسلسل قوموں پر دباوڈال کر اور پیسے دیکر طالبان کے خلاف لشکر بنانے پر مجبور کر رہی ہے۔ چنانچہ اس سلسلہ میں ۹ ستمبر ۲۰۰۴ء کی جنگ میں محسود ایریا میں جن قبائلی ملکان نے پاکستانی فوج کا ساتھ دیا تھا، ان کو سراروغہ معاہدہ کے بعد بیت اللہ محسود نے عام معافی دی تھی، لیکن ساتھ ہی یہ اعلامیہ جاری کیا تھا کہ اگر آج کے بعد کسی نے فوج کا ساتھ دیا تو اسے معاف نہیں کیا جائے گا۔ لہذا سراروغہ معاہدہ کے بعد جن لوگوں نے فوج سے جس قسم کے رابطے بحال رکھے، یا ان سے تعاون کیا، یا جاسوسی کی، تو ان کو معاف نہیں کیا گیا۔ بلکہ جہاں بھی طالبان کو موقع ملا تو انہوں نے ان حکومت نواز لوگوں کو کچل ڈالا۔

البتہ یہ بات بھی یاد رکھنی چاہیے کہ اس سلسلہ میں طالبان سے کچھ غلطیاں ہوئیں:

جن میں بعض لوگوں کا معمولی معمولی رابطوں یا کسی کی ناکافی معلومات دینے پر قتل کرنا، اسی طرح کسی ایک مجرم کے ساتھ دوسرے بے گناہ لوگوں کا قتل، فوج اور پولیٹیکل انتظامیہ کو جاسوسی کے نام سے بعض لوگوں نے فائدہ اٹھا کر اپنے ذاتی دشمنوں کو بدنام کر کے طالبان کے ہٹ لشٹ میں داخل کر کے انہیں مار ڈالا، وغیرہ جیسے جرائم کے طالبان مرتکب ہوئے۔ ان جیسے مظالم کے پاکستانی سیکورٹی ادارے بشمول فوج کے بھی مرتکب ہوئے ہیں کہ جس نے بھی طالبان کی کوئی تھوڑی سی مدد کی تھی ان کو موت کے گھاٹ اتار دیا۔ جس کی تفصیل پاکستانی فوج کے مظالم کے نام سے باب میں لکھی جائے گی۔

اس باب میں ان لوگوں کے نام اور تفصیلات کے جمع کرنے کی حتی الوسع کوشش کی گئی ہے، جو طالبان کے ہاتھوں یا طالبان کے نام سے کسی دوسرے نے فائدہ اٹھا کر اپنے مخالفین کو تارگٹ کیا ہو۔ چنانچہ اس سلسلہ میں بیت اللہ محسود اور آپ کے دوسرے بڑے کمانڈروں نے ملا پوندہ کی سنت زندہ کی، جو انہوں نے فرنگی کے معاونین کے خلاف آزادی کی جنگ کے دوران اپنائی تھی۔ جس میں انہوں نے کئی ملکان کو قتل کیا اور کئی کو جلاوطن کیا۔ چنانچہ ۵۵ سال بعد جب ۲۰۰۱ء میں امریکہ بمع نیٹو افغانستان میں داخل ہوا، جس کی حمایت پاکستان نے کی اور پاکستانی افواج کی حمایت بعض قبائل نے کی، تو محسود مجاہدین نے ان کے خلاف ٹارگٹ آپریشن ۵۸ سال پہلے کی طرح ۲۰۰۵ء کے اواخر سے شروع کیا، جو تاحال ستمبر ۲۰۱۷ء تک جاری ہے، جن کا تعلق علاقہ محسود یا ٹانک، ڈی آئی خان کے قریبی علاقوں سے تھا، اس دوران طالبان کے ہاتھوں جو قبائلی مارے گئے یا طالبان کی روپ سے فائدہ اٹھا کر ذاتی دشمنوں کو قتل کیا گیا، ان کی کل تعداد تقریباً ۱۷۰ ہے جن میں سے چند کے نام یہ ہیں :

(۱) مولوی محسود الرحمن سلیمی خیل سکنہ نانو عبد اللہ محسود کے چچازاد بھائی تھے۔ عبد اللہ محسود کی شہادت کے بعد ان کے ساتھیوں نے اُسے عبد اللہ محسود کا جانشین مقرر کیا۔ تھوڑے عرصے میں انہوں نے بیت اللہ محسود اور ان کے اہم کمانڈروں کے خلاف سازشیں شروع کی اور علاقہ محسود میں متوازی نظم تشکیل دیا۔ بیت اللہ محسود نے ان کی اصلاح کی بھر پور کوشش کی۔ لیکن وہ نہ سمجھے، بالآخر ستمبر یا اکتوبر ۲۰۰۷ء میں بیت اللہ محسود گروپ نے برونڈ گورگورے سڑک پر ان کے آبائی گاؤں نانو کے قریب ایک ریموٹ بم کے ذریعے نشانہ بنا کر ہلاک کیا۔

(۲) یوسف خان شمن خیل ملک بنوت شمن خیل کا بھائی تھا، حکومت نواز امن کمیٹی جو کئی ناموں سے مشہور ہے عبداللہ محسود گروپ المعروف قاری زین الدین یامصباح گروپ کی اہم شخصیات میں سے سمجھا جاتا تھا۔ جس کی وجہ سے ضلع ٹانک میں ۲۹ اکتوبر ۲۰۰۸ء کو موت کے گھاٹ اتار دیا گیا۔

(۳) کمال۔ ملک بنوت خان شمن خیل عبداللہ محسود گروپ کی اہم شخصیات بلکہ ذمہ داروں میں سے ہے، جسکی وجہ سے ۲۰۱۳ء کے اوائل میں ان کے بیٹے محمد کمال کو ڈی آئی خان کے بھرے بازار میں نامعلوم افراد نے گولی مار کر ہلاک کیا۔ ملزمان فرار ہونے میں کامیاب ہوئے۔

(۴) قاری زین الدین جس نے عبداللہ محسود کے نام سے گومل ٹانک ڈیرہ اسماعیل خان میں گروپ بنایا، اُسے حکومت کی سرپرستی حاصل تھی، جو عبداللہ گروپ سے مشہور ہوا۔ جس نے بیت اللہ محسود کے ساتھیوں اور ان کے رشتہ داروں وغیرہ کے خلاف مسلح جنگ شروع کی بیسیوں لوگ طالبان سے رابطے کے جرم میں شہید کیا۔ بالآخر بیت اللہ محسود نے گلبدین نامی ایک مجاہد کو ان کے ساتھ بھرتی کیا۔ گلبدین کے میجر اصغر سلیمی خیل نانو (جو عبداللہ محسود کے بھائی تھے) سے قریبی تعلقات تھے، ان کے ذریعے قاری زین الدین تک رسائی حاصل کی۔ اور اس کے معتمد خاص قرار پائے۔ بالآخر جولائی ۲۰۰۹ء میں گلبدین نے موقع پاکر ڈی آئی خان میں قاری زین الدین پر فائرنگ کرکے اسے ہلاک کیا اور راتوں رات وہاں سے فرار ہونے میں کامیاب ہو کر جنوبی وزیرستان بخیریت پہنچ گئے۔

(۵) پہلوان ولد حم لالا سپنکئی گاوں بروند، اور نور سلام یہ دونوں قاری زین الدین گروپ کے کارکن تھے، انہوں نے حضرت مولانا معراج الدین قریشی (سابق ایم این اے) کو نماز فجر کی ادائیگی کے بعد گومل مرتضیٰ میں مسجد سے واپس گھر جاتے ہوئے گولی مار کر شہید کیا۔ ان جرموں کی پاداش میں یہ دونوں بالآخر طالبان کے ہاتھ آ لگے اور ان دونوں کو زیارت ژئی کے قریب ہلاک کیا۔

(۶) شیر پاو گرڑائی محسود عبداللہ محسود گروپ کے گومل یونٹ کا سربراہ تھا، اس نے کئی عام محسود افراد شہید کئے، بالآخر اسے اپریل ۲۰۱۵ ء کے ابتدائی دنوں میں طالبان نے موت کے گھاٹ اتار دیا۔

(۷) ملک میر داعلی شمن خیل نے پہلے مولے خان سرائے کے علاقے میں طالبان کے خلاف لشکر کشی کی، جس کی کی وجہ سے اسے سراروغہ معاہدہ کے بعد ٹانک سے آتے ہوئے شہور تنگئی میں مسلح افراد نے گاڑی میں ہی ان پر فائرنگ کرکے ہلاک کیا۔

(۸) مولوی عصمت اللہ ولد ارسل خان بھی جاسوسی کے الزام میں مجاہدین گرفتار کر رہے تھے کہ اس نے مجاہدین پر فائرنگ کی جس میں محمد یعقوب شہید ہوا۔ دوسرے مجاہدین نے اسے گرفتار کرکے قصاصاً قتل کیا۔

(۹) مزار خان دواتوئی۔

(۱۰) مدین ولد نٹ خان۔

(۱۱) عبدالرحمن لدھا۔

(۱۲) ابراھیم لدھا، ان چاروں افراد نے بیت اللہ محسود کے قتل کا پروگرام بنایا تھا۔ ان سے راز فاش ہوا۔ بعد ازاں مدین، مزار خان، عبدالرحمن ان تینوں کو طالبان نے گرفتار کرکے ہلاک کیا، ابراھیم کے بارے میں فیصلے کا پتہ نہ چلا۔

(۱۳)ممتاز سکنہ لدھا، چونکہ مشہورِ زمانہ ڈاکو تھا، جس کو حکومت نے گرفتار کیا، بعد میں (غالباً ۲۰۰۵ءیا ۲۰۰۶ءمیں) رہا کیا گیا۔ کچھ عرصہ بعد وہ بیت اللہ محسود کے قتل کی سازش جیسے جرائم اور سابقہ چار افراد سے تعلق وغیرہ جرائم میں ممتاز ولد شیر بہادر لنگر خیل کو گرفتار کرکے علاقہ مکین منڈی میں نامعلوم افراد نے قتل کیا۔

(۱۴) محمد عالم ہیبت خیل ملیشیا صوبیدار، اس نے لدھا چیک پوسٹ پر ۴ یا ۵ ترکمن مجاہدین کو شہید کیا اور بیت اللہ محسود کو بھی دھمکی دی تھی۔ کچھ عرصہ بعد وہ چھٹی پر گھر جارہا تھا کہ طالبان کے ہاتھوں لگا، ان جرائم کی پاداش میں اسے قتل کیا گیا۔

(۱۵)ملک ابراہیم مکین میں امن لشکر کے اہم سربراہاں میں تھا۔ انہوں نے ۲ شہداء (محمد حنیف اور صلاح الدین) کی لاشوں کو حکومت کے حوالے کیا تھا۔ بالآخر جنوری ۲۰۰۵ء میں عید الاضحیٰ کے دن دو مجاہدین ان کے گھر داخل ہوئے اور ان کے ساتھ لڑمین بھی کھالیا۔ جب ظہر کے وقت وہ ان کو رخصت کرنے کیلئے ان کے ساتھ گھر سے نکلا تو گھر کے دروازے میں اس کو گولیوں سے بوند ڈالا۔

(۱۶)دین محمد نظر خیل کووانہ میں اپنے گھر سے اٹھایا گیا۔ یاد رہے! دین محمد نظر خیل طالبان مخالف سرگرمیوں میں مشہور تھا اور علاقہ محسود میں فوج کے لیے جو اسیس مہیا کرنا انہی کے ذمہ تھا۔ مذکورہ دو افراد (نیاز علی اور مالک دونوں ہی) اس سے منسلک تھے۔ کافی تفتیش کے بعد اسے ہلاک کیا گیا اور اس کی لاش بھی تاحال غائب ہے۔

(۱۷) حاجی گل شاہ خان محسود قبیلہ کے اہم ملکان میں سے تھا۔ اور علاقہ محسود میں چوروں ڈاکوں کے خلاف سخت مہم چلا رہا تھا، بلکہ اگر یوں کہا جائے کہ طالبان سے قبل اس نے علاقہ محسود کو کافی حد تک ان بدمعاش لوگوں سے صاف کیا تھا تو بے جاہ نہ ہوگا، لیکن جب افغانستان پر امریکی حملے کے بعد غیر ملکی مہاجرین وزیرستان میں داخل ہوئے اور مارچ ۲۰۰۴ء میں پاکستانی فوج نے ان کے خلاف آپریشن شروع کیا، تو اس دوران حاجی گل ثا خان نے غیر ملکیوں اور مقامی مجاہدین کے خلاف کچھ حد تک محسود قوم میں نفرت پھیلانے کی کوشش کی، شاید یہی کوشش اس کی ہلاکت کا سبب بنی۔ اسکے علاوہ بھی بیسیوں لوگوں سے اس کی دشمنی تھی۔ شاید انہوں نے اس کو ہلاک کیا ہو؛ لیکن زیادہ تر لوگوں کا خیال ہے کہ اس کو طالبان نے قتل کیا۔

(۱۸) میر الرحمن ستمبر ۲۰۰۴ کی جنگ میں ایک ازبک مجاہد کے قتل میں ملوث تھا، جس کو کئی سال بعد کراچی میں قتل کیا گیا۔

(۱۹) آئنول ورمڑ خیل نے طالبان کے خلاف فوج کا ساتھ دیا اور ازبک مجاہدین کو قتل کرنے میں شرکت کی، کچھ عرصہ کے بعد اس کو وانہ میں بیٹے سمیت قتل کیا۔

(۲۰)مکین کے مشہور ملک محمد نواز کو ضلع ٹانک میں نامعلوم افراد نے گولی مار کر ہلاک کیا۔ بعض لوگوں کا کہنا ہے کہ طالبان نے قتل کیا ہے، کیونکہ طالبان کے خلاف سرگرمِ عمل تھا۔ اور بعض لوگوں کا کہنا ہے کہ اپنے دشمنوں نے قتل کیا ہے اور انہوں اقرار بھی کیا ہے کہ ہم نے قتل کیا ہے۔

(۲۱)شہاب الدین ضلع ٹانک مصباح گروپ کی جانب سے امیر تھا، اس کو اپنے ایک وفادار دوست عمر نے اس شرط پر قتل کیا کہ انہیں پھر بیت اللہ محسود گروپ کی طرف سے معافی دی جائے گی۔ چنانچہ جب انہیں قتل کیا تو عمر کو معافی ملی اور وزیرستان فرار ہوا، جبکہ مصباح گروپ نے جذبۂ انتقام کے تحت اس کے دوسرے چچازاد نذیر کو ڈی آئی خان میں شہید کیا۔

(۲۲) ۳۰ نومبر بروز جمعرات ۲۰۱۷ء کو بعد از نماز ظہر جنوبی وزیرستان کے علاقہ بروند سپنکی میں امن کمیٹی کے سربراہ ملک ولی جان دیگر تین افراد سمیت ایک ریموٹ بم دھماکے میں ہلاک ہوئے۔ یاد رہے کہ ملک ولی جان ۲۰۰۸ء سے طالبان مخالف سرگرمیوں میں حکومتِ پاکستان کے شانہ بشانہ ملوث تھا اور لڑ رہا تھا، جو بالآخر ۱۰ سال بعد طالبان کے ہاتھوں موت کے بھینٹ چڑھ گیا، یہ کاروائی مجاہدین حلقہ جاڑائے و حلقہ بروند نے سر انجام دی۔ اس دھماکہ میں دیگر ہلاک شدگان امن کمیٹی کے اہم ارکان میواہ خان شمن خیل، ماسٹر احمد گل شمن خیل، نیک زمان عرف نیکزو بدر والا، (ملک اردل خان عرف اردلی، آخر الذکر ملک اردل خان حکومت نواز ملک نہیں تھا، جس کی شہادت پر مجاہدین افسردہ تھے۔

(۲۳) محمد علی عرف ٹاٹو جلاخیل، اس کا تعلق مصباح گروپ سے تھا، جس کو رات کے تاریکی میں موت کے بھینٹ چڑھادیا۔

کفر و شرک، ارتداد و زندیقیت اور اسلام کے درمیان شروع معرکہ ۲۰۱۸ء میں داخل ہوا، اور ساتھ ہی کشت و خون کا سلسلہ جاری رہا، چنانچہ حکومت کی حمایت یافتہ طالبان کے نام سے قائم نئی امن کمیٹی (جگری گروپ) کے تین افراد قتل کئے، جن میں سے محمد ایوب چگملائی میں اور شاجڑ اور بختہ خاں عرف بختڑے وچہ درہ میں کیفر کردار تک پہنچائے گئے اور اس کے علاوہ دیگر کئی افراد ٹانک وغیرہ علاقوں میں جاسوسی کے الزام میں قتل ہوئے۔ یوں یہ تعداد ۱۷۰ سے بڑھتی ہوئی ۱۷۶ ہوئی۔ حکومت نواز طالبان کے خلاف آپریشن میں مئی ۲۰۱۸ء میں بھی ایک کاروائی کے دوران مشتہ میں غوٹ حاجی کے نام اور دواتوئی میں عجب خان کے نام اور ۲۱ جون کو تحصیل سراروغہ میں فوج کو مخبری کے جرم میں عرضی خان اور ۲۶ جون کو سپین کمر میں سرنڈر طالبان میں سے ایٹمی وغیرہ جیسے افراد موت کے گھات اتار دیئے، جبکہ اسی اثناء میں بمقام مومی کڑم۔۔۔۔ افراد بھی قتل ہوئے، جن کی ذمہ داری تاحال کسی نے قبول نہیں کی، جبکہ مئی کے اخیر عشرہ میں ایک شخص بمقام خیسورہ طالبان پر حملہ کے دوران جوابی فائرنگ میں ہلاک ہوا، اسی ہی سلسلہ میں بمقام سپین کمر شریف اللہ نامی اور علاقہ جنتہ میں بھی ایک شخص مارا گیا۔

کفر و شرک، ارتداد و زندیقیت اور اسلام کے درمیان شروع معرکہ ۲۰۱۹ء میں داخل ہوا، اور ساتھ ہی کشت و خون کا سلسلہ جاری رہا، چنانچہ حکومت کی حمایت یافتہ طالبان کے نام سے قائم نئی امن کمیٹی (جگری گروپ) کے کمانڈر جاوید ۱۱/جون ۲۰۱۹ء کو مشتہ میں ایک ریموٹ حملہ میں نشانہ بنا کر کیفر کردار تک پہنچایا، اور ان کے علاوہ دیگر کئی افراد جاڑائے، جنتہ، شکتوئی، لدھا، مکین میں جاسوسی کے الزام میں قتل ہوئے۔ یوں یہ تعداد ۱۷۰ سے بڑھتی ہوئی ۱۸۰ تک پہنچی۔ حکومت نواز طالبان کے خلاف آپریشن میں مئی ۲۰۱۹ء میں بھی ایک کاروائی کے دوران مشتہ میں جاوید اور گور گورے جاڑائے میں یونس دیڑ اور لدھا میں زروالی، جبکہ مکین میں سعادت خان ملک فوج کو مخبری کے جرم میں موت کے گھاٹ اتار دئے گئے۔

قبائلی پٹی کی خیبر پختون خواہ میں شمولیت اور قبائل میں آپریشن سے مقاصد:

پاکستان سے پہلے رائل انڈین آرمی کی تاریخ پر اگر ایک نظر ڈالی جائے تو پتہ چلے گا کہ اس فوج کی بنیاد ہی اسلام اور مسلمانوں کی دشمنی پر قائم ہے، خلافتِ عثمانیہ کے سقوط میں بنیادی کردار اسی فوج نے ادا کیا اور اس کے بعد جب سے یہ فوج پاک آرمی بن گئی، تب سے یہ ملکی سیاست، اقتصاد اور پالیسیوں پر ملکی سالمیت اور دفاع کے بہانے سے مکمل قابض ہوئی۔ ۱۹۴۷ء سے آج تک آدھے سے زیادہ عرصے ملکی اقتدار ان کے ہاتھ میں رہا ہے، سیاسی جوڑ توڑ سے لیکر سیاسی پارٹیوں کی تشکیل تک اس فوج نے ہر شعبے میں اپنے حدود سے نکل کر

سرگرمی دکھائی ہے، اور اس ملک کو اپنی جاگیر سمجھتے ہوے جس کو بھی اپنی پالیسی کے خلاف پایا اُسے سامنے سے ہٹایا، جب بنگلہ دیش کی علیحدگی کی بات ہوئی تو اس درندہ صفت فوج نے پاکستان کی سالمیت کے نام پر بنگالیوں پر قیامت ڈھائی۔ انسانیت، اخلاق اور ہر قسم کے قوانین سے آزاد اس فوج نے بنگالیوں کا قتل عام کیا، عورتوں پر ایسی جنسی زیادتی کی جس کی مثال دُنیا کی تاریخ میں نہیں ملتی، اور یہ نعرہ لگایا کہ ہمیں بنگال کے عوام نہیں بلکہ اس کی مٹی چاہیئے، اور ان کی بداعمالیوں میں ان کی مدد پر آج بھی بنگال میں مختلف عناصر پھانسی پر چڑھائے جارہے ہیں۔

حال ہی میں جب بلوچ عوام نے تنگ آکر علیحدگی کی بات کی تو ان ظالموں نے انہیں بھی ہر قسم کے تشدد کا نشانہ بنایا، ہزاروں افراد زندہ غائب کئے، ہزاروں کو قتل کرکے ان کی لاشیں ویرانوں میں پھینکی، اور یہی اقدام انہوں نے ملکی دفاع اور سالمیت کے نام پر ہمیشہ اپنایا ہے، کیونکہ یہ فوج خود کو اس ملک کا واحد مالک سمجھتی ہے، جس طرح بھارت کے ساتھ اس ملک کی سرحد واضح نہیں اسی طرح افغانستان کے ساتھ بھی اس ملک کی سرحد معلوم و متعین نہیں۔ اس لئے ان دونوں سرحدوں پر پاکستان کی رِٹ قائم کرنے کی ذمہ داری بھی اس فوج کی ہے، جس بناپر سمجھ میں نہ آنے والی دوغلی پالیسیاں ابتداہی سے ان کا شیوہ رہی ہیں، افغانستان کے ساتھ سرحد پر آباد پشتون قبائل صدیوں سے آزاد رہے ہیں اور ان قبائل پر کسی بھی ملک کی عملداری یا قوانین آج تک نافذ نہ ہوسکے، مغل سے لیکر انگریزوں تک ہر کسی نے ان علاقوں پر قابض ہونے کی کوشش کی، مگر نامراد رہے ہیں۔

افغانستان کے امیر عبدالرحمٰن نے انگریزوں کے ساتھ عارضی معاہدہ کیا جس کا مقصد دونوں ممالک کے درمیان ایک حد قائم کرنا تھا، تاکہ انگریز کو افغانستان کے حدود میں اندر آنے سے روک سکے۔ اس معاہدے پر قبائل بالکل راضی نہیں تھے، اور ۴۰ سالوں تک قبائل اس معاہدے کے خلاف انگریز کے ساتھ لڑتے رہے ہیں، کیونکہ اس معاہدے یا حدبندی نے قبائل کو دو حصوں میں تقسیم کردیا تھا، آدھا حصہ افغانستان اور آدھا حصہ پاکستان کے ساتھ ہوا، اور اس معاہدے میں قبائل کی آزادی کو بھی تسلیم کیا گیا تھا کہ یہ قبائل دونوں ممالک کے کنٹرول میں نہیں ہونگے اور یہ دونوں ممالک میں بغیر ویزے اور پاسپورٹ کے جاسکیں گے، اسی لئے یہ سرحد کھلا رہا ہے۔ یہاں پر آباد قبائل تعلیم، روزگار اور دیگر ضروریات دونوں ممالک میں پورے کرسکیں گے، اس دوران قبائل میں موجود حکومتوں کے خصوصاً انگریز کے بنائے ہوئے ایجنٹ مَلک حضرات نے قبائل کو انگریز کا تابع بنانے کے لئے دن رات محنت کی، اور کسی حد تک یہ لوگ کامیاب بھی ہوے، حالانکہ ہر دور میں ان کے خلاف تحریکیں اُٹھیں، ان کے خلاف آوازیں بلند ہوئیں، اور ان کے خلاف لوگ ان کی پالیسیوں کا شکار ہوے، جیسا کہ پاکستان بھارت کے اندر کشمیر کا دعویٰ کرتا ہے، اسی طرح افغانستان پاکستان کے اندر اٹک تک دعویٰ رکھتا ہے، اور یوں ان ممالک کے درمیان ابتداء سے تنازعہ رہا ہے۔

پاکستان نے قبائلی علاقوں کو اپنانے کے مختلف حربے استعمال کئے، جمہوریت کے لئے کام کرنے والے ادارے ہمیشہ سے اس فکر میں رہے کہ کس طرح قبائل تک اسکا دائرہ بڑھایا جائے، مگر اکثر ان تمام پالیسیوں کے راستے میں رُکاوٹ قبائلی روایات، قبائل میں خودداری، آزادی کا تصور اور سب سے بڑھ کر اسلحہ رکاوٹ بنا ہے۔ قبائل کو قومی دھارے میں شامل کرنے کا پروگرام حکومتِ پاکستان کا ایک ایجنڈ رہا ہے، بھٹو کے دور میں جب افغانستان کے ساتھ تنازعہ شدت اختیار کرگیا تو بھٹو نے ایف سی فورسز قبائل میں بھیجے اور ساتھ ہی سرکاری املاک، سڑک، بجلی، اور سکول اور ہسپتال کے عمارتیں قبائل میں بنائے، جس میں قبائل کو صحت اور تعلیم کی سہولت مقصود نہیں

تھی، بلکہ یہ ثابت کرنا تھا کہ یہ علاقہ پاکستان کا ہے اور یہاں پر پاکستان کی سرکاری نشانیاں موجود ہیں۔

دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستانی حکومت نے کئی منافع بخش کاروبار کھول دئے، پہلے مرحلے میں آپریشنوں کے نام پر ڈالر حاصل کرتے رہے ہیں، دوسرے مرحلے میں آپریشن کے دوران علاقہ بدر عوام کو متاثرین کے نام سنبھالنا اورآخری مرحلے میں دوبارہ آبادکاری ڈالر کے حصول کے بہترین ذرائع رہے ہیں، جبکہ آپریشن کے مقاصد میں بنیادی مقصد دہشتگردی کا خاتمہ یاطالبان بالکل نہیں تھے، بلکہ ڈیورنڈلائن تک پاکستان کی رٹ قائم کرنا تھا، اسی لئے سب کچھ بلڈوز کیا جاتا رہا، طالبان کے علاوہ تمام لوگوں کے گھر، کاروبار، باغات اور جنگلات یہاں تک کہ مویشی بھی اس آپریشن میں اس فوج نے معاف نہیں کئے، اس لئے کہ یہ فوج طالبان کے پیچھے نہیں آئی تھی، جبکہ کئی دھائیوں سے ان کی پالیسی رہی ہے کہ کس طرح ڈیورنڈلائن تک اپنی سرحد کو پہنچائیں اور تکمیلِ پاکستان کا یہ مرحلہ طے ہو، اور جب ان کے اندازے کے مطابق کسی حد تک قبائلی علاقے پر قبضہ پورا ہو گیا تو ان کا اگلا کام اس لائن سے آگے پاکستان ثابت کرنے کے لئے افغانستان کے ساتھ سرحد پر کشیدگی بڑھانا، سرحد بند کرنا، جس کا صدیوں سے بند کرنا ان کے اختیار میں نہیں تھا، طورخم سے لیکر چمن تک ایک فضاء بنائی، دونوں جانب قبائل نے خود کو حکومتِ پاکستان کے اندرونی ایجنٹوں کے رحم وکرم پر خود کو چھوڑ دیا، اور اس موقع کو غنیمت جان کر پاکستان نے افغانستان سے آنے والے یا یہ کہ سرحد کے اُس پار قبائل کو اپنے روزمرہ کے کاموں کے لئے ویزے اور پاسپورٹ کے ساتھ آنے کو کہا، چیک پوسٹ اور گیٹ بنانے پر کام شروع کیا، مقصد صرف وہی کہ تکمیلِ پاکستان کا یہ مرحلہ آسانی سے طے ہو جائے۔ اس دوران قبائل پر کیا گزری؟ اُن کے ساتھ کیا سلوک ہوا ؟ کوئی اس کا پوچھنے والا نہیں اور نہ ہی میڈیا کو یہ سب کچھ معلوم کرنے کی اجازت دی، صحافی حقیقی صورت حال کو منظر عام پر لانے کی بنا پر قتل کئے گئے۔ سارا مرحلہ اندھیرے میں طے کرتے ہوے قبائل کو غفلت کی ایک ایسی نیند سلایا جارہا ہے جس کو وہ اپنے اندر وقت کے ساتھ ساتھ تبدیلی سمجھ کر مکمل طور پر اپنا رہے ہیں۔ روشن خیالی، آزادئ رائے، انسانی حقوق کے علمبردار اور سیکولر بنانا قبائلی عوام کا مستقبل ہے، قبائل کے ساتھ سب کچھ کرنے کے بعد بھی اُن کو درس دی جارہی ہے کہ قبائلی عوام کے ذہنوں سے قبائلی روایات، اَقدار اور قبائلی طرزِ زندگی کو نکال کر اسلام سے دور کیا جائے، مزاحمت وغیرت سے خالی، آزاد خیال معاشرہ تشکیل دینے کے لئے صدیوں سے قائم قبائلی نظام کو گرایا گیا اور قبائل کو بے حس کرنے کی تعلیم دی جارہی ہے، قبائل میں اپنی آزادی کے تصور کو ختم کرنا اور اُن کو رنجیت سنگھ کے پنجاب کا غلام بنانا ہی پاکستان کے مقاصد میں شامل ہے۔

اسی پالیسی کے تحت قبائل سے اُن کے کچھ ایجنٹ میڈیا پر لائے جاتے رہے ہیں، جو یہ کہتے ہوے شرم بھی محسوس نہیں کرتے کہ ہم قبائل پاکستان کے وفادار، محب وطن اور سچے پاکستانی ہیں، اور ہم نے آج تک اس غلام ملک کا بغیر تنخواہ کے سرحد پر دفاع کیا ہے، حالانکہ قبائل ایک آزاد خطہ ہے، اور آج تک ان قبائل نے اپنی آزادی، اپنی قبائلی مٹی کا دفاع کیا ہے، نہ کہ کسی اور کا، جس کا مخصوص طبقہ کریڈٹ لیتا رہا ہے، اور اب تکمیلِ پاکستان کے اس آخری مرحلے میں یہ حربہ استعمال ہونا شروع ہوا ہے کہ ایف سی آر کالا قانون ہے، اس میں انسانی حقوق کا خیال بالکل نہیں رکھا گیا۔

جبکہ یہ تمام لوگ جو آج ایف سی آر کے خلاف کچھ نہ کچھ کرنے پہ تلے ہوے ہیں پہلے بھی یہیں پر موجود تھے، ایف سی آر پہلے بھی کالا قانون تھا، صرف قبائلی علاقہ نہیں بلوچستان کے کئی علاقوں میں یہ آج بھی لاگو ہے، جس پر بات کرنے یا اُس کو چھیڑنے کی فی الحال ضرورت محسوس نہیں ہو رہی۔ آج ان کی کوشش ہے کہ قبائل میں ایف سی آر میں ترمیم کی جائے، اس کو تبدیل کیا جائے اور اس علاقے میں کچہری اور

سپریم کورٹ کے قوانین نافذ کئے جائیں، حالانکہ ان قبائلی علاقوں کو یہ پاکستانی آج تک "علاقہ غیر" کہتے تھے، صدیوں کی تاریخ پر اگر ایک نظر ڈالی جائے تو معلوم ہو گا کہ جتنے بھی قومیں اپنے حقوق سے محروم ہوئیں، کسی کے تسلط، غلبے یا غلامی کی شکار ہوئیں، سب اپنے اندر کے ایجنٹوں، زرخرید غلاموں اور اپنے معاشرے سے باغی افراد کی وجہ سے ہوئی ہے اور آج بھی ہم دیکھ رہے ہیں کہ قبائلی علاقے کو صوبے میں ضم کرنے یا اس کو الگ صوبہ بنانے کی آواز اندر سے آرہی ہے اور معصوم قبائل آج بھی معصوم بنے ہوئے ہیں۔ مختصر یہ کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ، تمام قبائلی علاقوں میں آپریشن، ڈیورنڈ لائن پر کشیدگی، ایف سی آر اور قبائلی علاقے کو صوبے میں ضم کرنا سب تکمیل پاکستان کے لئے ہو رہا ہے اور یہ سب کچھ قبائل پر فوج کے ایک مشن کے زیرِ نظر ہو رہا ہے تاکہ ان لوگوں میں مخالفت، بغاوت اور مزاحمت کی گنجائش باقی نہ رہے اور قبائلی علاقے پاکستان بن جائیں اور یہی دہشت گردی کے خلاف جنگ کے مقاصد تھے۔ ساتھ ہی دور حاضر کے میر جعفر لطیف لالا آفریدی، شاہ جی گل، شہاب الدین خان باجوڑی، اس مقصد کیلئے بھرپور کوشش کی، چنانچہ مئی ۲۰۱۳ء میں مسلم لیگ حکومت آنے کے بعد نواز شریف نے سرتاج عزیز کی سربراہی میں ایک کمیٹی تشکیل دی کہ قبائلی علاقوں میں جاکر فاٹا کو پاکستان میں ضم کرنے کیلئے حجت پوری کرنے کی عرض سے چند حکومت نواز ملکان سے اس بارے رائے حاصل کرے، انہوں نے ایسا ہی کیا۔

بعد ازاں باقاعدہ اس موضوع کو میڈیا میں جگہ دی گئی، خاص کر ۲۰۱۷ء اور ۲۰۱۸ء میں اس پر زیادہ کام کیا، پہلے پہل فاٹا تک عدالتوں کا دائرہ اختیار بڑھایا گیا، پھر صوبائی اور قومی اسمبلیوں میں اس بارے بل پیش کئے گئے۔ اس بارے میں خیبر پختونخواہ کے گورنر اقبال زفر جھگڑا کا کہنا ہے کہ فاٹا کا خیبر پختونخواہ میں ضم کرنا لازمی تھا، کیونکہ فاٹا وجود پاکستان کیلئے خطرہ تھا، کیونکہ یہ ایک ٹریٹ ائریا تھا۔ بالآخر جس مقصد کیلئے ساڑھے چودہ سال جنگ لڑی وہ خواب آج ۳۱ مئی ۲۰۱۸ء کو شرمندۂ تعبیر ہوا، یعنی قبائلی پٹی صدر ممنون حسین کے دستخط کے بعد باقاعدہ طور پر خیبر پختونخواہ میں شامل کی گئی۔ صدر پاکستان ممنون حسین کی دستخط سے پایۂ تکمیل تک پہنچی۔

اب سوال یہ ہے کہ مغربی آقا اور پاکستانی زنادقہ نے جو کرنا تھا وہ تو کر گئے، مگر کیا ناراض فریق کو صلح یا جنگ کے ذریعے ٹھکانے لگایا یا جنگ جاری ہے؟

جواب: جنگ باقاعدہ جاری ہے، لہذا اہلیانِ پاکستان فاٹا کو سابقہ حال پر لانے سے قبل پاکستان کو امن کا گہوارہ نہ سمجھیں اور نہ ہی جمہوریت پسند قبائل حکومت یافتہ قبائل کا امن خواب شرمندۂ تعبیر ہو سکے گا، ان شاء اللہ ہم اپنی آزادی اور خود مختاری کی جنگ خون کے آخری قطرے تک لڑتے رہیں گے۔

قبائل کے اعتبار سے ہمارے اغراض ومقاصد:

قبائل کے اعتبار سے ہمارے اغراض ومقاصد درج ذیل ہیں:

(۱) جس طرح ملا پاؤندہؒ شہزاد فضل دینؒ، فقیر ایپیؒ، حاجی صاحب ترنگزئی نے انگریزوں کو قبائلی سرزمین سے نکال کر قبائلی وطن، قبائلی نظام کا دفاع کیا اور قبائلی سرزمین پر نفاذ شریعت کی کوشش کی تھی، آج ہم بھی امریکہ کی سربراہی میں حملہ آور دشمن حکومت پاکستان سے اپنے وطن، اپنی آزادی اور قبائلی نظام کے دفاع کرتے ہیں۔


(۲) قبائلی نظام میں غیر شرعی اُمور کی اصلاح کرکے اس فطری نظام کو برقرار رکھنے کی کوشش کرتے ہیں۔

(۳) حکومت کا یہ پروگرام کہ قبائل کو غیر مسلح کرکے قبائلی نظام، قبائلی کلچر اور ان کی آزادی کو ان سے چھین کر اس

کے متبادل جمہوری، تھانہ کچہری اور غلامی کا نظام دینا ہے۔ حکومت کے اس پروگرام اور اس منصوبے کو ناکام کرنا ہے، قبائل کو سابقہ کالا قانون (ایف، سی، آر) سے نجات دلانا ہے۔

(۴) قبائلی عوام کیلئے بہترین نظامِ تعلیم، نظامِ صحت، نظامِ معیشت کے مواقع فراہم کرنا اور شریعت کے دائرے میں ترقی کے ممکن ذرائع مہیا کرنا۔

(۵) قبائل کے وہ حقوق جن پر برسوں سے ظالم حکمرانوں نے قبضہ جمار کھا ہے وہ سارے حقوق قبائل کو دلوانا۔



۲۰۱۸ میں ہونے والے واقعات وحادثات

امیر تحریک طالبان پاکستان مولانا فضل اللہ کی شہادت:



مولانا فضل اللہ تحریک طالبان پاکستان کے تیسرے امیر تھے، جو اکتوبر ۲۰۱۳ کو ایک ڈرون حملے میں حکیم اللہ محسود کے شہید ہونے کے بعد تحریک طالبان پاکستان کے امیر منتخب ہوئے۔ انتخاب ہوتے ہی آپ کو کئی چلینجوں کا سامنا ہوا۔ (۱) حلقہ محسود کا اندرونی تنازعہ، (۲) تحریک طالبان میں اندرونی خلفشار، جسکی وجہ سے تحریک ٹکڑوں میں تقسیم ہوئی۔ لیکن آپؒ کے جہاد پاکستان اور تحریک طالبان سے زیادہ خلوص کی بدولت مذکورہ دونوں چلینجز تین سال کے عرصہ میں ختم ہوئے، اور ساتھ ہی تحریک میں دوسری بدعنوانیاں ختم کرنے پر زور دیتے رہے،

جس پر قابو پانے میں کافی حد تک کامیاب ہوئے، بالآخر تحریک طالبان کے سابقہ دونوں امراء (بیت اللہ محسود اور حکیم اللہ محسود) کی طرح آپ بھی ۱۳ جون ۲۰۱۸ء کی رات ساڑھے دس بجے کنڑ کے علاقے منورہ ولسوالی، بچی درہ میں امریکی ڈرون حملے میں اپنے دیگر چار ساتھیوں سمیت شہادت کے اعلیٰ مقام پر فائز ہوئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون

تحریک طالبان اور چوتھی قیادت کا انتخاب:

۱۳ جون ۲۰۱۸ء کی رات ساڑھے دس بجے کنڑ کے علاقے منورہ ولسوالی بچے درّہ میں امریکی ڈرون حملے میں مولانا فضل اللہ صاحب کی شہادت کے افسوس ناک واقعے کے بعد تمام تر تحریکی ذمہ داریاں نائب کی حیثیت سے مفتی ابو منصور عاصم کی طرف متوجہ ہوئیں، اس نازک دورانیہ میں بندہ ناچیز نے چند امور کی جانب توجہ مرکوز رکھی۔

(۱) تحریک سے وابستہ مجاہدین کو صبر کی تلقین، (۲) تحریک کی اجتماعیت پر زور، (۳) تحریک طالبان کیلئے نئے امیر کے انتخاب کیلئے مجاہدین کی رائے طلبی کیلئے مختلف اطراف میں وفود بھیجنا، اس سلسلہ میں کئی دن صرف ہوئے۔

بالآخر جب تمام حلقہ جات و مجموعات سے رائے جمع کی گئی، تو فیصلہ کیلئے مولانا سیف اللہ حقانی رئیس شوریٰ مقرر کیا گیا، جنہوں نے کثرتِ رائے پر فیصلہ کرتے ہوئے تحریک کیلئے مفتی ابو منصور عاصم محسود کو بطور امیر منتخب کیا اور مفتی حضرت عرف مزاحم کو بطورِ نائب مقرر کیا۔

پاکستانی قوم کے نام مفتی ابو منصور عاصم کا خطاب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ والصلوۃ والسلام علی رسول اللہ وعلی آلہ وصحبہ ومن والاہ۔

اما بعد! فاعوذ باللہ من الشیطان الرجیم، بسم اللہ الرحمن الرحیم، یا ایھا الذین اٰمنوا تقوا اللہ حق تقاتہ ولا تموتن الا وانتم مسلمون، واعتصموا بحبل اللہ جمیعا ولا تفرقوا۔

عزیز ہم وطنو!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ،

۲۸ رمضان المبارک 1439ھ رات تقریباً گیارہ بجے معاصر جہاد کے عظیم رہبر اور تحریک طالبان پاکستان کے محترم امیر مولانا فضل اللہ شہید رحمہ اللہ اپنے چار ساتھیوں سمیت تحریک کے سابقہ شہید امراء کی طرح معاصر کفر کے سالار امریکہ کے ڈرون حملے میں شہادت کے اعلیٰ مرتبے پر فائز ہوئے۔ اللہ تعالیٰ حضرت الامیر کی شہادت قبول فرمائیں اور ان کے درجات بلند فرمائیں۔

شہادتیں، ہجرتیں، قید و بند اور مختلف قسم کی ابتلاءات اس راستے کے لوازمات میں سے ہیں۔

ہمیں اس بات پر فخر ہے کہ الحمد للہ تحریک کے تمام قائدین کی شہادتیں اسلام اور انسانیت کے عظیم دشمن امریکہ کے ہاتھوں واقع ہوئیں، اور ہم اس شیطان اکبر کی بلیک لسٹ میں صفِ اول کے دشمنوں میں سے ہیں۔

عزیز ہم وطنو! امریکہ اور اس کے افغانی و پاکستانی غلام اس بات پر خوشیاں نہ منائیں کہ ہم نے مولانا فضل اللہ کو شہید کر کے تحریک طالبان پاکستان کی مقدس مقاومت کو کمزور کر دیا، اگرچہ یہ ایک یقینی بات ہے کہ حضرت الامیر مولانا فضل اللہ شہید رحمہ اللہ کی شہادت ایک عظیم سانحہ ہے، لیکن تحریک کے سابقہ امراء و قائدین بھی اس راستے پر گئے ہیں، مگر اس کے باوجود مقدس مقاومت میں مزید نظم و

ضبط اور تیزی ہی آئی ہے۔ قائدین اور ساتھیوں کی شہادتیں ہمیں اپنے مقدس سفر سے ہٹا نہ سکیں۔

عزیز ہم وطنو! ہم نے بار بار اس بات کی وضاحت کی ہے کہ موجودہ جنگ ہمارے اوپر اور ہماری مقدس سرزمین اور معزز قوم پر مسلط کی گئی ہے۔ ہم سے ہماری سرزمین پر اسلامی اصول و اقدار کے مطابق زندگی گزارنے کا حق چھین لیا گیا ہے۔ گذشتہ ایک دہائی سے ہزاروں محب وطن مسلمان پاکستانیوں کا خون بہایا جارہا ہے، اور بڑی ہٹ دھرمی سے سیاسی اور فوجی قیادت اس بات کا اعتراف کرتے ہیں کہ ہم نے غیروں کے مفادات کی خاطر پرائی جنگ آزاد قبائل اور پشتونوں پر مسلط کی ہے، بلکہ حقیقت یہ ہے کہ پاکستانی جرنیلوں نے اعجاز مہمند، شوکت عزیز اور شعیب جیسے اپنی تاریخ اور کلچر سے ناواقف لوگوں کو ساتھ ملا کر ہمارے آباو اجداد کے ستانوے سالہ جہاد کو شکست سے دوچار کر کے برطانیہ کے دیرینہ خواب کو شرمندۂ تعبیر کیا۔

تحریک طالبان پاکستان جہادی اور ملی جذبے سے سرشار ایک محب وطن اسلامی تحریک ہے، مملکتِ خداداد پاکستان اور عالم اسلام کی تمام اسلامی سرزمین کی آزادی، وحدت اور استحکام اپنا دینی و ملی فریضہ سمجھتی ہے، ہر اس منحوس آواز و سیاست کی مذمت کرتی ہے جو کہ مملکتِ خداداد پاکستان اور عالم اسلام کے دیگر مقدس ٹکڑوں کو تحلیل و تقسیم کی طرف لے جاتی ہے۔

مملکتِ خداداد پاکستان کی وحدت و وفاق غیر طبعی اور غیر فطری تھی۔ بنگالی، پنجابی، پختون، سندھی، بلوچ اور مہاجر مستقل قومیں ہیں، ان کو ایک صف میں ایک جھنڈے تلے پاکستان کے نام سے جمع کرنے والے کوئی مشترکہ سیاسی مفادات نہیں، بلکہ ایک مشترکہ عقیدہ اور نظریہ تھا، جو کہ نظریۂ پاکستان (یعنی "پاکستان کا مطلب کیا؟ لا الہ الا اللہ") ہے۔ لیکن جب وجود پاکستان کے بعد مسلط خاندانوں اور فوجی جرنیلوں نے نظریۂ پاکستان کے ساتھ مسلسل غداری کا ارتکاب شروع کیا اور لا الہ الا اللہ کے مبارک نظام کی آواز و مطالبے کو ناقابلِ معافی جرم قرار دیا تو خود بخود علیحدگی کے منحوس نعروں کے لیے راستہ کھل گیا۔ بنگالیوں کو بنگلہ دیش کے قیام میں کوئی نظریاتی رکاوٹ نہ رہی، آزاد بلوچستان و آزاد پختونستان اور سندھو دیش کے نعروں کو روکنے کے لیے بھی کوئی عقیدوی و اخلاقی جواز باقی نہ رہا۔

عزیز ہم وطنو! اسلام دشمن میڈیا، مادر پدر آزاد، اسلام و وطن دشمن این جی اوز، اسلامی اور پشتون سرزمین پر استعماری مفادات کے لیے جاری جنگ مسلط کرنے والے فوجی جرنیل اور سیاسی لیڈر، جہادی اور مذہبی طبقے کے خلاف دن رات یہ پراپیگنڈہ کرتے ہیں کہ مجاہدین دشمنوں کے مفادات اور ملک کے عدم استحکام کے لیے استعمال ہوتے ہیں۔ یہ پراپیگنڈہ خالص مذہبی جہادی قوتوں اور اُس طبقے کے خلاف جو کہ نظریۂ پاکستان کے نفاذ کی بات کرتا ہے ہوتا ہے جس میں اس ملک کی وحدت و بقاء کا راز مضمر ہے۔ نظریۂ پاکستان پر وار کرنا اور اس کی عملی تنفیذ میں دیر و تاخیر کرنا ملک کی وحدت پر وار ہے، اور نظریۂ پاکستان کے ساتھ دشمنی حقیقت میں مملکتِ خداداد پاکستان کو عدم استحکام اور تحلیل و تقسیم کی طرف لے جانا ہے۔

ان پروپیگنڈہ کرنے والوں سے ہم یہ پوچھتے ہیں کہ

بنگلہ دیش کے قیام میں مذہبی طبقہ ملوث تھا یا قوم پرست و سیکولر طبقہ؟

ان منحوس علیحدگی پسند نعروں کے پیچھے کون سی قوت کارفرما تھی؟ قوم پرست سیکولر قوت، مادر پدر آزاد این جی اوز، غلام میڈیا، یا مذہبی جماعتیں؟

اُس خاندان کو کس نے حب الوطنی کی سند عطاء کی جس کے سربراہ کی منحوس سیاست کی وجہ سے ملک دو ٹکڑے ہوا؟ اور جس

خاندان کے ایک اور چشم وچراغ نے ''الذوالفقار'' نامی اسلام دشمن اور ملک دشمن تنظیم بنائی اور جس خاندان کی خاتون حکمران نے اقتدار میں آتے ہی ''خالصتان تحریک'' کی اسناد ہندوستان کے حوالے کر دیئے۔

ہم حب الوطنی کا نعرہ لگانے والوں سے پوچھتے ہیں کہ ان نام نہاد قوم پرست خاندانوں کو کیوں اقتدار تک رسائی کے مواقع اور سہولیات فراہم کی جاتی ہیں کہ جنہوں نے ہمیشہ ان پالیسیوں کی مذمت کی جن میں مملکت خداداد پاکستان کے استحکام اور بقاء کا راز مضمر ہے؟

کیوں ان فوجی جرنیلوں کو سزا نہیں دی جاتی جنہوں نے حب الوطنی کی اہم ترین پالیسی سے غداری کرکے اُس کا ستیاناس کیا کہ جس سے جاری بحران نے جنم لیا اور جس سے پشتون سرزمین پر ایک اور بحران وجود میں آیا؟

خدا جانے کہ اس کے عواقب اور نتائج کیا ہوں گے اور اس سے اب اور کتنے بحران جنم لیں گے؟

عزیز ہم وطنو! مملکتِ خداداد پاکستان کی وحدت ووفاق کے دشمن مجاہدین اسلام اور مذہبی طبقہ نہیں بلکہ مادر پدر آزاد این جی اوز، قوم پرست اور سیکولر لابی ہیں، اور سرزمین پاکستان پر جاری جنگ مسلط کرنے والے وہ خاندان ہیں جن کی تربیت دشمن ممالک میں ہوئی ہے اور جو قومی وملی زبانوں سے بھی ناخبر ہیں اور ان اسلام دشمن اور وطن دشمن قوتوں کو تحفظ فوج اور انٹیلی جنس ادارے فراہم کرتے ہیں، ان کو اقتدار تک رسائی کی سہولیات اور مواقع مہیا کرتے ہیں۔ لیکن افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ اس فوج اور خفیہ اداروں نے ہزاروں ایسے مجاہدین اسلام اور حق گو علماء کرام کو گرفتار کرکے لاپتہ کر دیا کہ جو مملکتِ خداداد پاکستان کی تحلیل وتقسیم کے تصور کو بھی کبیرہ گناہ سمجھتے ہیں۔ مملکتِ خداداد میں فقط مجاہدین اسلام اور مذہبی طبقہ ہے جنہوں نے منحوس علیحدگی پسند نعروں کو ایک حد تک غیر مؤثر بنا رکھا ہے۔

کیا یہ تعجب کی بات نہیں ہے کہ پاکستانی ادارے اُس سیکولر قوم پرست لابی اور ملک دشمن این جی اوز کو تو تحفظ فراہم کرتے ہیں کہ جن کی زندگی کا کافی حصہ ملک کی تحلیل وتقسیم کی کوششوں میں گزرا ہے اور ملکی وفاق کے خلاف منحوس سوچ وفکر نسل در نسل میراث میں چھوڑے آرہے ہیں اور ہمیشہ مناسب موقع کے انتظار میں رہتے ہیں۔ اور ہم دیکھتے ہیں کہ ہمیشہ اُن ہی خاندانوں سے یہ منحوس اور بدبودار نعرے بلند ہوتے ہیں کہ جن سے ماضی میں بھی یہ نعرے بلند ہوتے رہے ہیں۔ اور دوسری جانب دیندار، مذہبی طبقہ اور حق گو علماء حق (جو کہ مملکت خداداد پاکستان کے وجود، وحدت اور نظریہ کے وفادار ہیں) پاکستانی ادارے ہمیشہ ان کے تعاقب میں رہتے ہیں، ان کی نگرانی کرتے ہیں، ان سے دینی آزادی چھین کر مختلف بہانوں سے ان کو گرفتار کرکے سالوں لاپتہ یا جعلی پولیس مقابلوں میں شہید کر دیتے ہیں، اور ان پر ملک دشمنی کے الزامات لگاتے رہتے ہیں؟

گذشتہ ۱۵ سال سے پیارے وطن کے طول وعرض میں جو جنگ جاری ہے اس کے حقیقی اسباب پر غور کرنا چاہیے کہ یہ جنگ کس نے شروع کی؟ اور کس کے کہنے پر شروع کی؟ اور کس کے مفادات کی خاطر شروع کی؟

نیشنل ایکشن پلان ملک کی بقاء اور اس کو بچانے کا پلان نہیں، بلکہ محب دین ووطن طبقے سے دشمنی اور پیارے ملک کی تحلیل وتقسیم کی طرف راستہ ہموار کرنے کا پلان ہے۔

ہم بالکل واضح الفاظ میں کہتے ہیں کہ ہم سے اپنی سرزمین پر اسلامی اصول واقدار کے مطابق زندگی گزارنے کا حق چھین لیا گیا ہے۔ ہمیں اس کی اجازت نہیں دی جاتی کہ ہم اپنی سرزمین پر اسلامی اصول واقدار کے مطابق آزادانہ زندگی گزاریں۔ لہذا جب ملک کا مقتدر طبقہ ملک کے مقدس نظریے سے مسلسل غداری کی کیفیت میں ہو اور ہمیں اسلامی اصول واقدار کے مطابق زندگی گزارنے کا حق نہ

دیا جاتا ہو تو یہ جنگ جاری رہے گی، اس کو ہم مقدس جہاد کہتے اور اس میں مرنا مقدس شہادت سمجھتے ہیں۔ اور اپنے مخالف کو ایسا ظالم و متجاوز دشمن اور غدار دین و وطن سمجھتے ہیں کہ جس کے قتل پر اپنے آپ کو غازی کہتے ہیں۔

تحریک طالبان پاکستان گذشتہ پندرہ سال سے حکومتِ پاکستان کے مظالم کے خلاف اور اپنی آزادی کی جنگ لڑ رہی ہے، اس مقدس جہاد میں بعض کاروائیاں اسلام دشمن میڈیا اور سیکولر و قوم پرست لابی تحریک طالبان پاکستان کے خلاف بطورِ پروپیگنڈہ استعمال کرتے ہیں۔ ان کاروائیوں میں سے ایک آرمی پبلک سکول کی کاروائی ہے، یہ کاروائی جن شخصیات کی طرف منسوب ہے وہ سب کے سب امریکی ڈرون حملوں میں شہید ہو چکے ہیں۔ لیکن ہم واضح طور پر کہتے ہیں کہ اس کاروائی میں بچوں کے قتلِ عام کی نسبت مجاہدین و طالبان اسلام کی طرف کرنا نہایت ظلم و ناانصافی اور اس اہم واقعے سے تاریخی خیانت ہے۔ ہم اس کے لیے تیار ہیں کہ شریعت اسلامیہ کی روشنی میں اس واقعے کی صحیح تحقیقات کے لیے ایک آزادانہ تحقیقاتی کمیشن تشکیل دی جائے۔ چونکہ اس واقعے سے مربوط ایک پہلو مجاہدین و طالبان اسلام بھی ہیں، لہذا ہم سمیت تمام مربوطہ جوانب سے تحقیق ہونی چاہیے۔ ان شاء اللہ اگر انصاف پر مبنی تحقیقات ہوں تو سچے حقائق قوم کے سامنے آجائیں گے اور یہ خوب واضح ہو جائے گا کہ بچوں کا قتلِ عام کن بہادروں نے کیا ہے؟

باقی ہم علی الاعلان کہتے ہیں کہ ہم پاکستانی ہیں اور پاکستان ہمارا ہے، اس کو ہمارے اکابر نے بڑے عالی مقاصد و اہداف کے لیے حاصل کیا تھا، پشاور ہمارا ہے، سوات ہمارا ہے، مردان وڈیرہ اسماعیل خان ہمارے ہیں، کراچی، لاہور اور کوئٹہ ہمارے ہیں۔ ہم ہر اس طبقے سے ہمہ جہت جنگ میں مصروف ہیں جو کہ پاک وطن کے وجود، بقاء، وحدت اور نظریے کا دشمن ہو۔ اگر نظریۂ پاکستان، مجاہدین اسلام اور مذہبی طبقہ ہو تو ملک ہو گا، اور اگر یہ ملک سیکولر، قوم پرست لابی کے ہاتھ میں چھوڑ دیا گیا جس طرح اب ان کے ہاتھوں میں ہے تو اس ملک کو تحلیل و تقسیم سے بچانا ایک خواب ہو گا اور بس۔

وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین

مولانا فضل اللہ خراسانی (رحمہ اللہ) کی شہادت

پر

امت مسلمہ کی جانب سے تعزیت کرنے والوں کو

امیر تحریک طالبان پاکستان مفتی ابو منصور عاصم کی طرف سے

کلمات تشکر

حول رسائل التعزية والتهنئة التي أرسلها القادة الجهاديون والإسلاميون

(بمناسبة استشهاد أمير الحركة المولوي فضل الله الخراساني رحمه الله)

والالتماس

عن قادة الجهاد (حفظهم الله)

لاتحاد الصف الجهادي المبارك

لأمير حركة طالبان الباكستانية

المفتي أبي منصور العاصم مسعود

(حفظه الله)

الحمدُ للهِ والصلاةُ والسلامُ على رسولِ اللهِ وعلى آلِه وصحبِهِ ومن والاه، أما بعد:

فأعوذ بالله من الشيطان الرجيم بسم الله الرحمن الرحيم

وقال اللهُ تعالى: إنما المؤمنون إخوةٌ، وقال النبيُّ صلى الله عليه وسلم : المؤمنُ للمؤمنِ كَالبنيانِ يشدُّ بعضُه بعضًا- وقال النبيُّ صلى الله عليه وسلم: المسلمُ أخُ المسلمِ لا يضرُّه ولا يَخْذُلُهُ-

الأمةُ المسلمةُ المظلومةُ والحركاتُ الجهاديةُ والإسلاميةُ التي تُجاهِدُ وتُقاوِمُ ضدَّ الطاغوتِ الدوليِّ العالميِّ!

السلام عليكم ورحمة الله وبركاته وبعده

إنَّ الجهادَ طريقُ الابتلاءِ والتضحيةِ وهو طريقُ العزِّ والنصرِ- مِن هذا الطريقِ قد فَتَحَ سَلَفُنا الصَّالحُ هذا العالمَ الإسلاميَّ المباركَ مِن تركستانَ الشرقيةِ إلى المغربِ الإسلاميِّ الذي يحكُمه اليومَ عُملاءُ الكفرِ والضلالِ الديمقراطيُّونَ العِلمانيُّونَ، لا تَستَطِيعُ الأمةُ الإسلاميةُ أن يُعيدَ مجدَها الأولَ، ولا تَستيطعُ أن يكونَ القرآنُ الكريمُ والسنةُ النبويَّةُ المطهَّرةُ دُستورًا وقانونًا لها إلا بِالجهادِ في سبيلِ اللهِ كما يقولُ اللهُ سبحانَهُ وتعالى: وقاتلوهم حتى لا تكون فتنة ويكون الدين كله لله-

إنا نَشكرُ اللهَ سبحانَه وتعالى ونَحمدُه بِإحياءِ تلك الفريضةِ المباركةِ في عصرِنا الحاضرِ في مختلفِ دُوَلِ العالمِ الإسلاميِّ-

إنَّ أبناءَ الأمةِ الإسلاميةِ يُقدِّمونَ التضحياتِ المباركةَ التي تُحَيِّرُ عقولَ الناسِ ولا يُرى لها مثيلٌ عَبرَ التاريخِ الإنسانيِّ-

نحن أبناءُ خراسانَ وأبناءُ المناطقِ القبليَّةِ الباكستانيةِ خاصَّةً نَحمدُ اللهَ سبحانَه وتعالى ونَشكرُهُ بأنَّ هذا القيامَ الجهاديَّ المباركَ على أراضِي المسلمينَ المباركةِ الذي يَمتدُّ ويَتوسَّعُ ويَحاوِلُ أَن يُحِيطَ بِالعالمِ الإسلاميِّ بِأجمعِهِ، قد أدَّى فيه الدورَ الأساسيَّ أَبناءُ هذه المنطقةِ وأبطالُها-

إن حركةَ طالبانَ الباكستانيةَ حركةٌ جهاديةٌ قائمةٌ على منهجِ أهلِ السنةِ المبارَكِ تُمَثِّلُ مُجاهدي هذه المنطقةِ وعلمائَها الربَّانيينَ- لا تَزالُ مِن تأسيسِها وَمِن أوَّلِ يومِ قِيامِها تُقَدِّمُ تضحياتٍ مباركةً عظيمةً ضدَّ العدوِّ الصليبيِّ العالميِّ الصائلِ، وقدِ اسْتُشهِدَ في هذه المعركةِ المباركةِ آلافُ مُجاهدِيها ومِئَاتُ قادتِها وأبطالِها- مِن هؤلاءِ الأبطالِ مؤسِّسُ الحركةِ الأميرُ بيتُ الله مسعود رحمه الله ثم بعدَه الأميرُ الثانِيْ حكيمُ الله مسعود رحمه الله قَدِ اسْتُشهِدَا فِي قصفٍ أمريكيٍّ من طائرةٍ بِدونِ طيَّارٍ-

وقبلَ ثلاثةِ شهورٍ استُشهِدَ أميرُهَا الثالثُ المولوي فضلُ اللهِ الخراساني رحمه الله بِقصفٍ أمريكيٍّ من

طائرةٍ بِدونِ طيَّارٍ- إنَّ الأميرَ فضلَ اللهِ الخراسانيَّ رحمه الله كان صاحبُ عزمٍ متينٍ وفكرٍ صائبٍ، وكان لا يَخافُ في اللهِ لومةَ لائمٍ، وقد قاد شبابَ الجهادِ وأبطالَه وَنَصَرَ الشريعةَ الإسلاميةَ، وَمَا انْحَرَفَ عنها إلى يومِ اسْتِشْهَادِهِ، تَقَبَّلَ اللهُ شهادتَه- إنَّ الأميرَ رحمه الله قد قاد قافلةَ الجهادِ الباكستانيِّ وقافلةَ حركةِ طالبانَ بِأحسنِ طريقٍ وفي ضوءِ منهجِ أهلِ السنةِ المباركِ-

نحن (حركةُ طالبانَ الباكستانيةُ) نَشكرُ جميعَ الحركاتِ الجهاديَّةِ والإسلاميةِ، ونَشكرُ قادتَها وقادةَ الأمةِ المسلمةِ وشخصيَّتِهَا المُتديِّنةِ العظيمةِ الذين عَزَّوْنَا وحركتَنا بِبَرقِيَّاتِ التَّعزيةِ وَالتَّهنئةِ وكلماتِها حَولَ اسْتِشْهَادِ أميرِنا رحمه اللهُ التي أساسُها الأخوَّةُ الدينيَّةُ والإيمانيةُ، نَسأَلُ اللهَ سبحانَه وتعالى أن يُقَوِّيَهَا-

نحن (حركةُ طالبان الباكستانيةُ) نَلتَمِسُ مِن جميعِ الحركاتِ الجهاديَّةِ والإسلاميَّةِ بِحَلِّ الخِلافاتِ بَيْنَهَا، ونَدعُوْهَا أن تُجعَلَ صفًّا واحدًا ضدَّ هذا الصفِّ العالميِّ الكافرِ- إنَّ وحدةَ الصفِ الجهاديِّ يَقودُ الأمةَ إلى مجدِهَا وإلى الغَلَبةِ على أَعدائِهَا، وَأنَّ اختلافَهُ وانتشارَهُ تُؤرِثُ الضُّعفَ واليأسَ في شبابِهَا-

مِن أجلِ اخْتلافِ الصفِّ الجهاديِّ تَلتَحِقُ شبابُ الأمةِ بِالمناهجِ الضالَّةِ (المناهجِ العلمانيةِ والديمقراطيةِ) وتَبحثُ إعادةَ مجدِ الأمةِ فيها، وتلك المناهجُ لا تَقودُ الأمةَ إلى رُشدِهَا وَمكانتِها الماضيةِ، بَل تَقودُهَا إلى مزيدِ التَّفرُّقِ وَالانْتِشَارِ، وَإلى مزيدِ الضُّعفِ والخُذلانِ-

لِهذا نَلتَمِسُ مِن قادةِ الجهادِ المُحترمينَ حفِظهم اللهُ ورعاهم أن يَّرحموا على مستقبَلِ هذه الأمةِ ووطنِهَا وشبابِها، وأن يَتَقدَّموا وأن يتسابقوا إلى نزعِ الخلافِ، وإلى وحدةِ الصفِّ وقوَّتِهِ، وأن ينضمُّوا في جميعِ ساحاتِ القتالِ والجهادِ في جماعةٍ واحدةٍ التي هي سوادٌ أعظمُ وجماعةٌ كبيرةٌ قائمةٌ على منهجٍ وَسَطٍ منهجِ السنةِ والجماعةِ في تلك الساحةِ الجهاديةِ-

قال الله تعالى: وَاعتصموا بحبل الله جميعًا ولا تفرَّقوا-

وقال تعالى: ولا تكونوا كالذين تفرَّقوا واختلفوا من بعد ما جاءهم البينات-

وقال تعالى: ولا تنازعوا فتفشلوا وتذهبَ ريحُكم واصبروا إن الله مع الصابرين

وقال النبي صلى الله عليه وسلم: الجماعةُ رحمةٌ والفرقة عذاب-

برجاءِ وحدةِ الأمةِ المسلمةِ وقواتِها الجهاديةِ والإسلاميةِ وحركاتِها خاصَّةً

أخوكم في الله **أبو منصور العاصم** مسعود مسئول تحريك طالبان باكستان

تحریک طالبان کا ایک اور نقصان:

۳جولائی ۲۰۱۸ بمطابق ۲۰شوال ۱۴۳۹ء کو افغانستان کے علاقے کنڑ چو گام میں ظہر کے وقت تحریک طالبان پاکستان ملاکنڈ ڈویژن کے نئے امیر (استاد فاتح صاحب) ڈرون حملے میں جامِ شہادت نوش کر گئے، آپ صاحب کی وجہ سے تحریک طالبان پاکستان کا بہت زیادہ نقصان ہوا، جس کی تلافی کے ہم ربِ کریم سے خواستگار ہیں۔ اناللہ وانا الیہ راجعون


۲۰۱۸ء میں واقع ہونے والے واقعات اور حادثات:

قمر دین ایف سی قلعہ پر حملہ:




۱۸رمضان المبارک ۱۴۳۹ بمطابق ۳جون ۲۰۱۸ء کو بلوچستان کے ضلع ژوب کی تحصیل قمر دین میں ایف سی قلعہ پر رات بارہ بجے تحریک طالبان پاکستان سے منسلک تین حلقوں (حلقہ محسود، حلقہ سوات، حلقہ بلوچستان) کے شاہین صفت مجاہدین نے حملہ کیا، ایک گھنٹہ ۲۰ منٹ تک شدید لڑائی ہوئی، جس کے نتیجے میں ایف سی کے چار اہلکار ہلاک اور متعدد زخمی ہوئے اور تمام مجاہدین بحفاظت اپنے مراکز کو واپس پہنچ گئے۔

سپینہ میلہ طالبان مرکز پر فوج کا حملہ:



۲۰۱۸ء موسم گرما کے موقع پر جنوبی وزیرستان کیلئے ٹارگٹ آپریشن کے نام سے تشکیلات ہوئیں، اسی سلسلہ میں سرنڈر طالبان میں سے کئی افراد (جو فوج کیساتھ مجاہدین کے خلاف تعاون میں مصروف تھے) ٹھکانے لگائے گئے۔ اسی سلسلہ میں مجاہدین نے وچہ خوڑہ کے علاقے سپینہ میلہ میں ایک مرکز کھول دیا تھا جس میں ۱۵جون ۲۰۱۸ء کی عیدالفطر کے روز علاقے میں منتشر باقی مجاہدین بھی اسی مرکز میں آئے تھے کہ مخبر کی اطلاع پر ۲۲جون ۲۰۱۸ء کو فوج نے اس جنگل کا محاصرہ کیا، طالبان نے دیکھتے ہی فوج پر پہلے پہل حملہ کیا۔ یوں فریقین میں جنگ چھڑ گئی، میڈیا پر فوج کے ادارے (آئی ایس پی آر) کے مطابق اس جنگ میں چھ طالبان دو فوجی ہلاک، جبکہ تین فوجی زخمی ہوئے ہیں، اگرچہ طالبان ذرائع سے مکمل تفصیل معلوم نہیں ہوئی، لیکن اتنا معلوم ہوا کہ چھ طالبان (مسمی کمانڈر مولانا سمیع اللہ عرف حقیار حلقہ سراروغہ، رحمت اللہ عرف عقابی حلقہ بروند، عبدالحمید عرف حمید ولد شہزاد خان زاندوعباس خیل حلقہ جاڑائی، آریانہ حلقہ سراروغہ، عبداللہ حلقہ مکین، تعویز کاکا حلقہ ڈیلے) شہید ہوئے ہیں، جبکہ جوابی حملے میں فوجی ادارے آئی، ایس، پی، آر نے تین فوجیوں کی ہلاکت اور کئی کے زخمی ہونے کا اعتراف کیا۔ جبکہ معرکہ کارزار میں شریک مجاہدین اور مقامی ذرائع کا کہنا ہے کہ اس کاروائی میں ۱۸ سے ۲۰ تک فوجی و نیم فوجی اہلکار مارے گئے ہیں۔



یکے بعد دیگرے جنوبی وزیرستان میں دھماکے:

پٹونڑی ژور کلئی، عمر (ایماء) رغزائی اور لدھا میں بم دھماکے:

۳۰ جولائی ۲۰۱۸ء بروز پیر بمطابق ۱۷ ذوی القعدہ ۱۴۳۹ھ کو جنوبی وزیرستان کے علاقہ حلقہ دواتوئی پٹونڑی ژور کلئی میں ریموٹ کنٹرول بم دھماکہ ہوا۔ مشال ریڈیو کے رپورٹر "سیلاب محسود" کی رپورٹ کے مطابق ایک صوبیدار سمیت چار اہلکار ہلاک ہوئے۔ طالبان ذرائع نے بھی اسی کی تصدیق کی۔ چند ہی دن بعد عمر (ایماء) رغزائی اور لدھا میں بھی ریموٹ کنٹرول بم دھماکے ہوئے جس میں جانی نقصان کا تاحال پتہ نہ چل سکا۔

خیسورہ میں طالبان پر چھاپہ:

۷ یا ۸ جون ۲۰۱۸ء کو پاکستانی فوج اور سرنڈر طالبان نے تحریک طالبان پاکستان حلقہ محسود خیسورہ کے طالبان پر چھاپہ مارا، فریقین کے درمیان فائرنگ کے تبادلہ میں نذیر اللہ نامی مجاہد شہید ہوا، کافی لڑائی کے نتیجے میں دو طالبان گرفتار ہوئے، جب کہ ایک تاحال لاپتہ ہے، فوج وغیرہ کے جانی نقصان کے بارے میں پتہ نہ چل سکا۔

مشتہ میں بم دھماکہ:

ستمبر ۲۰۱۸ء کے پہلے عشرہ میں مجاہدین حلقہ لدھا نے جنوبی وزیرستان کے علاقہ مشتہ میں ریموٹ کنٹرول بم کے ذریعے سرنڈر طالبان کے کمانڈر جاوید کو نشانہ بنانا چاہا، لیکن ملیشیا اہلکاروں نے اسے دیکھ لیا اور اسے ناکارہ بنانے کی ناکام کوشش شروع کی، تو مجاہدین نے اسے بھی غنیمت سمجھ کر ریموٹ کنٹرول سے دھماکہ کرکے تین اہلکاروں کو ہلاک اور پانچ کو زخمی کیا۔ جبکہ حکومت نے میڈیا پر اس کی تصدیق نہیں کی۔

لدھا میں یکے بعد دیگرے حملے:

ستمبر ۲۰۱۸ء کے اول عشرہ میں فوج نے لدھا میں چھاپہ مارا، لیکن مجاہدین نے جوابی کاروائی کرکے محاصرہ توڑ ڈالا اور دو فوجیوں کو جوابی کاروائی میں جہنم رسید کیا۔

لدھا میں ریموٹ بم دھماکہ:

۱۱/ اکتوبر ۲۰۱۱ کو مجاہدین حلقہ لدھا نے ایک ریموٹ بم دھماکہ کرکے چار سیکورٹی اہلکاروں کو موت کے گھاٹ اتارا، جبکہ مجاہدین بخیریت جائے وقوعہ سے نکلنے میں کامیاب ہوئے۔

وچہ خوڑہ لنگر خیل کلئی میں ملیشیا اہلکار قتل:

۱۹/ اکتوبر ۲۰۱۸ء کو مجاہدین حلقہ لدھا اور وچہ خوڑہ نے ایک مشترکہ کمین حملہ کے دوران دو ملیشیا اہلکاروں کو ہلاک اور ایک کو زخمی کیا، جبکہ مجاہدین جائے وقوعہ سے فرار ہونے میں کامیاب ہوئے۔ رد عمل میں فوج اور ملیشیا نے مقامی آبادیوں سے بچوں اور بوڑھوں کو گرفتار کرکے ایک "الگڈ" میں جمع کرکے ان پر ظلم ستم کے پہاڑ توڑ ڈالے، جس کے رد عمل میں محسود قوم نے ضلع ٹانک میں پی، ٹی، ایم کی مدد سے سخت احتجاج کیا۔ لیکن اس کے باوجود بھی بہت سارے افراد اسی الگڈ میں زیرِ تشدد رہے، اور ان کی کسی نے بھی نہ سنی۔


بونڈری لائن پر حملہ:


حکومت پاکستان نے پاک افغان سرحد پر خار دار تار لگانے کا عمل عرصہ دو سال سے شروع کیا ہے، جو پاکستان کا دیرینہ خواب تھا، جو افغان حکومت اور عوام کی بے حسی کے نتیجہ میں شرمندۂ تعبیر ہو رہا ہے، اسی سلسلہ میں صرف پاکستانی مجاہدین رکاوٹیں پیدا کرنے کی کوششیں کر رہے ہیں، چنانچہ اسی سلسلہ میں صفر ۱۴۴۰ھ کو مجاہدین تحریک طالبان پاکستان حلقہ محسود نے پکتیکا ولسوالی گومل اور پاکستان کے بارڈر علاقہ زرملن سیکورٹی اہلکاروں کے پوسٹوں پر تعارض کر کے چھ اہلکاروں کو موت کے گھاٹ اتارا، جبکہ مالِ غنیمت میں بہت سارا اسلحہ اور نائٹ ویژن دور بینیں بھی ہاتھ لگ گئیں۔

لدھا پہنہ میں فوج کی گشتی پارٹی پر حملہ:

۱۷ نومبر ۲۰۱۸ء بروز ہفتہ شام ۶ سے ۷ بجے کے درمیان تحریک طالبان پاکستان حلقہ محسود سے وابستہ مجاہدین نے فوج کی ایک گشتی پارٹی کے جوانوں پر حملہ کیا، مشال ریڈیو کے رپورٹر سیلاب محسود کے بقول لیس نائک بختیار علی موقع ہی پر ہلاک ہوا، جبکہ سپاہی حیدر زمان اور سپاہی حقمل شدید زخمی حالت میں رزمک پہنچائے گئے۔ طالبان بحفاظت اپنے ٹھکانوں کو منتقل ہوئے۔

ایک ہی دن بعد ۱۸ نومبر ۲۰۱۸ء کو تحریک طالبان پاکستان حلقہ محسود سے وابستہ ایس ایم جی کمانڈو مجاہدین نے شمالی وزیرستان شوال کے علاقے گربز میں فوج کی ایک گشتی پارٹی سے منسلک گاڑی پر راکٹ لانچر اور دوسرے ہلکے ہتھیاروں سے حملہ کر کے چار فوجی ہلاک کئے، جبکہ ایک فوجی بھاگنے میں کامیاب ہوا، اور مجاہدین بحفاظت اپنے مراکز کو پہنچے۔





پاکستان میں محسود فدائین کی حیرت انگیز کاروائیاں

ہم امت مسلمہ کے ان غیور مسلمانوں کو دعوت دیتے ہیں جو اپنی جوانیاں اسلام اور مظلوم مسلمانوں کی خاطر قربان کرنے کیلئے تیار ہوں۔وہ آئیں اور ہمارے ساتھ ہمارے کاروان میں شامل ہو جائیں۔

ہم چاہتے ہیں کہ اسلام کے تقدس اور مسلمانوں کی عزت و آبرو اور شریعت کی بالادستی کی خاطر اپنی جوانیاں قربان کریں۔



کوئٹہ میں فدائی حملہ:

۱۹مئی ۲۰۱۸ء بمطابق ۲رمضان المبارک ۱۴۳۹ھ کو مجاہدین محسود اور مجاہدین درہ آدم خیل کے باہمی تعاون سے کوئٹہ میں پاکستانی خفیہ اداروں کی ایک عمارت پر فدائی حملوں کا منصوبہ تیار ہوا، منصوبہ ساز قاری سیف اللہ صاحب تھے، اس منصوبہ کے لئے چار فدائین کا انتخاب ہوا، ان میں سے ایک فدائی نے پہلے پہل بارود بھری موٹر سائکل گیٹ سے ٹکرادی، جبکہ دو اور فدائین بارود سے بھری گاڑی میں سوار تھے، جائے وقوعہ پہنچتے ہی اپنی غلطی کی وجہ سے گاڑی میں دھماکہ ہوا، جس سے دونوں کی شہادت واقع ہوئی۔یوں یہ کاروائی مکمل طور پر کامیاب نہ ہوئی۔ان میں ایک فدائی کامران کا تعلق محسود قبیلہ سے تھا۔

ڈی آئی خان کولاچی میں اکرام اللہ گنڈاپور ہلاک:

۲۲جولائی کو قومی اسمبلی کے امیدوار اکرام اللہ گنڈاپور انتخابی سلسلہ میں گھر سے نکلے توراستے ہی میں فدائی محمد جنید محسود نے ان کی گاڑی پر فدائی حملہ کرکے ان کو بمع ڈرائیور موت کے گھاٹ اتار دیا۔یاد رہے!اکرام اللہ گنڈاپور کا تعلق پی ٹی ایم سے تھا، اور فوج کے حامی سرداروں میں شامل تھا، اور مجاہدین کو سرنڈر کرنے میں کافی سرگرم تھا۔

بلوچستان لورالائی فوجی چھاونی پر فدائی بمباروں کا حملہ:



۲۰۱۹ء کی ابتداء تحریک طالبان پاکستان نے ناپاک فوج کے ناپاک خون گرانے سے کی۔

آج مورخہ یکم جنوری ۲۰۱۹ء کو جنوبی وزیرستان حلقہ محسود سے منسلک تین فدائین (مسمی جنید وزیر، نصرت، امجد کنڑ افغانستان) نے بلوچستان لورالائی فوجی چھاونی پر فدائی حملے کرکے پاک فوج کا ستیاناس کر دیا۔ڈیوہ ریڈیو کے رپورٹ کے مطابق اس حملے میں صوبیدار میجر سمیت چھ فوجی اہلکار مارے گئے ہیں۔بی بی سی رپورٹ کے مطابق اس حملے میں چار فوجی اور چار سویلین مارے گئے۔ سویلین کا فوجی چھانی میں مارا جانا تعجب خیز بات ہے۔جیو نیوز کے رپورٹر عمران کے بقول اس حملے میں چار فوجی ہلاک اور دو زخمی ہوئے، جن کے نام یہ ہیں:(۱) صوبیدار میجر منور خان (۲) کیپٹن سجاول (۳) حولدار اقبال (۴) حولدار بلال۔ سی ایم ایچ ہسپتال کے رپورٹ کے مطابق ۹ فوجی ہلاک اور گیارہ زخمی ہوئے ہیں۔

یادرہے!اس حملے کی منصوبہ بندی اور کاروائی دو حلقوں بلوچستان اور جنوبی وزیرستان حلقہ محسود کے مشترکہ کوششوں سے انجام پا گئی۔کاروائی کے عین دوران ایک فدائی بمبار نے اپنے ماسٹر مائن کو فون پر بتایا کہ آئی ایس آئی اور دیگر خفیہ اداروں کے دفاتر بندوں سمیت اڑا دئے۔ فوجی چھاونی سے بچ کر بھاگے ہوئے فوجیوں میں سے جس سے اہل علاقہ پانی پلا رہے ہیں ایک فوجی کہہ رہا ہے کہ شکر ہے اللہ نے ہمیں بچالیا۔بات تو بہت اچھی ہے لیکن اوسان خطا ہونے کی بڑی واضح دلیل ہے۔

۲۹ جنوری کو پھر لورالائی میں فدائی حملہ:

۲۹ جنوری ۲۰۱۹ء کو دوپہر سوا ایک بجے ژوب کے علاقے لورالائی میں پولیس ڈی آئی جی کے دفتر پر تحریک طالبان پاکستان کے دو فدائیوں نے حملہ کیا، جس کے نتیجے میں حکومتی ذرائع کے مطابق نو پولیس اہلکار مارے گئے اور گیارہ زخمی ہوئے، ہسپتال ذرائع کے مطابق نو ہلاک اور انیس زخمی ہسپتال لائے گئے، جن میں کئی کی حالت تشویشناک ہے۔ جبکہ شوشل میڈیا پر پچاس افراد کے ہلاک ہونے کی خبریں چل رہی تھیں۔

لورالائی میں حملوں سے پورا بلوچستان دہشت کا شکار ہوا۔ مظاہرے، جلسے جلوس، حکومت سے امن کی بحالی کے مطالبے ہوئے، لیکن امن قائم ہو گا فریق ثانی کے منانے یا ختم ہونے پر۔ اس حملے کی ذمہ داری تحریک طالبان پاکستان نے قبول کی اور اس حملہ کو حیات خیسورہ شمالی وزیرستان کے گھر کی بحرمتی اور ساہیوال واقعہ کا انتقام قرار دیا، یہ حملہ تحریک طالبان پاکستان حلقہ محسود سے وابستہ استشہادی مجاہدین نے انجام دیا، جن فدائین نے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کئے ان کے نام یہ ہیں:(۱) فدائی حذیفہ شہید (گنڈہ پور)(۲) فدائی حامد (سید گئی) (۳) معاذ (شیرانی)۔

اس حملے کے بعد پی، ٹی، ایم (بلوچستان) امن وامان قائم کرنے کیلئے مظاہرے کررہے تھے کہ لورلائی پولیس نے پی، ٹی، ایم کے مقامی رہنماء پروفیسر ارمان لونی کو مظاہروں کے جرم میں بندوق سے مارمار کر جان سے مار دیا، جس کے رد عمل میں پورے پاکستان اور دنیا بھر کے اکثر ممالک میں احتجاجی مظاہرے ہوئے۔ ردِ عمل میں حکومت پاکستان نے پروا کئے بغیر کوئٹہ، کراچی لاہور میں مظاہرین پر تشدد کرکے بیسیوں افراد گرفتار کرکے ان پر جھوٹے مقدمے اور ایف، یار، دائر کئے۔

۲۶مارچ ۲۰۱۹ء کو لورالائی میں جھڑپ:

۲۶مارچ ۲۰۱۹ء کو صبح ۴ بجے لورالائی میں تحریک طالبان پاکستان سے تعلق رکھنے والے ایس، ایم، جی فورس کے ٹھکانے پر پولیس اور دیگر سیکورٹی اداروں نے حملہ کیا، فریقین میں صبح ۴ بجے سے دوپہر دس بجے تک لڑائی جاری رہی، بالآخر تحریک طالبان کے نوجوانوں کیساتھ کارتوس ختم ہوئے تو فدائی حملے کرکے اللہ کی بارگاہ میں اپنے عزیز جوانیوں کے نذرانے پیش کئے، جن کے نام یہ ہیں: معاویہ بلوچستانی، ان کی اہلیہ اور ساتھی، جبکہ چوتھا ملنگ محسود آف خیسورہ شابی خیل تورم۔ حکومتی رپورٹ میں کہا گیا کہ چار پولیس اہلکار زخمی ہوئے۔ اس سے زیادہ تفصیلات نہ مل سکیں۔

ایس ایم جی کے اس گروپ نے ۲۰مارچ کو بلوچستان سنجاوی میں لویز پر حملہ کرکے چھ لویز اہلکاروں کو موت کے گھاٹ اتار دئے تھے۔

بلوچستان لورالائی میں پولیس لائن پر حملہ:

۲۶جون ۲۰۱۹ء کو آٹھ بجے ڈویژن ژوب کے علاقے لورالائی میں پولیس ٹریننگ سینٹر (کیمپ) پر تحریک طالبان پاکستان کے تین فدائین نے حملہ کیا، جس کے نتیجے میں حکومتی ذرائع کے مطابق صرف دو پولیس اہلکار مارے گئے، جب کہ ڈی آئی جی عطاء الرحمن معمولی زخمی ہوئے، لیکن مقامی ذرائع کے مطابق فریقین میں کئی گھنٹوں تک لڑائی جاری رہی۔ اگرچہ آزاد ذرائع سے میڈیا پر پابندی کی وجہ سے جانی مالی نقصان کا پتہ نہ چل سکا۔

بلوچستان لورالائی میں ڈپٹی کمیشنر کے دفتر پر فدائی حملہ:

۳۰ستمبر ۲۰۱۹ء کو لورالائی میں دپٹی کمیشنر آفس کے قریب ایگل اسکواڈ پر حملہ ہوا، (حکومتی رپورٹ کے مطابق) حملے میں ایک اہلکار شہید اور تین زخمی ہوئے، سیکورٹی فورسز کی فائرنگ سے ایک حملہ آور مارا گیا اور ایک نے خود کو دھماکے سے اڑایا۔ لیکن طالبان ذرائع کا کہنا ہے کہ تحریک طالبان کی استشہادی فورسز کے جوان کوئٹہ روڈ پر جارہے تھے کہ اچانک ناکہ لگائے ایگل اسکواڈ کے جوانوں سے سامنا ہوا، اس دوران تحریک طالبان کی استشہادی فورسز کے جوانوں نے واپسی کی کوشش کی، جبکہ ایگل اسکواڈ کے آٹھ موٹر سائیکل سواروں نے شک کی بناپر ان کا پیچھا کیا۔ جب دپٹی کمیشنر آفس کے قریب فدائین اسلام پھنس گئے، تو دو فدائین میں سے ایک موٹر سائیکل سے اترا، اسی دوران ایگل اسکواڈ (والوں) نے اسکو گھیر لیا، اس دوران استشہادی جوان نے فدائی حملہ کرکے سات ایگل اسکواڈ کے اہلکاروں کو جہنم رسید کیا، جبکہ دوسرا فدائی جوان بخیریت اپنے ٹھکانے پہنچ گیا۔

آپریشنوں پر آپریشنز کا سلسلہ ۲۰۱۹ء میں داخل ہوا

قمر دین ایف سی قلعہ پر میزائل حملہ:

آج دو جنوری ۲۰۱۹ء کو محسود مجاہدین نے قمر دین ایف سی سینٹر قلعہ پر پانچ میزائل داغے، جو قلعہ کے اندر جا لگے، جس سے قلعہ کے اندر سے آگ کا دھواں اٹھنا شروع ہوا، ہلاک شدگان اور زخمیوں کے بارے میں آزاد ذرائع سے تصدیق نہ ہو سکی۔

۱۲ جنوری کو باز محمد عابد پر حملہ:

۱۲ جنوری ۲۰۱۹ء کو فدائی حذیفہ نے اپنے رہبر کے بشمول جا کر باز محمد عابد پر قاتلانہ حملہ کر کے اسے موت کے گھاٹ اتار دیا۔

یاد رہے! باز محمد عابد دہشتگردی کے نام پر لوگوں کو مجاہدین کے خلاف اکٹھا کر کے جلسے جلوس منعقد کیا کرتا تھا، اسی حملے سے ایک دوروز قبل دو دیگر سرکاری اہلکار بھی مارے گئے۔

کونڈ (ظوئے) میں گشتی پارٹی پر حملہ:

۲۴ جنوری ۲۰۱۹ء کو مجاہدین حلقہ محسود نے ایک کمین حملہ میں دو پاکستانی فوجیوں کو ہلاک کیا، جبکہ مجاہدین بعافیت اپنے مراکز پہنچ گئے۔





گُرگُرے میں بم دھماکہ:

جنوری ۲۰۱۹ء پاکستانی ٹی وی چینل جیو نیوز کے مطابق گُرگُرے میں بم دھماکہ ہوا، جس میں ایک فوجی اہلکار ہلاک اور ایک زخمی ہوا۔

گل کچ کندر خولہ میں جھڑپ:

مشال ریڈیو کے نمائندے (سیلاب محسود) کا کہنا ہے: ۴ فروری ۲۰۱۹ء کو ظہر کے وقت جنوبی وزیرستان کے علاقے گل کچ کندر خولہ میں فوج اور طالبان کے درمیان جھڑپ ہوئی، جو عصر تک جاری رہی، جس کے نتیجے میں تین طالبان ہلاک ہوئے، جبکہ ایک سیکورٹی اہلکار بھی ہلاک ہوا۔ جن کے نام یہ ہیں: وقاص، حیدر، محمد اللہ۔ آئی ایس پی آر نے بھی اسکی تصدیق کی کہ یہ کاروائی استخباراتی معلومات پر فوج نے کی۔ طالبان ذرائع کے مطابق تین مجاہدین ایک گھر میں روپوش تھے، کسی مخبر کی اطلاع پر اچانک فوج نے ان پر حملہ کیا، تینوں نے کئی گھنٹوں تک ڈٹ کر مقابلہ کیا، بالآخر تینوں حضرات نے جام شہادت نوش فرمالیا، شہدا کے نام یہ ہیں: حیدر عرف خنجری حلقہ ڈیلے، وقاص حلقہ مومی کڑم، سعید عرف خلیفہ حلقہ خیسورہ۔

سراروغہ شاخہ خیل رغزائی میں بم دھماکہ:

مجاہدین محسود کے ایم، ایس، جی کے جوانوں نے بمقام شاخہ خیل راغزائی سڑک کنارے ریموٹ بم نصب کیا، چند دن تک انتظار کی صورت میں بالآخر ایک فوجی گاڑی ۵ مارچ ۲۰۱۹ء کو ریموٹ کنٹرول کی زد میں آئی، جس کے نتیجے میں ۶ سیکورٹی اہلکار ہلاک ہوئے اور مجاہدین خیریت سے اپنے مراکز پہنچ گئے۔

سپنکئی رغزائی (کلکلہ) میں فوج پر حملہ:

۷ مارچ ۲۰۱۹ء کو محسود مجاہدین (حلقہ سپنکئی راغزائی) کے ایم، ایس، جی کے جوانوں نے قریب بمقام کلکلہ لینک روڈ کے کنارے

ریموٹ بم نصب کیااور اس انتظار میں کہ کوئی اسلام دشمن سامنے آئے، آس پاس علاقے میں مجاہدین کمین گاہ میں بیٹھے منتظر تھے کہ اسی اثنا میں فوجی گاڑی موقع پر آپہنچی، مجاہدین نے پہلے پہل اسے ریموٹ کنٹرول کے ذریعے نشانہ بنایااور ساتھ ہی گھات میں بیٹھے ایس، ایم، جی کے جوانوں نے ان پر فائرنگ شروع کی، بم دھماکہ میں باقی فوجیوں کو بھی موت کے گھاٹ اتار دیا۔یوں گاڑی میں سوار پانچوں فوجی ہلاک ہوئے، جبکہ حکومت نے میڈیا سے یہ کاروائی چھپادی۔

بمقام زانگاڑا کمانڈر عصمت اللہ عرف کامران کی شہادت:

کامران بن رضا گوخان محسود مجاہدین میں مشہور شخصیت تھی، آپ کا تعلق حلقہ زانگاڑہ سے تھا، آپ صاحب جنوبی وزیرستان میں اقتصادی تشکیل پر گئے تھے، اسی سلسلہ میں آپ چند دن کیلئے گھر گئے تھے، چنانچہ کسی مخبر کی اطلاع پر ۱۰ مارچ ۲۰۱۹ء کو گھر سے واپسی پر راستے میں فوج نے اس پر حملہ کر کے شہید کیا۔انااللہ وانا الیہ راجعون۔

مقامی ذرائع کے مطابق تین سے زیادہ ملیشیا اہلکار آپ نے جوابی فائرنگ میں ہلاک کئے۔

کوٹکئی سے تحصیل دار اغوا:

۲۷ مارچ ۲۰۱۹ء کو جنوبی وزیرستان کے علاقے کوٹکئی میں سراروغہ کے تحصیل دار کیلئے کھانے کی دعوت کی گئی تھی، تحریک طالبان پاکستان حلقہ محسود کے ایس، ایم، جی کے نوجوانوں کو اطلاع ملتے ہی راتوں رات اس گھر کا محاصرہ کیا، اور تحصیل دار کی حفاظتی گارڈ کو اللہ کی مدد سے پہلے پہل اسلحہ کی نوک پر سرنڈر کیا، اور اس سے اسلحہ جمع کر کے تحصیل دار (گل داراز) کو اغوا کر کے محفوظ مقام پر منتقل کیا، اس کاروائی میں ایک گولی بھی نہ چلی۔

گومل مرتضیٰ سے ریاض میانی اغوا:

ضلع ٹانک کے علاقے گومل مرتضیٰ میں ڈپٹی کمیشنر ریاض میانی والدہ کی فوتگی کے موقع پر اپنے آبائی گاؤں آئے تھے، چنانچہ اس موقع پر موجود طالبان کے خفیہ ادارے ٹی،بی، آئی کے اہلکاروں نے تحریک طالبان پاکستان حلقہ محسود کے سپیشل فورس کو اطلاع دی، سپیشل فورس کے جوانوں نے ڈپٹی کمیشنر کے گھر پر چھاپہ مارا، مہمان خانے میں موجود افراد میں چھان بین کر کے ریاض میانی اوراسکے چچا ممتاز اور ممتاز کے بیٹے مدثر (جو ایف سی اہلکار ہے) اور اسکے خالہ زاد صدام کو گرفتار کر کے اپنے ساتھ خفیہ مقام منتقل کر گئے۔

ڈیلہ میں بم دھماکے:

۱۴ مئی ۲۰۱۹ء کو جنوبی وزیرستان کے علاقے ڈیلہ میں مجاہدین نے فوج کے پانی کیلئے استعمال کے راستے میں ریموٹ بم نصب کیا۔ کافی انتظار کے بعد جب فوج کے تین اہلکار ایک گدھالیکر بم کی سیدھ میں آپہنچے تو مجاہدین نے نعرۂ تکبیر کہہ کر ان پر ریموٹ بم چلایا، جس کے نتیجہ میں بحمد اللہ تینوں سپاہی واصلِ جہنم ہوئے۔ جبکہ حکومت نے ایک سپاہی کی ہلاکت کی تصدیق کی۔ ٹھیک نو دن بعد ۲۳ مئی ۲۰۱۹ء کو ایک دفعہ پھر مجاہدین نے ایک اور ریموٹ بم حملہ میں فوج کے کئی اہلکاروں کو علاقہ ڈیلہ بمقام کائی واصل جہنم کئے۔

زنگاڑا میں جھڑپ:

۷ جون ۲۰۱۹ء کو جنوبی وزیرستان کے علاقے زانگاڑا میں طالبان اور فوجی جوانوں کا آمنا سامنا ہوا، طالبان کے ایس، ایم، جی فورس کے جوانوں کی فوج پر نظر پڑتے ہی ان پر فائر کھول دیا، جس کے نتیجے میں دو فوجی موقع ہی پر ہلاک ہوئے۔

لدھا میں ریموٹ کنٹرول بم دھماکہ:

۱۱جون ۲۰۱۹ء کو جنوبی وزیرستان کے علاقے تحصیل لدھا(مشتہ) میں مجاہدین نے ملیشیا اہلکار پر ریموٹ کنٹرول بم کے ذریعے حملہ کیا، جس میں دو ایف سی ملیشیا اہلکار ہلاک اور دو زخمی ہوئے، جبکہ ان کے ساتھ فوج نواز سرنڈر طالبان کمانڈر جاوید محسود بھی جان کی بازی ہار گیا۔

۱۳جون ۲۰۱۹ء کو جنوبی وزیرستان کے علاقے پڑتیگے میں فرنٹیئر کور کے اہلکاروں پر تحریک طالبان حلقہ محسود کے ایم، ایس، جی کے جوانوں نے ریموٹ کنٹرول بم حملہ کرکے دو اہلکاروں کو جہنم واصل کیا۔

شوال مناڑہ میں فوج پر گھات حملہ:

۲۶جون ۲۰۱۹ء کو تحریک طالبان پاکستان حلقہ محسود سے تعلق رکھنے والے ایم، ایس، جی کے جوانوں نے شوال مناڑہ میں ایک فوجی گاڑی پر گھات لگا کر حملہ کیا، جس کے نتیجے میں گاڑی میں سوار فوجی اہلکار جہنم واصل ہوئے، جبکہ اسی جگہ سڑک کے کنارے لگائے ریموٹ کنٹرول بم سے مدد کیلئے آنے والے فوجی اہلکاروں کو بھی نشانہ بنایا گیا۔یوں دونوں حملوں میں کل تقریباً دس فوجی اہلکار مارے گئے۔

شوال پیر غر آسمان پنگہ میں فوج پر گھات حملہ:

۱۴جولائی ۲۰۱۹ کو شوال پیر غر آسمان پنگہ میں تین فوجی جوان پانچ گدھوں کو لیکر پانی لینے کیلئے راستے پر جارہے تھے کہ اچانک تحریک طالبان پاکستان حلقہ محسود سے تعلق رکھنے والے ایم ایس جی فورسز کے جوانوں نے گھات لگا کر ان پر حملہ کیا، جس کے نتیجے میں تین فوجی بمع پانچ گدھوں کے مارے گئے۔جبکہ مجاہدین خیریت سے اپنے مراکز پہنچ گئے۔

شوال میں فوج پر گھات حملہ:

۲۷جولائی ۲۰۱۹ء کو شوال میں سات فوجی اہلکار ایک مورچہ سے دوسرے مورچہ جارہے تھے کہ راستہ میں تحریک طالبان پاکستان حلقہ محسود سے تعلق رکھنے والے ایم، ایس، جی کے جوانوں نے گھات لگا کر ان پر حملہ کیا، جس کے نتیجے سات فوجی اہلکار موقع ہی پر ہلاک ہوئے۔اور ان سے مال غنیمت چار عدد جے تھری، دو عدد ایم، جی، ون اور کئی عدد مخابرے وصول کئے گئے۔

مانتوئی میں ریموٹ حملہ:

۲۰۱۵ء سے فوج کی جانب سے جنوبی وزیرستان کا علاقہ مانتوئی کلیر علاقہ سمجھا جاتا تھا، لیکن ہمت نہ ہارنے والے محسود مجاہدین بالآخر کئی سال بعد ۸/ اگست ۲۰۱۹ء کو تمام تر خطرات کو جھیلتے ہوئے علاقہ مانتوئی میں داخل ہوئے، جبکہ ساتھ ہی وہاں سڑک کنارے ایک ریموٹ بم بھی نصب کیا، جس سے ۱۰/ اگست ۲۰۱۹ء کو ایک فوجی گاڑی نشانہ بنایا۔موقع پر موجود مجاہدین کے ایم، ایس، جی کے جوانوں کا کہنا ہے کہ دھماکے کے بعد گاڑی سے کوئی بھی فوجی نہ اتر سکا، لیکن واضح ہلاکتوں کی تعداد معلوم نہ ہو سکی۔ فوج نے ایک سپاہی کے زخمی ہونے کی تصدیق کی۔ دھماکے کے بعد فوج نے مانتوئی اور علاقہ بدر سمیت اڑوس پڑوس کے علاقوں کا سرچ آپریشن شروع کیا۔جس میں انہوں نے علاقے والوں پر بہت زیادہ تشدد کیا۔

لکی سر کے قریب بم دھماکہ:

شمالی وزیرستان اور جنوبی وزیرستان کی بونڈری لائن (برید) لکی سر کے قریب تحریک طالبان پاکستان کے ایس، ایم، جی کے جوانوں نے فوج کے راستے پر ایک ریمونٹ بم نصب کیا اور قریب کے پہاڑوں میں گھات لگا کر انتظار میں بیٹھے رہے کہ اسی اثنا میں فوج کو پتہ چلا، جس کی وجہ سے مجاہدین نے کمین گاہ چھوڑ دی۔ جونہی فوج نے کمین گاہ کا محاصرہ کیا اور چند فوجی ریمونٹ کی سیدھ میں آئے تو مجاہدین نے ان پر ریمونٹ حملہ کر کے تین فوجیوں کو جہنم واصل کیا۔ اور مجاہدین خیریت سے اپنے مراکز واپس لوٹ آئے۔

کانیگرم میں حملہ:

۳۰ ستمبر ۲۰۱۹ء کو جنوبی وزیرستان کانیگرم میں ریمونٹ کنٹرول حملہ کیا گیا۔

جنتہ میں طالبان پر حملہ:

۱۵ اکتوبر ۲۰۱۹ء کو جنوبی وزیرستان جنتہ میں عبد اللہ نامی مجاہد کے گھر پر فوج نے حملہ کیا، مقامی لوگوں کے بقول صبح نو بجے سے عصر تک لڑائی جاری رہی، جس میں تین سیکیورٹی اہلکار ہلاک ہوئے، جبکہ بالآخر مجاہد عبد اللہ کو زخمی حالت میں فوج گرفتار کر کے ساتھ لے گئے۔

جم جول برج ایف سی پیکٹ پر حملہ:

تحصیل سراروغہ کے علاقے جم جول برج ایف سی پیکٹ پر مجاہدین تحریک طالبان پاکستان حلقہ محسود نے مائن حملہ کیا، جس میں دو اہلکار سخت زخمی ہوئے، جبکہ اس کے چند بعد اسی تحصیل میں دوسرا ریمونٹ حملہ ہوا، جس کی تفصیلات معلوم نہ ہو سکیں، انہی دنوں قمر دین کیساتھ ڈیورنڈ لائن پر بھی دو کاروائیاں ہوئیں، تفصیلات معلوم نہ ہو سکیں۔

نقیب محسود کا سالگرہ:

۱۳ جنوری کو نقیب اللہ محسود کی شہادت کا ایک سال پورا ہوا، لیکن تا حال راؤ انور کو سزا نہیں ملی، جبکہ دوسری جانب ۲۶ جنوری ۲۰۱۹ء کو پی ٹی ایم بننے کا بھی ایک سال پورا ہوا، تا حال ان کے آئینی مطالبات نہیں مانے گئے، بلکہ الٹا خیسورہ میں ۱۳ جنوری کے بعد حیات وزیر کے گھر کی بے حرمتی کی گئی اور اس پر بس نہ ہوا، بلکہ ۲ فروری کو لورالائی میں پی ٹی ایم کا اہم رہنما ابراہیم ارمان لونی کو پی ٹی ایم کے آئینی مطالبات اور لورالائی میں امن وامان قائم کرنے کیلئے پر امن احتجاج کرنے کے جرم میں پولیس اور خفیہ اداروں کے اہلکاروں نے مار مار قتل کیا۔ اس سے معلوم ہوا کہ پاکستان میں اپنے آئینی حقوق کے مطالبات کی سزا جیل یا قتل ہے۔ پاکستانی اداروں کے جرائم کے مقابلے میں سراپا احتجاج پی ٹی ایم کے مظاہروں کو دبانے کیلئے پاکستانی اداروں نے ان کے بیسیوں کارکنوں کو گرفتار کر کے جیل بھیج دیا، یونہی پاکستان میں نقیب محسود کی سالگرہ منائی گئی۔

مسلمانانِ پاکستان کے نام
امیر تحریک طالبان پاکستان کا پیغام

الحمدالله والصلاة على رسول الله، وعلى آله واصحابه ومن والاه، اما بعد: فاغوذ بالله من الشيطن الرجيم بسم الله الرحمن الرحيم ﴿إِنَّ اللّٰهَ لَا يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا بِأَنْفُسِهِمْ﴾

قابل صد احترام مسلمانان پاکستان بالعموم اور پشتون قوم بالخصوص !

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

آپ حضرات سے یہ بات مخفی نہیں کہ گذشتہ ۷۰ سالوں سے پاکستان کے تمام مسلمان اور بالخصوص پشتون قوم کو بین الاقوامی قوتوں نے اپنا ہدف بنا رکھا ہے، اور پاکستان نے تو پشتون قوم کو بالخصوص ظلم و زیادتی کے لئے چُن رکھا ہے، ہمارا دین، وطن اور تہذیب وتمدن سب کچھ ان ظالم حکمرانوں اور جرنیلوں کے ہاتھوں بُری طرح متاثر ہوا ہے، بلکہ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ آئندہ کے لئے ہماری قومی شناخت بھی باقی نہیں رہنے دیں گے۔

میں قوم کے علماء کرام، مشائخِ عظام، اصحابِ قلم اور شعراء حضرات سے درخواست کرتا ہوں کہ خاموشی کے اس طلسم کو توڑ کر قوم، ملک اور لوگوں کے دین وایمان کی حفاظت کیجئے، قوم کی رہنمائی کیجئے۔ ہم آپ حضرات کے سامنے یہ حقیقت واضح کرتے ہیں کہ یہی وہ فوج ہے جو برطانیہ سے ہمیں وراثت میں ملی ہے، یہی وہ فوج ہے جو برطانیہ کے استحکام کے لئے قبائل کے نامور لیڈر ملا پیوندہ اور حاجی میرزا علی خان کیخلاف برسرپیکار رہی ہے، یہی وہ فوج ہے جو پشتون قوم کو تقسیم کرنے کے لئے ڈیورنڈ لائن کا باعث بنی، اور آج بھی اس خط پر خاردار تار لگانے کے ذریعے پختون قوم کو تقسیم کرنے کی کوشش میں لگی ہوئی ہے، جو کہ ایک غیر شرعی اور غیر فطری عمل ہے، جس کی وجہ سے پشتون حصوں میں بٹ گئے اور ان کی یکجہتی اور وحدت میں دراڑ آکر ان کی قوت پاش پاش ہوگئی اور یہ سب کچھ اس ناپاک اور سفاک دشمن نے اس لئے کیا تاکہ یہ غیر تمند قوم مستقبل میں اپنا تحفظ نہ کرسکے اور تاقیامت غلام رہے۔ اسی اساس پر یہ سفاک جرنیل اور حکمران افغانستان میں عدم استحکام کے خواہاں ہیں، جب بھی افغانستان میں امن وامان اور استحکام کی طرف مذاکراتی پیش رفت ہوتی ہے تو یہ ظالم اپنی شیطانی مکاریوں کے ذریعے امن کی خاطر کی گئی کوششوں کو صفر میں لا کھڑا کر دیتے ہیں۔

افغانستان میں امن وامان کے حوالے سے جو مصالحتی سرگرمیاں شروع ہیں اور جو کوششیں ہو رہی ہیں، ہم تہہ دل سے اللہ تعالیٰ سے دست بدعاء ہیں کہ ان تمام ترکاوشوں کو بار آور فرمائے اور افغانستان میں ایک مستحکم اور آزاد اسلامی ریاست وجود میں لائے۔

بہرحال! پاکستان کے اس سیاہ کردار کے عدم برداشت کی صورت میں چند سال پہلے قبائلی نوجوان سر پر کفن باندھ کر ایک مسلح شکل میں میدان میں اُترے، جنہوں نے ہزاروں شہداء کے عوض اس مکار فوج کو ناکو چنے چبوادئے۔ اور اس فوج کے مظالم کو قوم کے سامنے عیاں کیا، مگر اپنی مکاری کو پاک دامنی کا جبّہ پہنانے کیلئے ان سفاک حکمرانوں اور جرنیلوں نے تحریکِ طالبان کے ان سرفروش نوجوانوں پر غداری، انڈیا ایجنٹ جیسے ٹپّے لگانا شروع کئے اور قوم کے سامنے ان کی امیج کو گرانا شروع کیا، مگر یہ حکمران اور جرنیل اپنا اصلی ظالم روپ دنیا سے چھپا نہ سکے، حکمرانوں اور جرنیلوں کے مسلسل مظالم اور زیادتی کی تاب نہ لاکر ایک بار پھر پختون قوم کے نوجوان غیر مسلح شکل میں میدان میں اُتر آئے اور جوانوں کی یہ غیر مسلح جدوجہد آئین اور قانون کے دائرے میں ہونے کے باوجود فوج نے ان پر ملک

دشمن، انڈیا کے ایجنٹ جیسے الزامات لگانا شروع کئے۔ اور ان کو گرفتار کر کے ان پر تشدّد کرنا اور ان کو جان سے مارنا اپنے لئے روا سمجھا۔

اس صورتِ حال میں ہم پختون سیاست دانوں کی خدمت میں عرض کرتے ہیں کہ وہ اپنی سیاسی قوت کو ان نوجوانوں کے حق میں استعمال کریں جو اپنی عزت، ایمان، قوم اور پختون وطن کے تحفظ کی خاطر اُٹھے ہیں۔ ہم تحریکِ طالبان ہر اس فرد اور جماعت کی حمایت میں ہیں جو دینِ اسلام، قوم و وطن کی خاطر جدوجہد میں مصروف ہو، اور اس ظالم سفّاک فوج کے خلاف بر سرِ پیکار ہو، اور اس مظلوم عوام کے آنسوں اور سسکیوں کا مداوا کر رہا ہو، اور ہر اس فرد اور جماعت کے خلاف ہیں جو فوج کا ساتھ دیکر پاکستان کے مظلوم عوام اور بالخصوص پختون کی عزت و آبرو لُٹانے کے درپے ہو، چاہے وہ پنجابی ہو، پٹھان ہو، سندھی ہو، یا بلوچ۔

ہم پاکستان میں نافذ باطل جمہوری نظام کے خلاف ہیں اور اپنے آباءواجداد سے ملی قبائلی روایات، رسم ورواج اور اپنی قبائلی تشخص اور آزادی کو اپنا میراث سمجھتے ہیں، لہٰذا ہم قبائلی علاقے کو جمہوریت میں ضم کرنے کے بالکل خلاف ہیں اور کسی بھی صورت اس انضمام کو برداشت نہیں کرسکتے ہیں، جس میں خیسور جیسے ناقابل برداشت واقعات رونما ہوتے ہیں، جس میں پشتون قبائل کی عزت و غیرت کو بری طرح پامال کیا جاتا ہے۔ اور یہ کوئی ایک واقعہ نہیں ہے، اس طرح کے اور بھی کئی واقعات ہوے ہیں، مگر یہ واقعہ پہلی بار منظرِ عام پر آیا۔ پاکستانی جمہوری سازشیں مسلسل قبائلی عورتوں کو گھروں سے باہر نکالنے کی مذموم کوششوں میں مصروف ہیں، جو کہ پشتون روایات اور اسلام کے منافی ہے۔

بعض اوقات پختون سیاست دان یا دیگر افراد سیکیورٹی اداروں کی حمایت کرتے ہوے تحریک کے نرغے میں آجانے کے بعد شکایت کرتے ہیں کہ تحریک والے بھی پختون قوم کے پیچھے لگے ہوے ہیں، حالانکہ ہم کسی بھی قوم کے دشمن نہیں ہیں۔ ہاں! جو بھی اس بے حیاء فوج کی دوستی میں ہمارے سامنے آئے گا وہ ہمارے نشانے پر رہے گا، لہٰذا ہم پاکستان میں موجود تمام اقوام سے درخواست کرتے ہیں کہ افواجِ پاکستان کے مظالم سے ہم میں سے کوئی بھی محفوظ نہیں ہیں، تمام اقوام کے جگر گوشوں کو ابدی نیند سلا کر ان کو زخمی کیا ہے اور آئندہ کیلئے بھی ہم نے اگر اس کرائے کی قاتل فوج سے نجات کا کوئی راستہ تلاش نہیں کیا تو یہ ظالم فوج ہم میں سے کسی کو بھی جینے کے قابل نہیں چھوڑے گی، لہٰذا بروقت اس کرائے کے قاتل کے خلاف اقدام کی ضرورت ہے، کیونکہ یہ ہمارا مشاہدہ ہوا ہے کہ یہ اُجرتی قاتل کسی بھی قوم کو اپنی عزت و آبرو، اور اپنے حقوق کے تحفظ کی خاطر مسلح اور غیر مسلح کسی بھی قسم کی جدوجہد کرنے نہیں دیتی ہے، لہٰذا پاکستان کے تمام مسلمانوں سے اور پختون قوم سے ہمارا یہ مطالبہ ہے کہ تحریکِ طالبان کا ساتھ دیکر اس مردود فوج سے نجات حاصل کیجئے، یا کم از کم اس ظالم فوج کے خلاف دل میں نفرت اور بغض تو ضرور رکھیں۔ والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

قبائل کی آزاد حیثیت سے کیا مراد؟

چونکہ پاکستان میں ہمارا جہادی موقف "دین، ایمان، عزت و آبرو سے دفاع اور قبائل کی آزاد حیثیت کو دوبارہ بحال کرنا" ہے، لہٰذا قبائل کی آزاد حیثیت کی تھوڑی سی تشریح کئے دیتے ہیں کہ قبائل کی آزاد حیثیت سے ہمارا کیا مقصد ہے۔

قبائل، ہندوستان اور پاکستان کی سرحد پر صدیوں سے رہ رہے تھے، مگر ان کو اتنی تاریخی اہمیت حاصل نہیں تھی۔ ان کی تاریخی اہمیت کا آغاز اس وقت سے ہوا جبکہ برطانیہ نے ہندوستان پر قبضہ مضبوط کرنا چاہا، اور دوسری طرف روس سینٹرل ایشیاء میں مسلم ریاستوں پر قبضہ کر رہا تھا، تو ۱۸۳۹ء کو برطانیہ نے اس خدشے کے تحت حملہ کیا کہ کہیں روس افغانستان پر قبضہ نہ کرلے، جس کا اثر براہ راست ہندوستان

میں برطانیہ کی حکومت پر پڑے گا۔ انگریز کے اس حملے کے نتیجے میں غلزئی قبیلے نے جہاد کا اعلان کیا، نتیجے میں برطانیہ نے عبرت ناک شکست کھائی۔

قبائل کیساتھ انگریز کا براہ راست آمنا سامنا اس وقت ہوا جب ۱۸۴۹ء میں انگریزوں نے پنجاب میں سکھوں کی حکومت ختم کر کے پنجاب کو اپنی حکومت میں ملا دیا، اب انگریز اور قبائل آمنے سامنے ہوئے، ۱۸۳۹ء سے ۱۸۹۳ء تک بہت سارے مبارزے ہوئے، بند بارڈر پالیسی، فارورڈ پالیسی عمل میں لائی گئی، مختصراً ۱۸۹۳ء میں امیر عبد الرحمٰن اور انگریز کے درمیان سرحد کا معاہدہ ہوا، جیسے ڈیورنڈ کا معاہدہ کہا جاتا ہے۔ اس معاہدے کے تحت افغانستان اور پاکستان کے درمیان ایسی سرحد قائم کر دی جس نے قبائل کو دو حصوں میں تقسیم کیا، اس طرح قبائل اور انگریز کے درمیان جہاد کی نئی لہر شروع ہوئی۔

۱۸۹۳ء سے ۱۹۰۰ء تک وزیرستان، خیبر، مہمند کے علاقوں میں جنگیں شروع ہو گئیں، جن سے تنگ آکر انگریز نے ایک نئی پالیسی کا اعلان کیا، اس پالیسی کے تحت قبائل کی آزاد حیثیت کو مان لیا گیا اور یہ طے ہوا کہ قبائل اپنے قانون کے تحت ہی معاملات طے کریں گے اور انگریزوں کا بندوبستی نظام قبائل میں نافذ نہیں کیا جائے گا، اس کے عوض انگریزوں کو افغانستان تک کے راستے کی رسائی دی جائے گی، انگریز قبائل کیساتھ اپنے پولیٹیکل ایجنٹ کے واسطے سے رابطے میں رہے گا۔ اس معاہدے کو معاہدۂ گندمک بھی کہا جاتا ہے۔

اس معاہدے کی تفصیل "فقیر ایپیؒ" کے سجادہ نشین امیر نیاز علی خان کی تفصیلی انٹرویو میں یوں مذکور ہے:

سوال: ۱۹۹۷ء میں پہلی بار قبائل کو بالغ رائے دہی کا حق دیا گیا، اس کے پسِ منظر کے بارے میں آپ کے کیا تاثرات ہیں؟

جواب: ایک عرصہ سے بعض قبائلی افراد جو اضلاع میں آباد ہیں اور مختلف مذہبی اور سیاسی پارٹیوں سے منسلک ہیں حکومت سے برابر یہ مطالبہ کرتے چلے آرہے ہیں کہ قبائلوں کو بالغ رائے دہی کا حق دیا جائے، اور قبائلی نظام میں تبدیلی اور چالیس ایف سی آر کو ختم کیا جائے وغیرہ، تو دوسری طرف وہ قبائل جو ایجنسیوں میں آباد ہیں اس مطالبے کے خلاف تھے۔ اس لیے کہ ان کو یہ فکر لاحق تھی کہ اگر قبائلی نظام میں کوئی تبدیلی لائی گئی تو لازماً تمام نظام میں ردوبدل ہو گا، جس سے قبائلی عوام کیلئے بہت سے مشکلات پیدا ہوں گی، وہ معاہدہ جو پشاور میں حکومتِ برطانیہ اور قبائل کے درمیان ہوا تھا اور وہ معاہدہ جو برطانیہ اور افغان حکومت نے گندمک کے مقام پر کیا تھا اور آخری وہ معاہدہ جو ۱۹۴۷ء میں محمد علی جناح نے بھی منظور اور تجدید کیا تھا اس کی خلاف ورزی ہو گی۔

برطانوی وفد اور قبائلی جرگے کے درمیان پشاور میں ہونے والی صلح کی چند شرائط!

انگریز وفد نے قبائلی جرگے سے یہ سوال کیا تھا کہ قبائل تخمیناً چھ سو سال کے طویل عرصے سے مسلم اور غیر مسلم حکومتوں سے لڑتے چلے آرہے ہیں، آخر اس کی وجوہات اور اسباب کیا ہیں؟ تاکہ اس کا حل تلاش کریں۔ اس سوال پر قبائلی جرگے نے ذیل دلائل اور شرائط پیش کئے:

تخمیناً دو سو سال افغان مسلم حکومتوں سے اس بناء پر اختلاف رہا کہ وہ فارسی زبان میں ایران کا مخلوط قانون نافذ کرنا چاہتے تھے جو کہ ہمارے مذہب، رواج، زبان کے ساتھ ساتھ آزادی کے خلاف تھے۔ اس طرح جب ترک اور مغل مسلم بادشاہوں نے ہندوستان پر حکومت قائم کی انہوں نے بھی قبائل پر ہندوستان کا مخلوط قانون نافذ کرنا تھا، وہ بھی ہمارے مذہب، رواج اور آزادی کے خلاف تھا۔ یہ حکومتِ برطانیہ انگریزی زبان میں یورپ کا قانون نافذ کرنا چاہتی ہے، جو کہ ہمارے مذہب، رواج، زبان اور آزادی کے خلاف ہے، لہٰذا یہ

بھی ہمیں قبول نہیں۔جب تک کوئی مسلم یا غیر مسلم حکومت قبائل کی ذیل شرائط قبول نہیں کر لیتی ہماری جدوجہد جاری رہے گی۔

برطانوی وفد نے قبائلی جرگہ کے تمام دلائل غور سے سنے، بالآخر مندرجہ ذیل شرائط پر تحریری معاہدہ کیا گیا:

۱) ہمارے مذہب اسلام میں کوئی مداخلت نہیں ہو گی۔

۲) قبائلی روایات اور رواج کے مطابق عمل ہو گا۔

۳) قومی تقسیمات، قبائلی جائیداد روایات کے مطابق ہو گی۔

۴) قبائل کی جداگانہ اور آزادانہ حیثیت برقرار رہے گی۔

۵) قبائل کو غیر مشروط مراعات دی جائیں گی، کیونکہ وہ پانچ سو میل لمبی سرحدات کا تحفظ کر رہے ہیں۔

۶) قبائلی میں اسلحہ سازی، خرید و فروخت اور تجارت پر کسی قسم کی پابندی نہیں ہو گی۔

۷) تمام قبائلی علاقہ دشوار گزار پہاڑوں اور خشک زمین پر مشتمل ہے، کارخانے یا روزگار کے مواقع نہیں ہیں، اس لئے مالیہ اور ٹیکس سے مستثنیٰ ہو گا۔

۸) قبائلی علاقے میں لوگوں کی رضامندی سے روڈ اور دیگر تعمیرات کی جائیں گی، اور رضامندی کے بعد قیمت یا دیگر مراعات دی جائیں گی۔

۹) پولیٹیکل ایجنٹ کسی قبائل پر جرم عائد کرنے اور گرفتار کرنے سے پہلے رواجی جرگے سے رجوع کریگا، وغیرہ۔

مذکورہ معاہدے پر دونوں فریق ۱۹۴۷ء تک عمل کرتے رہے۔اس دوران کسی قسم کی شکایت پیدا نہیں ہوئی۔پاکستان کی آزادی کے بعد جناح نے قبائلی جرگے سے مشورہ لیا اور قبائلی جرگے نے سابقہ معاہدہ برقرار رکھنے کا مطالبہ کیا، جو کہ جناح نے منظور کر لیا، اور یقین دلایا کہ قبائل کے مشورے کے بغیر کوئی تبدیلی نہیں لائی جائے گی۔

جناح کے وفات کے بعد ۲۵ سال تک اس معاہدے پر عمل ہوتا رہا۔بعد میں پولیٹیکل آفسران نے بعض نقاط میں اپنی طرف سے تبدیلی لائی، جس سے قبائل کو مختلف شکایات پیدا ہوئیں، اس کے خلاف قبائلی مشران نے وقتاً فوقتاً مرکزی اور صوبائی حکومتوں کو اگاہ کیا، لیکن اب تک کسی نے غور نہیں کیا۔

جنرل عالم جان محسود کی انٹریو:

سوال: جنرل صاحب! قبائلی عوام کے نمائندے یا ملکوں نے کس بنیاد پر پاکستان میں شمولیت کا فیصلہ کیا؟

جواب: قبائلی عوام اور قائد اعظم کے درمیان مفاہمت کی بنیاد یہ تھی کہ علاقے کے دفاع اور تعمیر و ترقی کی ذمہ داری پاکستان پر ہو گی۔ داخلی طور پر یہ علاقہ خود مختار رہے گا، اور یہاں پاکستان کا قانون لاگو نہیں ہو گا، یہاں کے لوگوں پر کسی قسم کا ٹیکس بھی لاگو نہیں ہو گا۔

برطانیہ کے خلاف لڑنے والے مجاہد اعظم "ملا پیوندہ صاحب" کے مطالبات:

یہاں پر یہ بات سمجھنے کی ہے کہ ۱۸۹۳ء سے ۱۹۱۳ء تک یعنی ۲۰ سال تک اس مجاہدِ اعظم نے سینکڑوں آدمیوں کا خون بہایا، وزیرستان کی اینٹ سے اینٹ بجا دی، آخر حضرت صاحب نے یہ سب کچھ کیوں کیا؟ آپ کیا چاہتے تھے؟ کس چیز کے دفاع میں آپ

سرگردان رہیں؟ کیونکہ لڑائی کو پرکھنے کا معیار مقصدِ عظمیٰ ہوتا ہے۔ تو اس تناظر میں ایک تو یہ ہے کہ ہم اپنی طرف سے حضرت صاحب کے ۲۰ سالہ جہاد کا مقصد توڑ مروڑ کر بیان کریں اور ایک یہ کہ ہم میدان کارزار میں برسرِپیکار مجاہد کی زبانی معلوم کریں کہ ان سربازوں نے اپنا قیمتی خون کس مقصد کی خاطر قربان کیا؟

آیئے! ان ہی کی زبانی تاریخ کے اقتباسات پیش کرتے ہیں:

۱) ملا پاوندہؒ اور بروس ملکوں کی ملی بھگت کو دیکھ کر اس نتیجے پر پہنچ چکے تھے کہ اس نازک صورتِ حال میں پل کی غفلت صدیوں کی تاریکی کا پیش خیمہ ثابت ہو سکتی ہے، لہٰذا انہوں نے "بروس" کے نام دھمکی آمیز خط لکھا:

"اگر جان کا امان چاہتے ہو تو وزیرستان اور محسود کی مٹی میں پیش قدمی کی کوشش ترک کرو اور قیدیوں کو رہا کرو"۔

۲) وانہ کیمپ پر شب خون مارنے کے بعد ملا پاوندہؒ نے کانیگرم سے بروس کے نام خط لکھا:

"ہم حکومت کے خلاف اس وقت تک مسلّح جدوجہد جاری رکھیں گے جب تک پشاور جیل سے پانچ قیدیوں کو رہا نہ کرے اور حکومت تحریری طور پر یہ ضمانت فراہم نہ کرے کہ محسود علاقہ پر قبضہ نہیں کیا جائے گا۔

۳) ملا صاحب نے ڈیرہ کمیشنر کو مشورہ دیا کہ وہ ملکوں کی بات پر یقین نہ کرے، چونکہ اپنے علاقے میں ان کی کوئی حیثیت نہیں ہے اور یہ کہ کرم سے گومل تک مسلمانوں کا علاقہ ہے، اس میں غیر ملکیوں کیلئے داخلے کی کوئی گنجائش نہیں۔

۴) افغانستان ہجرت کے دوران انہوں نے امیر کابل سے کہا کہ ہم انگریز کے زیرِسایہ نہیں رہنا چاہتے، اور انگریز سے اپنا علاقہ واپس لینا چاہتے ہیں، اور امیر کابل کی ملاقات کے دوران ان پر یہ بھی واضح کیا کہ ہم فرنگی کی رعایا نہیں ہیں، مسلمانوں کے بادشاہ کی حیثیت سے اگر آپ ہماری مدد کریں تو ہم فرنگی کے خلاف آخری دم تک لڑنے کیلئے تیار ہیں۔

۵) افغانستان سے وزیرستان واپسی پر ۱۱/ اکتوبر کو آپ نے پولیٹیکل آفیسر "گرانٹ" کے نام خط میں یہ بات واضح کی کہ "میں چاہتا ہوں کہ وزیرستان میں اسلام دشمنی کے باعث تشدد کا سلسلہ بند کیا جائے اور پہاڑی علاقہ پر صرف میرا ہی قبضہ رہے، اس سلسلے میں قبائل کیساتھ میرے رابطوں پر حکومت شک وشبہ نہ کرے اور یہ کہ (اورگون) میں سات ہزار "۷۰۰۰" قبائل نے قرآن شریف پر میرے ساتھ حلف اٹھایا ہے کہ اگر وزیرستان میں انگریز قلعے تعمیر کرنا چاہے تو ڈٹ کر مقابلہ کریں گے۔ اس لیے ہمارے علاقہ میں پیش قدمی سے گریز کیا جائے۔

۶) آپ قبائل کے مابین تنازعات کو ختم کرنے اور افغان حکومت کیساتھ پائیدار تعلق اور امداد کی بدولت قبائل میں مثالی اتحاد قائم کرنے کے خواہاں تھے۔

مجاہد کبیر فقیر ایپیؒ (حاجی مرزا علی خان) کے فرنگی کیساتھ صلح کی شرائط:

اورگون کے فرقہ مشر پیر محمد نے مشہور مجاہد موسیٰ خان عبدلائی کو افغان صدر اعظم محمد ہاشم کا ایک خصوصی خط پہنچایا، جس میں لکھا تھا کہ

"ہم نے حکومتِ ہند کو مسعود، وزیر قبیلوں کے ساتھ پشتون ولی، پت، اور ننگ کے عین مطابق صلح کرنے پر راضی کیا ہے، اس لیے آپ کو بھی چاہئے کہ گوریلہ کاروائیوں سے گریز کریں، تاکہ مستقبل میں پائیدار امن کا قیام روبا عمل لایا جاسکے۔ افغان حکومت نے آپ لوگوں کیلئے گرانقدر خدمات انجام دی ہیں، اس لیے آپ افغان حکومت کی ہدایات پر عمل کریں، تاکہ فرنگی حکومت کے سامنے ہم شرمندہ نہ ہوں"۔

موسیٰ خان نے لالمنزے میں فقیر ایپیؒ کیساتھ ملاقات کی اور آپ کو اپنے ہاں مندیچ میں آنے کی دعوت دی۔ ۱۴/ اگست کو فقیر

ایپیؒ نے اوبلاق کے مقام پر نمازِ جمعہ کی ادائیگی کے بعد ایک ہزار مجاہدین کو جہاد پر زور دار خطبہ دیا۔۱۶/ اگست کو شوال میں چار ہزار (۴۰۰۰) قبائل کا اجتماع ہوا، جس میں فقیر ایپیؒ اور موسیٰ خان کے علاوہ فضل دین، شیوہ فقیر، سدے خان، عبداللہ خان وزیر اور ملک حیات بھی شامل ہوئے۔ طویل مذاکرات کے بعد فقیر ایپیؒ کو فرنگی کیساتھ صلح کرنے کیلئے شرائط طے کرنے کا اختیار دیا گیا۔ انہوں نے مولانا ظاہر شاہ کے ہاتھ مندرجہ ذیل شرائط لکھ دیں:

۱: اسلام بی بی کو دوبارہ مسلمانوں کے حوالہ کیا جائے۔

۲: فرنگی مستقل طور پر وزیرستان سے نکل جائے۔

۳: جہاد کے دوران قید کیے گئے تمام قیدیوں کو رہا کیا جائے۔

آپ نے ان شرائط کو ظاہر شاہ تک پہنچانے کیلئے خلیفہ غازی مرجان، تحویل دور، مولانا ظاہر شاہ، قاضی امیر شاہ اور محمد اکبر خان پر مشتمل وفد کابل بھیجا۔ آخر میں آپ گھوڑے پر سوار ہو کر جلسہ میں موجود قبائل سے خطاب کرتے ہو کہا کہ اگر فرنگی حکومت قبائلیوں کے ساتھ مذہبِ اسلام اور شریعت کے مطابق معاملہ طے کرنے پر راضی ہو تو صلح ہو سکتی ہے، ورنہ بحیثیتِ مسلمان ہم فرنگی حکومت کی بھرپور مخالفت جاری رکھیں گے۔

خلاصۂ کلام یہ کہ ان حضرات نے بیوی، بچوں، جان ومال، گھر بار، ہر قسم کی قربانی پیش کر کے ہمیں ایک ایسا آزاد اور خود مختار علاقہ فراہم کیا جس میں ہمارا دین ومذہب، تہذیب وتمدن، رسم ورواج، ہر چیز محفوظ ہے۔

یہ بات یاد رکھنے کی ہے کہ آزادی اور خود مختاری ہی وہ بنیادی چیز ہے جس پر باقی تمام چیزیں موقوف ہیں۔

ایک جگہ مدنیؒ آزادی کی اہمیت کو بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

"ہندوستان کی آزادی کی اشد ضرورت اور اس کی انتہائی جدوجہد کی فرضیت جو کہ تحریکِ خلافت کے وقت بلکہ اس سے پہلے سے آپ کے سامنے لائی گئی ہے، اس کے ساتھ تیرہ وتاریک محکومیت کے واقعات جو پیش کئے گئے ہیں اس کے بعد میں پوچھتا ہوں کہ کیا اب بھی کسی صاحبِ دین ودل اور صاحبِ غیرت کو اس میں شبہ کرنے یا گفتگو کرنے کا موقع باقی رہ جاتا ہے کہ یہ آزادی کی جدوجہد انتہائی ضروری ہے، ایسی غلامی میں نہ مذہب محفوظ ہے، نہ زندگی۔ نہ رفاہیت وامن ہے، نہ خوشحالی۔ نہ جماعتوں کیلئے زندگی ہے، نہ افراد کیلئے"۔

جناب حکیم محمود احمد ظفر "علماء میدان سیاست میں" میں فرماتے ہیں:

"اصل بات یہ ہے کہ اس فتویٰ پر تمام جیّد علماء اتفاق کار ہا جو مفتی اعظم ہند حضرت مولانا شاہ عبدالعزیزؒ نے دیا تھا کہ "ہم ہندوستانی ہیں۔ ہندوستان ہمارا وطن ہے، سات سمندر پار انگریز تجارت اور سوداگری کی غرض سے یہاں آئے، حکومتِ ہند نے ان کو تجارت کی اجازت دی۔ ان غیر ملکیوں نے غیر ملکی رہتے ہوئے رفتہ رفتہ ہندوستان پر قبضہ کر لیا۔ یہ قبضہ بالجبر ہے۔ کہ اس بیرونی طاقت سے وطن عزیز کو آزاد کرائیں۔"

اس نظریے کی بنیاد پر جب فوجیں برگشتہ ہوئیں اور وطن کو آزاد کرانے کیلئے انہوں نے جان کی بازی لگادی، تو اب اس واضح مقصد کیلئے کسی فتوے کی ضرورت نہ تھی۔ مختصر یہ کہ فتوے پر دستخط کسی مرعوبیت کی وجہ سے نہ تھے، بلکہ ہر ایک نے سوچ سمجھ کر بحث وتمحیص کے بعد دستخط کئے۔

غلامی سے آزادی ہر قوم کا بنیادی حق ہے:

حقیقت یہ ہے کہ غلامی کی زندگی سے آزادی حاصل کرنا ہر ایک کا بنیادی حق ہے اور جو قوم کسی دوسر قوم کو غلام بناتی ہے قرآن کریم نے اس کو طغیان اور سرکشی اور بغاوت سے تعبیر کیا ہے۔ قرآن کریم میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کو یہ حکم ملا ﴿اِذْهَبْ اِلٰى فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ طَغٰى﴾ ترجمہ: فرعون کے پاس جا وہ بہت حد سے نکل گیا ہے۔

اس آیت میں غلام سازی کو طغیان کہا گیا، جو موردِ قہر عذاب خداوندی ہے۔ دوسری بات اس آیت سے یہ ثابت ہوئی کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک غلامی بھی قابل نفرین شے ہے۔ وجہ اس کی یہ ہے کہ غلامی قوموں کیلئے بے عزتی اور بے حمیتی کی جڑ ہے۔ (علماء میدانِ سیاست میں / ص ۲۲۵، ۲۲۶)

اب آتے ہیں پاکستان کے خلاف جاری جنگ میں اپنے موقف کی طرف کہ ہم قبائل کی وہی مسلّم آزاد حیثیت چاہتے ہیں، جس کو برطانیہ نے قبائلی وفد کے ساتھ پشاور میں ستانوے سال (۹۷) لڑائی کے بعد تسلیم کیا تھا۔ جس کا ذکر ہم پہلے کر چکے ہیں۔ اور اسی طرح جو حیثیت ملا پاوندہؒ کے خطوط سے واضح ہوتی ہے، جس کو انہوں نے بروس کے نام لکھے ہیں۔ اسی طرح حاجی مرزا علی خانؒ کے مطالبات سے جو حیثیت واضح ہوتی ہے۔ کیونکہ قبائل اپنی مسلّم شدہ معاہدے کی پاسداری کرتے ہوئے اپنے رسم ورواج، کلچر اور آزاد حیثیت کے تحت جی رہے تھے کہ امریکہ نے افغانستان پر حملہ کیا، نتیجے میں قبائل نے پاکستان میں موجود تمام مکاتبِ فکر کے علماء بشمول تمام عوام کے مذہبی جنون اور فتوؤں کے نتیجے میں اپنا مذہبی فریضہ سمجھ کر امریکہ کے خلاف لڑنے لگے۔ اور پاکستان حکومت کا بھی اس میں بہت بڑا کردار رہا اور دوغلی پالیسی اختیار کی۔

بالآخر امریکہ کو جب قبائلی سرزمین سے اپنی شکست یقینی نظر آئی تو پاکستان پر قبائلی علاقے میں آپریشن کرنے کیلئے دباؤ ڈالنا شروع کیا، جس کے نتیجے میں پاکستان نے قبائلی علاقوں میں آپریشن شروع کیے، قبائل نے ردِ عمل اور پانچ سو (۵۰۰) علماء کے فتوے کے نتیجے میں پاکستان کے خلاف لڑنا شروع کیا، ظالم وجابر پاکستان سے اپنی عزت، جان، مال کا دفاع کیا، پاکستان نے سب قبائل کو اپنے وطن سے بے دخل کیا اور قبائل کے گھر بار تمام چیزوں کو آگ لگا دی۔ ان کی جان، مال، عزت و آبرو کا ستیاناس کیا۔ پاکستان ہماری مسلّم آزاد حیثیت کو ختم کرکے ہمیں جمہوری نظام میں جکڑ کر غلام بنانا چاہتا ہے۔ لہٰذا ہم پاکستان کے خلاف اس وقت تک لڑیں گے جب تک ہماری وہی آزاد حیثیت دوبارہ تسلیم نہ کرے، اور ہمارا علاقہ خالی نہ کرے، کیونکہ ہماری تمام چیزوں کا تحفظ اسی آزاد حیثیت پر موقوف ہے۔ (واللہ تعالیٰ اعلم)

حکومتِ پاکستان اور اس کی فوج، روس و فرنگی کے نقش قدم پر:

پاکستانی فوج نے جس طرح فرنگی کا وہ خواب شرمندہ تعبیر کیا جس کیلئے فرنگی نے قبائل میں ۹۷ سال پر محیط جنگ لڑی، لیکن وہ کامیاب نہ ہوا، بالآخر ۳۱ مئی ۲۰۱۸ کو قبائلی پٹی پاکستانی فوج اور سول حکومت کی ۱۴ سال کی لڑائی کے بعد صدر ممنون حسین کے دستخط کے بعد باقاعدہ طور پر خیبر پختون خواہ میں شامل کی گئی۔ اس مقصد کیلئے پہلے پوری قبائلی پٹی پر ایک بار سخت جنگ مسلط کی، تاکہ قبائلی عوام ایک بار اپنے علاقے سے بے دخل ہوں اور دوسرے نیم برہنا معاشروں میں کئی سال تک خلط ملط ہونے کی صورت میں قبائلی نظام اور آزاد طرز معاشرت سے عاری ہو جائیں، تو بعد میں انہیں وطن واپسی کی اجازت دی جائے گی۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا، مارچ ۲۰۰۴ء سے یہ سلسلہ شروع ہوا جو یکم جنوری ۲۰۱۹ میں داخل ہوا، کئی بار قبائل کی واپسی کی ڈیڈ لائن مقرر ہونے کے باوجود تاحال کسی بھی ایجنسی کے مہاجرین کی واپسی مکمل

نہیں ہوئی۔

۲۹جون۲۰۱۸ء کو ایک بار پھر حکومتِ پاکستان نے یہ اعلان کیا کہ رواں سال کے آخر تک فاٹا کے تمام متاثرین کی واپسی کی جائے گی۔ یہی مقصد فرنگی کا تھا جو پورا نہ ہوا اب اسکے حواری پورا کر رہے ہیں۔ اور قبائل میں قبائلی نظام اور آزاد طرز معاشرت کے بدلے اب انہیں ایک کفری نظام دینا شروع کیا اور ساتھ قبائل میں موجود اسلامی مدارس پر بدستور پابندی ہے اور بالخصوص جنوبی وزیرستان میں تمام اسلامی مدارس زمین بوس کیے گئے ہیں۔ فوج کے ظلم وستم اور بربریت کی وجہ سے نہ تو علماء اور نہ ہی عوام اس مجرمانہ فعل پر آواز اٹھاسکتے ہیں۔ تقریباً ۹۷ سال قبل یہی طرز عمل روس نے تاجکستان، قازقستان، ترکمانستان، ازبکستان وغیرہ پر حملے کے بعد اختیار کیا اور برطانیہ نے برصغیر (پاک وہند) پر حملے کے بعد اختیار کیا۔

چنانچہ دونوں استعماری طاقتوں نے بڑی تیزی سے کامیابی حاصل کی، لیکن روس کامیابی کے چند ہی سال بعد شکست فاش سے دوچار ہوا، اور برطانیہ ابھی تک کامیابی کے مزید مراحل طے کرنے میں سرگرم نظر آرہا ہے۔

اب سوچنے اور سمجھنے کی بات یہ ہے کہ روس کی شکست کا سبب کیا تھا؟ اور برطانیہ کی کامیابی کا راز کیا ہے؟

روس نے ۱۹۲۱ء میں تمام مقبوضہ علاقوں میں عربی اور فارسی رسم الخط پر پابندی لگادی کہ اب سے الف بے کے بجائے ABC لکھی جائے گی اور عربی وفارسی کی تمام کتب جمع کرکے جلادیئے، تاکہ آنے والی نسل دین کے سرچشموں سے مکمل نابلد وبے خبر رہے۔

یہ کام انہوں نے اس وجہ سے تاکید کے ساتھ انجام دیا کہ ان مقبوضہ علاقوں میں دینی کتب عربی اور فارسی میں محفوظ تھیں، اب جب عربی اور فارسی پر پابندی عائد ہوئی تو اس کا لازمی نتیجہ یہی نکلا ہے کہ لوگوں پر دینی انحطاط شروع ہوا۔ بیس (۲۰) سال تک یہ سلسلہ جاری رہا۔ ۱۹۴۱ء میں روس نے جب دیکھا کہ اب دینی خصوصیات وعقائد ABC کے رسم الخط میں شائع ہونے اور محفوظ ہونے شروع ہوے تو ایک اور امر صادر کیا کہ آج کے بعد یہ رسم الخط بند ہے، لاطینی روسی زبان میں کتب ورسائل لکھے جائیں گے۔

روس کے اس طرزِ عمل سے ہر مسلمان واقف تھا کہ رسم الخط کی تبدیلی سے ان کا مقصودِ اصلی کیا ہے؟ (یعنی دینی عقائد وخصوصیات کو یکسر مٹانا)

چنانچہ بہت ہی مختصر عرصہ میں کہ ایک موجودہ نسل ابھی تک ختم نہیں ہوئی تھی کہ روس افغانستان میں ٹکڑے ٹکڑے ہوکر شکست فاش سے دوچار ہوا، اور تمام مقبوضہ علاقے ان کے استعمار سے کافی حد تک آزاد ہوگئے، اور کسی حد تک مسلمانوں نے عربی اور فارسی کو دوبارہ فروغ دیا۔

بخلاف برطانیہ کے کہ انہوں نے بزورِ ڈنڈا عربی فارسی اور اردو پر پابندی عائد نہیں کی، بلکہ نہایت مکروفریب اور چالبازی سے کام لیا کہ ایک جانب سرکاری زبان کو انگریزی بنادیا، دوسرے نمبر پر اعلیٰ تعلیم کے حصول کیلئے انگریزی شرط قرار دی، تیسرے نمبر پر انگریزی دان حضرات کے لئے بڑے بڑے مناصب کا اعلان کیا۔

اور دوسری جانب نہایت چالاکی سے لوگوں کو کھانے کے ایک ایک ٹکڑے کا محتاج بنادیا اور جاہ وعزت ان سے چھین لی۔ اب اگر کوئی جاہ وعزت چاہتا ہے، معاشی وسائل چاہتا ہے، تو یہ سب کچھ صرف ایک ہی دروازہ سے ان کو ملے گی اور وہ دروازہ مغربی تعلیم کا دروازہ ہے۔

اب پاکستان اسی پالیسی پر عمل پیرا ہے۔ پاکستان کے اس طرزِ عمل سے قبائلی مسلمان واقف ہیں کہ پاکستانی فوج کی اس تبدیلی سے

مقصودِ اصلی کیا ہے؟ (یعنی دینی عقائد و خصوصیات کو یکسر مٹانا) لیکن مجبوری کی وجہ سے آواز نہیں اٹھاسکتے، پاکستانی فوج کا یہ طور طریقہ روسی فوج جیسا ہے، ان شاء اللہ انجام بھی روسی فوج جیسا ہو گا۔

اب کچھ مغربی تعلیم کے بارے میں انہی کے قلم سے اور اکابر علماء دیوبند کے قلم سے پڑھئے۔

(مغربی تعلیم "مغربی مفکرین اور علمائے دیوبند" کی نظر میں)

مقاصد تعلیمِ غربی:

اولاً ہم یہ مقاصد اجمالاً ذکر کرتے ہیں۔ ثانیاً یہ مقاصد اِن کے بانیان اور علمائے حق سے تفصیل کے ساتھ پیش کئے جاتے ہیں۔

یہ ادارے کفری اور مغربی مقاصد کی تکمیل کر رہے ہیں:

الف: اہل مغرب نے خود ان اداروں کے کیا مقاصد بتائے ہیں؟

۱- بقول لارڈ میکالے (جو برصغیر میں اس نظام کا بانی مبانی ہے):

ہمیں ایک ایسی جماعت بنانی چاہیے جو ہم میں اور ہماری کروڑوں رعایا کے درمیان ترجمانی کے فرائض انجام دیں۔ اور یہ ایسی جماعت ہونی چاہئے جو خون اور رنگ کے اعتبار سے ہندوستانی ہو، مگر مذاق اور رائے اور سمجھ کے اعتبار سے انگریز ہو۔

(مولانا یوسف لدھیانوی شہید، معاشرتی بگاڑ ۲۵۵، مولانا سرفراز خان صفدر رحمہ اللہ، بانی دارالعلوم دیوبند، ص:۲۴)

۲- چیریل بنارڈ (جو زلمی خلیل زاد کی بیوی ہے، اور اسلام دشمن متعصب صلیبی مفکرہ ہے، جو امریکہ کے لیے دوسروں کی معاونت سے خارجہ اور دفاعی منصوبے بناتی ہے) کہتی ہے:

ڈیموکریٹ اسلام الزامی شکل میں پڑھانا۔ (یعنی نصاب کا حصہ بنا کر لازماً پڑھانا) تاکہ کوئی بھی مغربی تعلیم یافتہ صاحب اس ڈیموکریٹ اسلام سے بچ کر نہ نکلے۔ (سول ڈیموکریٹ اسلام)

آیندہ نسل آسانی سے متاثر کیا جاسکتا ہے، اگر جمہوری اسلام کا پیغام سکول کے نصاب اور عوامی میڈیا میں شامل کیا جائے تو سخت بنیاد پرست تعلیم پر اثر ورسوخ حاصل کرنے کیلئے ھم نے اجتماعی کوششیں کیں ہیں اور کافی کوششوں کے بغیر وہ اپنا قبضہ ترک کرنے والے نہیں لگتے۔ ان کے ساتھ نورا کشتی لڑنے کیلئے ایک خاص توانا بخش کوشش کی ضرورت ھے۔ (سول ڈیموکریٹ اسلام، ۷۹)

۳- پروفیسر پرویز ہودبائی نوجوان نسل کو سیکولر کفریات کی تعلیمات دیتے ہوئے کہتا ہے:

دیکھیں جدید تعلیم اور روایتی تعلیم دونوں میں بڑا فرق ہے۔ جدید تعلیم میں یہ ہے کہ آپ اپنے ذہن سے سوچتے ہیں استاد آپ پر کوئی جبر نہیں کرتا۔ (یعنی وحی سے آپ کو رہنمائی لینے کی ضرورت نہیں ہے۔)

۶- گورڈن براؤن (مسلمانوں کا قاتل، سابق برطانوی وزیر اعظم اور حالیہ اقوام متحدہ کا خصوصی نمائندہ برائے تعلیم) پاکستانیوں کو تعلیم کی اہمیت کا درس دیتے ہوئے کہتا ہے:

میرے خیال میں اب پاکستان کے لڑکیاں، لڑکے اور نوجوان و بزرگ سب تسلیم کرنے لگے ہیں کہ جو بھی حکومت آئے اُسے تعلیم پر ضرور خرچ کرنا چاہئے۔

میں جب پاکستان آیا تو یہ دیکھ کر مجھے بہت خوشی ہوئی کہ لڑکیاں بھی اپنی حقوق مانگنا شروع ہو گئیں۔ اور یہی وہ بات ہے جس نے پاکستان کے عوام کو تبدیل کیا ہے، یعنی وہ از خود لڑکیوں کی تعلیم چاہنا شروع ہو گئے ہیں۔ (السحاب کیسٹ ۵)

۷- بابر علی (چانسلر لمز یونیورسٹی) کہتا ہے:

ایک دفعہ طلباء کے ایک گروپ کی تعلیم مکمل ہونے کی تقریب میں مجھ سے سوال پوچھا گیا کہ لمز میں کیا چیز ہے، جو آپ کے دل کو سب سے زیادہ خوش کرتی ہے؟ (جو لڑکا مجھ سے سوال کر رہا تھا اس کی ڈاڑھی بھی تھی)

میں نے کہا: جب میں تمہیں دیکھتا ہوں کہ تمہارے چہرے پر ڈاڑھی ہے اور تمہاری شلوار کا پائنچہ تمہارے جوتے سے چھ اِنچ اوپر ہے اور اس کے باوجود تم کسی ایسی لڑکی سے محوِ گفتگو ہوتے ہو جو آدھی آستین والی قمیص اور جینز کی پینٹ میں ملبوس ہوتی ہے، اور تم دونوں بلا جھجک بات کر رہے ہوتے ہو۔ یہ دیکھ کر میرا دِن بہت اچھا گزرتا ہے۔ (السحاب کیسٹ ۵)

۸- برطانوی پارلیمنٹ کے ایک ممبر نے اپنی اُس یاداشت میں جو پارلیمنٹ میں پیش کی گئی تھی لکھا ہے کہ:

"اُن مقامات میں جہاں علم کا چرچا تھا اور جہاں دور دور سے طالب علم پڑھنے کے لئے آتے تھے آج وہاں علم کا بازار ٹھنڈا پڑ گیا ہے۔" (مسلمانوں کا نظامِ تعلیم و تربیت، ج:۱، ص:۳۹۲ بحوالہ تاریخ دارالعلوم دیوبند جلد ۱، صفحہ ۱۳۸)

۹- ڈبلیو، ڈبلیو ہنٹر لکھتا ہے:

ہمارے طریقِ تعلیم میں مسلمان نوجوانوں کے لیے مذہبی تعلیم کا کوئی انتظام نہیں ہے، بلکہ وہ قطعی طور مسلمانوں کے مفاد کے خلاف ہے۔ (ہمارے ہندوستانی مسلمان، ۲۵۲ بحوالہ تاریخ دارالعلوم دیوبند جلد ۱، صفحہ ۱۳۹)

ب: اہل اسلام خصوصاً علمائے دیوبند نے ان اداروں کے کیا مقاصد بیان کیے ہیں؟

۱- گجرات کے بڑے بزرگ رنگون کے خطیب اور مفتی مولانا عبدالحی کھیتلوی سورتی پچاس برس پہلے ڈنکے کی چوٹ گواہی دے گئے ہیں:

البتہ اس تعلیم نے اکثر مسلمانوں میں اس قدر تو ضرور اثر کیا ہے کہ پابندیٔ شریعت کا ان کے پاس جو قابلِ قدر جوہر تھا وہ اُن کے ہاتھوں سے ضائع ہو گیا۔ نہ اُن کے دل میں ایمان کی حرارت باقی رہی نہ ہی اُن کے چہروں پر اسلام کی کوئی علامت (ڈاڑھی) موجود۔ (نسیم الصباح ص ۳، بحوالہ فتاویٰ رحیمیہ، ج:۳، ص:۱۳۶)

۲- حضرت مولانا گیلانی رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

سچ تو یہ ہے کہ مسلمان باپوں اور ماؤں کے بچوں کو اُن کی گود سے چھین چھین کر عصری جامعات اور یونیورسٹیوں میں داخل کر کے طغیانی و سرکشی، الحاد و ارتداد کے کافرانہ جراثیم ان کے دل و دماغ میں ایک طرف جہاں پرورش کر رہے تھے، تو دوسری طرف ان کے مقابلے میں ہماری کہنی مدارس تھے جنہوں نے مسلمانوں کی آیندہ نسلوں کو اعتقادی و اخلاقی گندگیوں سے پاک رکھنے کی کامیاب کوشش کی۔ (ماہنامہ الفرقان ص:۱۸۸، بحوالہ فتاوی رحیمیہ ج:۳، ص:۱۳۶)

مولانا گیلانی دوسری جگہ فرماتے ہیں:

معاشی نقطۂ نظر سے جدید تعلیم گاہوں کے پڑھنے والوں کی حالت بظاہر بہتر ہی کیوں نہ نظر آتی ہو، لیکن دین کے متعلق اُن کی کافی تعداد نے اپنے طرزِ عمل سے خود یہ ثابت کر کے دکھایا کہ اسلام کے لیے ان کا عدم ان کے وجود سے بہتر

ہے۔ خود انہیں نے ان کو اسی فیصلہ کا مستحق بنادیا کہ اسلام کے ان سپوت فرزندوں کی نیستی ان ہستی سے یقیناً بہتر تھی۔
(ماہنامہ الفرقان افادات گیلانی ص:۱۸۸)

۳- حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

کالج کے داخلہ سے فالج کا داخلہ اچھا ہے، اس لئے کہ اس میں دین کا ضرر ہے اور اس میں جسم کا ضرر اِن دونوں مرضوں میں حقیقی مرض وہی ہے جو کالج میں رہ کر پیدا ہوتا ہے۔ (ملفوظات بحوالہ فتاوی رحیمیہ ص:۱۲۹)

۴- مفتی عبدالرحیم صاحب فتاوی رحیمیہ ج:۳، ص:۱۳۲ میں فرماتے ہیں:

اسکول اور کالجوں کی تعلیم بھی اسلامی اعمال اسلامی خصوصیات اسلامی کلچر کے برعکس اور مد مقابل ہے۔ آگے فرماتے ہیں۔ اسکول اور کالج کی زہر آلود تعلیم کا نتیجہ یہ ہوگا کہ اسلامی عقائد اور اسلامی خصوصیات سے متنفر اور معاذ اللہ بد دین بن جائیں گے۔

۵- ابوالحسن علی ندوی رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

پھر یورپ کی ترقی اور عروج کا زمانہ آیا، اس نے اس قدیم نظام کو اپنے تجربات اور علمی تنقید سے تقویم پارینہ بنادیا اور اس کی جگہ تعلیم و تدریس کا نیا نظام تیار کیا، جو اس کی روح، عقلیت اور نفسانیت کا کامیاب نمونہ تھا، جو طالب علم اس علمی ماحول سے فارغ ہو کر سکتا اس کی رگ رگ میں اسپرٹ کام کرتی ہوتی۔

دنیا نے دوسری بار اِس تعلیمی نظام کے سامنے ہتھیار ڈال دینے اور حاکم اسلام کوئی قدرتی طور پر اس کے سامنے سر جھکانا پڑا، جو عرصہ سے علمی انحطاط اور فکری جمود کا بیمار تھا، اور احساس کمتری کی بناء پر اپنی نجات صرف یورپ کی تقلید میں منحصر سمجھتا تھا، اس نے اس تعلیمی نظام کو اس کی کمزوریوں اور خامیوں کے باوجود قبول کر لیا۔ وہی نظام آج عالَم اسلام کے گوشہ گوشہ پر حاوی ہے۔

اس نظام کا قدرتی نتیجہ یہ ہوا کہ اسلامی نفسیات اور جدید نفسیات میں ایک جدید کشمکش برپا ہوگئی۔ اسلامی اخلاق اور مغربی طرزِ اخلاق میں رسہ کشی شروع ہوئی، اشیاء اور اس کی قدر و قیمت کی جدید میزان اور قدیم میزان میں ایک جنگ شروع ہوگئی۔

اس نظام کا ایک ثمرہ نکلا کہ تعلیم یافتہ اور مہذب طبقہ میں شک اور نفاق، بے صبری، زندگی سے عشق اور بوالہوسی، نقد کی ادھار پر ترجیح کی ذہنیت پیدا ہوگئی، اور اس طرح کے دوسرے عیوب پیدا ہوگئے، جو مغربی تہذیب کا لازمہ ہے۔
(انسانی دنیا پر مسلمانوں کے عروج وزوال کا اثر، ص:۲۵۲، ۲۵۳)

آگے لکھتے ہیں:

مغربی نظام تعلیم درحقیقت شرق اور اسلامی ممالک میں ایک گہرے قسم کی لیکن خاموش نسل کشی (GENOCIDE) کے مرادف تھا، عقلائے مغرب نے ایک پوری نسل کو جسمانی طور پر ہلاک کرنے کے فرسودہ اور بدنام طریقہ کو چھوڑ کر اس کو اپنے سانچے میں ڈال لینے کا فیصلہ کیا، اور اس کام کے لئے جابجا مراکز قائم کیے، جس کو تعلیم گاہوں اور

کالجوں کے نام سے موسوم کیا۔ اکبر نے اس سنجیدہ تاریخی حقیقت کو اپنے مخصوص ظریفانہ انداز میں بڑی خوبی سے ادا کیا ہے، ان کا مشہور شعر ہے:

یوں قتل سے بچوں کے وہ بدنام نہ ہوتا
افسوس کہ فرعون کو کالج کی نہ سوجھی

ایک دوسرے شعر میں انہوں نے مشرقی اور مغربی حکمرانوں کا فرق اس طرح بیان کیا ہے:

مشرقی تو سرِ دشمن کو کچل دیتے ہیں
مغربی اس کی طبیعت کو بدل دیتے ہیں

اس سے کئی برس بعد اقبال نے (جنہوں نے اسلامی نظام تعلیم کا خود زخم کھایا تھا) اس حقیقت کو زیادہ سنجیدہ انداز میں اس طرح پیش کیا:

مباش ایمن ازاں علمی کہ خوانی
کہ ازوے روح قومے می تواں کشت

تعلیم جو قلبِ ماہیت کرتی ہے اور جس طرح ایک سانچہ توڑ کر دوسرا سانچہ بناتی ہے، اس کو بیان کرتے ہوئے کہتے ہیں:

تعلیم کے تیزاب میں ڈال اس کی خودی کو
ہو جائے ملائم تو جدھر چاہے اسے پھیر
تاثیر میں اکسیر سے بڑھ کر ہے یہ تیزاب
سونے کا ہمالہ ہو تو مٹی کا ہے ایک ڈھیر

وہ مغرب کے اس نظامِ تعلیم کو دین و مروت و اخلاق کے خلاف ایک سازش قرار دیتے ہیں:

اور یہ اہلِ کلیسا کا نظامِ تعلیم
ایک سازش ہے فقط دین و مروت کے خلاف

طلسمِ علمِ حاضر را شکستم — ربودم دانہ و دامش گسستم
مرا داند! کہ مانندِ ابراہیم — بنارِ او چہ بے پرواہ نشستم

ندوی رحمہ اللہ "انسانی دنیا پر مسلمانوں کے عروج و زوال کا اثر" میں لکھتے ہیں:

اس نظام کا ایک ثمرہ یہ نکلا کہ تعلیم یافتہ اور مہذب طبقہ میں شک و نفاق، بے صبری، زندگی سے عشق اور بوالہوسی، نقد کی ادھار پر ترجیح کی ذہنیت پیدا ہو گئی۔ (ص:۲۵۱)

تعلیم اور اس کے نتائج

تضمین بر شعر ملا عرشی

خوش تو ہیں ہم بھی جوانوں کی ترقی سے مگر
لبِ خنداں سے نکل جاتی ہے فریاد بھی ساتھ

ہم سمجھتے تھے کہ لائے گی فراغت تعلیم
کیا خبر تھی کہ الحاد بھی چلا آئے گا ساتھ

گھر میں پرویز کے شیریں تو ہوئی جلوہ نما
لے کے آئی ہے مگر تیشۂ فرہاد بھی ساتھ

تخمِ دیگر بکف آریم وبکاریم زنو
کآنچہ کشتیم زخجلت نتواں کرد درو

افرنگ زدہ

تیرا وجود سراپا تجلّیٔ افرنگ
کہ تو وہاں کے عمارت گروں کی ہے تعمیر

مگر یہ پیکرِ خاکی خودی سے ہے خالی
فقط نیام ہے تو زر نگارو بے شمشیر

تیری نگاہ میں ثابت نہیں خدا کا وجود
میری نگاہ میں ثابت نہیں وجود تیرا

وجود کیا ہے فقط جوہرِ خودی کی نمود
کر اپنی فکر کہ وجود ہے بے نمود تیرا

(ضربِ کلیم)

سگیدۂ مغرب کو معمار قوم سمجھنا:

ممکن ہے کہ تو جس کو سمجھتا ہے بہاراں
اوروں کی نگاہوں میں وہ موسم ہو خزاں کا

ہے سلسلہ احوال کا ہر لحظہ دگرگوں
اے سالکِ رہ! فکر نہ کر سود وزیاں کا

شاید کہ زمیں ہے یہ کسی اور جہاں کی
تو جس کو سمجھتا ہے فلک اپنے جہاں کا

(ضربِ کلیم)

محکوم کے الہام سے اللہ بچائے
غارت گرِ اقوام ہے وہ صورتِ چنگیز

آہ!اے مردِ مسلماں تجھے کیا یاد نہیں
حرف لا تدع مع اللہ اِلھا آخر

۶- مولانا یوسف لدھیانوی شہید رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

انگریز کے معنوی اولاد کا اسلام اور اسلامی قدروں کی مخالفت کرنا اُسی طرحِ تعلیم کا فطری اور منطقی نتیجہ ہے جسے لارڈ میکالے نے اس نظریہ کو بروئے کار لانے کے لیے رائج کیا تھا۔۔۔ اس کے بعد لارڈ میکالے کا قول نقل کر کے فرماتے ہیں:

چنانچہ انگریز کی یہ معنوی اولاد محض رنگ و نسل کی وجہ سے مسلمان اور پاکستانی کہلاتی ہے، ورنہ اپنے ذوق وادراک، اپنے فہم وشعور اور اپنی عقل ودانش کے اعتبار سے اپنے فرنگی آباء کی ترجمان ہے۔ اگر وہ اسلامی تعلیمات کے علی الرغم مخلوط تعلیم کی حمایت کرتی ہے، تو یہ ان کی ذہنی اُفتاد کا عین تقاضا ہے، اور ہمارے نزدیک خواتین کو کالجوں اور یونیورسٹیوں کے چکر لگوانا بھی انگریز کا متروکہ ورثہ ہے۔۔۔۔ لڑکیوں کو انگریزی پڑھانے کا فیشن بھی انگریز کی سنت ہے، اور جو لوگ سنتِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم چھوڑ کر اس سنتِ فرنگ کو سینے سے چمٹائے ہوئے ہیں وہ بھی فی الجملہ انگریز کی اولاد معنوی کے زُمرہ میں شامل ہیں۔(معاشرتی بگاڑ، ص:۲۵۵)

دوسری جگہ فرماتے ہیں:

الغرض! تعلیم نہج کے بگاڑ نے انسانیت کی کوئی خدمت نہیں کی، بلکہ تخریب پسندی کے جذبات کو فروغ دیا ہے۔ مغرب تو مدتوں سے اس نہج پر رواں دواں ہے، اب مغرب کی تقلید میں مشرق بھی اس نہج پر چل نکلا ہے۔ کیا کوئی کہہ سکتا ہے کہ موجودہ نظام تعلیم کو فروغ دینے (یا دوسرے لفظوں میں تعلیم عام کرنے سے) کسی خیر کی توقع کی جاسکتی ہے؟! (معاشرتی بگاڑ، ص:۱۰۸)

ایک اور جگہ فرماتے ہیں:

تعلیم کے لائن میں ایک اور بات کی طرف بھی توجہ ضروری ہے، آج تقلیدِ مغرب میں خواتین کی تعلیم بھی جدید نہج پر فرض سمجھ لی گئی ہے اور کسی بندۂ خدا کو خواتین کی مغربی تعلیم کے بھیانک نتائج کا احساس تک نہیں ہو رہا۔ (معاشرتی بگاڑ، ص:۱۰۹)

ایک اور جگہ فرماتے ہیں:

فنی اور تکنیکی دائرے میں ہم بے خدا قوموں سے بھی استفادہ کرسکتے ہیں۔ (معاشرتی بگاڑ، ص:۱۰۹)

ایک اور جگہ فرماتے ہیں:

مغربی تعلیم وتربیت کے ہمدوش مشرق نے تہذیب وثقافت اور تمدن اور معاشرت کے اُصول بھی استاد فرنگ سے سیکھنے شروع کیے، جس سے وضع قطع، لباس اور پوشاک، نشست وبرخات، رہن سہن تک میں مشرق کو مغرب کا متمنی بنادیا۔ مشرق کی ایک ایک چیز تہذیبِ فرنگ کا نمونہ بنا کر رہ گیے، یہ عملی ارتداد تھا، یہ چودھویں صدی میں مشرق کو مغرب سے تحفہ میں ملا۔ آج اسلامی ممالک کی اکثریت تہذیب وثقافت کا نمونہ نہیں، بلکہ مغرب کی نقال ہے۔ (معاشرتی بگاڑ، ص:۱۵۸)

ایک اور جگہ فرماتے ہیں:

یہ مغربی تعلیم (جس نے مسلمانوں کے شاہین بچوں کو زاغ وزغن بنادیا ہے) بدل ڈالیں۔ یہ عورتوں اور دوشیزاؤں کی بے حجابی ونیم عُریانی اور بے حیائی وبے غیرتی جس سے انسانیت وشرافت سرنگوں ہے، اس کا قطعی انسداد کریں۔ (معاشرتی بگاڑ، ص:۱۶۶)

۷- مولانا سرفراز خان صفدر صاحب رحمہ اللہ

سب سے زیادہ خطرناک اور مہلک طریقہ جو انگریز نے تجویز اور اختیار کیا تھا، وہ یہ تھا کہ قرآن پاک اور اس کی تعلیم اور علومِ اسلامیہ یکسر مٹادیا جائے، تاکہ ایمان ویقین کی (وہ پختگی جو مسلمانوں کو حاصل ہے) بالکل ختم ہو جائے، اور عیسائیت کا راستہ اُن کے لئے سہل اور ہموار ہو جائے، اور اس کے مقابلے میں انگریزی تعلیم کو اس قدر عام اور رائج کر دیا جائے کہ کوئی شخص اپنے لئے اس کے سوا چارۂ کار نہ جانے۔ (بغاوت ہند، ص:۴۰، بحوالہ بانی دار العلوم دیوبند، ص ۲۳)

الغرض! قرآن کریم کو مٹانے اور مسلمانوں کے اسلامی جذبات کو ہندوستان سے نیست ونابود کرنے کے لیے ایسے ایسے حربے استعمال کیے گیے کہ شیطان بھی دم بخود ہو کر رہ گیا۔

لارڈ میکالے کے مقولے پر تبصرہ کرتے ہوئے صفدر صاحب رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

اور سچ پوچھئے تو اس میں اُن کو کافی حد تک کامیابی حاصل ہوئی، جیسا کہ کسی بھی صاحبِ علم پر مخفی نہیں ہے۔(بانی دار العلوم دیوبند، ص:۲۴)

۸- مولانا فضل حق خیر آبادی (جو اس زمانے میں دہلی میں انگریز ریزیڈنٹ کے میر منشی (پیشکار) تھے اور جنہیں ۱۸۵۷ء کی بغاوت کے جرم میں کالے پانی کی سزا دی گئی تھی) اپنی اسیری کے زمانے کی تصنیف "الثورۃ الھندیۃ" میں لکھتے ہیں:

انگریزوں نے تمام باشندگانِ ہند کو نصرانی بنانے کی اسکیم بنائی، اُن کا خیال تھا کہ ہندوستانیوں کو کوئی مددگار اور معاون نصیب نہ ہو سکے گا اس لئے انقیاد واطاعت کے سوا سرتابی کی جرائت نہ ہو سکے گی، انگریزوں نے اچھی طرح سمجھ لیا تھا کہ مذہبی بنیادوں پر حکمرانوں کا باشندوں سے اختلاف تسلط وقبضے کی راہ میں سنگِ گراں ثابت ہو گا، اس لیے پوری جانفشانی اور تن دہی کے ساتھ مذہب وملت کے مٹانے کے لیے طرح طرح کے مکر وحیلے سے کام لینا شروع کیا۔ انہوں نے بچوں اور نافہموں کی تعلیم اور اپنی زبان ودین کی تلقین کے لیے شہروں اور دیہات میں مدرسے (سکولز) قائم کیے اور پچھلے علوم ومعارف کے مٹانے کی پوری کوشش کی۔(الثورۃ الھندیۃ، ص:۳۵۶، بحوالہ تاریخ دارالعلوم دیوبند، ص:۱۳۹)

۹- سید محبوب رضوی لکھتے ہیں:

جدید نظامِ تعلیم کے جاری ہونے سے مسلمانوں کا علمی اور عملی شیرازہ منتشر اور پراگندہ ہو گیا، عقائد اور فکر ونظر سے لے کر عمل وکردار تک اُن کی زندگی کا ہر ہر گوشہ متأثر ہو گیا۔(تاریخ دیوبند، ص:۱۴۰)

سید ابو الاعلی مودودی اپنی تصنیف "تحریک آزادئ ھند" میں لکھتے ھیں:

سیاسی اقتدار سے محروم ہونے کے بعد مسلمانوں میں جاہ وعزت کی بھوک پیدا ہوئی اور معاشی وسائل سے محروم ہونے کے بعد روٹی کی بھوک۔ ان دونوں چیزوں کے حصول کا دروازہ صرف ایک ہی رکھا گیا اور وہ مغربی تعلیم کا دروازہ تھا۔ (تحریک آزادئ ہند، ج:ص:۴۶)

انہوں نے تعلیم کا جو نظام قائم کیا ہے وہ ہمارے مذہب اور تہذیب کے اصولوں کا مخالف ہے اور اس کے اُرسے ہماری نوجوان نسلوں کا ایک بڑا حصہ ان مذہبی احکام سے بھی روگردانی کرنے لگتا ہے جن کی بجا آوری میں ہم آزاد چھوڑے گیے ہیں۔ انہوں نے جو نظام معیشت قائم کیا ہے اس کی گرفت میں اس قدر بے بس ہو چکے ہیں کہ ہمارے لیے اسلامی اصول معیشت کی پابندی قریب قریب محال ہو گئی ہے۔ اگرچہ ظاہر میں ایسا کوئی قانون ایسا نہیں ہے جو ہم کو اپنے اصولوں کی پابندی سے روکتا ہو۔(تحریک آزادئ ہند، ج:ص:۱۴۵)

مغربی تعلیم کے مقاصد اور تباہ کاریاں، خلاصہ درج ذیل ہے:

۱۔ اسلامی علوم کو یکسر مٹانا، اور اس کی جگہ مغربی تعلیم کو رواج دینا۔(تاریخ دیوبند ۱۳۸، بانیٔ دار العلوم دیوبند، ص:۲۳)

۲۔ طغیانی وسرکشی، الحاد وارتداد کے کافرانہ جرائم دل ودماغ میں ڈالنا۔(فتاوی رحیمیہ ج:۳، ص:۱۳۶، نقوشِ اقبال ص:۹۴)

۳۔ اسلامی خصوصیات اور اسلامی عقائد سے متنفر اور بد دین بنانا۔(فتاوی رحیمیہ ج:۳ص:۱۲۹)

۴۔ یہ تعلیم مغربی استعمار کا مشرق میں مضبوط ترین ہتھکنڈا ہے۔(مولانا ابوالحسن ندوی، نقوشِ اقبال ۹۴)

۵۔ ڈیموکریٹ اسلام الزامی شکل میں پڑھانا۔(یعنی نصاب کا حصہ بناکر لازماً پڑھانا) تاکہ کوئی بھی مغربی تعلیم یافتہ صاحب اس ڈیموکریٹ اسلام سے بچ کر نہ نکلے۔(سول ڈیموکریٹ اسلام، مصنف: چریل بناڈ)

۶۔ بقول لارڈ میکالے (جو برصغیر میں اس نظام کا بانی مبانی ہے):

ہمیں ایک ایسی جماعت بنانی چاہیے جو ہم میں اور ہماری کروڑوں رعایا کے درمیان ترجمانی کے فرائض انجام دیں۔ اور یہ ایسی جماعت ہونی چاہئے جو خون اور رنگ کے اعتبار سے ہندوستانی ہو، مگر مذاق اور رائے اور سمجھ کے اعتبار سے انگریز ہو۔(مولانا یوسف لدھیانوی شہید، معاشرتی بگاڑ ۲۵۵)

۷۔ انگریز اپنی معنوی اولاد یہیں سے پیدا کرتے ہیں۔(معاشرتی بگاڑ، ۲۵۵)

۸۔ اس نظام کا مقصد تعلیم یافتہ اور مہذب طبقہ میں شک و نفاق، بے صبری، زندگی سے عشق، بوالہوسی، نقد کی اُدھار پر ترجیح کی ذہنیت پیدا کرنا ہے۔(مولانا ابوالحسن ندوی، مسلمانوں کے عروج وزوال کے اسباب)

